جلد 1

تصنیف

الإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

ترجمہ

الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

خوشخبری

مسلک اہلسنت و جماعت کے عقائد
و نظریات۔۔۔
بد مذہبوں کے باطلہ عقائد اور ان
کے رد۔۔۔
اہلسنت پر کیئے جانے والے
اعتراضات کے جوابات پر مشتمل
کتب و رسائل، آڈیو ویڈیو بیانات
اور والپیپر حاصل کرنے کے لئے
تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں

https://t.me/tehqiqat

نام کتاب	المستدرك
تصنیف	الإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري
مترجم	الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي
پروف ریڈنگ	ملک محمد یونس رضوی
باہتمام	ملک شبیر حسین
کمپوزنگ	ورڈز میکر
سن اشاعت	فروری 2010ء
سرورق	باھو گرافکس
طباعت	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ہدیہ	روپے

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

شرفِ انتساب

میں اپنی اس کاوش کو منسوب کرتا ہوں

والدِ محترم صوفیٔ کامل فنافی الشیخ

قبلہ صوفی **محمد رفیق قادری** دامت برکاتہم العالیہ

کے نام

جن کے التزامِ کسبِ حلال ' آہِ سحر گاہی اور دعائے نیم شب کی بدولت

بندہ حدیث شریف کی خدمت کے قابل ہوا

اللہ تعالیٰ ان کو صحت ' تندرستی اور درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے ۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

نیاز مند

...فیق الرحمٰن

ناظم اعلیٰ جامعہ ...یہ رضویہ ایبک روڈ میاں چنوں

علم حدیث کی ترویج واشاعت اور درس و تدریس کرنے والوں کے لیئے

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ

(۹۳۳ء/۳۲۱ھ ـــ ۱۰۱۴ء/۴۰۵ھ)

آپ کا نام محمد بن عبداللہ بن محمد بن حمدویہ بن نعیم بن حاکم ہے اور آپ کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے۔

پیدائش:

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ پیر کے دن' ۱۳ ربیع الاول' ۳۲۱ ہجری میں ''نیشاپور'' میں پیدا ہوئے۔

۳۳۰ ہجری میں انہوں نے اپنے والد اور ماموں کی خاص توجہ اور تربیت کے نتیجے میں احادیث کے سماع کا آغاز کیا۔

۳۳۴ ہجری میں' جب ان کی عمر صرف ۱۳ برس تھی' اس وقت کے شیخ ابوحاتم بن حبان کی احادیث کو املاء کرنا شروع کیا۔

انہوں نے خراسان' عراق اور ماوراء النہر کی بلند مرتبہ اسانید کا علم حاصل کیا۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے ۲۰۰۰ کے قریب مشائخ سے احادیث کا سماع کیا تھا۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے صرف نیشاپور میں ایک ہزار مشائخ سے احادیث کا سماع کیا تھا۔

جب امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ ۲۰ برس کے ہوئے تو انہوں نے علم حدیث کے حصول کیلئے عراق کا سفر اختیار کیا۔

جب امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ عراق پہنچے تو اس وقت وہاں کے سب سے جلیل القدر محدث ''اسماعیل صفار'' کا انتقال ہوئے زیادہ عرصہ نہیں ہوا تھا۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے درج ذیل حضرات سے احادیث کا سماع کیا ہے۔

آپ کے والد عبداللہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ (انہوں نے ''صحیح مسلم'' کے مولف امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت کی ہے)۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کو اکابر اہل علم نے زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔

☆ شیخ ابوعبدالرحمٰن سلمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' میں نے امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا۔ شیخ ابن مندہ رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ ابن بیع رحمۃ اللہ علیہ (یعنی امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں میں سے کون بڑا حافظ ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: ابن البیع رحمۃ اللہ علیہ (یعنی امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ) مستند حافظ ہیں۔

☆ شیخ ابوحازم رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' میں ۳۰ برس تک شیخ ابوعبداللہ عصمی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس رہا ہوں۔ میں نے اپنے مشائخ میں ان سے زیادہ پایہ کا عالم نہیں دیکھا لیکن جب انہیں بھی کوئی مشکل درپیش ہوتی تھی تو وہ مجھے یہ ہدایت کرتے تھے کہ میں اس

بارے میں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کو خط لکھوں اور جب امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا جوابی خط آتا تو شیخ عصمی رحمۃ اللہ علیہ اس کے مطابق فتویٰ دیتے اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کی رائے کو درست سمجھتے تھے۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے درج ذیل کتب یادگار چھوڑی ہیں:

☆ المستدرک علی الصحیحین (جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے:

☆ تاریخ نیشاپور

☆ الاکلیل

☆ المدخل الی علم الصحیح

☆ تراجم الشیوخ

☆ فضائل الشافعی

☆ فوائد

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال بدھ کے دن ۳ صفر المظفر ۴۰۵ ہجری میں ہوا۔

قاضی ابوبکر الحیدی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔

شیخ حسن بن اشعث قرشی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کے بعد) میں نے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں گھوڑے پر سوار دیکھا۔ ان کی حالت بہت اچھی تھی اور وہ یہ فرما رہے تھے: مجھے نجات نصیب ہوگئی۔

قرشی کہتے ہیں، میں نے دریافت کیا:

اے حاکم! وہ کس وجہ سے؟ تو انہوں نے جواب دیا: احادیث لکھنے کی وجہ سے۔

....

عرضِ ناشر

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے جس نے ہمیں اپنے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی امت میں پیدا کیا اور ہمیں یہ توفیق وسعادت عطا کی کہ ہم اس کے پیارے دین کی تعلیمات کی نشر واشاعت کے حوالے سے خدمت کر سکیں۔

حضرت محمد ﷺ پر بے حد وشمار درود وسلام نازل ہو۔ جو اللہ تعالیٰ کے سب سے برگزیدہ، محبوب اور مقدس پیغمبر ہیں جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے انبیاء کی آمد کے سلسلہ کو ختم کیا۔

آپ کے ہمراہ آپ کے اصحاب، آپ کی امت کے علماء وصلحاء اور عام افراد پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کے تحت آپ کا ادارہ ''شبیر برادرز'' ایک طویل عرصے سے مختلف اسلامی موضوعات سے متعلق کتب تصانیف، تراجم کی شکل میں شائع کر رہا ہے۔ چند برس پیشتر آپ کے ادارے کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ علم الحدیث سے متعلق کتب کے تراجم وتحقیق، تخریج، تشریح کی شکل میں خدمت کے کام کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کروا کے برادرانِ اسلام کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ اس کے نتیجے میں ایک مختصر عرصے میں کئی کتب شائع ہو کر منصۂ شہود پر آ گئیں۔ ان میں بعض وہ کتب بھی ہیں جن کے تراجم پہلے بھی شائع ہو چکے ہیں، اگرچہ عام شخص کے نزدیک ایسی کتابوں کا دوبارہ ترجمہ کروا کے انہیں شائع کرنا کوئی بڑا کام نہیں ہے لیکن اہل علم اور باذوق قارئین اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ پہلے سے ترجمہ شدہ کتاب کے مقابلے میں اسی کتاب کا دوبارہ ترجمہ پیش کرنا تکنیکی اعتبار سے زیادہ مشکل ہے۔ کیونکہ ہر شخص یہ سوال کرتا ہے آپ کے شائع کردہ ترجمے میں کیا خصوصیت ہے؟

آپ کے ادارہ شبیر برادرز نے اس نوعیت کے جو تراجم شائع کئے ہیں بلاشبہ وہ دیگر تراجم کے درمیان اپنی مثال آپ ہیں۔

ان کے ہمراہ آپ کے ادارے شبیر برادرز نے ایسی کتب شائع کرنے کی سعادت بھی حاصل کی ہے جن کا پہلے کبھی اُردو زبان میں ترجمہ نہیں ہوا۔ جن میں سنن دارمی شریف، مسند امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ، مسند امام زید رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کے نام مثال کے طور پر پیش کئے جا سکتے ہیں۔

اپنی اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے آپ کا ادارہ علم الحدیث کی ایک اور بڑی کتاب ''مستدرک حاکم'' کا ترجمہ آپ کے سامنے پیش کر رہا ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب میں وہ تمام احادیث نقل کی ہیں جو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی شرائط پر پوری اترتی ہیں لیکن ان دونوں حضرات نے انہیں نقل نہیں کیا۔ اس اعتبار سے یہ کتاب مستند احادیث کا اہم ماخذ ہے۔ ترجمے کی خدمت حضرت علامہ ابوالفضل محمد شفیق الرحمان قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ نے سرانجام دی ہے۔ آپ پاکستان کی

مشہور دینی درس گاہ جامعہ نظامیہ لاہور کے فارغ التحصیل ہیں اور درسِ نظامی کے کہنہ مشق استاد ہیں۔ ہم اس سے پہلے آپ کی مشہور تصنیف ''شرح سراجی'' شائع کر چکے ہیں۔

''مستدرک حاکم'' کیونکہ اُردو زبان میں پہلی مرتبہ شائع ہو رہی ہے اور یہ علم الحدیث کے بڑے مآخذ میں سے ایک ہے اس لئے اس کی اہمیت کے پیشِ نظر ہم نے استاذِ زمن واقف اسرارِ آیات وسنن حضرت ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر دامت برکاتہم العالیہ سے یہ فرمائش کی کہ وہ اس کی احادیث کی تخریج کر دیں۔ حضرت جہانگیر اگرچہ دیگر اہم معاملات میں مشغول تھے لیکن اس کے باوجود انہیں نے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر ان احادیث کے دیگر مآخذ کی نشان دہی کی ہے اور کیا خوب کی ہے۔ ہم بحمدہٖ تعالیٰ کہہ سکتے ہیں کہ ''مستدرک حاکم'' کے دنیا میں کسی بھی مطبوعہ نسخے میں اتنی تحقیق موجود نہیں ہے۔ اس کے علاوہ آپ کے ادارے نے احادیث کے متن پر اعراب لگانے کا اہتمام کیا ہے جو کسی عربی نسخہ میں بھی موجود نہیں ہیں۔ یوں یہ کتاب ایک نعمتِ غیر مترقبہ کے طور پر آپ کے سامنے ہے۔

ہم سے جو خدمت ہو سکتی تھی وہ ہم نے کر دی ہے' آپ اس سے اخذ فیض کریں' اسے دوسروں تک پہنچائیں اور اپنی نیک دعاؤں میں کتاب کے مصنف اور مترجم کے ہمراہ' ادارے کی انتظامیہ اور اس کے کارکنان کو بھی یاد رکھیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے دین کی زیادہ سے زیادہ اور بہتر سے بہتر خدمت کرنے کی توفیق اور سعادت عطا کرے (آمین)

ملک شبیر حسین

تقریظ

حضرت ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر دامت برکاتہم العالیہ

اللہ تعالیٰ کے لئے تمام تر حمد مخصوص ہے جو ہمارا مالک اور ''حاکم'' ہے۔ جو ''ارحم الراحمین'' اور ''احکم الحاکمین'' ہے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بے حد و شمار درود نازل ہو۔ جن کو مخاطب کر کے ان کا پروردگار یہ فرماتا ہے:

''تمہارے رب کی قسم! یہ لوگ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک اپنے آپس کے اختلافی معاملات میں تمہیں ''حکم'' تسلیم نہ کریں''۔

اعلیٰ حضرت رضا بریلوی نے کیا خوب کہا ہے:

چور ''حاکم'' سے چھپا کرتے ہیں یاں اس کے خلاف
تیرے دامن میں چھپے چور انوکھا تیرا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ کے اہل بیت، اصحاب و تابعین و تبع تابعین' آپ کی امت کے تمام افراد پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احادیث کی تبلیغ و اشاعت کرنے والوں کو یہ دعا دی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں خوش رکھے۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرام نے احادیث کی تبلیغ کی' جس مقدس مذہبی روایت کا آغاز کیا تھا وہ کسی نہ کسی شکل میں آج تک باقی ہے اور اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو قیامت تک باقی رہے گی۔

احادیث کی خدمت کے سلسلے میں کی ایک کڑی علم الحدیث کی مشہور کتاب ''المستدرك على الصحيحين'' کا یہ ترجمہ ہے جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ترجمے کی خدمت استاد العلماء حضرت الشیخ ابوالفضل محمد شفیق الرحمان القادری الرضوی دامت برکاتہم العالیہ نے سرانجام دی ہے اور بلاشبہ بہت بڑی خدمت کی ہے۔ کیونکہ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب میں ان احادیث کو جمع کرنے کا اہتمام کیا ہے جو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں' یا دونوں میں سے کسی ایک کی شرط پر پوری اترتی ہوں' اور ان حضرات نے کسی وجہ سے انہیں نقل نہ کیا ہو۔ اس لئے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ حدیث نقل کرنے کے بعد اس کی سند اور رواۃ پر تبصرہ بھی کرتے ہیں اور یہ تبصرہ اُردو میں منتقل کرنا بہت مشکل تھا۔ لیکن ہمارے فاضل مترجم نے نہائیت خوبی کے ساتھ اس منزل کو سر کیا ہے جس پر وہ بجا طور پر خصوصی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ آپ عالم اسلام کی مشہور دینی درس گاہ جامعہ نظامیہ لاہور کے فارغ

التحصیل ہیں آپ نے شرفِ ملت حضرت علامہ عبدالحکیم شرف قادری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ مفتی عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ جیسے اکابرین سے اخذ و استفادہ کیا ہے۔ علم و فضل اور اخلاق میں آپ اپنے اساتذہ کا پرتوِ جمیل ہیں۔ آپ طویل عرصے سے درسِ نظامی کی تدریس سے وابستہ ہیں اور اس کے ساتھ تقریر و خطبات کی شکل میں دینِ متین کی خدمت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ جب آپ نے تحریر و تصنیف کی طرف توجہ کی تو درسِ نظامی میں شامل علم المیراث کی مشہور کتاب ''سراجی'' کی بہترین شرح تحریر کر دی اس کے بعد ''مستدرک حاکم'' کا یہ ترجمہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ فقیر نے بعض مقامات پر اس کا مطالعہ کیا ہے' بلاشبہ یہ ایک بہترین خدمت ہے۔ خداوند کریم مولانا موصوف کے علم و عمل میں برکتیں عطا کرے اور وہ آئندہ بھی علومِ اسلامیہ کی اس نوعیت کی تحریری خدمت کے کام کو برقرار رکھیں۔ (آمین)

عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ کسی بھی حدیث کی ''تصحیح'' کے بارے میں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ تساہل سے کام لیتے ہیں۔ اس لئے اس فقیر نے ''مستدرک حاکم'' کی بعض احادیث کے دیگر مآخذ کی نشان دہی کر دی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہماری خدمت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے (آمین)

محمد محی الدین

(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

فہرست

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كِتَابُ الْإِيمَانِ

ایمان کا بیان

1۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْخُزَاعِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَيْسَرَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنِيْ ابْنُ عَجْلانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کامل ترین مومن وہ شخص ہے جس کے اخلاق سب سے زیادہ اچھے ہوں۔

حدیث 1:

خرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4682 اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1162 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 2792 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم حديث: 7396 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 10110 اخرجه ابو عبدالله شيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 10829 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه رساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 479 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 4176 اخرجه ابو عبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 2 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 20572 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 4166 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 4240 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي دارعمار بيروت لبنان عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 605 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحديث: 522 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 848

2۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرَّجْ فِى الصَّحِيْحَيْنِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ، فَقَدِ اسْتَشْهَدَ بِاَحَادِيْثَ لِلْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، وَقَدِ احْتَجَّ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَيْضًا، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَشُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ اَنَسٍ، وَرَوَاهُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَاَنَا اَخْشٰى اَنَّ اَبَا قِلَابَةَ لَمْ يَسْمَعْهُ، عَنْ عَائِشَةَ

✧✧ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ 'حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تم میں سب سے زیادہ کامل ایمان اس شخص کا ہے، جس کے اخلاق سب سے زیادہ اچھے ہوں۔

✥✥ یہ حدیث صحیح ہے البتہ اسے ''صحیحین'' میں نقل نہیں کیا گیا۔ تاہم یہ امام مسلم بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ کی شرط کے مطابق ''صحیح'' ہے کیونکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے قعقاع کی ابوصالح کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کردہ روایات کو اور محمد بن عمرو نامی راوی کی روایات کو شاہد کے طور پر نقل کیا ہے۔ اسی طرح انہوں نے محمد بن عجلان نامی راوی سے بھی احادیث روایت کی ہیں۔

یہی روایت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور شعیب بن حجاب کے حوالے سے' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے۔

اسے ابن علیہ نے خالد الحذاء کے حوالے سے' ابوقلابہ کے حوالے سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے۔

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مجھے یہ اندیشہ ہے کہ ابوقلابہ نے یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نہیں سنی۔

3۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِىْ بَلْجٍ وَّاَخْبَرَنِىْ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِىُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوْسِىُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِىْ سُلَيْمٍ وَّهُوَ اَبُوْ بَلْجٍ وَّهٰذَا لَفْظُ حَدِيْثِ اَبِىْ دَاوُدَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُوْنٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّجِدَ حَلَاوَةَ الْاِيْمَانِ، فَلْيُحِبَّ

حدیث 3:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 7954 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 10749 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ه/1990ء' رقم الحديث: 7312 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2495 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع اول) 1412ه/1991ء' رقم الحديث: 366 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بيروت' لبنان 1407ه/1986ء' رقم الحديث: 440 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ه/1990ء' رقم الحديث: 1708

لِمَرْءَ لَا یُحِبُّهُ اِلَّا لِلّٰهِ

هٰذَا حَدِیْثٌ لَمْ یُخَرَّجْ فِی الصَّحِیْحَیْنِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِیْعًا بِعَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِاَبِیْ بَلْجٍ، وَهُوَ حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ لَا یُحْفَظُ لَهُ عِلَّةٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد: جو شخص ایمان کی حلاوت محسوس کرنا چاہے اس کو چاہئے کہ لوگوں سے محض اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر محبت کرے۔

✣✣ اس حدیث کو ''صحیحین'' میں نقل نہیں کیا گیا حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے (اس کے راوی) عمرو بن میمون کی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوبلج (جو کہ مذکورہ حدیث کے راوی ہیں) سے روایات نقل کی ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے اور اس میں کوئی علت نہیں ہے۔

4۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِیْعُ بْنُ سُلَیْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِی اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَیَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِیِّ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِیْهِ، اَنَّ عُمَرَ، خَرَجَ اِلَی الْمَسْجِدِ یَوْمًا فَوَجَدَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ عِنْدَ قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَبْکِی، فَقَالَ: مَا یُبْکِیْکَ یَا مُعَاذُ؟ قَالَ: یُبْکِیْنِی حَدِیْثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: اَلْیَسِیْرُ مِنَ الرِّیَاءِ شِرْکٌ، وَمَنْ عَادٰی اَوْلِیَاءَ اللّٰهِ فَقَدْ بَارَزَ اللّٰهَ بِالْمُحَارَبَةِ، اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْاَبْرَارَ الْاَتْقِیَاءَ الْاَخْفِیَاءَ، الَّذِیْنَ اِنْ غَابُوْا لَمْ یُفْتَقَدُوْا، وَاِنْ حَضَرُوْا لَمْ یُعْرَفُوْا، قُلُوْبُهُمْ مَصَابِیْحُ الْهُدٰی، یَخْرُجُوْنَ مِنْ کُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَّلَمْ یُخَرَّجْ فِی الصَّحِیْحَیْنِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِیْعًا بِزَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنِ الصَّحَابَةِ، وَاتَّفَقَا جَمِیْعًا عَلَی الْاِحْتِجَاجِ بِحَدِیْثِ اللَّیْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَیَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِیِّ وَهٰذَا اِسْنَادٌ مِصْرِیٌّ صَحِیْحٌ وَّلَا یُحْفَظُ لَهُ عِلَّةٌ

✧✧ حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک دن مسجد نبوی میں آئے تو دیکھا کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیمزاراقدس کے پاس بیٹھے رورہے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے معاذ! کیوں رو رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث سن رکھی ہے (اسے یاد کر کے) رو رہا ہوں (وہ حدیث یہ ہے) آپ نے فرمایا: ذرا سی ریا کاری بھی شرک ہے اور جس نے اللہ کے دوستوں سے دشمنی رکھی، اس نے اللہ تعالیٰ کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ان چھپے ہوئے، پرہیزگار، نیک لوگوں سے محبت کرتا ہے، اگر کسی محفل میں وہ نہ آئیں تو کوئی ان کی غیر موجودگی کو محسوس نہ کرے اور اگر کسی مجلس میں موجود ہوں تو ان کو کوئی پہچانتا نہ ہو، ان کے دل ہدایت کے روشن چراغ ہوتے ہیں وہ (عموماً) گرد و غبار والے اور تاریک مقامات پر ملتے ہیں۔

حدیث 4:

اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 7933 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 321

✤ یہ حدیث "صحیح" ہے لیکن "صحیحین" میں اسے نقل نہیں کیا گیا۔ حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے (اس حدیث کے راوی) "زید بن اسلم" کی وہ روایات نقل کی ہیں جن کی سند ان کے والد سے ہوتی ہوئی متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تک پہنچتی ہے اور دونوں نے (اسی حدیث کے راوی) لیث بن سعد کی عیاش بن صالح القتبانی کی روایات نقل کی ہیں۔ یہ سند مصری ہے اور صحیح ہے، اس سند میں کوئی علت موجود نہیں۔

5۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ اَبِيْ هَانِءٍ الْخَوْلَانِيِّ حُمَيْدِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْاِيْمَانَ لَيَخْلَقُ فِيْ جَوْفِ اَحَدِكُمْ كَمَا يَخْلَقُ الثَّوْبُ الْخَلِقُ، فَاسْاَلُوا اللّٰهَ اَنْ يُجَدِّدَ الْاِيْمَانَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَرُوَاتُهُ مِصْرِيُّوْنَ ثِقَاتٌ

وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ فِي الصَّحِيْحِ بِالْحَدِيْثِ الَّذِيْ، رَوَاهُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ عُمَرَ، عَنِ الْمُقْرِءِ، عَنْ حَيْوَةَ، عَنْ اَبِيْ هَانِءٍ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى ذِكْرُهُ كَتَبَ مَقَادِيْرَ الْخَلَائِقِ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ الْحَدِيْثَ

✧ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے اندر ایمان پرانے کپڑے کی طرح بوسیدہ ہوتا رہتا ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ سے اپنے دلوں میں ایمان تازہ رہنے کی دعا کیا کرو۔

✤ اس حدیث کو صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا جبکہ اس کے تمام راوی مصری ہیں اور ثقہ ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں وہ حدیث شریف نقل کی ہے جس کی سند ابن ابی عمر، المقری، حیوۃ، ابوہانی، ابوعبدالرحمٰن الحبلی اور عبداللہ بن عمرو کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے (حدیث یہ ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے زمین وآسمان کی تخلیق سے پہلے مخلوقات کی تقدیریں لکھی ہیں (اور اس میں مذکورہ حدیث کے راوی ابوہانی، ابوعبدالرحمٰن، الحبلی اور عبداللہ بن عمرو موجود ہیں)

6۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا

حدیث 6:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 3334 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4244 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 7939 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 930 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2787 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 3908 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 10251 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 11658 ذکره ابوبکر البیہقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 20552

أَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ عَجْلانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَذْنَبَ الْعَبْدُ نُكِتَ فِیْ قَلْبِهٖ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ، فَاِنْ تَابَ صُقِلَ مِنْهَا، فَاِنْ عَادَ زَادَتْ حَتّٰى تَعْظُمَ فِیْ قَلْبِهٖ، فَذٰلِكَ الرَّانُ الَّذِیْ ذَكَرَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِی الصَّحِيْحَيْنِ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِاَحَادِيْثِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بندہ کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سیاہ نقطہ لگ جاتا ہے پھر اگر بندہ توبہ کر لے تو وہ مٹ جاتا ہے اور اگر بار بار گناہ کرے تو وہ سیاہ نقطہ اتنا بڑھ جاتا ہے کہ پورا دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ یہی وہ ''ران'' ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (مطففين:١٤) ''کوئی نہیں بلکہ ان کے دلوں پر زنگ چڑھا دیا ہے'' میں کیا ہے۔

یہ حدیث صحیح ہے لیکن صحیحین میں اسے درج نہیں کیا گیا حالانکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے قعقاع بن حکیم کی ابوصالح سے روایات نقل کی ہیں۔

7۔ حَدَّثَنَا الْاِمَامُ اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْاَلُ عَنِ السَّاعَةِ حَتّٰى نَزَلَتْ: فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهَاهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِی الصَّحِيْحَيْنِ وَهُوَ مَحْفُوْظٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا مَعًا، وَقَدِ احْتَجَّا مَعًا بِاَحَادِيْثِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کے متعلق مسلسل سوالات کئے جاتے رہے یہاں تک کہ آیت فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهَاهَا (تمہیں اس کے بیان سے کیا تعلق تمہارے رب ہی تک اس کی انتہا ہے) نازل ہوئی۔

✣✣ اس حدیث کو صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا حالانکہ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق محفوظ صحیح ہے اور دونوں نے ایسی احادیث نقل کی ہیں جن کی سند ابن عیینہ، زہری، عروہ سے ہوتی ہوئی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک پہنچتی ہیں۔

8۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، وأبی سعيد أنهما شهدا علی رَسُوْلِ اللّٰهِ

حديث 7:

اخرجه ابن راهويه الحنظلی فی "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 777

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا قَالَ الْعَبْدُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ صَدَّقَهُ رَبُّهُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِیْ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَاَنَا وَحْدِیْ، وَاِذَا قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ صَدَّقَهُ رَبُّهُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَلَاشَرِيْكَ لِیْ، وَاِذَا قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِیْ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا لِیَ الْمُلْكُ وَلِیَ الْحَمْدُ، وَاِذَا قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِیْ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِیْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِی الصَّحِيْحَيْنِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِحَدِيْثِ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَاَبِیْ سَعِيْدٍ، وَقَدِ اتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلَی الْحُجَّةِ بِاَحَادِيْثِ اِسْرَائِيْلَ بْنِ يُوْنُسَ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابو سعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان دونوں نے گواہی دیتے ہوئے یہ بات کہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے" اللہ تعالیٰ اس کی تصدیق کرتے ہوئے یوں فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں اکیلا ہوں"۔ جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں" اللہ تعالیٰ اس کی تصدیق کرتے ہوئے فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور نہ ہی میرا کوئی شریک ہے"۔ جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کے لئے حمد و ثناء" اللہ تعالیٰ کی تصدیق کرتے ہوئے فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں میری ہی حکومت ہے اور میرے لئے ہی حمد و ثناء"۔ جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اس کے سوا کسی کی طاقت اور ہمت نہیں" اللہ تعالیٰ اس کی تصدیق کرتے ہوئے فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کسی کی طاقت اور ہمت نہیں"۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو درج نہیں کیا گیا۔ حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اپنی اپنی صحیح میں) ایسی روایات نقل کی ہیں جن کی سند "اسحاق" کے ذریعے "اغر" سے ہوتی ہوئی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے۔ اور دونوں نے اسرائیل بن یونس کی ابو اسحاق سے روایت کردہ احادیث بھی نقل کی ہیں۔

9۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِیْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِیْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ،

حدیث 8:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث:3430 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث:3794 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث:851 اخرجه ابوعبدالرحمٰن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 9858 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1258 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث:6154 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث:943 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث:944

حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَعَافِرِيِّ الْحُبُلِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ يَسْتَخْلِصُ رَجُلاً مِّنْ أُمَّتِي عَلَى رُؤُوسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَنْشُرُ عَلَيْهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ سِجِلاً، كُلُّ سِجِلٍّ مِثْلُ هٰذَا، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَتُنْكِرُ مِنْ هٰذَا شَيْئًا؟ أَظَلَمَكَ كَتَبَتِي الْحَافِظُوْنَ؟ فَيَقُوْلُ: لَا يَا رَبِّ، فَيَقُوْلُ: أَفَلَكَ عُذْرٌ؟ فَيَقُوْلُ: لَا يَا رَبِّ، فَيَقُوْلُ: بَلٰى، إِنَّ لَكَ عِنْدَنَا حَسَنَةً، وَإِنَّهُ لَا ظُلْمَ عَلَيْكَ الْيَوْمَ، فَيُخْرِجُ بِطَاقَةً فِيْهَا أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، مَا هٰذِهِ الْبِطَاقَةُ مَعَ هٰذِهِ السِّجِلَّاتِ؟ فَقَالَ: إِنَّكَ لَا تُظْلَمُ، قَالَ: فَتُوضَعُ السِّجِلَّاتُ فِي كِفَّةٍ، وَالْبِطَاقَةُ فِي كِفَّةٍ فَطَاشَتِ السِّجِلَّاتُ وَثَقُلَتِ الْبِطَاقَةُ، وَلَا يَثْقُلُ مَعَ اسْمِ اللّٰهِ شَيْءٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِأَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، وَعَامِرِ بْنِ يَحْيٰى مِصْرِيٍّ ثِقَةٍ، وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، إِمَامٌ، وَيُوْنُسُ الْمُؤَدِّبُ: ثِقَةٌ، مُتَّفَقٌ عَلٰى إِخْرَاجِهِ فِي الصَّحِيْحَيْنِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ میرے ایک امتی کو مخلوق کے سامنے پیش کرے گا، اس کے آگے نامہ اعمال کے ۹۹ رجسٹر رکھے جائیں گے (نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کے اشارے سے سمجھاتے ہوئے فرمایا) ہر رجسٹر اتنا بڑا ہوگا، پھر فرمائے گا: کیا تجھے ان میں سے کسی چیز کا انکار ہے؟ کیا میرے کراماً کاتبین نے تجھ پر ظلم تو نہیں کیا؟ وہ جواب دے گا: اے میرے رب نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا (ان سے متعلق) تیرے پاس کوئی عذر ہے؟ وہ جواب دے گا: یا اللہ نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہمارے پاس تیری ایک نیکی موجود ہے اور آج تجھ پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ چنانچہ ایک پرچہ نکالا جائے گا، جس میں (لکھا ہوگا) اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ ۔ وہ کہے گا: یا اللہ اتنے بھاری رجسٹروں کے مقابلے میں اس پرچے کی کیا حیثیت ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: آج تجھ پر ظلم نہیں ہوگا۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا: پھر یہ سارے رجسٹر (میزان کے) ایک پلڑے میں اور وہ ایک پرچہ دوسرے پلڑے میں رکھا جائے گا تو سارے رجسٹر ہلکے ہونگے اور وہ ایک پرچہ بھاری ہوگا کیونکہ اللہ کے نام کے مقابلے میں کوئی چیز بھاری نہیں ہوسکتی۔

❖•❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن صحیحین میں اسے نقل نہیں کیا گیا حالانکہ یہ حدیث صحیح

حدیث 9:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2639 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4300 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 6994 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحدیث: 225 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ه/1990ء رقم الحدیث: 1937 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ه رقم الحدیث: 4725 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ه/1988ء رقم الحدیث: 339

ہے کیونکہ (انہوں نے اپنی صحیح میں) ابوعبدالرحمٰن الحبلی کی حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث نقل کی ہیں (اور اس حدیث کے راوی) عامر بن یحییٰ مصری ہیں، ثقہ ہیں اور لیث بن سعد امام ہیں اور یونس المؤدب ثقہ ہیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ان کی روایات نقل کی ہیں۔

10- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ قَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا اَبُو عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: افْتَرَقَتِ الْيَهُودُ عَلٰى اِحْدٰى وَسَبْعِينَ فِرْقَةً اَوِ اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، وَالنَّصَارٰى مِثْلُ ذٰلِكَ، وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِىْ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِينَ فِرْقَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ كَثُرَ فِى الْاُصُوْلِ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَعَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلُهُ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاتَّفَقَا جَمِيعًا عَلَى الْاِحْتِجَاجِ بِالْفَضْلِ بْنِ مُوسٰى وَهُوَ ثِقَةٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہودی ۷۱ فرقوں میں یا (شاید فرمایا) ۷۲ فرقوں میں تقسیم ہوگئے تھے، اسی طرح عیسائی بھی (۷۲ یا ۷۳ فرقوں میں بٹ گئے) اور میری امت ۷۳ فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی۔

✣✣ یہ حدیث کتب اصول میں کثرت سے موجود ہے اور حضرت سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اور حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا اسی سے ملتا جلتا فرمان منقول ہے۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن عمرو کی ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایات نقل کی ہیں جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے فضل بن موسیٰ کی روایات نقل کی ہیں اور یہ راوی بھی ثقہ ہیں۔

11- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ

حديث 10:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4569 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2640 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3991 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3992 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 8377 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 6247 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 441 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 20690 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 5910 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 5978 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 6117

الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ سَعِيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَهْدُ الَّذِي بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلٰوةُ، فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ لَا تُعْرَفُ لَهُ عِلَّةٌ بِوَجْهٍ مِّنَ الْوُجُوهِ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيعًا بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِالْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ وَّلَمْ يُخْرِجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَلِهٰذَا الْحَدِيثِ شَاهِدٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيعًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ہمارے اور کفار کے درمیان نماز کا فرق ہے جس نے نماز کو (ہلکا جانتے ہوئے) چھوڑا، اس نے کفر کیا۔

✣✣ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ ہمیں اس میں کسی بھی اعتبار سے علت معلوم نہیں ہو سکی جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اپنی صحیح میں عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ کی ان کے والد کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے (اس حدیث کے راوی) حسین بن واقد کی روایات بھی نقل کی ہیں اور دونوں نے (معنوی طور پر اس جیسی حدیثیں اگرچہ نقل کی ہیں لیکن) بعینہ انہی لفظوں کے ہمراہ یہ حدیث نقل نہیں کی۔

اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ شیخین کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

12- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ أُنَيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرَوْنَ شَيْئًا مِّنَ الْأَعْمَالِ تَرْكُهُ كُفْرًا غَيْرَ الصَّلَاةِ.

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اصحاب رسول نماز کے علاوہ کسی عمل کے ترک کو کفر نہیں سمجھتے تھے۔

13- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَصَابَ حَدًّا فَعَجَّلَ اللّٰهُ لَهُ عُقُوبَتَهُ فِي الدُّنْيَا فَاللّٰهُ أَعْدَلُ مِنْ أَنْ يُّثَنِّيَ عَلٰى عَبْدِهِ الْعُقُوبَةَ فِي الْآخِرَةِ، وَمَنْ أَصَابَ حَدًّا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَفَا عَنْهُ فَاللّٰهُ أَكْرَمُ مِنْ أَنْ يَّعُودَ فِي شَيْءٍ قَدْ عَفَا عَنْهُ

حدیث 11:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2621 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1079 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 22987 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6291 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 462

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيعًا بِأَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، وَاتَّفَقَا عَلَى أَبِي إِسْحَاقَ، وَاحْتَجَّا جَمِيعًا بِالْحَجَّاجِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِيُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ

❖❖ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ کسی شخص کو اس کے گناہ کی سزا دنیا میں دیدے تو اس کے عدل سے یہ قوی امید ہے کہ آخرت میں اس کو دوبارہ سزا نہیں دے گا اور جس شخص کے گناہ کی اللہ تعالیٰ نے دنیا میں پردہ پوشی کی اور سزا نہ دی تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ قوی امید ہے کہ جس گناہ کو وہ معاف کر چکا ہے آخرت کی سزا دوبارہ نہیں دے گا۔

❖ اس حدیث کی سند صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو نقل نہیں کیا گیا حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے اس حدیث کے راوی ابوجحیفہ کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایات نقل کی ہیں۔ ابواسحاق سے روایت لینے میں بھی دونوں متفق ہیں اور (اس حدیث کے راوی) حجاج بن محمد کی روایات بھی دونوں نے نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے (اس حدیث کے راوی) یونس بن ابواسحاق کی روایات بھی نقل کی ہیں۔

14- أَخْبَرَنِي أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، أَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَائَهُ رَجُلٌ بِفَرَسٍ لَهُ يَقُودُهُ عَقُوقٍ وَمَعَهَا مُهْرَةٌ لَهَا يَتْبَعُهَا، فَقَالَ: مَنْ أَنْتَ؟ فَقَالَ: أَنَا نَبِيٌّ، قَالَ: مَا نَبِيٌّ؟ قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ، قَالَ: مَتَى تَقُومُ السَّاعَةُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيْبٌ وَلَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: أَرِنِي سَيْفَكَ، فَأَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفَهُ، فَهَزَّهُ الرَّجُلُ، ثُمَّ رَدَّهُ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا إِنَّكَ لَمْ تَكُنْ تَسْتَطِيعُ الَّذِي أَرَدْتَ،

حديث 13:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 2626 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 2604 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 775 اخرجه ابو عبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 1365 اخرجه ابو عبدالله النيسابوری فی "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 3664 اخرجه ابو عبدالله النيسابوری فی "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 7678 اخرجه ابو عبدالله النيسابوری فی "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 8165 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 17371 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامی دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 46 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحديث: 503

حديث 14:

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 6245

قَالَ . . . .: وَقَدْ كَانَ، قَالَ: اذْهَبْ اِلَيْهِ فَسَلْهُ عَنْ هٰذِهِ الْخِصَالِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ اتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلَى الْحُجَّةِ بِإِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ بِعَيْنِهِ فَحَدَّثَ، عَنْ اَحْمَدَ بْنِ يُوْسُفَ بِغَيْرِ حَدِيْثٍ

✧✧ ایاس بن سلمہ اپنے والد کا یہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے کہ ایک شخص گھوڑی پر سوار ہو کر آیا (گھوڑی کے ساتھ اس کا ایک بچہ بھی تھا) کہنے لگا: آپ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے جواباً فرمایا: میں نبی ہوں۔ اس نے پوچھا: نبی کیا ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا رسول۔ اس نے پوچھا: قیامت کب آئیگی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (قیامت واقع ہونے کا معین وقت) غیب ہے اور غیب اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔ اس نے کہا: اپنی تلوار مجھے دیجیے۔ نبی پاک ﷺ نے اپنی تلوار اسے تھما دی (اس نے تلوار پکڑ کر) ہلائی پھر آپ کو واپس دے دی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تو جو کچھ کرنا چاہتا تھا وہ نہیں کر سکا (۔۔۔۔۔۔۔اس مقام پر مستدرک کے نسخہ میں جگہ خالی ہے۔۔۔۔۔۔۔) اس نے کہا: اس کے پاس جاؤ اور ان خصلتوں کے بارے میں اس سے سوال کرو۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو نقل نہیں کیا گیا حالانکہ ایاس بن سلمہ کی ان کے والد کے حوالے سے روایت کردہ احادیث دونوں نے نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے تو بعینہٖ اسی سند کے ہمراہ حدیث نقل کی ہے اور احمد بن یوسف کی اس حدیث کے علاوہ دیگر روایات نقل کی ہیں۔

15- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مِهْرَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عَوْفُ بْنُ اَبِيْ جَمِيْلَةَ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ خِلَاسٍ، وَمُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتٰى عَرَّافًا اَوْ كَاهِنًا فَصَدَّقَهُ فِيْمَا يَقُوْلُ، فَقَدْ كَفَرَ بِمَا اُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

حدیث 15:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 9532 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 16273 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 5408 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ رقم الحديث: 1453 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 1005 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 382 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحديث: 503 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 425 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 1941 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 1950 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 1953

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا مِّنْ حَدِيْثِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَحَدَّثَ الْبُخَارِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ، عَنْ رَّوْحٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ خِلَاسٍ، وَمُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قِصَّةَ مُوْسٰى اَنَّهُ اٰدَرُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص نجومی یا کاہن کے پاس آئے اور ان کی پیشین گوئی کو سچا جانے، اس نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کا انکار کیا۔

❖❖ یہ حدیث (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں کے معیار کے مطابق ابن سیرین کی سند کے لحاظ سے صحیح ہے، لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بالترتیب اسحاق، روح، عوف، خلاس اور محمد کے بعد ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے موسیٰ علیہ السلام کے آدر (آماس خصیہ والا) ہونے کا قصہ بیان کیا ہے۔

16۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنَا قُرَيْشُ بْنُ اَنَسٍ، حَدَّثَنَا حَبِيْبُ بْنُ الشَّهِيْدِ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا هِصَّانُ بْنُ كَاهِلٍ، وَفِيْ حَدِيْثِ ابْنِ اَبِيْ عَدِيٍّ كَاهِنٌ، قَالَ: جَلَسْتُ مَجْلِسًا فِيْهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ وَلَا اَعْرِفُهُ، فَقَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا عَلَى الْاَرْضِ نَفْسٌ تَمُوْتُ لَا تُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا تَشْهَدُ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، يَرْجِعُ ذٰلِكَ اِلٰى قَلْبٍ مُوْقِنٍ اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ، قَالَ: فَقُلْتُ: اَاَنْتَ سَمِعْتَ مِنْ مُّعَاذٍ؟ فَعَنَّفَنِيَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: دَعُوْهُ فَاِنَّهُ لَمْ يُسِءِ الْقَوْلَ، نَعَمْ، اَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَزَعَمَ مُعَاذٌ اَنَّهُ سَمِعَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّقَدْ تَدَاوَلَهُ الثِّقَاتُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ جَمِيْعًا بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَالَّذِيْ عِنْدِيْ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اَنَّهُمَا اَهْمَلَاهُ لِهِصَّانِ بْنِ كَاهِلٍ، وَيُقَالُ: ابْنُ كَاهِنٍ، فَاِنَّ الْمَعْرُوْفَ بِالرِّوَايَةِ عَنْهُ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ الْعَدَوِيُّ فَقَطْ وَقَدْ ذَكَرَ ابْنُ اَبِيْ حَاتِمٍ، اَنَّهُ رَوٰى عَنْهُ قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ اَيْضًا، وَقَدْ اَخْرَجَا جَمِيْعًا عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الثِّقَاتِ لَا رَاوِيَ

حدیث 16:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:22053 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 203 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 10977 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 219 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2027 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:2366 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 170 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 2949 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 30428

لَهُمْ اِلَّا وَاحِدٌ، فَيَلْزَمُهُمَا بِذٰلِكَ اِخْرَاجُ مِثْلِهٖ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حصان بن کاہل بیان کرتے ہیں: میں ایک ایسی محفل میں گیا جس میں حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ بھی موجود تھے لیکن میں انہیں پہچانتا نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث شریف سنائی ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مرتے وقت مشرک نہ ہو اور سچے دل سے میرے رسول اللہ ہونے کی گواہی دیتا ہو، اللہ تعالیٰ اسے بخش دے گا (حصان بن کاہل کہتے ہیں: میں نے عبدالرحمٰن بن سمرہ سے) کہا: کیا آپ نے یہ حدیث حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے سنی ہے؟ (میرے یہ کہنے پر) سارے لوگ میرے اوپر پل پڑے۔ اس پر عبدالرحمٰن نے لوگوں کو سمجھایا کہ اس کو چھوڑ دو کیونکہ اس نے کوئی بری بات نہیں کی (حصان کہتے ہیں: پھر عبدالرحمٰن نے میری طرف متوجہ ہوکر) کہا: جی ہاں! میں نے یہ حدیث حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے سنی ہے اور معاذ کا یہ خیال تھا کہ انہوں نے یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔

یہ حدیث صحیح ہے اور ثقہ راوی اسے عموماً روایت کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ میں سے) کسی نے بھی اسے ان لفظوں کے ساتھ نقل نہیں کیا۔ حقیقت حال تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اس حدیث کو حصان بن کاہل کی وجہ سے چھوڑ دیا ہے (حصان بن کاہل کو حصان بن کاہن بھی کہا جاتا ہے) (ان کی روایت چھوڑنے کی وجہ شاید یہ ہے کہ) ان کے مشہور شاگرد صرف حمید بن ہلال العدوی ہی ہیں جبکہ ابن ابی حاتم نے لکھا ہے کہ ان سے قرہ بن خالد نے بھی روایت لی ہے (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے ایسے کتنے ہی ثقہ راویوں کی حدیثیں نقل کی ہیں جن سے روایت لینے والوں کی تعداد ایک سے زیادہ نہیں۔ اسی طرح ان کو حصان بن کاہل کی روایت بھی نقل کرنی چاہیے تھی۔

17۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ دَاوٗدَ الْمُنَادِيْ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ غَسَّانٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ حَسَّانِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَيَاءُ وَالْعِيُّ شُعْبَتَانِ مِنَ الْاِيْمَانِ، وَالْبَذَاءُ وَالْبَيَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا بِرُوَاتِهٖ عَنْ اٰخِرِهِمْ

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیا اور خاموشی ایمان کی دو شاخیں ہیں۔ بے حیائی اور یاوہ گوئی نفاق کی دو شاخیں ہیں۔

یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو نقل نہیں کیا گیا۔ حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔

هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ خَرَّجَاهُ فِي الصَّحِيْحَيْنِ بِاَسَانِيْدَ صَحِيْحَةٍ دُوْنَ ذِكْرِ الْاَسَامِيْ فِيْهِ، وَالْعِلَّةُ فِيْهِ عِنْدَهُمَا اَنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ مُسْلِمٍ تَفَرَّدَ بِسِيَاقَتِهٖ بِطُوْلِهٖ، وَذَكَرَ الْاَسَامِيْ فِيْهِ وَلَمْ يَذْكُرْهَا غَيْرُهٗ، وَلَيْسَ هٰذَا بِعِلَّةٍ فَاِنِّيْ لَا اَعْلَمُ اخْتِلَافًا بَيْنَ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ اَنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ مُسْلِمٍ اَوْثَقُ وَاَحْفَظُ وَاَعْلَمُ وَاَجَلُّ مِنْ اَبِي الْيَمَانِ وَبِشْرِ بْنِ شُعَيْبٍ وَّعَلِيِّ بْنِ عَيَّاشٍ وَّاَقْرَانِهِمْ مِنْ اَصْحَابِ شُعَيْبٍ، ثُمَّ نَظَرْنَا فَوَجَدْنَا الْحَدِيْثَ قَدْ رَوَاهُ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، وَهِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ جَمِيْعًا، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطُوْلِهٖ

حدیث 41:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 808 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 42

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ۹۹ نام ہیں، جوان کو یاد کرے گا، جنتی ہے، اللہ تعالیٰ تنہا ہے اور تنہائی کو ہی پسند کرتا ہے۔ (اللہ تعالیٰ کے نام بمعہ ترجمہ درج ذیل ہیں)

اللّٰهُ الَّذِىْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ (مہربان)، الرَّحِيْمُ (رحم کرنے والا)، الْمَلِكُ (بادشاہ)، الْقُدُّوْسُ (پاک)، السَّلَامُ (سلامتی والا)، الْمُؤْمِنُ (امن دینے والا)، الْمُهَيْمِنُ (نگہبان)، الْعَزِيْزُ (غالب)، الْجَبَّارُ (زبردست)، الْمُتَكَبِّرُ (بڑائی والا)، الْخَالِقُ (پیدا کرنے والا)، الْبَارِیءُ (عالم بنانے والا)، الْمُصَوِّرُ (صورت بنانے والا)، الْغَفَّارُ (بخشنے والا)، الْقَهَّارُ (زبردست)، الْوَهَّابُ (بہت دینے والا) الرَّزَّاقُ (رزق دینے والا)، الْفَتَّاحُ (کھولنے والا)، الْعَلِيْمُ (جاننے والا)، الْقَابِضُ (بند کرنے والا)، الْبَاسِطُ (کھولنے والا)، الْخَافِضُ (جھکانے والا)، الرَّافِعُ (بلند کرنے والا)، الْمُعِزُّ (عزت دینے والا)، الْمُذِلُّ (ذلت دینے والا)، السَّمِيْعُ (سننے والا)، الْبَصِيْرُ (دیکھنے والا)، الْحَكَمُ (حاکم)، الْعَدْلُ (انصاف کرنے والا)، اللَّطِيْفُ (باریک بین)، الْخَبِيْرُ (خبردار)، الْحَلِيْمُ (بردبار)، الْعَظِيْمُ (بزرگ)، الْغَفُوْرُ (بخشنے والا)، الشَّكُوْرُ (شکر کرنے والا)، الْعَلِيُّ (بلند)، الْكَبِيْرُ (بڑا)، الْحَفِيْظُ (نگہبان)، الْمُغِيْثُ (مدد کرنے والا)، الْمُقِيْتُ (قوت دینے والا)، الْحَسِيْبُ (کافی)، الْجَلِيْلُ (بزرگ)، الْكَرِيْمُ (سخی)، الرَّقِيْبُ (نگہبان)، الْمُجِيْبُ (قبول کرنے والا)، الْوَاسِعُ (فراخی والا)، الْحَكِيْمُ (حکمت والا)، الْوَدُوْدُ (محبت کرنے والا)، الْمَجِيْدُ (بزرگ)، الْبَاعِثُ (اٹھانے والا)، الشَّهِيْدُ (گواہ)، الْحَقُّ (سچا)، الْوَكِيْلُ (کارساز)، الْقَوِيُّ (طاقت والا)، الْمَتِيْنُ (مضبوط)، الْوَلِيُّ (دوست)، الْحَمِيْدُ (قابل تعریف)، الْمُحْصِي (گھیرنے والا)، الْمُبْدِیءُ (ابتدا کرنے والا)، الْمُعِيْدُ (لوٹانے والا)، الْمُحْيِي (زندگی دینے والا)، الْمُمِيْتُ (موت دینے والا)، الْحَيُّ (زندہ)، الْقَيُّوْمُ (ہمیشہ رہنے والا)، الْوَاجِدُ (پانے والا)، الْمَاجِدُ (بزرگی والا)، الْوَاحِدُ (اکیلا)، الصَّمَدُ (بے نیاز)، الْقَادِرُ (قدرت والا)، الْمُقْتَدِرُ (اقتدار والا)، الْمُقَدِّمُ (پہلا)، الْمُؤَخِّرُ (پچھلا)، الْاَوَّلُ (پہلا)، الْاٰخِرُ (آخری)، الظَّاهِرُ (آشکار)، الْبَاطِنُ (پوشیدہ)، الْوَالِيْ (کارساز)، الْمُتَعَالِيْ (برتر)، الْبَرُّ (احسان کرنے والا)، التَّوَّابُ (توبہ قبول کرنے والا)، الْمُنْتَقِمُ (بدلہ لینے والا)، الْعَفُوُّ (معاف کرنے والا)، الرَّءُوْفُ (بہت مہربان)، مَالِكُ الْمُلْكِ (ملک کا مالک) ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (بزرگی اور بخشش والا)، الْمُقْسِطُ (عدل کرنے والا)، الْجَامِعُ (جمع کرنے والا)، الْغَنِيُّ (بے پرواہ)، الْمُغْنِيْ (دولت مند کرنے والا)، الْمَانِعُ (منع کرنے والا)، الضَّارُّ (ضرر دینے والا)، النَّافِعُ (نفع دینے والا)، النُّوْرُ (روشنی والا)، الْهَادِيْ (راہ دکھانے والا)، الْبَدِيْعُ (نیا پیدا کرنے والا)، الْبَاقِي (ہمیشہ رہنے والا)، الْوَارِثُ (مالک)، الرَّشِيْدُ (راہنما)، الصَّبُوْرُ (بڑا تحمل والا)

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے دیگر صحیح سندوں کے ساتھ اس حدیث کو نقل کیا ہے، البتہ ان میں اللہ تعالیٰ کے اسماء گرامی مذکور نہیں ہیں۔ اس حدیث میں شیخین رحمۃ اللہ علیہما کو جو نقص نظر آیا ہے وہ یہ ہے کہ اس حدیث میں تمام اسماء الحسنٰی کا ذکر صرف ولید بن مسلم نے کیا ہے ان کے علاوہ اور کسی راوی نے ''اسماء الحسنٰی'' کا ذکر نہیں کیا ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) یہ کوئی نقص

نہیں ہے کیونکہ ائمہ حدیث کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ولید بن مسلم ابو ہمان، بشر بن شعیب، علی بن عباس رضی اللہ عنہما اور ان کے دیگر معاصرین سے زیادہ ثقہ ہیں۔ ان سے زیادہ مضبوط حافظے کے مالک، ان سے زیادہ علم حدیث رکھنے والے اور ان سب سے زیادہ بزرگ ہیں۔ مزید غور وفکر کرنے سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ اس پوری حدیث کو عبدالعزیز بن الحصین نے ابوایوب السختیانی کے ذریعے اور ہشام بن حسان نے محمد بن سیرین کے واسطے سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

42۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ حِمْدَانَ الْحَلابُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا الْاَمِيْرُ اَبُو الْهَيْثَمِ خَالِدُ بْنُ اَحْمَدَ الذُّهْلِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اَسَدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْقَطَوَانِيُّ، حَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُفْيَانَ النَّسَائِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ حُصَيْنِ بْنِ التَّرْجُمَانِ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ، وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اسْمًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ: اَللّٰهُ، الرَّحْمٰنُ، الرَّحِيْمُ، الْاِلٰهُ، الرَّبُّ، الْمَلِكُ، الْقُدُّوْسُ، السَّلَامُ، الْمُؤْمِنُ، الْمُهَيْمِنُ، الْعَزِيْزُ، الْجَبَّارُ، الْمُتَكَبِّرُ، الْخَالِقُ، الْبَارِءُ، الْمُصَوِّرُ، الْحَلِيْمُ، الْعَلِيْمُ، السَّمِيْعُ، الْبَصِيْرُ، الْحَيُّ، الْقَيُّوْمُ، الْوَاسِعُ، اللَّطِيْفُ، الْخَبِيْرُ، الْحَنَّانُ، الْمَنَّانُ، الْبَدِيْعُ، الْوَدُوْدُ، الْغَفُوْرُ، الشَّكُوْرُ، الْمَجِيْدُ، الْمُبْدِءُ، الْمُعِيْدُ، النُّوْرُ، الْاَوَّلُ، الْاٰخِرُ، الظَّاهِرُ، الْبَاطِنُ، الْغَفَّارُ، الْوَهَّابُ، الْقَادِرُ، الْاَحَدُ، الصَّمَدُ، الْكَافِيْ، الْبَاقِيْ، الْوَكِيْلُ، الْمَجِيْدُ، الْمُغِيْثُ، الدَّائِمُ، الْمُتَعَالِ، ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، الْمَوْلٰى، النَّصِيْرُ، الْحَقُّ، الْمُبِيْنُ، الْبَاعِثُ، الْمُجِيْبُ، الْمُحْيِيْ، الْمُمِيْتُ، الْجَمِيْلُ، الصَّادِقُ، الْحَفِيْظُ، الْكَبِيْرُ، الْقَرِيْبُ، الرَّقِيْبُ، الْفَتَّاحُ، التَّوَّابُ، الْقَدِيْمُ، الْوِتْرُ، الْفَاطِرُ، الرَّزَّاقُ، الْعَلَّامُ، الْعَلِيُّ، الْعَظِيْمُ، الْغَنِيُّ، الْمَلِيْكُ، الْمُقْتَدِرُ، الْاَكْرَمُ، الرَّءُوْفُ، الْمُدَبِّرُ، الْمَالِكُ، الْقَدِيْرُ، الْهَادِيْ، الشَّاكِرُ، الرَّفِيْعُ، الشَّهِيْدُ، الْوَاحِدُ، ذُو الطَّوْلِ، ذُو الْمَعَارِجِ، ذُو الْفَضْلِ، الْخَلَّاقُ، الْكَفِيْلُ، الْجَلِيْلُ، الْكَرِيْمُ

هٰذَا حَدِيْثٌ مَّحْفُوْظٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ وَهِشَامٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مُخْتَصَرًا دُوْنَ ذِكْرِ الْاَسَامِي الزَّائِدَةِ فِيْهَا، كُلُّهَا فِي الْقُرْاٰنِ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْحُصَيْنِ بْنِ التَّرْجُمَانِ ثِقَةٌ، وَاِنْ لَمْ يُخَرِّجَاهُ،

حدیث: 43

اخرجه ابوداؤد السجستانى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3910 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 4194 اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 44 اخرجه ابويعلى الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 5092 اخرجه ابوالحسن الجوهرى فى "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 488

وَاِنَّمَا جَعَلْتَهُ شَاهِدًا لِلْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے ''اللہ تعالیٰ کے ۹۹ اسمائے گرامی ہیں جوان کو یادکرے گا وہ جنتی ہے۔

✣✣ یہ حدیث ابوسختیانی اور ہشام کی اس سند کے لحاظ سے ''محفوظ'' ہے جو انہوں نے محمد بن سیرین سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ''اسمائے الحسنٰی'' کا ذکر کئے بغیر مختصر طور پر نقل کی ہے اور جن اسمائے حسنٰی کا اضافہ ہے وہ قرآن سے ثابت ہیں اور عبدالعزیز بن الحصین بن الترجمان ثقہ راوی ہیں۔ اگرچہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی روایت نہیں لی تاہم میں نے اس کو گزشتہ حدیث کے شاہد کے طور پر پیش کیا ہے۔

43 - حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، وَاَبُوْ عَمْرٍو الْحَوْضِيُّ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِيْ سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عِيْسٰى، رَجُلًا مِّنْ بَنِيْ اَسَدٍ يُحَدِّثُ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطِّيَرَةُ شِرْكٌ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ وَعِيْسٰى هٰذَا هُوَ: ابْنُ عَاصِمٍ الْاَسَدِيُّ كُوْفِيٌّ ثِقَةٌ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بدشگونی شرک ہے، اللہ تعالیٰ پر توکل کر کے اس کو ختم کیا جاسکتا ہے۔

✣✣ اس کی سند میں جو عیسیٰ (راوی) ہیں وہ عیسیٰ بن عاصم الاسدی ہیں، یہ کوفہ کے رہنے والے تھے، ثقہ راوی تھے۔

44 - حَدَّثَنَا بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عِيْسَى بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطِّيَرَةُ مِنَ الشِّرْكِ وَمَامِنَّا، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ سَنَدُهُ، ثِقَاتٌ رُوَاتُهُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَعِيْسَى بْنُ عَاصِمٍ الْاَسَدِيُّ قَدْ رَوٰى اَيْضًا، عَنْ

حدیث 43:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3910 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 4194 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 44 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 5092 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 488

عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ، وَغَيْرِهِ، وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ شُعْبَةُ، وَجَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، وَمُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، وَغَيْرُهُمْ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بدشگونی کا تعلق شرک سے ہے اور ذہنی الجھاؤ کا باعث ہے لیکن اللہ تعالیٰ اسے توکل کی برکت سے ختم فرما دیتا ہے۔

✣✣ اس حدیث کی سند ''صحیح'' ہے، اس کے راوی ثقہ ہیں لیکن اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا ہے اور عیسیٰ بن عاصم الاسدی نے عدی بن ثابت وغیرہ سے بھی روایت کی ہے اور ان سے روایت لینے والوں میں شعبہ، جریر بن حازم، معاویہ بن صالح اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کے نام شامل ہیں۔

45۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، وَاَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، اَنْبَاَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيِّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ كَفَرَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا بِمِثْلِ هٰذَا الْاِسْنَادِ وَخَرَّجَاهُ فِي الْكِتَابِ، وَلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِشَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيِّ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی قسم کھائی اس نے کفر کیا۔

✣✣ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے کیونکہ دونوں نے اس قسم کی سند اپنی کتابوں میں ذکر کی ہیں اور اس حدیث میں کوئی نقص نہیں ہے لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا ہے۔ اس حدیث کی شاہد ایک دوسری حدیث ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے اور اس میں کوئی نقص نہیں ہے (حدیث درج ذیل ہے)

46۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَعَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ الْعَدْلُ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، اَنْبَاَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: كُلُّ يَمِينٍ يُحْلَفُ بِهَا دُوْنَ اللّٰهِ شِرْكٌ

✧✧ حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو ''قسم'' غیر اللہ کے نام سے کھائی جائے وہ شرک ہے۔

حدیث 45:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3251 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 1535 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 6072 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 4358 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 169

47۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوْبَ التُّوْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ مَيْسَرَّةَ الْمَكِّيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، قَالَا: اَنْبَانَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: اَتَانِيْ اَبُو الْعَالِيَةِ اَنَا وَصَاحِبًا لِيْ، فَقَالَ: هَلُمَّا فَاَنْتُمَا اَشَبُّ وَاَوْعٰى لِلْحَدِيْثِ مِنِّيْ، فَانْطَلَقَ بِنَا حَتّٰى اَتَيْنَا نَصْرَ بْنَ عَاصِمٍ اللَّيْثِيَّ، فَقَالَ حَدِّثْ هٰذَيْنِ حَدِيْثَكَ، قَالَ: نَصْرٌ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مَالِكٍ، وَكَانَ مِنْ رَّهْطِهٖ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَاَغَارُوْا عَلٰى قَوْمٍ فَشَذَّ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَاتَّبَعَهٗ رَجُلٌ مِّنَ السَّرِيَّةِ مَعَهُ السَّيْفُ شَاهِرٌ، فَقَالَ الشَّاذُّ مِنَ الْقَوْمِ: اِنِّيْ مُسْلِمٌ، فَلَمْ يَنْظُرْ فِيْهَا، فَضَرَبَهٗ فَقَتَلَهٗ، فَنَمَى الْحَدِيْثُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ قَوْلًا شَدِيْدًا فَبَلَغَ الْقَاتِلَ، فَبَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ اِذْ قَالَ الْقَاتِلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا قَالَ الَّذِيْ قَالَ اِلَّا تَعَوُّذًا مِّنَ الْقَتْلِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَنْ مَّنْ قِبَلَهٗ مِنَ النَّاسِ وَاَخَذَ فِيْ خُطْبَتِهٖ، ثُمَّ قَالَ الثَّانِيَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا قَالَ الَّذِيْ قَالَهٗ اِلَّا تَعَوُّذًا مِّنَ الْقَتْلِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنْ مَّنْ قِبَلَهٗ مِنَ النَّاسِ وَاَخَذَ فِيْ خُطْبَتِهٖ، ثُمَّ لَمْ يَصْبِرْ اَنْ قَالَ الثَّالِثَةَ: وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا قَالَ الَّذِيْ قَالَ اِلَّا تَعَوُّذًا مِّنَ الْقَتْلِ، فَاَقْبَلَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعْرَفُ الْمَسَائَةُ فِيْ وَجْهِهٖ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَبٰى عَلٰى مَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا قَالَهَا ثَلَاثًا

هٰذَا حَدِيْثٌ مُّخَرَّجٌ مِثْلُهٗ فِي الْمُسْنَدِ الصَّحِيْحِ لِمُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِنَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ اللَّيْثِيِّ وَسُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، فَاَمَّا عُقْبَةُ بْنُ مَالِكٍ اللَّيْثِيُّ، فَاِنَّهٗ صَحَابِيٌّ مُّخَرَّجٌ حَدِيْثُهٗ فِيْ كُتُبِ الْاَئِمَّةِ فِي الْوُجْدَانِ، وَقَدْ بَيَّنْتُ شَرْطِيْ فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ بِاَنِّيْ اُخَرِّجُ حَدِيْثَ الصَّحَابَةِ عَنْ اٰخِرِهِمْ، اِذَا صَحَّ الطَّرِيْقُ اِلَيْهِمْ، وَقَدْ تَابَعَ يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ سُلَيْمَانَ بْنَ الْمُغِيْرَةِ عَلٰى رِوَايَتِهٖ عَنْ حُمَيْدٍ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

❖❖ حضرت عتبہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاہدین کا ایک لشکر روانہ کیا، لشکر نے جا کر حملہ کر دیا (جنگ کے دوران مخالف قبیلے کا) ایک شخص میدان جنگ سے بھاگ نکلا، ایک مسلم مجاہد تلوار سونتے ہوئے اس کے تعاقب میں نکلا (جب یہ مجاہد اس مفرور کے سر پر جا پہنچا تو) اس نے کہا: میں مسلمان ہوں لیکن مسلم مجاہد نے آؤ دیکھا نہ تاؤ، تلوار ماری اور اسے قتل کر

حدیث 47:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 5972 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 6829 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دار الرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 942 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 28944 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 8593 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم و الحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 980

ڈالا۔ یہ بات رسول اللہ ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے ناراضگی کا اظہار فرمایا اور اس ناراضگی کی خبر اس مجاہد تک بھی پہنچ گئی۔ پھر ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ دوران خطبہ وہ مجاہد کھڑا ہو کر کہنے لگا: خدا کی قسم! اس نے اپنے مسلمان ہونے کا اقرار فقط اپنی جان بچانے کے لئے کیا تھا۔ آپ ﷺ نے اس کی طرف سے توجہ ہٹائی اور خطبہ جاری رکھا۔ اس نے دوبارہ کہا: حضور! خدا کی قسم! اس نے صرف اپنے بچاؤ کی خاطر اپنے مسلمان ہونے کا اقرار کیا تھا۔ آپ ﷺ نے اس مرتبہ بھی اس سے توجہ ہٹائی اور خطبہ جاری رکھا۔ اس نے تیسری مرتبہ پھر وہی الفاظ دہرائے تو آپ ﷺ نے اس کی طرف توجہ فرمائی (اس وقت آپ کے چہرہ اقدس پر ناراضگی کے آثار نمایاں تھے) آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی مسلمان کو قتل کرے اللہ تعالیٰ اسے پسند نہیں کرتا۔ آپ نے تین مرتبہ یہی الفاظ دہرائے۔

❖❖ اس جیسی کئی احادیث صحیح مسلم میں مذکور ہیں۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نصر بن عاصم لیثی اور سلیمان بن مغیرہ کی روایات نقل کی ہیں اور عقبہ بن عامر لیثی کی احادیث آئمہ کی کتابوں میں موجود ہیں جبکہ میں نے اپنا معیار کتاب کے آغاز میں بیان کر دیا تھا کہ میں ہر اس صحابی کی روایت نقل کروں گا جس تک سند درست طریقے سے پہنچتی ہو۔ جس طرح سلیمان بن مغیرہ نے حمید سے روایت لی ہے اسی طرح یونس بن عبید نے بھی حمید سے روایت لی ہے اور وہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے (وہ حدیث درج ذیل ہے)

48- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، فَمَا بَالُ الرَّجُلِ يَقْتُلُ الرَّجُلَ وَهُوَ يَقُوْلُ: اَنَا مُسْلِمٌ ؟ فَقَالَ الْقَاتِلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّمَا قَالَهَا مُتَعَوِّذًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا وَكَرِهَ مَقَالَتَهُ، وَحَوَّلَ وَجْهَهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اَبَى اللّٰهُ عَلٰى مَنْ قَتَلَ مُسْلِمًا، اَبَى اللّٰهُ عَلٰى مَنْ قَتَلَ مُسْلِمًا

✧✧ حضرت عقبہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضور ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کے بعد ارشاد فرمایا: اس شخص کا کیا حشر ہوگا جو ایسے شخص کو قتل کر ڈالے جو اپنے مسلمان ہونے کا اقرار کر رہا ہو۔ وہ قاتل کہنے لگا: یا رسول اللہ ﷺ اس نے صرف اپنے بچاؤ کی خاطر اسلام کا اقرار کیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ایسے ہی! آپ ﷺ کو اس کی بات انتہائی ناپسند لگی۔ آپ ﷺ نے اپنا چہرہ اس سے دوسری طرف پھیر لیا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو پسند نہیں کرتا جو کسی مسلمان کو قتل کرے۔ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو پسند نہیں کرتا جو کسی مسلمان کو قتل کرے۔

49- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ يَحْيَى الْآدَمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي الْعَوَّامِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا هَمَّامٌ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا

حدیث 49:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:25164 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث:4566

مُوسٰی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبَّانَ الْاَنْصَارِیُّ، اَنْبَاَ اَبُو الْوَلِیْدِ، وَمُوسٰی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ، قَالَا: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ یَحْیٰی، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ شَیْبَةُ الْحُضْرَمِیُّ، اَنَّهٗ شَهِدَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَیْرِ، یُحَدِّثُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، عَنْ عَآئِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ اَحْلِفُ عَلَیْهِنَّ: لَا یَجْعَلُ اللّٰهُ مَنْ لَهٗ سَهْمٌ فِی الْاِسْلَامِ کَمَنْ لَّا سَهْمَ لَهٗ وَسِهَامُ الْاِسْلَامِ الصَّوْمُ وَالصَّلٰوةُ وَالصَّدَقَةُ، وَلَا یَتَوَلَّی اللّٰهُ عَبْدًا فَیُوَلِّیهِ غَیْرَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، وَلَا یُحِبُّ رَجُلٌ قَوْمًا اِلَّا جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعَهُمْ، وَالرَّابِعَةُ اِنْ حَلَفْتُ عَلَیْهَا رَجَوْتُ اَنْ لَّا اٰثَمَ: مَا یَسْتُرُ اللّٰهُ عَلٰی عَبْدٍ فِی الدُّنْیَا اِلَّا سَتَرَ عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرَةِ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ: اِذَا سَمِعْتُمْ مِثْلَ هٰذَا الْحَدِیْثِ یُحَدِّثُ عُرْوَةُ، عَنْ عَآئِشَةَ فَاحْفَظُوْهُ شَیْبَةُ الْحُضْرَمِیُّ قَدْ خَرَّجَهُ الْبُخَارِیُّ، وَقَالَ فِی التَّارِیْخِ: وَیُقَالُ الْحُضْرِیُّ سَمِعَ عُرْوَةَ وَعُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، وَهٰذَا الْحَدِیْثُ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عائشہ ؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تین چیزوں کے حق ہونے پر قسم کھا سکتا ہوں۔(۱) جس شخص کا اسلام میں کوئی حصہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اس شخص کی طرح نہ کرے گا جس کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ اور اعمالِ صالحہ، روزہ، نماز اور صدقہ سب اسلام کا حصہ ہیں۔ (۲) جس شخص سے اللہ تعالیٰ دنیا میں دوستی رکھے گا، قیامت کے دن بھی اس سے دوستی نبھائے گا۔ (۳) جو شخص جس قوم سے محبت رکھے گا اللہ تعالیٰ اس کا حشر اسی کے ساتھ کرے گا اور چوتھی بات ایسی ہے کہ اگر میں اس پر بھی قسم کھاؤں تو کوئی حرج نہیں (وہ یہ ہے) اللہ تعالیٰ جس کی دنیا میں پردہ پوشی کرتا ہے قیامت کے دن بھی اس کے گناہوں کو چھپائے گا۔ عمر بن عبدالعزیز کہتے ہیں: اس طرح کی کوئی بھی حدیث جب عروہ، عائشہ ؓ کے حوالے سے روایت کریں تو اسے یاد کرلیا کرو۔

❖ (اس حدیث کے ایک راوی) شیبہ حضرمی کی روایات امام بخاری ؒ نے نقل کی ہیں۔ تاریخ بغداد میں ہے کہ خضری نے عروہ اور عمر بن عبدالعزیز سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

50۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اَیُّوْبَ الْفَقِیْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ زِیَادٍ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْوَاسِطِیُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ، وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عِیْسٰی، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ، عَنْ اَبِیْ حَرْبِ بْنِ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ فَضَالَةَ اللَّیْثِیِّ، قَالَ: اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اِنِّیْ اُرِیْدُ الْاِسْلَامَ فَعَلِّمْنِیْ شَرَائِعَ مِنْ شَرَائِعِ الْاِسْلَامِ، فَذَکَرَ الصَّلٰوةَ وَشَهْرَ رَمَضَانَ وَمَوَاقِیْتَ الصَّلٰوةِ، فَقُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّکَ تَذْکُرُ سَاعَاتٍ اَنَا فِیْهِنَّ مَشْغُوْلٌ، وَلٰکِنْ عَلِّمْنِیْ جِمَاعًا مِّنَ الْکَلَامِ، قَالَ: اِنْ شُغِلْتَ

حدیث 50:

اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر رقم الحدیث:19046 اخرجہ ابوحاتم البستی فی "صحیحہ" طبع موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث:1741

فَلَا تَشْغَلْ عَنِ الْعَصْرَيْنِ، قُلْتُ: وَمَا الْعَصْرَانِ ؟ وَلَمْ تَكُنْ لُغَةَ قَوْمِي، قَالَ: الْفَجْرُ وَالْعَصْرُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَفِيْهِ اَلْفَاظٌ لَمْ يُخَرِّجَاهَا بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ، وَاَكْثَرُهَا فَائِدَةً ذِكْرُ شَرَائِعِ الْاِسْلَامِ، فَاِنَّهُ فِيْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ دَاوُدَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا، وَقَدْ خُوْلِفَ هُشَيْمُ بْنُ بَشِيْرٍ فِيْ هٰذَا الْاِسْنَادِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ خِلَافًا لَا يَضُرُّ الْحَدِيْثَ بَلْ يَزِيْدُهُ تَاْكِيْدًا

✧✧ حضرت فضالہ لیثی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اسلامی تعلیمات سیکھنے کی خواہش کا اظہار کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھنے اور روزہ رکھنے کی تلقین فرمائی اور نمازوں کے اوقات بھی بتائے۔ میں نے عرض کی: حضور! آپ نے نمازوں کے لئے جو وقت بتائے ہیں، میں ان اوقات میں بہت مصروف ہوتا ہوں، اس لئے آپ مجھ کو مختصر اور جامع سا حکم ارشاد فرما دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مصروفیت کتنی بھی ہو''عصرین'' کو نہیں چھوڑنا۔ چونکہ یہ لفظ ہماری زبان میں استعمال نہیں ہوتا تھا (اس لئے مجھے سمجھ نہیں آئی، میں نے سمجھنے کے لئے عرض کیا) ''عصران'' کا کیا مطلب؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''فجر اور عصر''۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے لیکن اس کو صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا جبکہ اس میں (شرائع اسلام کے متعلق) کچھ الفاظ ایسے ہیں جنہیں شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے کسی دوسری سند کے ساتھ بھی روایت نہیں کیا حالانکہ (اگر دیکھا جائے تو) اس کا ذکر کرنے میں فائدہ زیادہ ہے کیونکہ شرائع اسلام کا ذکر عبدالعزیز بن ابوداؤد کی اس روایت میں موجود ہے جس کی سند علقمہ بن مرثد، پھر یحییٰ بن یعمر سے ہوتی ہوئی ابن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچتی ہے۔ اور یہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں میں سے کسی کے بھی معیار پر ''صحیح'' نہیں ہے تاہم اس کی سند میں داؤد بن ابوہند کی طرف سے ہشیم بن بشیر کی کچھ مخالفت ضرور کی گئی ہے لیکن اس طرح کی مخالفت سے حدیث کو نقصان نہیں پہنچتا بلکہ اس کی پختگی میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔

51- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ شَاهِيْنَ، قَالَا: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ دَاوُدَ، عَنْ اَبِيْ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حديث 51:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 428 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 1742 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ه/1990ء' رقم الحديث: 717 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ه/1990ء' رقم الحديث: 6637 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 826 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دارالراية' رياض' سعودي عرب' 1411ه/1991ء' رقم الحديث: 939

وَسَلَّمَ فَكَانَ فِيْمَا عَلَّمَنِيْ اَنْ قَالَ: حَافِظْ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، فَقُلْتُ: هٰذِهٖ سَاعَاتٌ لِّيْ فِيْهَا اشْتِغَالٌ، فَحَدِّثْنِيْ بِاَمْرٍ جَامِعٍ اِذَا اَنَا فَعَلْتُهٗ اَجْزَاَ عَنِّيْ، قَالَ: حَافِظْ عَلَى الْعَصْرَيْنِ، قَالَ: وَمَا كَانَتْ مِنْ لُغَتِنَا قُلْتُ: وَمَا الْعَصْرَانِ؟ قَالَ: صَلٰوةٌ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ، وَصَلٰوةٌ قَبْلَ غُرُوْبِهَا وَاَبُوْ حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ الدِّيْلِيُّ تَابِعِيٌّ كَبِيْرٌ عِنْدَهٗ مِنْ اَكَابِرِ الصَّحَابَةِ لَا يُقْصَرُ سَمَاعُهٗ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اللَّيْثِيِّ، فَاِنَّ هُشَيْمَ بْنَ بَشِيْرٍ حَافِظٌ مَعْرُوْفٌ بِالْحِفْظِ، وَخَالِدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيَّ صَاحِبُ كِتَابٍ، وَهٰذَا فِي الْجُمْلَةِ كَمَا خَرَّجَ مُسْلِمٌ فِيْ كِتَابِ الْاِيْمَانِ حَدِيْثَ شُعْبَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، وَبَعْدَهٗ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن فضالہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے جو تعلیمات دی ہیں ان میں یہ بھی تھا کہ نمازِ پنجگانہ پابندی سے ادا کرو (فضالہ کہتے ہیں) میں نے عرض کی: یہ اوقات تو میری مصروفیت کے ہیں، اس لئے مجھے کوئی ایسا جامع عمل بتا دیجیے جو کہ میرے لئے کافی ہو، آپ ﷺ نے فرمایا: ''عصرین'' کی حفاظت کرو (فضالہ کہتے ہیں) چونکہ ''عصرین'' ہماری زبان کا لفظ نہیں تھا اس لئے میں نے پوچھ لیا: حضور! ''عصرین'' کا کیا مطلب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: سورج کے طلوع اور غروب ہونے سے پہلے کی نمازیں۔

❖ اس کی سند میں ابوحرب بن ابوالاسود الدیلی کبیر تابعی ہیں۔ ان کا سماع صرف فضالہ بن عبید لیثی تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ ان کے پاس دیگر اکابر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایات بھی موجود ہیں۔ سابقہ حدیث میں ہشیم بن بشیر حافظ الحدیث ہیں اور آئمہ حدیث میں معروف بالحفظ ہیں اور خالد بن عبداللہ الواسطی خود صاحب کتاب ہیں۔ الختصر یہ سند شعبہ کی اس روایت کی طرح ہے جو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الایمان میں نقل کی ہے، جس کی حدیث عثمان بن عبداللہ بن موہب، ان کے بعد محمد بن عثمان سے ہوتی ہوئی ان کے والد تک پہنچتی ہے۔

52- حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، وَاَخْبَرَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِلْاِسْلَامِ ضُوْءًا وَمَنَارًا كَمَنَارِ الطَّرِيْقِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، فَقَدْ رَوٰى عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ خَلَفٍ الْعَسْقَلَانِيِّ وَاحْتَجَّ بِثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ الشَّامِيِّ، فَاَمَّا سَمَاعُ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَغَيْرُ مُسْتَبْعَدٍ، فَقَدْ حَكَى الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْهُ، اَنَّهٗ قَالَ: لَقِيْتُ سَبْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَعَلَّ مُتَوَهِّمًا يَتَوَهَّمُ اَنَّ هٰذَا مَتْنٌ شَاذٌّ، فَلْيَنْظُرْ فِي الْكِتَابَيْنِ لِيَجِدَ مِنَ الْمُتُوْنِ الشَّاذَّةِ الَّتِيْ لَيْسَ لَهَا اِلَّا اِسْنَادٌ وَّاحِدٌ مَّا يُتَعَجَّبُ مِنْهُ، ثُمَّ لِيَقِسْ هٰذَا عَلَيْهَا حَدِيْثٌ اٰخَرُ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسلام راستے کے سنگ میل کی طرح ہدایت کا

ایک مینارۂ نور ہے۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے کیونکہ انہوں نے محمد بن خلف عسقلانی کی روایات نقل کی ہیں نیز ثور بن یزید (بن زیاد) شامی کی احادیث بھی نقل کی ہیں اور خالد بن معدان کا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع بھی کوئی بعید بات نہیں ہے۔ ولید بن مسلم کا کہنا ہے کہ ثور بن یزید خود اپنے متعلق بیان کرتے ہیں کہ میں سترہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ملاقات کر چکا ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ کسی کو یہ وہم پیدا ہو کہ یہ متن چونکہ شاذ ہے اس لئے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا تو پھر بخاری و مسلم اٹھا کر دیکھیں آپ کو ایسی کتنی روایات ملیں گی جن کے متن شاذ ہیں اور ان کی سند صرف ایک ہی ہے (اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل کیا ہے) اسی سند کے ساتھ ایک اور حدیث بھی درج ذیل ہے۔

53- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْاِسْلَامُ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ لَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا، وَتُقِيْمَ الصَّلٰوةَ، وَتُؤْتِيَ الزَّكٰوةَ، وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ، وَتَحُجَّ الْبَيْتَ، وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَتَسْلِيْمُكَ عَلٰى اَهْلِكَ، فَمَنِ انْتَقَصَ شَيْئًا مِّنْهُنَّ فَهُوَ سَهْمٌ مِّنَ الْاِسْلَامِ يَدَعُهُ، وَمَنْ تَرَكَهُنَّ كُلَّهُنَّ فَقَدْ وَلَّى الْاِسْلَامَ ظَهْرَهُ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِثْلُ الْاَوَّلِ فِي الْاِسْتِقَامَةِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ صرف اسی کی عبادت کرو، نماز و روزہ کی پابندی کرو، زکوٰۃ ادا کرو، حج ادا کرو، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرو، اپنے اہل و عیال کو سلام کرو، جس نے ان میں سے کسی بھی عمل کو چھوڑا، اس نے اسلام کا ایک حصہ (اچھا عمل) چھوڑا اور جس نے سب کو چھوڑ دیا، اس نے اسلام سے ہی منہ پھیر لیا۔

✧✧ یہ حدیث بھی گزشتہ حدیث کی طرح ''صحیح'' ہے۔

54- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُوْنٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُعَلِّمُكَ، اَوْ قَالَ: اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى كَلِمَةٍ مِّنْ تَحْتِ الْعَرْشِ مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ؟ تَقُوْلُ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَسْلَمَ عَبْدِيْ وَاسْتَسْلَمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَا يُحْفَظُ لَهٗ عِلَّةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِيَحْيَى بْنِ اَبِيْ سُلَيْمٍ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایک کلمہ سکھاؤں یا (شاید یہ)

حدیث: 54

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 8407 اخرجه ابو الحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 1707

کہ ایک کلمہ پر راہنمائی کروں جو عرش کے نیچے جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے؟ (فرمایا) تم پڑھو لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (اس کے جواب میں) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے بندے نے اقرار کیا اور مان لیا، دل سے تسلیم کر لیا۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے اور ہمیں اس میں کوئی نقص بھی نظر نہیں آیا، اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔ حالانکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یحییٰ بن ابوسلیم کی روایات نقل کی ہیں۔

55۔ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَیْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ بْنِ حَرْبٍ، وَاَخْبَرَنِی الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِیٍّ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَجَلِیُّ، قَالَ: ذَكَرَ عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَیْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنَّ رَجُلَیْنِ دَخَلَا فِی الْاِسْلَامِ فَاهْتَجَرَا كَانَ اَحَدُهُمَا خَارِجًا مِّنَ الْاِسْلَامِ حَتّٰی یَرْجِعَ الظَّالِمُ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ جَمِیْعًا، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ وَعَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ بْنِ سَعِیْدٍ ثِقَةٌ مَّاْمُوْنٌ، وَقَدْ خَرَّجَا جَمِیْعًا لَّهُ غَیْرَ حَدِیْثٍ تَفَرَّدَ بِهٖ، عَنْ اَبِیْهِ، وَشُعْبَةَ، وَغَیْرِهِمَا

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر دو آدمی داخل اسلام ہوں اور وہ آپس میں قطع تعلق کر لیں تو ان میں سے ایک اسلام سے خارج ہوگا جب تک کہ جس کی جانب سے زیادتی ہے وہ اپنی غلطی سے رجوع نہ کر لے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق "صحیح" ہے لیکن دونوں نے ہی اس کو نقل کرنے سے گریز کیا ہے، حالانکہ (اس کے راوی) عبدالصمد بن عبدالوارث بن سعید ثقہ ہیں اور جرح سے بھی بچے ہوئے ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ان کی چند (ایسی) روایات (جن کو اپنے والد، شعبہ اور دیگر راویوں سے روایت کرنے میں یہ تنہا ہیں) کے علاوہ باقی تمام روایات نقل کی ہیں۔

56۔ حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِیْهُ، وَاَبُو الْحُسَیْنِ الْحِیرِیُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِیْدٍ الدَّارِمِیُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ، وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ، اَنْبَاَنَا نَافِعُ بْنُ یَزِیْدَ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْهَادِ، اَنَّ سَعِیْدَ بْنَ اَبِیْ سَعِیْدٍ، حَدَّثَنَا اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا زَنَی الْعَبْدُ خَرَجَ مِنْهُ الْاِیْمَانُ، وَكَانَ كَالظُّلَّةِ، فَاِذَا انْقَلَعَ مِنْهَا رَجَعَ اِلَیْهِ الْاِیْمَانُ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ فَقَدِ احْتَجَّا بِرُوَاتِهٖ وَلَهٗ شَاهِدٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ

حدیث 56:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4690

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بندہ زنا میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کے دل سے ایمان نکل کر اس کے اوپر سائبان کی طرح ہو جاتا ہے۔ پھر جب بندہ گناہ سے فارغ ہو جاتا ہے تو دوبارہ ایمان اس میں داخل ہو جاتا ہے۔

❖ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق "صحیح" ہے کیونکہ دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور اس حدیث کی شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی شرائط کے مطابق "صحیح" ہے۔

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

57۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حِمْدَانَ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ، وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ زَنٰى وَشَرِبَ الْخَمْرَ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْهُ الْاِيْمَانَ كَمَا يَخْلَعُ الْاِنْسَانُ الْقَمِيْصَ مِنْ رَّاْسِهِ قَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُجَيْرَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيْدِ وَهُمَا شَامِيَّانِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص زنا کرتا ہے یا شراب پیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے ایمان اس طرح نکال لیتا ہے جیسے انسان قمیص اتار دیتا ہے۔

❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمن بن حجیرہ شامی اور عبداللہ بن ولید شامی کی روایات نقل کی ہیں۔

58۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، اَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ يَعْلٰى بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَيَاءُ وَالْاِيْمَانُ قُرِنَا جَمِيْعًا، فَاِذَا رُفِعَ اَحَدُهُمَا رُفِعَ الْاٰخَرُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا، فَقَدِ احْتَجَّا بِرُوَاتِهِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیاء اور ایمان دو گہرے دوست ہیں، جب ان میں سے کوئی ایک اٹھ جائے تو دوسرا خود بخود اٹھ جاتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق "صحیح" ہے، دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں لیکن ان الفاظ کے ساتھ حدیث نقل نہیں کی۔

59۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ رَزِيْنٍ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ صَخْرٍ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَاْلَفُ، وَلَا خَيْرَ فِيْمَنْ لَّا يَاْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ

حدیث 58:

اخرجه ابو عبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 1313

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَا اَعْلَمُ لَهُ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن محبت کرنے والا ہوتا ہے اور وہ شخص اچھا نہیں ہے جو نہ خود محبت کرتا ہو اور نہ اس سے کوئی محبت کرتا ہو۔

✥✥ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا اور ہمارے علم میں اس حدیث میں کوئی نقص نہیں ہے۔

60۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عُقْبَةَ، سَمِعَ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَّعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا يُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا، وَيُقِيْمُ الصَّلٰوةَ، وَيُؤْتِي الزَّكٰوةَ، وَيَجْتَنِبُ الْكَبَائِرَ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَسَاَلُوْهُ مَا الْكَبَائِرُ ؟ قَالَ: الْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَالْفِرَارُ مِنَ الزَّحْفِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص صرف اللہ کی عبادت کرے، شرک سے بچتا رہے، نماز کی پابندی کرے، زکوٰۃ ادا کرتا رہے اور کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے، وہ جنتی ہے (ابوایوب) کہتے ہیں: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا: کبائر کون کون سے گناہ ہیں؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، میدان جنگ سے بھاگنا اور ناحق قتل کرنا۔

حدیث59:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر'رقم الحديث: 22891 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 5744 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث:8976

حدیث 60:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 4009 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر'رقم الحديث: 23549 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر'رقم الحديث: 23553 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 3247 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 3472 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 11100 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 3885 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 3880 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث:8655

✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے لیکن دونوں نے اسے روایت نہیں کیا اور اس میں کوئی ضعف بھی نہیں ہے۔

61- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عِصْمَةَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنِيْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنَا يَزِيْدُ بْنُ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ هَانِءٍ، اَنَّهٗ لَمَّا وَفَدَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَىُّ شَیْءٍ يُوجِبُ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: عَلَيْكَ بِحُسْنِ الْكَلَامِ، وَبَذْلِ الطَّعَامِ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُّسْتَقِيْمٌ وَّلَيْسَ لَهٗ عِلَّةٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالْعِلَّةُ عِنْدَهُمَا فِيْهِ اَنَّ هَانِءَ بْنَ يَزِيْدَ لَيْسَ لَهٗ رَاوٍ غَيْرُ ابْنِهِ شُرَيْحٍ، وَقَدْ قَدَّمْتُ الشَّرْطَ فِیْ اَوَّلِ هٰذَا الْكِتَابِ اَنَّ الصَّحَابِیَّ الْمَعْرُوْفَ اِذَا لَمْ نَجِدْ لَهٗ رَاوِيًا غَيْرَ تَابِعِیٍّ وَّاحِدٍ مَعْرُوْفٍ احْتَجَجْنَا بِهٖ، وَصَحَّحْنَا حَدِيْثَهٗ اِذْ هُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا، فَاِنَّ الْبُخَارِیَّ قَدِ احْتَجَّ بِحَدِيْثِ قَيْسِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ مِرْدَاسٍ الْاَسْلَمِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ وَاحْتَجَّ بِحَدِيْثِ قَيْسٍ، عَنْ عَدِیِّ بْنِ عَمِيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ عَلٰى عَمَلٍ وَّلَيْسَ لَهُمَا رَاوٍ غَيْرُ قَيْسِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ، وَكَذٰلِكَ مُسْلِمٌ قَدِ احْتَجَّ بِاَحَادِيْثِ اَبِیْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِیِّ، عَنْ اَبِيْهِ وَاَحَادِيْثِ مَجْزَاَةَ بْنِ زَاهِرٍ الْاَسْلَمِیِّ، عَنْ اَبِيْهِ فَلَزِمَهُمَا جَمِيْعًا عَلٰى شَرْطِهِمَا الْاِحْتِجَاجُ بِحَدِيْثِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، فَاِنَّ الْمِقْدَامَ وَاَبَاهُ شُرَيْحًا مِّنْ اَكَابِرِ التَّابِعِيْنَ، وَقَدْ كَانَ هَانِءُ بْنُ يَزِيْدَ وَفَدَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت ہانی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب وہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو دریافت کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کون سا عمل ہے جو جنت میں جانے کا باعث بنتا ہے؟ فرمایا: اچھی گفتگو اور کھانا کھلانا۔

✣ یہ حدیث ''صحیح'' ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا حالانکہ اس میں کوئی نقص بھی نہیں ہے۔ ہوسکتا ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک اس حدیث میں یہ نقص ہو کہ اس کی سند میں ہانی بن یزید کا اس کے بیٹے ''شریح'' کے علاوہ دوسرا کوئی راوی نہیں ہے اور اس کتاب کے آغاز میں یہ بات گزر چکی ہے کہ جب کسی معروف صحابی سے ایک بھی معروف تابعی روایت کرنے والا ہوگا ہم وہ حدیث نقل کریں گے اور اسے ''صحیح'' قرار دیں گے کیونکہ وہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے قیس بن ابوحازم کی وہ روایت جس میں مرداس اسلمی کے حوالے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ''يَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ'' (والا) فرمان (موجود ہے) نقل کیا ہے، یونہی قیس کی وہ روایت جس میں عدی بن عمیرہ کے حوالے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ''مَنِ اسْتَعْمَلْنَا عَلٰى عَمَلٍ'' ہے، نقل کیا ہے حالانکہ پہلی حدیث میں مرداس اسلمی اور دوسری میں عدی بن

حدیث: 61

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 470 اخرجه ابو عبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بيروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء' رقم الحديث: 1140 اخرجه ابوبكر الكوفی' فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 25332 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 490

عمیرہ کا قیس بن ابوحازم کے علاوہ اور کوئی راوی نہیں ہے۔ یونہی امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابو مالک اشجعی کی روایات ان کے والد کے حوالے سے اور مجزاۃ بن زاہر اسلمی کی ان کے والد کے حوالے روایات نقل کی ہیں تو ان کو ''شریح'' کی اپنے والد سے روایت کردہ احادیث بھی نقل کرنی چاہئے تھیں کیونکہ مقدام اور اس کے والد شریح اکابر تابعین میں سے ہیں۔ اس کی دلیل ہانی بن یزید کا رسول پاک کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا درج ذیل واقعہ بھی ہے۔

62۔ كَمَا حَدَّثَنَاهُ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ نُصَيْرٍ الْخُلْدِيِّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي هَانِءِ بْنِ يَزِيدَ، اَنَّهُ وَفَدَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَنُّونَهُ بِاَبِي الْحَكَمِ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَكَمُ لِمَ تُكَنّٰى بِاَبِي الْحَكَمِ ؟ قَالَ: اِنَّ قَوْمِي اِذَا اخْتَلَفُوا حَكَمْتُ بَيْنَهُمْ فَرَضِيَ الْفَرِيقَانِ، قَالَ: هَلْ لَكَ وَلَدٌ ؟ قَالَ: شُرَيْحٌ وَّعَبْدُ اللّٰهِ وَمُسْلِمٌ بَنُو هَانِءٍ، قَالَ: فَمَنْ اَكْبَرُهُمْ ؟ قَالَ: شُرَيْحٌ، قَالَ: فَاَنْتَ اَبُوْ شُرَيْحٍ فَدَعَا لَهُ وَلِوَلَدِهِ وَقَدْ ذَكَرْتُ فِي كِتَابِ الْمَعْرِفَةِ فِي ذِكْرِ الْمُخَضْرَمِينَ شُرَيْحَ بْنَ هَانِءٍ فَاِنَّهُ اَدْرَكَ الْجَاهِلِيَّةَ وَالْاِسْلَامَ، وَلَمْ يَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَارَ عِدَادُهُ فِي التَّابِعِينَ

✧✧ حضرت ہانی بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے، آپ کو پتہ چلا کہ میری کنیت ''ابوالحکم'' ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''حکم'' تو اللہ تعالیٰ ہے تم نے اپنی کنیت ''ابوحکم'' کیوں رکھی ہوئی ہے؟ (شریح کہتے ہیں میرے والد نے) جواب دیا: ہمارے قبیلے میں جب لوگوں کا آپس میں کسی بات پر جھگڑا ہو جاتا ہے تو میں ان میں فیصلہ کرتا ہوں (اس لئے لوگ مجھے ابوالحکم کہتے ہیں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیری اولاد ہے؟ میں نے عرض کیا: میرے تین بیٹے شریح، عبداللہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: ان میں بڑا کون ہے؟ میں نے عرض کی ''شریح'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (آج کے بعد تیری کنیت) ابوشریح ہے، اس کے بعد آپ نے میرے لئے اور میری اولاد کے لئے دعا فرمائی اور میں نے اپنی کتاب ''المعرفۃ'' کے اندر مخضرمین کے ذکر میں شریح بن ہانی کا بھی تذکرہ کیا ہے کیونکہ انہوں نے زمانہ جاہلیت بھی پایا ہے اور اسلام کا زمانہ بھی لیکن رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نہ کر سکے۔ اس لئے ان کا شمار تابعین میں ہوتا ہے۔

حدیث: 62

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4955 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 5387 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ / 1993ء رقم الحديث: 504 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ / 1991ء رقم الحديث: 5940 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه بيروت لبنان 1409ھ / 1989ء رقم الحديث: 811 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ / 1983ء رقم الحديث: 464 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ / 1983ء رقم الحديث: 466 اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 4955

63- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا خَشْنَامُ بْنُ الصِّدِّيقِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ التُّجِيْبِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْنُسَ سُلَيْمُ بْنُ جُبَيْرٍ مَوْلٰى اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا فَوَضَعَ اِصْبَعَةَ الدُّعَاءِ عَلٰى عَيْنَيْهِ وَاِبْهَامَيْهِ عَلٰى اُذُنَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِحَرْمَلَةَ بْنِ عِمْرَانَ وَاَبِيْ يُوْنُسَ، وَالْبَاقُوْنَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِمْ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت "اِنَّهُ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا" پڑھی اور شہادت کی انگلی آنکھوں پر اور اپنے انگوٹھے کانوں پر رکھ لئے۔

152- حَدَّثَنَا اَبُوْ زَکَرِیَّا یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْعَبْدِیُّ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ، حَدَّثَنَا فُضَیْلُ بْنُ عِیَاضٍ، حَدَّثَنَا الصَّنْعَانِیُّ مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ کَرِیْمٌ یُحِبُّ الْکَرَمَ، وَمَعَالِیَ الْاَخْلَاقِ، وَیُبْغِضُ سَفْسَافَهَا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادَیْنِ جَمِیْعًا، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ وَحَجَّاجُ بْنُ قَمَرِیٍّ شَیْخٌ مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ ثِقَةٌ مَّاْمُوْنٌ وَّلَعَلَّهُمَا اَعْرَضَا عَنْ اِخْرَاجِهِ بِاَنَّ الثَّوْرِیَّ اَعْضَلَهُ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ ''کریم'' ہے اور کرم کو پسند کرتا ہے اور حسنِ اخلاق کو پسند کرتا ہے اور بداخلاقی اور کمینگی کو ناپسند کرتا ہے۔

❖ مذکورہ دونوں حدیثیں ''صحیح الاسناد'' ہیں لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے انہیں نقل نہیں کیا (اس کی سند میں) حجاج بن قمری مصر سے تعلق رکھنے والے ایک بزرگ شخص ہیں، یہ ثقہ ہیں، ان پر کسی قسم کی کوئی جرح ثابت نہیں ہے۔ اس روایت کو شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے شاید اس لئے نظر انداز کر دیا ہے کہ ثوری نے اسے ''معضل'' قرار دیا ہے (ثوری کی روایت درج ذیل ہے)

153- کَمَا اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَکِیْمٍ الْمَرْوَزِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ سُفْیَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا حَازِمٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ کَرِیْزٍ الْخُزَاعِیِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

حدیث 151:

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 5928

وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ كَرِيْمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ، وَمَعَالِيَ الْاُمُوْرِ، وَيُبْغِضُ اَوْ قَالَ: يَكْرَهُ سَفْسَافَهَا وَهٰذَا لَا يُوْهِنُ حَدِيْثَ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَلٰى مَا قَدَّمْتُ ذِكْرَهُ مِنْ قَبُوْلِ الزِّيَادَاتِ مِنَ الثِّقَاتِ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

یہ حدیث سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی گزشتہ حدیث کے لئے نقصان کا باعث نہیں ہے بلکہ ثقہ کی زیادتی قبول ہوتی ہے (واللہ اعلم)

154- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ الزَّهْرَانِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الصَّقْعَبِ بْنِ زُهَيْرٍ، وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ وَّاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قُدَامَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ الصَّقْعَبَ بْنَ زُهَيْرٍ، يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْرَابِيٌّ عَلَيْهِ جُبَّةٌ مِّنْ طَيَالِسَةٍ مَكْفُوْفَةٍ بِالدِّيْبَاجِ، فَقَالَ: اِنَّ صَاحِبَكُمْ هٰذَا يُرِيْدُ رَفْعَ كُلِّ رَاعٍ وَّابْنِ رَاعٍ، وَيَضَعُ كُلَّ فَارِسٍ وَّابْنَ فَارِسٍ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُغْضِبًا فَاَخَذَ بِمَجَامِعِ ثَوْبِهٖ فَاجْتَذَبَهٗ وَقَالَ: اَلَا اَرٰى عَلَيْكَ ثِيَابَ مَنْ لَّا يَعْقِلُ، ثُمَّ رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ، فَقَالَ: اِنَّ نُوْحًا لَّمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ دَعَا ابْنَيْهِ، فَقَالَ: اِنِّيْ قَاصٌّ عَلَيْكُمَا الْوَصِيَّةَ: آمُرُكُمَا بِاثْنَيْنِ وَاَنْهَاكُمَا عَنِ اثْنَيْنِ: اَنْهَاكُمَا عَنِ الشِّرْكِ وَالْكِبْرِ وَآمُرُكُمَا بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِنَّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ وَمَا فِيْهِنَّ لَوْ وُضِعَتْ فِيْ كِفَّةِ الْمِيْزَانِ وَوُضِعَتْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فِي الْكِفَّةِ الْاُخْرٰى كَانَتْ اَرْجَحَ مِنْهُمَا، وَلَوْ اَنَّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ وَمَا فِيْهِمَا كَانَتْ حَلْقَةً فَوُضِعَتْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَلَيْهِمَا

لَقَصَمَتْهُمَا، وَآمُرُكُمَا بِسُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ فَاِنَّهُمَا صَلٰوةُ كُلِّ شَيْءٍ وَّبِهَا يُرْزَقُ كُلُّ شَيْءٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَا لِلصَّقْعَبِ بْنِ زُهَيْرٍ فَاِنَّهٗ ثِقَةٌ قَلِيْلُ الْحَدِيْثِ، سَمِعْتُ اَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِيْ حَاتِمٍ، يَقُوْلُ: سَاَلْتُ اَبَا زُرْعَةَ، عَنِ الصَّقْعَبِ بْنِ زُهَيْرٍ، فَقَالَ: ثِقَةٌ، وَهُوَ اَخُو الْعَلَاءِ بْنِ زُهَيْرٍ، وَهٰذَا مِنَ الْجِنْسِ الَّذِيْ، يَقُوْلُ: اِنَّ الثِّقَةَ اِذَا وَصَلَهٗ لَمْ يَضُرَّهٗ اِرْسَالُ غَيْرِهٖ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک اعرابی ریشمی جبے میں ملبوس نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا، کہنے لگا: تمہارا یہ ساتھی چرواہوں اور نادار لوگوں کو عزت دیتا ہے اور امیر وکبیر لوگوں کو کوئی مقام نہیں دیتا۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم جلالی کیفیت میں کھڑے ہوئے اور اس کا کپڑا پکڑ کر کھینچا اور فرمایا: میں تیرے بدن پر سمجھدار اور سنجیدہ لوگوں کا لباس نہیں دیکھ رہا ہوں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واپس ہٹ کر بیٹھ گئے پھر یوں ارشاد فرمایا: جب نُوح علیہ السلام کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے اپنے بیٹوں کو اپنے پاس بلا کر کہا: میں تمہیں ایک وصیت کر رہا ہوں (اس پر عمل کرنا) دو چیزوں کا حکم دیتا ہوں اور دو چیزوں سے منع کرتا ہوں۔ شرک اور تکبر سے بچ کر رہنا اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اقرار کرنا کیونکہ تمام آسمان اور زمینیں اور جو کچھ ان میں ہے سب کچھ میزان کے ایک

پلڑے میں رکھا جائے اور دوسرے پلڑے میں لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رکھ دیا جائے تو لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ والا پلڑا بھاری ہوگا اور اگر زمین اور آسمانوں کا ایک دائرہ بنا کر اس کے اوپر لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کو رکھا جائے (تو لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے وزن سے زمین و آسمان) دونوں کا دائرہ ٹوٹ جائے اور میں تمہیں سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھنے کا حکم دیتا ہوں کیونکہ یہ ہر چیز کا درود ہے اور اسی کے ذریعے ہر چیز کو رزق ملتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے (اس کے ایک راوی) صقعب ابن زهیر کی وجہ سے نقل نہیں کیا کیونکہ صقعب بن زہیر اگرچہ ثقہ راوی ہیں لیکن ان کی روایت کردہ احادیث کی تعداد بہت کم ہے۔امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ابوزرعہ نے صقعب بن زہیر کے متعلق فرمایا ہے کہ وہ ثقہ ہیں اور یہ علاء بن زہیر کے بھائی ہیں اور قانون یہ ہے کہ جب کسی حدیث کو ثقہ راوی وصل کر دے تو پھر غیر ثقہ کا اس میں ارسال کوئی نقصان نہیں دیتا۔

155 - فَقَدْ اَخْبَرَنِیْ عَلِیُّ بْنُ عِیسَی الْحِیرِیُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ ابْنِ عَجْلانَ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَاَیْتُ رَجُلا اَعْطَی لِرَاعِی الْغَنَمِ مِنْ مُحَمَّدٍ، ثُمَّ ذَکَرَهُ بِنَحْوٍ مِنْهُ

❖❖ حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں'ایک شخص نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ میں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کسی شخص کو ایسا نہیں دیکھا جو چرواہوں (اور ناداروں) کو عطا کرتا ہو پھر اس کے بعد سابقہ حدیث کی طرح مکمل حدیث ذکر کی۔

156 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَاصِمٍ الرَّازِیُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَیْرٍ، وَیَحْیَی بْنُ اَیُّوبَ، وَاَبُو مُوسَی الْاَنْصَارِیُّ، وَمَنْصُورُ بْنُ اَبِیْ مُزَاحِمٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا اَبُو بَکْرِ بْنُ عَیَّاشٍ، وَاَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَی، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَیُّوبَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الطَّیَالِسِیِّ، حَدَّثَنَا اَبُو بَکْرِ بْنُ عَیَّاشٍ، وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عِیسَی، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ، وَاِسْمَاعِیلُ بْنُ سَالِمٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُو بَکْرٍ، عَنْ اَبِیْ حَصِینٍ، وَفِیْ حَدِیثِ اِسْمَاعِیلَ بْنِ سَالِمٍ، حَدَّثَنَا اَبُو حَصِینٍ، عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ، قَالَ: کُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ زِیَادٍ فَاُتِیَ بِرُؤُوسِ الْخَوَارِجِ کُلَّمَا جَآءَ رَاْسٌ، قُلْتُ: اِلَی النَّارِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیدَ الْاَنْصَارِیُّ: اَوَلَا تَعْلَمُ یَا ابْنَ اَخِیْ اَنِّیْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ: اِنَّ عَذَابَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ جُعِلَ فِیْ دُنْیَاهَا

هٰذَا حَدِیثٌ صَحِیحٌ عَلَی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَا اَعْلَمُ لَهٗ عِلَّةً وَّلَمْ یُخَرِّجَاهُ وَلَهٗ شَاهِدٌ صَحِیحٌ

❖❖ حضرت ابوبردہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں'میں عبیداللہ بن زیاد کے پاس بیٹھا ہوا تھا،ان کے پاس خوارج کے "سر" لائے گئے ،جب بھی کوئی سر پیش کیا جاتا تو میں کہتا: یہ جہنمی ہے۔اس پر حضرت عبداللہ بن یزید انصاری رضی اللہ عنہ نے کہا: اے میرے بھتیجے! کیا تجھے معلوم نہیں ہے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے "اس امت کا عذاب اسی دنیا میں ہے"

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اور

اس حدیث میں مجھے کوئی علت بھی نہیں مل سکی البتہ اس کی ایک صحیح شاہد حدیث موجود ہے (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

157- حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَالْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ النَّخَعِيِّ، وَكَانَ ثِقَةً، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ النَّخَعِيِّ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ يَزِيدَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: عَذَابُ أُمَّتِي فِي دُنْيَاهَا

✧✧ حضرت عبداللہ بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کا عذاب دنیا میں ہی ہے۔

158- حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا أَبُو قِلَابَةَ الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا أَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ أَبِي صَغِيرَةَ، عَنْ أَبِي بَلْجٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مُوسَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: ذُكِرَ الطَّاعُونُ عِنْدَ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ، فَقَالَ أَبُو مُوسَى: سَأَلْنَا عَنْهُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِخْوَانِكُمْ، أَوْ قَالَ: أَعْدَاؤُكُمْ مِنَ الْجِنِّ وَهُوَ لَكُمْ شَهَادَةٌ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَهٰكَذَا رَوَاهُ أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي بَلْجٍ

✧✧ حضرت ابوبکر بن ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے ہاں طاعون کا ذکر چلا تو ابوموسیٰ نے کہا: ہم نے اس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے بھائی یا (شاید یہ) فرمایا: تمہارے دشمن جنات میں سے ہیں اور وہ (طاعون) تمہارے لئے شہادت ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور اسی طرح ابوعوانہ نے بھی ابوبلج کے حوالے سے یہ حدیث روایت کی ہے۔ (حدیث درج ذیل ہے)

159- أَخْبَرَنِيهِ أَبُو الطَّاهِرِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدِّهْقَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ رَجَاءِ بْنِ السِّنْدِيِّ، حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَتَّابٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بَلْجٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مُوسَى عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

✣✣ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن قیس کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

160- أَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، أَنْبَأَنَا أَبُو الْمُثَنَّى مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوبَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ،

حديث 157:

اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي' دارعمار' بيروت' لبنان/عمان' 1405ه 1985ء' رقم الحديث: 893

عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ فَقَدْ عَصَی اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ لِوَهْمٍ وَّقَعَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ لِسُوْءِ حِفْظِهٖ فِیْهِ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو نرد سے کھیلا، اس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا، کیونکہ عبداللہ بن سعید بن ابی ہند کو حافظہ کی کمزوری کی وجہ سے وہم پیدا ہوا۔

161۔ اَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ، یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ رَّجُلٍ، عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ لَعِبَ بِالْکِعَابِ، اَوْ قَالَ: بِالْکَعَبَاتِ فَقَدْ عَصَی اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَهٰذَا مِمَّا لَا یُوْهِنُ حَدِیْثَ نَافِعٍ وَّلَا یُعَلِّلُهٗ فَقَدْ تَابَعَ یَزِیْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ نَافِعًا عَلٰی رِوَایَةِ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو جوا کھیلے وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا نافرمان ہے۔

❖ یہ ایسی حدیث ہے جو نافع کی حدیث کو نہ تو کمزور کرسکتی ہے اور نہ ہی معلل۔ جبکہ سعید بن ابو ہند کی روایت پر یزید بن عبداللہ نے نافع کی متابعت کی ہے۔ (حدیث درج ذیل ہے)

حدیث: 160

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4938 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3762 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) رقم الحدیث: 1718 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 19539 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 19569 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 19595 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرسالة بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 5872 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 7290 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 510 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 1269 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 1272 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 547

حدیث: 161

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 19519 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 548

162- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ، عَنْ اَبِىْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذُكِرَ عِنْدَهُ النَّرْدُ فَقَالَ: عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ مَنْ ضَرَبَ بِكِعَابِهَا يَلْعَبُ بِهَا

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا آپ کے سامنے چوسر کھیلنے کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا: اُس شخص نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی' اُس شخص نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی جس نے یہ کھیل کھیلا۔

163- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، قَالَا: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ الْعَطَّارُ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ السَّكْسَكِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ اَوْفٰى، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ خِيَارَ عِبَادِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُرَاعُوْنَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ وَالْاَظِلَّةَ لِذِكْرِ اللّٰهِ، قَالَ بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى: وَلَمْ يَكُنْ هٰذَا الْحَدِيْثُ عِنْدَ الْحُمَيْدِيِّ فِىْ مُسْنَدِهِ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ، وَعَبْدُ الْجَبَّارِ الْعَطَّارُ ثِقَةٌ وَّقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ وَّالْبُخَارِيُّ بِاِبْرَاهِيْمَ السَّكْسَكِيِّ وَاِذَا صَحَّ مِثْلُ هٰذِهِ الْاِسْتِقَامَةِ لَمْ يَضُرَّهُ تَوْهِيْنُ مَنْ اَفْسَدَ اِسْنَادَهُ

✧✧ حضرت ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں میں سب سے بہتر وہ ہیں جو سورج، چاند، تاروں اور بادلوں پر صرف اللہ کی یاد کے لئے دھیان دیتے ہیں۔

✤✤ بشر بن موسیٰ نے کہا: یہ حدیث حمیدی کی مسند میں نہیں ہے، یہ اسناد صحیح ہے اور عبدالجبار عطار ثقہ راوی ہیں، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ اور بخاری نے ابراہیم سکسکی کی روایات نقل کی ہیں، جب سند اس درجہ پختہ ہے تو کسی شخص کے اس سند کو کمزور کرنے سے کوئی نقصان نہیں ہوسکتا۔

164- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ السِّيَارِيُّ بِمَرْوٍ وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ اَنْبَاَ عَبْدَانُ اَنْبَاَ عَبْدُاللّٰهِ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ السَّكْسَكِيِّ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَصْحَابُنَا عَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ اَنَّهُ قَالَ اِنَّ اَحَبَّ عِبَادِ اللّٰهِ اِلَى اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُحَبِّبُوْنَ اللّٰهَ اِلَى النَّاسِ وَالَّذِيْنَ يُرَاعُوْنَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ هٰذَا لَا يُفْسِدُ الْاَوَّلَ وَلَا يُعَلِّلُهُ فَاِنَّ بْنَ عُيَيْنَةَ حَافِظٌ ثِقَةٌ وَكَذَالِكَ بْنُ الْمُبَارَكِ اِلَّا اَنَّهُ اَتٰى بِاَسَانِيْدَ اُخَرَ كَمَعْنَى الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ

✧✧ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' اللہ کو سب سے زیادہ پسند وہ لوگ ہیں جو اللہ کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈالتے ہیں اور شمس و قمر میں غور کرتے ہیں۔

✤✤ یہ حدیث گزشتہ حدیث کو نہ تو نقصان دے رہی ہے اور نہ معلل کر رہی ہے کیونکہ ابن عیینہ حافظ ہیں، ثقہ ہیں۔ اسی طرح ابن مبارک بھی۔ تاہم ان کی روایات کی سندیں مختلف ہیں جبکہ مفہوم پہلی حدیث کی طرح ہے۔

165- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ

الْفَقِيهُ، وَأَبُو الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، وَحَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوبَ، قَالُوا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: جَآءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَوْصِنِي، قَالَ: تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا، وَتُقِيمُ الصَّلٰوةَ، وَتُؤْتِي الزَّكٰوةَ، وَتَصُومُ شَهْرَ رَمَضَانَ، وَتَحُجُّ الْبَيْتَ وَتَعْتَمِرُ، وَتَسْمَعُ وَتُطِيعُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَإِنَّ رُوَاتَهُ عَنْ اٰخِرِهِمْ ثِقَاتٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ تَوَقِّيًا لِمَا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی: (یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) مجھے وصیت فرمائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صرف اللہ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ، نماز قائم کرو، زکوٰۃ دو، ماہ رمضان کے روزے رکھو، بیت اللہ کا حج کرو، عمرہ کرو (احکام شرع) توجہ سے سن کر ان پر عمل کیا کرو۔

✤ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا، حالانکہ اس کی سند میں موجود تمام راوی ثقہ ہیں۔

166- سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ عِيسٰى يَقُولُ سَمِعْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ يَقُولُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيهِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلٰى عُمَرَ فَسَأَلَهُ عَنِ الدِّينِ فَقَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلِّمْنِي الدِّينَ قَالَ تَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُولُ اللّٰهِ وَتُقِيمُ الصَّلَاةَ وَتُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَتَصُومُ رَمَضَانَ وَتَحُجَّ الْبَيْتَ وَعَلَيْكَ بِالْعَلَانِيَةِ وَإِيَّاكَ وَالسِّرِ وَإِيَّاكَ وَكُلِّ شَيْءٍ تَسْتَحْيِي مِنْهُ قَالَ فَإِذَا لَقِيتُ اللّٰهَ قُلْتُ أَمَرَنِي بِهٰذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ خُذْ بِهٰذَا فَإِذَا لَقِيتَ اللّٰهَ تَعَالٰى فَقُلْ مَا بَدَا لَكَ قَالَ الْقَبَانِي قُلْتُ لِمُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى أَيُّهُمَا الْمَحْفُوظُ حَدِيثُ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُمَرَ أَوْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ لِمُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى حَدِيثُ الْحَسَنِ أَشْبَهُ قَالَ الْحَاكِمُ فَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى تَوَرَّعَ عَنِ الْجَوَابِ حَذَرًا لِّمُخَالَفَةِ قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْ مَا يُرِيبُكَ إِلٰى مَا لَا يُرِيبُكَ وَلَوْ تَأَمَّلَ الْحَدِيثَيْنِ لَظَهَرَ لَهُ أَنَّ الْأَلْفَاظَ مُخْتَلِفَةٌ وَهُمَا حَدِيثَانِ مُسْنَدَانِ وَحِكَايَةٌ وَلَا يُحْفَظُ لِعُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ غَيْرَ حَدِيثِ الْإِمَارَةِ وَقَدْ تَفَرَّدَ بِهِ الدَّرَاوَرْدِيُّ وَسَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِي ثِقَةٌ مَأْمُونٌ وَقَدْ رَوَاهُ عَنْهُ غَيْرُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ عَلٰى أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ الصَّبَّاحِ أَيْضًا ثِقَةٌ مَأْمُونٌ

✧✧ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک دیہاتی شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، اس نے آپ سے دین کے متعلق کچھ سوالات کئے، کہنے لگا: اے امیر المومنین! مجھے دین سکھایئے، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اور (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔ نماز قائم رکھ، زکوٰۃ ادا کر، ماہ رمضان کے روزے رکھ، بیت اللہ شریف کا حج کر، جو کام اعلانیہ کرنے میں عار محسوس نہ کرے ان پر عمل پیرا رہ، اور جن کاموں کو (لوگوں میں شرم کی وجہ سے) چھپ

کر کرنے کا ارادہ ہو، ان کو چھوڑ دو اور جس کام کے کرنے میں شرمندگی محسوس کرے اس سے بھی دور رہ (جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ دین کی یہ باتیں اسے سمجھا چکے تو) اس نے کہا: جب میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش ہوں گا تو کہہ دوں گا کہ "مجھے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ سب کچھ سکھایا تھا" آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کے بندے! اس پر عمل کر اور کل جب اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے تو جو کچھ تجھے سمجھ میں آئے، وہ بول دینا۔

✤✤ قبانی کہتے ہیں: میں نے محمد بن یحییٰ سے پوچھا کہ دونوں حدیثوں میں سے "محفوظ" کون سی حدیث ہے؟ یونس کی حدیث جوانہوں نے حسن کے ذریعے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کی ہے یا نافع کی حدیث جوانہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے روایت کی ہے؟ تو محمد بن یحییٰ نے جواب دیا: حسن کی حدیث "اشبہ" ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ محمد بن یحییٰ سے راضی رہے، انہوں نے جواب دینے سے اس لئے پہلوتہی کی، کہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان "جو بات تمہیں شک میں ڈالے اسے چھوڑ دو اور جس پر پختہ یقین ہو اس کو اپنا لو" کی مخالفت نہ ہو جائے۔ اگر (محمد بن یحییٰ) دونوں حدیثوں میں کچھ غور و فکر کر لیتے تو یہ بات ان پر بھی آشکار ہو جاتی کہ صرف الفاظ مختلف ہیں جبکہ دونوں حدیثیں "مسند" ہیں اور "حکایت" ہے اور عبید اللہ کی یونس بن عبید کے حوالے سے صرف "حدیث امارۃ" ہی ہے اور اس میں دراوردی متفرد ہیں۔ سعید بن عبد الرحمٰن الجمحی ثقہ ہیں "مامون" ہیں اور ان سے محمد بن صباح کے علاوہ بھی کئی محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے روایات نقل کی ہیں، مزید برآں یہ کہ محمد بن الصباح خود بھی ثقہ ہیں، مامون ہیں۔

167۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَحِيْمٍ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ اَبِي عُرْوَةَ الْغِفَارِيِّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: لَا وَاَبِي، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ، مَنْ حَلَفَ بِشَيْءٍ دُوْنَ اللّٰهِ فَقَدْ اَشْرَكَ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (ایک مرتبہ یوں قسم کھائی) لَا وَاَبِي (مجھے میرے باپ کی قسم ہے) اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے آباء کی قسمیں مت کھایا کرو، جس نے اللہ کے سوا کسی اور کی قسم کھائی، اس نے شرک کیا۔

168۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيْهِ، وَالْاَعْمَشِ، وَمَنْصُوْرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ عُمَرُ يَحْلِفُ وَاَبِي فَنَهَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ حَلَفَ بِشَيْءٍ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ اَشْرَكَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ: فَهُوَ شِرْكٌ

✧✧ اس مذکورہ سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث مروی ہے البتہ اس میں الفاظ ذرا مختلف ہیں۔

169۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ الْمُغِيْرَةِ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ

حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ كَفَرَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَإِنَّمَا أَوْدَعْتُهُ كِتَابَ الْإِيمَانِ لِلَفْظِ الشِّرْكِ فِيهِ، وَفِي حَدِيثِ مُصْعَبِ بْنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ فَقَدْ كَفَرَ فَأَمَّا الشَّيْخَانِ فَإِنَّمَا أَخْرَجَاهُ مِنْ حَدِيثِ سَالِمٍ، وَنَافِعٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعُمَرَ: إِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ فَقَطْ، وَهٰذَا غَيْرُ ذَاكَ

✧✧ اس سند کے ساتھ بھی مذکورہ حدیث مروی ہے تاہم اس میں ''شرک'' کی بجائے ''کفر'' کے الفاظ ہیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔لیکن انہوں نے ان الفاظ کے ساتھ اسے نقل نہیں کیا ہے اور کیونکہ اس میں شرک کے الفاظ موجود ہیں اس لئے میں نے یہ حدیث ''کتاب الایمان'' میں ذکر کی ہے اور یہی حدیث مصعب بن المقدام سے بھی منقول ہے البتہ اس میں ''فقد کفر'' کے الفاظ ہیں جبکہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو سالم، نافع اور عبداللہ بن دینار کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے آباء کی قسمیں کھانے سے منع کرتا ہے (شیخین رحمۃ اللہ علیہما کی روایت صرف یہیں تک ہے اس میں شرک اور کفر کے الفاظ نہیں ہیں) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس حدیث میں اور گزشتہ حدیث میں فرق ہے۔

170 ـ أَخْبَرَنِي أَبُو الْحَسَنِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعِيُّ وَالْحَيَاءُ: شُعْبَتَانِ مِنَ الْإِيمَانِ، وَالْبَذَاءُ وَالْجَفَاءُ: شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ وَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عجز اور حیاء ایمان کی شاخیں ہیں جبکہ بے حیائی اور ظلم نفاق کی شاخیں ہیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اور اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی ہے جو کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار پر ''صحیح'' ہے۔

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

171 ـ حَدَّثَنَاهُ أَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ الْفَقِيهُ بِالطَّابَرَانِ، وَأَبُو نَصْرٍ أَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيهُ بِبُخَارَى، قَالَا: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيبٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَيَاءُ مِنَ الْإِيمَانِ، وَالْإِيمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ، وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ وَلَهُ شَاهِدٌ ثَانٍ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیاء ایمان کا حصہ ہے اور ایمان جنت میں جانے کا باعث ہے اور بے حیائی ظلم ہے اور ظلم جہنم میں جانے کا سبب ہے۔

✣✣ اس حدیث کی ایک اور حدیث بھی شاہد ہے (جو کہ درج ذیل ہے) اور یہ شاہد امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ہے۔

172- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُوسٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ، وَالْاِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ، وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ

✧✧ مذکورہ سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

173- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، وَاَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ اَكْمَلِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَاَلْطَفُهُمْ بِاَهْلِهٖ رُوَاةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اٰخِرِهِمْ ثِقَاتٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ شخص کامل الایمان لوگوں میں سے ہے جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں اور جو اپنے اہل وعیال پر سب سے زیادہ مہربان ہو۔

✣✣ اس حدیث کے از اول تا آخر تمام راوی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ثقہ ہیں لیکن اس کے باوجود انہوں نے یہ حدیث ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کی۔

174- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

حدیث 171:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2009 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 10519 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت ' لبنان' 1414ھ / 1993ء' رقم الحديث: 08 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت ' لبنان' 1414ھ / 1993ء' رقم الحديث: 609 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت ' لبنان' 1414ھ / 1993ء' رقم الحديث: 5704 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ / 1990ء' رقم الحديث: 172 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامی' دارعمار' بيروت' لبنان / عمان' 1405ھ 1985ء' رقم الحديث: 1091 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه' بيروت' لبنان' 1409ھ / 1989ء' رقم الحديث: 1314 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ / 1990ء' رقم الحديث: 2874

بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحَكَمِ السُّلَمِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَتْ قُرَيْشٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْعُ رَبَّكَ اَنْ يَّجْعَلَ لَنَا الصَّفَا ذَهَبًا وَنُؤْمِنُ بِكَ، قَالَ: اَتَفْعَلُوْنَ ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، فَدَعَا، فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يَقْرَاُ عَلَيْكَ السَّلَامَ، وَيَقُوْلُ: اِنْ شِئْتَ اَصْبَحَ الصَّفَا ذَهَبًا فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ عَذَّبْتُهُ عَذَابًا لَا اُعَذِّبُهُ اَحَدًا مِّنَ الْعَالَمِيْنَ، وَاِنْ شِئْتَ فَتَحْتُ لَهُمْ اَبْوَابَ التَّوْبَةِ وَالرَّحْمَةِ، قَالَ: بَلْ بَابَ التَّوْبَةِ وَالرَّحْمَةِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: قریش نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مطالبہ کیا کہ اگر وہ ہمارے لئے کوہ صفا کو سونا بنا دیں تو ہم ان پر ایمان لے آئیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: کیا تم واقعی ایمان لے آؤ گے؟ وہ کہنے لگے: جی ہاں۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (کوہ صفا کے سونا بننے کی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں) دعا کی، اس پر جبریل امین علیہ السلام تشریف لے آئے اور آکر عرض کیا: اللہ تعالیٰ آپ کو سلام فرماتا ہے اور کہتا ہے: اگر آپ چاہیں تو کوہ صفا سونا بن جائے گا (لیکن یہ لوگ اتنی بات یاد رکھیں کہ) پھر اس کے بعد اگر کسی نے آپ کا انکار کیا تو ان کو اتنا سخت عذاب دوں گا کہ کائنات میں کبھی کسی کو ایسا عذاب نہ دیا ہوگا اور اگر آپ چاہیں تو میں ان کیلئے توبہ اور رحمت کے دروازے کھول دیتا ہوں۔ اس پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی: (ان کا مطالبہ پورا کرتے ہوئے، ایمان کا موقع دے کر، ان کے گرفتارِ ہلاکت ہونے کی بجائے) توبہ اور رحمت کے دروازے کھلے رہیں۔

175 ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، فَذَكَرَهُ بِاِسْنَادِهِ وَنَحْوِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مَّحْفُوْظٌ مِّنْ حَدِيْثِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ وَّعِمْرَانَ بْنِ الْحَكَمِ السُّلَمِيِّ تَابِعِيٌّ كَبِيْرٌ مُّحْتَجٌّ بِهِ، وَاِنَّمَا اَهْمَلَا هٰذَا الْحَدِيْثَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ لِخِلَافٍ وَّقَعَ مِنْ يَحْيٰى بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ فِيْ اِسْنَادِهِ، وَيَحْيٰى كَثِيْرُ الْوَهْمِ عَلٰى اَبِيْهِ

✧✧ مذکورہ سند کے ساتھ بھی یہ روایت منقول ہے صرف چند الفاظ مختلف ہیں۔

✥✥ یہ حدیث صحیح ہے اور ثوری کی اس حدیث۔ سے محفوظ ہے جو انہوں نے سلمہ بن کہیل سے روایت کی ہے اور عمران بن الحکم السلمی کبیر تابعی ہیں، ان کی روایات کو محدثین رحمۃ اللہ علیہم نقل کرتے ہیں اور اس حدیث کو شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ترک کر دیا ہے۔ واللہ اعلم۔

حدیث: 174

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 2166 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 3223 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان 1411ه/1990ء رقم الحديث: 3225 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان 1411ه/1990ء رقم الحديث: 7601 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، 1408ه/1988ء رقم الحديث: 700 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ه/1983ء رقم الحديث: 12736

اس سند میں یحییٰ بن سلمہ بن کہیل سے اختلاف واقع ہوا ہے اور یحییٰ کو اپنے باپ سے روایت کرنے میں کثیر الوہم قرار دیا گیا ہے۔

176- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرَوَيْهِ الصَّفَّارُ بِبَغْدَادَ، وثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْاَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْجَعْدِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ قُرَيْشًا، قَالَتْ: يَا مُحَمَّدُ ادْعُ رَبَّكَ اَنْ يَّجْعَلَ الصَّفَا ذَهَبًا وَنُؤْمِنُ لَكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَفْعَلُوْنَ ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، فَاَتَى جِبْرِيلُ، فَقَالَ: اسْتَوْثِقْ، ثُمَّ اَتِيَ جِبْرِيلُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَعْطَاكَ مَا سَاَلْتَ اِنْ شِئْتَ اَصْبَحَ لَكَ الصَّفَا ذَهَبًا وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ عَذَّبْتُهُ عَذَابًا لَا اُعَذِّبُهُ اَحَدًا مِّنَ الْعَالَمِيْنَ، وَاِنْ شِئْتَ فَتَحْتُ لَهُمْ بَابَ التَّوْبَةِ وَالْاِنَابَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَابُ التَّوْبَةِ وَالرَّحْمَةِ اَحَبُّ اِلَيَّ هٰذَا الْوَهْمُ لَا يُوهِنُ حَدِيْثَ الثَّوْرِيِّ، فَاِنِّيْ لَا اَعْرِفُ عِمْرَانَ بْنَ الْجَعْدِ فِي التَّابِعِيْنَ، وَاِنَّمَا رَوٰى اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، فَاَمَّا عِمْرَانُ بْنُ الْجَعْدِ، فَاِنَّهُ مِنْ اَتْبَاعِ التَّابِعِيْنَ

✧✧ مذکورہ سند کے ساتھ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

✣✣ اور یحییٰ کا وہم ثوری کی حدیث کو کمزور نہیں کرتا کیونکہ میری معلومات کے مطابق عمران بن جعد کا شمار تابعین میں نہیں ہوتا کیونکہ اسماعیل بن خالد، جعد کے بھائی ''عمران'' سے روایت کرتے ہیں (جن کو عمران بن ابی جعد کہا جاتا ہے) اور جعد کے بھائی خود تبع تابعین میں سے ہیں (تو جب جعد کا بھائی تبع تابعین میں سے ہے تو ان کا بیٹا تابعین میں سے کیسے ہوسکتا ہے)

177- اَخْبَرَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ السِّجْزِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عُمَرَ، وَمَوْلَى الْمُطَّلِبِ عَنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَكَرِهَهَا حِيْنَ يَعْمَلُ وَعَمِلَ حَسَنَةً فَسُرَّ بِهَا فَهُوَ مُؤْمِنٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَقَدْ ذَكَرْتُ فِيْمَا تَقَدَّمَ مِنْ خُطْبَةِ عُمَرَ بِالْجَابِيَةِ وَاَنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَاهُ وَهٰذَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ اللَّفْظِ اَيْضًا

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص گناہ کرنے پر پریشان ہو اور نیکی کرنے پر خوشی محسوس کرے وہ ''مومن'' ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو ان لفظوں کے ہمراہ ذکر نہیں کیا۔میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خطبہ کے ضمن میں اسے ذکر کر دیا ہے اس کو بھی شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل نہیں کیا جبکہ اس حدیث کے اور اُس کے الفاظ بھی الگ الگ ہیں۔

178- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَلَّامٍ، حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَسَارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا

سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ اَبِیْ شَبِيْبٍ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُ كُنْتَ، وَاَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! کہیں بھی رہو، اللہ سے ڈرتے رہو (اور اگر کبھی گناہ کر بیٹھو تو) گناہ کے فوراً بعد کوئی نیکی کرو تو یہ نیکی اس گناہ کو مٹا دے گی اور لوگوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

179- حَدَّثَنَاهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِیُّ، حَدَّثَنَا جَدِّیْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِیْ حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ التُّجِيْبِیُّ، اَنَّ اَبَا السِّمْطِ سَعِيْدَ بْنَ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَهْدِیَّ، حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، اَرَادَ سَفَرًا، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَوْصِنِیْ، قَالَ: اعْبُدِ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكْ بِهٖ شَيْئًا، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زِدْنِیْ، قَالَ: اِذَا اَسَاْتَ فَاَحْسِنْ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زِدْنِیْ، قَالَ: اسْتَقِمْ وَلْتُحَسِّنْ خُلُقَكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ مِنْ رِوَايَةِ الْبَصْرِيِّيْنَ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ کہیں سفر کا ارادہ رکھتے تھے۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے کوئی وصیت فرمائیے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صرف اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ (حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے) عرض کی: یا رسول اللہ! مزید وصیت فرمائیے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی گناہ کر بیٹھو تو فوراً کوئی نیک عمل کرو، انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! مزید کوئی وصیت؟۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسی پر ثابت قدم رہو اور حسن اخلاق اپناؤ۔

✧✧ یہ حدیث صحیح ہے اس کی اسناد بصری ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا۔

180- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا

حدیث 178:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 1987 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 2791 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 21392 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 21441 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 21576

حدیث 179:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 524 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 7616 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 58 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 874

زَكَرِيَّا بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ، قَالَ: هُوَ اَنْ يَّاْتِيَ الرَّجُلُ الْفَاحِشَةَ ثُمَّ يَتُوْبُ مِنْهَا، قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اِنْ تَغْفِرْ تَغْفِرْ جَمًّا وَاَيُّ عَبْدٍ لَّكَ لَا اَلَمَّا ؟

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاِنَّمَا خَرَّجَا حَدِيْثَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قَالَ: لَمْ اَرَ شَيْئًا اَقْرَبَ بِاللَّمَمِ مِنَ الَّذِيْ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: كُتِبَ عَلَى ابْنِ اٰدَمَ حَظُّهُ مِنَ الزِّنَا، اَلْحَدِيْثَ، وَالَّذِيْ عِنْدِيْ اَنَّهُمَا تَرَكَا حَدِيْثَ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ لِلْحَدِيْثِ الَّذِيْ

✧✧ حضرت عطا رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے (اس آیت): اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ ''وہ جو بڑے گناہوں اور بے حیائیوں سے بچتے ہیں'' کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا: (اس آیت میں گناہوں سے اجتناب کا مطلب یہ ہے کہ) اگر کسی شخص سے گناہ سرزد ہو جائے تو وہ اس سے فوراً توبہ کر لے۔ پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ دعا مانگی ''اے اللہ! اگر تو چاہے تو بے شمار گناہوں کو معاف کر دے اور ایسا کوئی بندہ نہیں ہے جس کا تجھے خیال نہیں''

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ تاہم انہوں نے عبداللہ بن طاؤس سے ان کے والد کے ذریعے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ فرمان نقل کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے قول ''اللہ تعالیٰ نے انسان کی تقدیر میں اس کے زنا کا حصہ بھی لکھ دیا ہے الخ۔ سے زیادہ گناہ کے قریب کوئی چیز نہیں ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میرا یہ خیال ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے عمرو بن دینار کی حدیث مندرجہ ذیل حدیث کی وجہ سے چھوڑی ہے۔

181۔ حَدَّثَنَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ أَبِيْ إِيَاسٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ وَأَخْبَرَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ أَنْبَأَ مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ هٰذِهِ الْآيَةِ إِلَّا اللَّمَمَ قَالَ الَّذِيْ يُلِمُّ بِالذَّنْبِ ثُمَّ يَدَعُهُ أَلَمْ تَسْمَعْ قَوْلَ الشَّاعِرِ إِنْ تَغْفِرِ اللّٰهُمَّ تَغْفِرْ جَمًّا وَأَيُّ عَبْدٍ لَكَ لَا أَلَمَّا وَهٰذَا التَّوْقِيْفُ لَا يُوْهِنُ السَّنَدَ الْأَوَّلَ فَإِنَّ زَكَرِيَّا بْنَ إِسْحَاقَ حَافِظٌ ثِقَةٌ وَقَدْ حَدَّثَ بِهِ رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ زَكَرِيَّا وَقَدْ ذَكَرْتُ فِيْ شَرَائِطِ هٰذَا الْكِتَابِ إِخْرَاجَ التَّفَاسِيْرِ عَنِ الصَّحَابَةِ.

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت ''اِلَّا اللَّمَمَ'' کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا: اس کا مطلب یہ ہے کہ آدمی کسی گناہ میں مبتلا ہوا پھر اس کو چھوڑ دے۔ کسی شاعر نے خوب کہا ہے

اے اللہ! اگر تو بخشنے پر آئے تو بے شمار گناہوں کو بخش دے اور اے اللہ! وہ تیرا کون سا بندہ ہے جس کا تجھے خیال نہیں۔

✣✣ یہ سند اگرچہ موقوف ہے لیکن اس کی توقیف گزشتہ حدیث کی سند پر کسی طور پر اثر انداز نہیں ہوتی کیونکہ اس سند میں

''زکریا بن اسحاق'' حافظ ثقہ ہیں۔ یہ حدیث روح بن عبادہ نے زکریا کے حوالے سے روایت کی ہے اور میں نے اس کتاب کی شرائط میں ذکر کر دیا ہے کہ آیات قرآنیہ کی تفسیر کے سلسلے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا قول معتبر ہوگا۔

182۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُلُّ اُمَّتِي يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ اَبَى، قَالُوْا: وَمَنْ يَّاْبَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مَنْ عَصَانِي فَقَدْ اَبَى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ اِسْنَادٌ اٰخَرُ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرا ہر امتی جنت میں جائے گا سوائے اس شخص کے جس نے انکار کیا (صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے) عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (جنت کا) انکار کون کرے گا؟ فرمایا: جس نے میری نافرمانی کی اس نے جنت کا انکار کیا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اس حدیث کی ایک اور سند بھی ہے جو کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک ہی پہنچتی ہے۔وہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر ہے۔

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

183۔ اَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتَدْخُلُنَّ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ اَبَى وَشَرَدَ عَلَى اللّٰهِ كَشِرَادِ الْبَعِيرِ وَلَهُ شَاهِدٌ اَيْضًا، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لازمی جنت میں جاؤ گے، سوائے اس شخص کے جو منکر ہو اور بدکے ہوئے اونٹ کی طرح اللہ تعالیٰ سے بدک جائے۔

✣✣ اس کی ایک شاہد حدیث ابوامامہ باہلی سے بھی منقول ہے۔

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

184۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ، قَالَ: مَرَّ اَبُو اُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ، عَلَى خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ فَسَاَلَهُ عَنْ اَلْيَنِ كَلِمَةٍ سَمِعَهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: كُلُّكُمْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ شَرَدَ عَلَى اللّٰهِ شِرَادَ الْبَعِيرِ عَلٰى اَهْلِهِ

حدیث: 182

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 8713

✧✧ ابوخالد کہتے ہیں: ایک مرتبہ ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ خالد بن یزید بن معاویہ کے پاس گئے تو ان سے کہا: مجھے کوئی لطیف بات بتائیے جو آپ نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو، انہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تم میں سے ہر شخص جنت میں جائے گا سوائے اس شخص کے جو اللہ کی بارگاہ سے ایسے بدک جائے جیسے اونٹ اپنے مالک سے بدکتا ہے۔

185۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْفَضْلِ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيْفَةَ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِيْنَ، وَخِلاسٌ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِلّٰهِ مِئَةَ رَحْمَةٍ قَسَمَ مِنْهَا رَحْمَةً بَيْنَ اَهْلِ الدُّنْيَا فَوَسِعَتْهُمْ اِلٰى اٰجَالِهِمْ، وَاَخَّرَ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ لِاَوْلِيَائِهِ، وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَابِضٌ تِلْكَ الرَّحْمَةَ الَّتِيْ قَسَمَهَا بَيْنَ اَهْلِ الدُّنْيَا اِلٰى تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ فَكَمَّلَهَا مِئَةَ رَحْمَةٍ لِاَوْلِيَائِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا فِيْهِ عَلٰى حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَسُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ مُخْتَصَرًا، ثُمَّ اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ، مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَكْمَلَ مِنَ الْحَدِيْثَيْنِ وَلَهُ شَاهِدٌ عَلٰى نَسَقِ حَدِيْثِ عَوْفٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی رحمت کے ۱۰۰ حصے ہیں، ان میں سے صرف ایک حصہ اہل دنیا کے لئے ہے، قیامت تک اسی حصۂ رحمت سے اہل دنیا پر رحم ہوتا رہے گا اور بقیہ ۹۹ حصے اللہ تعالیٰ نے اپنے دوستوں کے لئے رکھے ہوئے ہیں۔ پھر یہ ایک حصہ بھی اللہ تعالیٰ ان ننانوے حصوں کے ساتھ ملا کر سو پورے کر لے گا پھر یہ سو حصے قیامت کے دن اپنے دوستوں کو عطا کرے گا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان الفاظ کے ہمراہ اس حدیث کو نقل نہیں کیا ہے تاہم امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے زہری کی وہ حدیث روایت کی ہے جس کی سند حمید بن عبدالرحمٰن کے ذریعے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور سلیمان التیمی کی وہ حدیث بھی روایت کی ہے جس کی سند ابوعثمان سے ہوتی ہوئی سلمان تک پہنچتی ہے پھر اس کو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالملک بن سلیمان کے حوالے سے بھی نقل کیا ہے، جس کی سند عطاء بن ابی اباح کے ذریعے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور یہ حدیث گزشتہ دونوں حدیثوں سے زیادہ جامع ہے۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث عوف کی طرز پر بھی موجود ہے۔

(جو کہ درج ذیل ہے)

186۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَبِيْ زَيْنَبَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عُثْمَانَ النَّهْدِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ مِئَةَ رَحْمَةٍ كُلُّ رَحْمَةٍ طِبَاقُهَا

طِبَاقُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، فَقَسَمَ رَحْمَةً بَيْنَ جَمِيعِ الْخَلَائِقِ وَاَخَّرَ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ رَحْمَةً لِنَفْسِهِ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ رَدَّ هٰذِهِ الرَّحْمَةَ فَصَارَ مِئَةَ رَحْمَةٍ يَّرْحَمُ بِهَا عِبَادَهُ وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ مُفَسَّرٌ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس دن اللہ تعالیٰ نے زمین اور آسمان پیدا کئے، اس دن رحمت کے سو حصے پیدا فرمائے۔ ہر حصہ رحمت کی وسعت زمین و آسمان کے برابر ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ایک رحمت مخلوقات میں تقسیم کردی اور ننانوے رحمتیں اپنے پاس رکھیں، قیامت کے دن یہ ایک رحمت بھی ننانوے رحمتوں کے ساتھ ملا کر سو پوری کرے گا پھر یہ پوری ۱۰۰ رحمتیں اپنے خاص بندوں کو عطا فرمائے گا۔

✤ اس کی ایک اور شاہد حدیث بھی ہے جو کہ جندب بن عبداللہ سے منقول ہے۔

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا ہے اور جہاں تک میرا خیال ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اس لئے ترک کیا ہے کہ حمید اپنے والد سے روایت کرنے میں متفرد ہیں۔

247۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَخْبَرَنِي نَافِعٌ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا الزُّبَيْرِ الْمَكِّيَّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَعْضِ اَهْلِهِ وَهُوَ وَجِعٌ بِهِ الْحُمّٰى، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمُّ مِلْدَمٍ، قَالَتِ امْرَاَةٌ: نَعَمْ، فَلَعَنَهَا اللّٰهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلْعَنِيْهَا فَاِنَّهَا تَغْسِلُ، اَوْ تُذْهِبُ ذُنُوبَ بَنِي اٰدَمَ كَمَا يُذْهِبُ الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَا اَعْرِفُ لَهٗ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک خاتون کے پاس تشریف لائے، اس وقت اس کو شدید بخار ہو رہا تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ام ملدم'' (یعنی بخار) ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ پھر وہ بخار کو لعنتیں دینے لگی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیماری کو لعنت مت کرو کیونکہ یہ انسان کے گناہ اس طرح مٹا دیتی ہے جیسے بھٹی، لوہے کے زنگ کو دور کر دیتی ہے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور مجھے اس میں کوئی علت بھی نہیں مل سکی۔

248۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، وَاَبُو الْحَسَنِ بْنُ اَبِي الْقَاسِمِ العدوى، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَخِلَاءُ

حدیث 247:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 10902

حدیث 248:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 3108 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 2013 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 2518

ثَلَاثَةٌ: فَاَمَّا خَلِيْلٌ فَيَقُوْلُ لَكَ: مَا اَعْطَيْتَ، وَمَا اَمْسَكْتَ فَلَيْسَ لَكَ فَذٰلِكَ مَالُكَ، وَاَمَّا خَلِيْلٌ، فَيَقُوْلُ: اَنَا مَعَكَ حَتّٰى تَاْتِيَ بَابَ الْمَلِكِ، ثُمَّ اَرْجِعُ وَاَتْرُكُكَ، فَذٰلِكَ اَهْلُكَ وَعَشِيْرَتُكَ يُشَيِّعُوْنَكَ حَتّٰى تَاْتِيَ قَبْرَكَ، ثُمَّ يَرْجِعُوْنَ فَيَتْرُكُوْنَكَ، وَاَمَّا خَلِيْلٌ، فَيَقُوْلُ: اَنَا مَعَكَ حَيْثُ دَخَلْتَ وَحَيْثُ خَرَجْتَ فَذٰلِكَ عَمَلُكَ، فَيَقُوْلُ: وَاللّٰهِ لَقَدْ كُنْتَ مِنْ اَهْوَنِ الثَّلَاثَةِ عَلَيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِالْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ وَلَا اَعْرِفُ لَهٗ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ عَلٰى هٰذِهِ السِّيَاقَةِ وَلَهٗ شَاهِدٌ قَدْ خَرَّجَاهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دوست تین ہیں۔ایک دوست تجھے کہتا ہے: میں نے جو کچھ تجھے دیا ہے اور جو اپنے پاس روک رکھا ہے، اس میں سے کچھ بھی تیرا نہیں ہے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ تیرا مال ہے۔دوسرا دوست کہتا ہے: ملک کے دروازے پر پہنچنے تک میں تیرے ساتھ ہوں پھر میں تجھے چھوڑ کر واپس آ جاؤں گا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ تیرے اہل وعیال اور تیرا خاندان ہے، جو تجھے قبر میں اتارنے تک تیرے ساتھ رہیں گے پھر تجھے اکیلا چھوڑ کر واپس چلے آئیں گے اور تیسرا دوست کہتا ہے: تو جہاں بھی رہے میں ہر قدم تیرے ساتھ ہوں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ تیرا عمل ہے۔پھر بندہ کہے گا: (اے میرے عمل) تو ان تینوں کی بہ نسبت میرے لئے زیادہ آسان تھا۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے حجاج بن حجاج کی روایات نقل کی ہیں۔مجھے اس حدیث میں کوئی علت نہیں مل سکی اور نہ ہی شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو اس انداز میں بیان کیا ہے۔

249– حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَتْبَعُ الْمُؤْمِنَ بَعْدَ مَوْتِهٖ ثَلَاثَةٌ: اَهْلُهٗ، وَمَالُهٗ، وَعَمَلُهٗ، فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقٰى وَاحِدٌ يَرْجِعُ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ، وَيَبْقٰى عَمَلُهٗ وَقَدْ تَابَعَ عِمْرَانُ الْقَطَّانُ الْحَجَّاجَ فَسَاقَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ

حدیث **249**:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دارابن کثیر یمامه بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 6149 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2960 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2379 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1937 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 12101 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 3107 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 2064 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه مکتبه المتنبی بیروت قاهره رقم الحدیث: 1183

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان کے مرنے کے بعد تین چیزیں اس کے پیچھے پیچھے آتی ہیں۔ اہل وعیال، مال اور عمل۔ ان میں سے ۲ (اہل وعیال اور مال) واپس چلے جاتے ہیں اور ''عمل'' انسان کے پاس رہ جاتا ہے۔

❖ حجاج سے عمران القطان نے بھی یہ حدیث روایت کی ہے (ان کی حدیث درج ذیل ہے)

250- حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ، اَنْبَانَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنْبَانَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ اِلَّا وَلَهُ ثَلَاثَةُ اَخِلَّاءَ، فَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ نَحْوَ حَدِيثِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی بھی انسان کے تین دوست ہوتے ہیں (اس کے بعد ابراہیم بن طہمان کی طرح پوری حدیث بیان کی ہے۔ اس حدیث کی ایک اور بھی شاہد حدیث موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے (وہ شاہد حدیث درج ذیل ہے)

251- اَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ وَمَثَلُ الْاَجَلِ مَثَلُ رَجُلٍ لَّهُ ثَلَاثَةُ اَخِلَّاءَ قَالَ لَهُ مَالُهُ: اَنَا مَالُكَ خُذْ مِنِّي مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ: اَنَا مَعَكَ اَحْمِلُكَ وَاَضَعُكَ فَاِذَا مِتَّ تَرَكْتُكَ، قَالَ: هٰذَا عَشِيرَتُهُ، وَقَالَ الثَّالِثُ: اَنَا مَعَكَ اَدْخُلُ مَعَكَ وَاَخْرُجُ مَعَكَ مِتَّ اَوْ حَيِيتَ، قَالَ: هٰذَا عَمَلُهُ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی اور اس کی موت کی مثال ایسے ہے جیسے کسی شخص کے تین دوست ہوں۔ اس کا مال اس سے کہے گا: تو جو چاہتا ہے لے لے اور جو چاہتا ہے چھوڑ دے۔ دوسرا دوست کہے گا: میں تیرے ساتھ ساتھ ہوں تیری خدمت کرتا رہوں گا لیکن جب تو مر جائے گا تو میں تجھے چھوڑ دوں گا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ اس کا خاندان ہے اور تیسرا کہے گا: تو زندہ رہے یا مر جائے، میں ہر لمحہ اور ہر قدم تیرے ساتھ ہوں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ اس کا عمل ہے۔

252- حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَعَلَّمْتُ لَهُ كِتَابَةَ الْيَهُودِ، وَقَالَ: اِنِّي وَاللّٰهِ مَا اٰمَنُ يَهُودَ

حدیث: 252

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3645 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2715 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 4857

عَلٰی کِتَابِیْ فَتَعَلَّمْتُهُ، فَلَمْ یَمُرَّ بِیْ نِصْفُ شَهْرٍ حَتّٰی حَذَقْتُهُ، قَالَ: اِنِّیْ کُنْتُ اَکْتُبُ لَهُ اِذَا کَتَبَ، وَاَقْرَاُ لَهُ اِذَا کُتِبَ اِلَیْهِ قَدِ اسْتَشْهَدَ جَمِیْعًا بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی الزِّنَادِ، وَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَّلَا اَعْرِفُ فِی الرُّخْصَةِ لِتَعَلُّمِ کِتَابَةِ اَهْلِ الْکِتَابِ غَیْرَ هٰذَا الْحَدِیْثِ

✧✧ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر یہودیوں کی تحریر سیکھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: ''مجھے اپنے خطوط کے حوالے سے یہودیوں پر اعتماد نہیں ہے'' اس لئے میں نے ان کی تحریر سیکھ لی۔ ابھی پندرہ دن بھی نہیں گزرے تھے کہ مجھے اس میں اچھی خاصی مہارت حاصل ہوگئی (حضرت زید) فرماتے ہیں: جب کچھ لکھوایا جاتا تو میں لکھ دیا کرتا تھا اور جب آپ کی طرف کوئی مکتوب آتا تو وہ بھی میں ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھ کر سنایا کرتا تھا۔

✤✤ یہ حدیث صحیح ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمٰن بن ابی زیاد کی روایات نقل کی ہیں۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میری نظر میں صرف یہی ایک حدیث ہے جس سے اہل کتاب کی تحریر سیکھنے کی رخصت ثابت ہوتی ہے۔

253۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْبَخْتَرِیِّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاکِرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنِی الْحُسَیْنُ الْمُعَلِّمُ، وَاَخْبَرَنَا وَاللَّفْظُ لَهُ، اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ، عَنْ حُسَیْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَیْدَةَ، قَالَ: ذُکِرَ لِیْ اَنَّ اَبَا سَبْرَةَ بْنَ سَلَمَةَ الْهُذَلِیَّ، سَمِعَ ابْنَ زِیَادٍ، یَسْاَلُ عَنِ الْحَوْضِ حَوْضِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا اُرَاهُ حَقًّا بَعْدَمَا سَاَلَ اَبَا بَرْزَةَ الْاَسْلَمِیَّ وَالْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ وَّعَائِذَ بْنَ عَمْرٍو، فَقَالَ: مَا اُصَدِّقُ هٰؤُلَاءِ، فَقَالَ اَبُوْ سَبْرَةَ: اَلَا اُحَدِّثُكَ بِحَدِیْثٍ شِفَاءٍ؟ بَعَثَنِیْ اَبُوْكَ بِمَالٍ اِلٰی مُعَاوِیَةَ فَلَقِیْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو فَحَدَّثَنِیْ بِفِیْهِ وَكَتَبْتُهُ بِقَلَمِیْ مَا سَمِعَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ اَزِدْ حَرْفًا وَلَمْ اَنْقُصْ، حَدَّثَنِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْفَاحِشَ وَلَا الْمُتَفَحِّشَ، وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَظْهَرَ الْفُحْشُ وَالتَّفَحُّشُ وَقَطِیْعَةُ الرَّحِمِ وَسُوْءُ الْمُجَاوَرَةِ، وَیُخَوَّنُ الْاَمِیْنُ وَیُؤْتَمَنُ الْخَائِنُ، وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ النَّحْلَةِ اَكَلَتْ طَیِّبًا وَوَضَعَتْ طَیِّبًا وَوَقَعَتْ طَیِّبًا، فَلَمْ تَفْسُدْ وَلَمْ تُكْسَرْ، وَمَثَلُ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ الْقِطْعَةِ الْجَیِّدَةِ مِنَ الذَّهَبِ نُفِخَ عَلَیْهَا فَخَرَجَتْ طَیِّبَةً وَّوُزِنَتْ فَلَمْ تَنْقُصْ، وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَوْعِدُكُمْ حَوْضِیْ عَرْضُهُ مِثْلُ طُوْلِهٖ، وَهُوَ اَبْعَدُ مِمَّا بَیْنَ اَیْلَةَ اِلٰی مَكَّةَ، وَذٰلِكَ مَسِیْرَةُ شَهْرٍ، فِیْهِ اَمْثَالُ الْكَوَاكِبِ اَبَارِیْقُ، مَاؤُهُ اَشَدُّ بَیَاضًا مِّنَ الْفِضَّةِ مَنْ وَرَدَهُ، وَشَرِبَ مِنْهُ لَمْ یَظْمَاْ بَعْدَهُ اَبَدًا، فَقَالَ ابْنُ زِیَادٍ: مَا حَدَّثَنِیْ اَحَدٌ بِحَدِیْثٍ مِثْلِ هٰذَا، اَشْهَدُ اَنَّ الْحَوْضَ حَقٌّ وَّاجِبٌ، وَاَخَذَ الصَّحِیْفَةَ الَّتِیْ جَاءَ بِهَا اَبُوْ سَبْرَةَ، وَفِیْ حَدِیْثِ اَبِیْ اُسَامَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَیْدَةَ، عَنْ اَبِیْ سَبْرَةَ

حدیث 253:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 6514

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ فَقَدِ اتَّفَقَ الشَّیْخَانِ عَلٰی الاحْتِجَاجِ بِجَمِیْعِ رُوَاتِهٖ غَیْرِ اَبِیْ سَبْرَةَ الْهُذَلِیِّ وَهُوَ تَابِعِیٌّ کَبِیْرٌ مُبَیَّنٌ ذِکْرُهُ فِی الْمَسَانِیْدِ وَالتَّوَارِیْخِ غَیْرُ مَطْعُوْنٍ فِیْهِ وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِیْثِ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِیْ بُرَیْدَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، مجھے ابوسبرہ بن سلمہ الھذلی نے بتایا کہ انہوں نے حوض سے متعلق ابن زیاد کا یہ موقف سنا ہے کہ ''حوض سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا حوض ہے''۔ ابوسبرہ نے کہا: میں اس کو حق نہیں سمجھتا کیونکہ ان سے پہلے یہی بات میں ابوبرزہ اسلمی، براء بن عازب اور عائذ سے پوچھ چکا ہوں۔ ابن زیاد نے کہا: انہوں نے سچ نہیں کہا۔ اس پر ابوسبرہ بولے: میں تمہیں حدیث شفا بیان کروں؟ مجھے تمہارے والد نے کچھ مال دے کر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا تو میری ملاقات عبداللہ بن عمرو سے ہوگئی انہوں نے خود مجھے یہ حدیث سنائی اور میں نے خود اپنے قلم سے لکھی (انہوں نے کہا) میں نے جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے بغیر کمی زیادتی کے حرف بہ حرف بیان کروں گا۔ پھر انہوں نے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا: اللہ تعالیٰ کسی بے حیاء، بدکار کو پسند نہیں کرتا، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، اس وقت تک قیامت نہیں آئے گی جب تک یہ علامات ظاہر نہ ہو جائیں۔ فحاشی اور بے حیائی عام ہوگی، رشتہ داری کا لحاظ ختم ہو جائے گا، پڑوسیوں کے آپس میں تعلقات ٹھیک نہیں ہوں گے، امانت داروں کو خائن سمجھا جائے گا اور خائن کو امانت دار سمجھا جائے گا۔ مومن کی مثال اس درخت کی سی ہے جس کا پھل بھی اچھا ہو، بیج بھی اچھا ہو اور اس کا تنا بھی اچھا ہو، اس کی حفاظت کی جاتی ہے اور توڑا نہیں جاتا اور مومن بندے کی مثال اس خالص سونے جیسی ہے جس میں پھونک ماریں تو اچھی ہوا آئے، اس کا وزن کریں تو کم نہ ہو۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن میرے ساتھ تمہاری ملاقات میرے حوض پر ہوگی، جس کی چوڑائی اور لمبائی برابر ہے اور یہ ایلہ سے لیکر مکہ تک کی درمیانی مسافت سے بھی زیادہ ہے۔ یہ کم وبیش ایک مہینے کی مسافت ہے اس کے پیالوں کی تعداد ستاروں سے زیادہ ہے، اس کا پانی چاندی سے زیادہ سفید ہے۔ جو شخص ایک مرتبہ وہاں سے پی لے گا اس کو کبھی پیاس نہیں لگے گی۔ اس پر ابن زیاد نے کہا: مجھے آج تک کسی نے حوض سے متعلق ایسی حدیث نہیں سنائی۔ میں گواہی دیتا ہوں ''حوض حق ہے، سچ ہے'' (یہ کہتے ہوئے) ابن زیاد نے ابوسبرہ سے وہ صحیفہ پکڑ لیا۔

❖❖ اور ابواسامہ کی حدیث کی سند عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ کے ذریعے ابوسبرہ تک پہنچتی ہے، یہ حدیث صحیح ہے۔ ابوسبرہ ہزلی کے علاوہ اس کے تمام راویوں کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہیں اور ابوسبرہ کبیر تابعی ہیں۔ ان کا ذکر تاریخ کی کتابوں میں اور مسانید میں موجود ہے اور کسی طرف سے ان پر طعن ثابت نہیں۔ اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ قتادہ نے ابن بریدہ سے روایت کی ہے (حدیث درج ذیل ہے)

254- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا هِشَامُ بْنُ عَلِیٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَیْدَةَ، عَنْ اَبِیْ سَبْرَةَ الْهُذَلِیِّ، فَذَکَرَ الْحَدِیْثَ بِطُوْلِهٖ

❖❖ ابن بریدہ نے ابوسبرہ ہذلی کے حوالے سے یہ حدیث طوالت کے ہمراہ نقل کی ہے۔

255- حَدَّثَنَا اَبُوْ زَکَرِیَّا یَحْیٰی بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِیُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ

الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ، حَدَّثَنَا شَدَّادٌ اَبُوْ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَازِعِ جَابِرُ بْنُ عَمْرٍو الرَّاسِبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَرْزَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: حَوْضِيْ مِنْ اَيْلَةَ اِلٰى صَنْعَاءَ عَرْضُهُ كَطُوْلِهِ، فِيْهِ مِيْزَابَانِ يَصُبَّانِ مِنَ الْجَنَّةِ، اَحَدُهُمَا وَرِقٌ وَّالْاٰخَرُ ذَهَبٌ اَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَاَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ وَاَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَاَلْيَنُ مِنَ الزُّبْدِ، فِيْهِ اَبَارِيْقُ عَدَدَ نُجُوْمِ السَّمَآءِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَاْ حَتّٰى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: وَزَادَ فِيْهِ اَيُّوْبُ، عَنْ اَبِي الْوَازِعِ، عَنْ اَبِيْ بَرْزَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: يَنْزُوْ فِيْ اَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِحَدِيْثَيْنِ عَنْ اَبِيْ طَلْحَةَ الرَّاسِبِيِّ، عَنْ اَبِي الْوَازِعِ، عَنْ اَبِيْ بَرْزَةَ وَهُوَ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ مِنْ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ اَبِي الْوَازِعِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرا حوض ایلہ سے صنعاء تک چوڑا ہے اور اس کی چوڑائی اور لمبائی برابر ہے، اس میں جنت سے دو پرنالے گرتے ہیں، ان میں سے ایک سونے کا ہے اور ایک چاندی کا ہے (حوض کا پانی) شہد سے زیادہ میٹھا، برف سے زیادہ ٹھنڈا، دودھ سے زیادہ سفید اور مکھن سے زیادہ ملائم ہے۔ اس کے پیالوں کی تعداد ستاروں کے برابر ہے جو اس سے ایک مرتبہ پی لے گا اس کو کبھی پیاس نہیں لگے گی حتیٰ کہ وہ جنت میں چلا جائے گا۔

✣✣ اس حدیث کو ایوب نے بھی روایت کیا ہے جس کی سند ابوالوازع کے ذریعے ابوبرزہ تک پہنچتی ہے۔ اس نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان میں يَنْزُوْ فِيْ اَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ کا اضافہ ہے۔ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے دونوں حدیثیں ابوطلحہ کے ذریعے ابوالوازع کی سند سے ابوبرزہ کے حوالے سے روایت کی ہیں اور یہ حدیث اس سند کے لحاظ سے غریب صحیح ہے جو ایوب سختیانی نے ابوالوازع کے حوالے سے روایت کی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

256- اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنْتُمْ جُزْءٌ مِّنْ مِّئَةِ اَلْفِ جُزْءٍ مِّمَّنْ يَّرِدُ عَلَى الْحَوْضِ، فَسَاَلُوْهُ: كَمْ كُنْتُمْ، قَالَ:

حدیث 256:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4746 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 19287 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 4999 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 677 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 266 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر بیروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحدیث: 85 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 31687

ثَمَانَ مِئَةٍ اَوْ تِسعَ مِئَةٍ، اَبُوْ حَمْزَةَ الْاَنْصَارِیُّ هٰذَا هُوَ طَلْحَةُ بْنُ یَزِیْدَ، وَقَدِ احْتَجَّ بِهِ الْبُخَارِیُّ

◈◈ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن جتنے لوگ میرے حوض پر آئیں گے تم اس وقت ان کے مقابلے میں لاکھواں حصہ بھی نہیں ہو۔ لوگوں نے زید بن ارقم سے پوچھا: (جس دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تم سے یہ کہا تھا اس دن) تمہاری تعداد کتنی تھی؟ زید بن ارقم نے کہا: ہم ۸۰۰ یا ۹۰۰ تھے۔

✥✥ یہ ابوحمزہ انصاری طلحہ بن زید ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات نقل کی ہیں۔

257۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِیٍّ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ یُوْسُفَ بْنِ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ، وَاَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنْتُمْ بِجُزْءٍ مِّنْ اَلْفِ جُزْءٍ مِّمَّنْ یَّرِدُ عَلَیَّ الْحَوْضَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، قَالَ: فَقُلْنَا لِزَیْدٍ: کَمْ کُنْتُمْ یَوْمَئِذٍ، قَالَ: مَا بَیْنَ السِّتِّمِئَةِ اِلَی التِّسْعِمِئَةِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَلٰکِنَّهُمَا تَرَکَاهُ لِلْخِلَافِ الَّذِیْ فِیْ مَتْنِهِ مِنَ الْعَدَدِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ وَلَهُ شَاهِدٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ فِیْ ذِکْرِ الْحَوْضِ بِغَیْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

◈◈ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو لوگ میرے حوض پر آئیں گے ان کے مقابلے میں (اس وقت) تمہاری تعداد ہزارویں حصے کے برابر بھی نہیں ہے۔ ابوحمزہ کہتے ہیں: ہم نے زید بن ارقم سے پوچھا: تم اس دن کتنے تھے؟ انہوں نے جواب دیا ۶۰۰ سو اور ۹۰۰ کے درمیان تھے۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ شاید امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اس لئے چھوڑ دیا ہے کہ اس کے متن میں اختلاف ہے (ایک روایت میں لاکھویں حصہ کا ذکر ہے اور دوسری میں ہزارویں حصہ کا) اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ زید بن ارقم سے مروی ہے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے۔ البتہ اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

258۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْحُسَیْنُ بْنُ یَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ حَیَّانَ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدِ بْنِ حَیَّانَ التَّیْمِیُّ تَیْمُ الرَّبَابِ، عَنْ یَّزِیْدَ بْنِ حَیَّانَ، قَالَ: شَهِدْتُّ زَیْدَ بْنَ اَرْقَمَ وَبَعَثَ اِلَیْهِ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ زِیَادٍ، فَقَالَ: مَا اَحَادِیْثُ بَلَغَنِیْ عَنْكَ تُحَدِّثُ بِهَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَزْعُمُ اَنَّ لَهُ حَوْضًا فِی الْجَنَّةِ، فَقَالَ: حَدَّثَنَا ذَاكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَوَعَدَنَاهُ، فَقَالَ: کَذَبْتَ، وَلٰکِنَّكَ شَیْخٌ قَدْ خَرِفْتَ، قَالَ: اَمَا اِنَّهُ سَمِعَتْهُ اُذُنَایَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَعْنِیْ وَسَمِعْتُهُ، یَقُوْلُ: مَنْ کَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ وَمَا کَذَبْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ یزید بن حیان بیان کرتے ہیں، میں زید بن ارقم کی خدمت میں موجود تھا، وہاں پر عبیداللہ بن زیاد کا ایک قاصد آیا اس نے (ابن زیاد کا پیغام دیتے ہوئے کہا) ہمیں اطلاع ملی ہے کہ تم کچھ احادیث رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے بیان کرتے ہو، جن کی بناء پر تم یہ عقیدہ رکھتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ کا جنت میں کوئی حوض ہے۔ وہ احادیث کیا ہیں؟ زید بن ارقم نے جواباً فرمایا: وہ احادیث ہمیں رسول اللہ ﷺ نے بیان کی ہیں اور ہم سے حوض کوثر کا وعدہ بھی کیا ہے (ابن زیاد کے قاصد نے کہا) تم جھوٹ بول رہے ہو یہ تمہاری اپنی خرافات ہیں۔ زید بن ارقم نے فرمایا: کیا میں نے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان نہیں سن رکھا "جس نے مجھ پر جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے" (یعنی ان کے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان میں نے بھی سنا ہوا ہے اور میں نے رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ نہیں باندھا ہے)

259- حَدَّثَنِی اَبُوْ مَنْصُوْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْعَتَکِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ حَسَنُ بْنُ سَهْلٍ النَّبَّادُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِیْ عِمْرَانَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ حَتّٰى يُرَاجِعَهُ، قَالَ: وَمَنْ مَّاتَ وَلَيْسَ عَلَيْهِ اِمَامُ جَمَاعَةٍ، فَاِنَّ مَوْتَتَهُ مَوْتَةٌ جَاهِلِيَّةٌ وَّخَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّیْ فَرَطٌ لَّكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَاِنَّ سَعَتَهُ مَا بَيْنَ الْكُوفَةِ اِلَى الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ، وَآنِيَتُهُ كَعَدَدِ النُّجُوْمِ، وَاِنِّیْ رَاَيْتُ اُنَاسًا مِّنْ اُمَّتِیْ لَمَّا دَنَوْا مِنِّیْ خَرَجَ عَلَيْهِمْ رَجُلٌ، قَالَ: بِهِمْ عَنِّیْ، ثُمَّ اَقْبَلَتْ زُمْرَةٌ اُخْرٰی فَفَعَلَ بِهِمْ كَذٰلِكَ، فَلَمْ يَفْلِتْ مِنْهُمْ اِلَّا كَمَثَلِ النَّعَمِ، فَقَالَ: اَبُوْ بَكْرٍ لِعَلِّیْ مِنْهُمْ يَا نَبِیَّ اللّٰهِ، قَالَ: لَا وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَخْرُجُوْنَ بَعْدَكُمْ وَيَمْشُوْنَ الْقَهْقَرٰی

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَقَدْ حَدَّثَ بِهِ الْحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَيْضًا، عَنِ اللَّيْثِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو (مسلمانوں کی بڑی) جماعت سے بالشت بھر بھی الگ ہوا، اس نے اپنے گلے سے اسلام کا پٹا اتار دیا جب تک وہ واپس نہ لوٹ آئے۔ اور فرمایا: جو شخص اس حالت میں مرے کہ وہ کسی امامِ جماعت کی پیروی میں نہ ہو تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔ رسول اللہ ﷺ نے مزید خطبہ ارشاد فرمایا: اے لوگو! میں حوض کوثر پر تمہارا انتظار کروں گا۔ میرے حوض کی (چوڑائی اتنی ہے جتنی) مسافت کوفہ سے حجر اسود تک ہے، اس کے پیالے ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں۔ میں اپنے کچھ امتیوں کو وہاں پر دیکھوں گا، جب وہ میرے قریب آئیں گے تو ایک شخص ان کے پاس آ کر میرے متعلق ان سے کچھ کہے گا، پھر دوسری جماعت آئے گی ان کے ساتھ بھی اسی طرح معاملہ ہوگا۔ وہ لوگ جانوروں کی طرح کودتے ہوئے وہاں سے چلے جائیں گے۔ اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ کہیں میں تو ان میں سے نہیں ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جو تمہارے بعد دین سے نکل جائیں گے اور الٹے قدموں پلٹ جائیں گے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور یہ روایت حجاج بن محمد نے بھی لیث سے روایت کی ہے۔

260۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو الْمُثَنّٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوبَ قَالَا حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ وَهُمْ يَتَرَاجَعُونَ فِي ذِكْرِ الْحَوْضِ قَالَ فَقَالَ جَاءَ كُمْ أَنَسٌ قَالَ يَا أَنَسُ مَا تَقُولُ فِي الْحَوْضِ قَالَ قُلْتُ مَا حَسِبْتُ أَنِّي أَعِيشُ حَتّٰى أَرٰى مِثْلَكُمْ يَمْتَرُونَ فِي الْحَوْضِ لَقَدْ تَرَكْتُ بَعْدِي عَجَائِزُ مَا تُصَلِّي وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ صَلَاةً إِلَّا سَأَلْتُ رَبَّهَا أَنْ يُورِدَهَا حَوْضَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ عَنْ حُمَيْدٍ شَاهِدٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں عبیداللہ بن زیاد کے پاس گیا تو وہاں پر ''حوض'' کے متعلق بحث ہو رہی تھی (حضرت انس رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں (عبیداللہ بن زیاد نے میرے آنے پر) کہا (لیجیے) تمہارے پاس انس (بھی) آ گئے۔ پھر (ابن زیاد نے) کہا: اے انس! آپ کا حوض کے سلسلے میں کیا نظریہ ہے؟ (انس) کہتے ہیں: میں نے ان سے کہا: میں نے اپنی پوری زندگی میں تم جیسے لوگ نہیں دیکھے (بڑے افسوس کی بات ہے) تم لوگ حوض کے بارے میں شکوک وشبہات میں مبتلا ہو۔ (حوض کی بات تو اتنی واضح، مشہور اور یقینی ہے کہ مرد تو مرد) ایسی کتنی عورتیں ہیں جو ہر نماز میں حوض کوثر کی دعا مانگا کرتی تھیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ حمید سے مروی ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

261۔ أَخْبَرَنَاهُ أَبُو الْعَبَّاسِ السَّيَّارِي بِمَرْوَ حَدَّثَنَا أَبُو الْمُوَجِّهِ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ حَدَّثَنَا حَمِيدٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ وَهُمْ يَتَرَاجَعُونَ فِي ذِكْرِ الْحَوْضِ ثُمَّ ذَكَرَهُ بِمِثْلِهِ

✧✧ حمید کے حوالے سے بھی حضرت انس رضی اللہ عنہ کا مذکورہ بیان منقول ہے۔

262۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ أَبِي صَغِيرَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ خَبَّابٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِي خَبَّابٌ، أَنَّهُ كَانَ قَاعِدًا عَلٰى بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَخَرَجَ وَنَحْنُ قُعُودٌ، فَقَالَ: اسْمَعُوا، قُلْنَا: سَمِعْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّهُ سَيَكُونُ أُمَرَاءُ مِنْ بَعْدِي فَلَا تُصَدِّقُوهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَا تُعِينُوهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَإِنَّهُ مَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَأَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَنْ يَرِدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَشَاهِدُهُ الْحَدِيثُ الْمَشْهُورُ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ كَعْبِ

بْنِ عُجْرَۃَ مَعَ الْخِلافِ عَلَیْہِ فِیْہِ

✧✧ حضرت خباب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے کے باہر بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اپنے کاشانہ اقدس سے) باہر تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غور سے سنو! ہم نے عرض کیا: جو حکم ہو ہمارے آقا! ارشاد فرمایا: میرے بعد امراء ہونگے (جو جھوٹے اور ظالم ہونگے) تم ان کے کذب کی تصدیق نہ کرنا اور ان کے ظلم میں معاونت بھی نہ کرنا کیونکہ جو شخص ان کے کذب کی تصدیق کرے گا اور جو ان کے ظلم کا معاون ہوگا وہ میرے حوض پر نہیں آسکتا۔

✥ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ شعبی نے کعب بن عجرہ سے روایت کی ہے۔ تاہم اس کے الفاظ میں کچھ تبدیلی ہے۔ (حدیث درج ذیل ہے)

263۔ اَخْبَرَنَاہُ اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ الْبَزَّارُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الْوَاسِطِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، حَدَّثَنَا مَالِکُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِیْ حَصِیْنٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ کَعْبِ بْنِ عُجْرَۃَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ وَّنَحْنُ فِی الْمَسْجِدِ خَمْسَۃٌ مِّنَ الْعَرَبِ وَاَرْبَعَۃٌ مِّنَ الْعَجَمِ، فَقَالَ: اَتَسْمَعُوْنَ ؟ قُلْنَا: سَمِعْنَا، مَرَّتَیْنِ، قَالَ: اسْمَعُوْا، اِنَّہٗ سَیَکُوْنُ بَعْدِیْ اُمَرَاءُ فَمَنْ دَخَلَ عَلَیْہِمْ فَصَدَّقَہُمْ بِکَذِبِہِمْ وَاَعَانَہُمْ عَلٰی ظُلْمِہِمْ فَلَیْسَ مِنِّیْ وَلَسْتُ مِنْہُ وَلَیْسَ بِوَارِدٍ عَلَیَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ یَدْخُلْ عَلَیْہِمْ وَلَمْ یُصَدِّقْہُمْ بِکَذِبِہِمْ وَلَمْ یُعِنْہُمْ عَلٰی ظُلْمِہِمْ فَہُوَ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْہُ وَسَیَرِدُ عَلَیَّ الْحَوْضَ رَوَاہُ مِسْعَرُ بْنُ کِدَامٍ، وَسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ اَبِیْ حَصِیْنٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِیِّ، عَنْ کَعْبِ بْنِ عُجْرَۃَ

اَمَا حَدِیْثُ الثَّوْرِیِّ

✧✧ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک دن ہم مسجد نبوی شریف میں بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے (اس دن ہم ۵ عربی اور ۴ عجمی لوگ تھے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ فرمایا: کیا تم سن رہے ہو؟ ہم نے (دونوں بار) عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سنو! میرے بعد کچھ حکمران ہونگے، جو شخص ان کی حمایت کرے، ان کے جھوٹ کو سچ ثابت کرنے کی کوشش کرے اور ان کے ظلم پر ان کی معاونت کرے، اس کا میرے ساتھ اور میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی وہ میرے حوض پر آسکے گا اور جو شخص نہ ان کی حمایت کرے، نہ ان کے جھوٹ کو سچ ثابت کرے اور نہ ہی ظلم میں ان کی معاونت کرے، وہ میری جماعت سے ہے اور میں اس کا ذمہ دار ہوں اور وہ میرے حوض کوثر پر آئے گا۔

✥ اس حدیث کو مسعر بن کدام اور سفیان ثوری رضی اللہ عنہ نے بھی روایت کیا ہے، جس کی سند ابوحصین سے، پھر شعبی سے پھر عاصم عدوی سے ہوتی ہوئی کعب بن عجرہ تک پہنچتی ہے۔

(ثوری کی روایت درج ذیل ہے)

264۔ فَاَخْبَرَنَاہُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِیْسَی الْقَاضِیُّ،

حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيمٍ، وَاَحمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَاَمَّاحَدِيثُ مِسْعَر

مسعر کی روایت یہ ہے۔

264أ۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الاِسْفَرَائِنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْقَنَّادُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ اَبِيْ حَصِينٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ تِسْعَةٌ وَّبَيْنَنَا وَسَائِدُ مِنْ اَدَمٍ اَحْمَرَ، فَقَالَ: اِنَّهُ سَيَكُوْنُ بَعْدِيْ اُمَرَاءُ فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَنْ يَّرِدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُ وَسَيَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ وَقَدْ شَهِدَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بھی کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کی تصدیق کی ہے۔

265۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: اَعَاذَكَ اللّٰهُ يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ مِنْ اِمَارَةِ السُّفَهَاءِ، قَالَ: وَمَا اِمَارَةُ السُّفَهَاءِ؟ قَالَ: اُمَرَاءُ يَكُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ لَا يَهْتَدُوْنَ بِهَدْيِيْ وَلَا يَسْتَنُّوْنَ بِسُنَّتِيْ، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَاُولٰئِكَ لَيْسُوْا مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُمْ وَلَا يَرِدُوْنَ عَلَيَّ حَوْضِيْ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَاُولٰئِكَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُمْ وَسَيَرِدُوْنَ عَلَيَّ حَوْضِيْ، يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ الصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِءُ الْخَطِيْئَةَ، وَالصَّلٰوةُ قُرْبَانٌ، اَوْ قَالَ: بُرْهَانٌ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کعب بن عجرہ کو دعا دیتے ہوئے فرمایا: اے کعب! اللہ تعالیٰ تجھے بے وقوفوں کی امارت سے بچائے۔ کعب بن عجرہ نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بے وقوفوں کی امارت کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (بے وقوف) میرے بعد آنے والے وہ امراء ہوں گے جو میری تعلیمات پر عمل نہیں کریں گے، میری سنت کو سنت نہیں سمجھیں گے۔ جو شخص ان کے جھوٹ کو سچ قرار دے گا اور ان کے ظلم پر ان کی معاونت کرے گا، اس کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوگا، نہ میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق ہوگا، نہ ہی یہ شخص میرے حوض کوثر پر آ سکے گا اور جو شخص ان کے جھوٹ کی تصدیق نہیں کرے گا، ان کے ظلم پر ان کی معاونت نہیں کرے گا، وہ میری جماعت میں سے ہے اور میں اس کا ذمہ دار ہوں اور وہ میرے حوض پر آئے گا (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) اے کعب بن عجرہ! روزہ ڈھال ہے اور صدقہ گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور نماز قرب الٰہی کا ذریعہ ہے یا (شاید یہ) فرمایا: دلیل ہے۔

266۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ

الرَّقَّامُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَاِذَا اَنَا بِنَهْرٍ يَّجْرِیْ حَافَّتَاهُ خِيَامُ اللُّؤْلُؤِ، فَضَرَبْتُ بِيَدِیْ اِلٰی مَجْرَی الْمَآءِ، فَاِذَا مِسْكٌ اَذْفَرُ فَقُلْتُ لِجِبْرَائِيْلَ: مَا هٰذَا ؟ قَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِیْ اَعْطَاكَهُ رَبُّكَ عَزَّ وَجَلَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو مجھے ایک جاری نہر نظر آئی۔ اس کے دونوں کنارے موتیوں کے بنے ہوئے تھے اور جہاں سے پانی گزر رہا تھا وہاں پر میں نے ہاتھ لگا کر دیکھا تو اس سے مشک کی لپٹیں آ رہی تھیں۔ میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے کہا: یہ کیا ہے؟ انہوں نے بتایا: یہ وہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کیا ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے لیکن دونوں نے اس حدیث کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

267۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِیُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْجَنَّةُ مِئَةُ دَرَجَةٍ بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ، وَالْفِرْدَوْسُ مِنْ اَعْلَاهَا دَرَجَةً، وَمِنْهَا تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ، فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْاَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ بِمِثْلِ هٰذَا الْاِسْنَادِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَاَبِیْ سَعِيْدٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت کے ۱۰۰ درجے ہیں، ان میں سے ایک درجے سے دوسرے تک کا فاصلہ اتنا ہے جتنا زمین اور آسمان کے درمیان فاصلہ ہے۔ اور ''فردوس'' جنت کا سب سے اونچا درجہ ہے، اسی سے جنت کی نہریں نکلتی ہیں، اس لئے جب بھی اللہ تعالیٰ سے مانگو تو ''جنت الفردوس'' مانگا کرو۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث اسی جیسی سند کے ہمراہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابوسعید سے بھی منقول ہے (حدیث درج ذیل ہے)

268۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَاجِيَةَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ

حدیث 267:

اخرجه ابو عيسى الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2531 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4331 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 22790 اخرجه ابو محمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 182

مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِی فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ وَاَبِی سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَكَذٰلِكَ رُوِىَ بِاِسْنَادٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ

❖ یہی حدیث سند صحیح کے ہمراہ حضرت عبادہ بن صامت سے بھی مروی ہے۔ (حدیث درج ذیل ہے)

269۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَاَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِیُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلْجَنَّةُ مِئَةُ دَرَجَةٍ مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ، وَالْفِرْدَوْسُ مِنْ اَعْلَاهَا دَرَجَةً وَّمِنْهَا تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ، فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْاَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ

❖ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی مذکورہ حدیث مروی ہے۔

270۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا اَبِی، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدِ الْاَيْلِیُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِی حُيَیٌّ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ فِی الْجَنَّةِ غُرَفًا يُّرٰى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا، فَقَالَ اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِیُّ: لِمَنْ يَّا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؟ قَالَ: لِمَنْ اَطَابَ الْكَلَامَ، وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَبَاتَ قَائِمًا وَالنَّاسُ نِيَامٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِحُيَيٍّ وَّهُوَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَذْحِجِیُّ صَاحِبُ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، وَيُقَالُ مَوْلَاهُ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں کچھ محل (اتنے لطیف اور نفیس ہیں کہ) ان میں اندر سے باہر اور باہر سے اندر دکھائی دیتا ہے۔ ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کن لوگوں کے لئے ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کے لئے جو اچھی گفتگو کریں، لوگوں کو کھانا کھلائیں اور رات کے وقت جب ساری دنیا سوتی ہو، یہ عبادت کرتے ہوں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ کیونکہ

حدیث 270:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 1984 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 1337 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 509 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 2137 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 428 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 3467 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 1247

امام بخاری اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں نے سلیمان بن عبدالملک کے ساتھی، یحییٰ ابوعبدالرحمٰن المذحجی کی روایات نقل کی ہیں ایک قول کے مطابق یحییٰ، سلیمان کے غلام تھے۔

271۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، فِیْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ: عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی، اَنّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُفِعَتْ لِیْ سِدْرَةٌ مُّنْتَهَاهَا فِی السَّمَآءِ السَّابِعَةِ، نَبْقُهَا مِثْلُ قِلَالِ هَجَرَ، وَرَقُهَا مِثْلُ اٰذَانِ الْفِيْلِ، يَخْرُجُ مِنْ سَاقِهَا نَهْرَانِ ظَاهِرَانِ، وَنَهْرَانِ بَاطِنَانِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا جِبْرِيْلُ مَا هٰذَانِ ؟ قَالَ: اَمَّا الْبَاطِنَانِ فَفِی الْجَنَّةِ، وَاَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيْلُ وَالْفُرَاتُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ، وَلَهٗ شَاهِدٌ غَرِيْبٌ مِّنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے سورۂ نجم کی اس آیت "عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی" کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے لئے ایک بیری کو بلند کیا گیا کہ جس کی انتہاء ساتویں آسمان پر ہوتی ہے، اس کے پھل مٹکوں کے برابر اور اس کے پتے ہاتھی کے کانوں کی طرح بڑے بڑے تھے، اس کے تنے سے چار نہریں نکلتی ہیں، جن میں سے دو ظاہر ہیں اور دو پوشیدہ ہیں۔ (حضرت انس رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں: میں نے پوچھا: یہ کون سی نہریں ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو ۲ نہریں پوشیدہ ہیں، وہ جنت میں بہتی ہیں اور جو ۲ ظاہر ہیں وہ نیل اور فرات ہیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے۔ صحیح الاسناد ہے، شعبہ نے قتادہ کے ذریعے انس کے حوالے سے روایت کی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

272۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَنَسٍ الْقُرَشِیُّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَسْلَمِیُّ، حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ شُعْبَةَ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهٗ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُفِعَتْ لِیَ السِّدْرَةُ فَاِذَا اَرْبَعَةُ اَنْهَارٍ: نَهْرَانِ ظَاهِرَانِ، وَنَهْرَانِ بَاطِنَانِ، فَاَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيْلُ وَالْفُرَاتُ، وَاَمَّا الْبَاطِنَانِ فَنَهْرَانِ فِی الْجَنَّةِ، وَاُتِيْتُ بِثَلَاثَةِ اَقْدَاحٍ قَدَحٍ فِيْهِ لَبَنٌ، وَقَدَحٍ فِيْهِ عَسَلٌ، وَقَدَحٍ فِيْهِ خَمْرٌ فَاَخَذْتُ الَّذِیْ فِيْهِ اللَّبَنُ فَشَرِبْتُ فَقِيْلَ لِیْ، اَصَبْتَ الْفِطْرَةَ اَنْتَ وَاُمَّتُكَ. قَالَ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ. قُلْتُ لِشَيْخِنَا اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ لِمَ لَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيْثَ ؟ قَالَ: لِاَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ لَّمْ يَسْمَعْهُ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سَمِعَهٗ مِنْ مَّالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ، قَالَ الْحَاكِمُ: ثُمَّ نَظَرْتُ فَاِذَا الْاَحْرُفُ الَّتِیْ سَمِعَهَا مِنْ مَّالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ غَيْرُ هٰذِهٖ وَلِيَعْلَمْ طَالِبُ هٰذَا الْعِلْمِ اَنَّ حَدِيْثَ الْمِعْرَاجِ قَدْ سَمِعَ اَنَسٌ بَعْضَهٗ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَعْضَهٗ مِنْ اَبِیْ ذَرٍّ الْغِفَارِیِّ، وَبَعْضَهٗ مِنْ مَّالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ

غَيْرُ هٰذِهٖ، وَبَعْضُهُ مِنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب مجھے سدرۃ المنتھی پر لے جایا گیا تو میں نے اس میں سے چار نہریں نکلتی دیکھیں، ان میں سے دو نہریں ظاہر تھیں اور دو پوشیدہ۔ ظاہر نہریں ''نیل'' اور ''فرات'' ہیں اور پوشیدہ نہریں جنت میں بہتی ہیں (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) میرے پاس تین برتن لائے گئے، ایک میں دودھ تھا، دوسرے میں شہد اور تیسرے میں شراب، میں نے دودھ والے برتن کا انتخاب کیا اور وہ دودھ پی لیا، اس پر مجھے کہا گیا: تم نے فطرت کو پالیا ہے، اس لئے تمہاری امت بھی فطرت پر رہے گی۔

❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: میں نے اپنے شیخ ابوعبداللہ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل کیوں نہیں کیا؟ تو انہوں نے جواب دیا: اس لئے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ فرمان خود رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنا بلکہ انہوں نے یہ فرمان حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ سے سنا ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: پھر میں نے جب تحقیق کی تو پتہ چلا کہ چند حروف ہیں جو اس روایت کے علاوہ ہیں، وہ انہوں نے مالک بن صعصعہ سے سنے ہیں۔ اور علم حدیث کے طالب کو یہ پتہ ہونا چاہئے کہ معراج والی حدیث کا کچھ حصہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے خود رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے سنا ہے اور کچھ حصہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے اور کچھ حصہ حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور بعض حصہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

273۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سِنَانٍ ضِرَارُ بْنُ مُرَّةَ، عَنْ مُّحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِئَةُ صَفٍّ، هٰذِهِ الْاُمَّةُ مِنْهَا ثَمَانُوْنَ صَفًّا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ

حديث: 273

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2546 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4289 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 2835 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 22990 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 7459 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي' دارعمار' بيروت' لبنان/عمان' 1405ھ 1985ء' رقم الحديث: 82 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 1301 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 10398

✧✧ حضرت ابوبریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جنتیوں کی کل ۱۲۰ صفیں ہوں گی ان میں سے ۸۰ صفیں صرف میری امت کی ہوں گی۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جس کی سند سفیان ثوری، پھر علقمہ بن مرثد پھر سلیمان بن بریدہ سے ہوتی ہوئی ان کے والد صاحب تک پہنچتی ہے۔

274۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا لَبِيدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ الْاَهْوَازِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَنْقَزِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِئَةُ صَفٍّ ثَمَانُوْنَ مِنْهَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَرْسَلَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ وَّعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنِ الثَّوْرِيِّ

❖ اس حدیث میں یحیٰی بن سعید اور عبدالرحمٰن مہدی نے ثوری سے ارسال کیا ہے۔

275۔ وَقَدْ رَوَاهُ الْحَارِثُ بْنُ حَصِيرَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ حَوْلَهُ: كَيْفَ اَنْتُمْ رُبُعُ اَهْلِ الْجَنَّةِ ؟ قُلْنَا: كَثِيْرٌ، قَالَ: كَيْفَ اَنْتُمْ وَالثُّلُثُ ؟ قَالَ: قُلْنَا: ذٰلِكَ اَكْثَرُ، قَالَ: كَيْفَ اَنْتُمْ وَالشَّطْرُ ؟ قُلْنَا: ذَاكَ اَكْثَرُ، قَالَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِئَةُ صَفٍّ اَنْتُمْ مِنْهَا ثَمَانُوْنَ صَفًّا، قَالَ: قُلْنَا: فَذَاكَ الثُّلُثَانِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اَجَلْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ لَّمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيهِ فِيْ اَكْثَرِ الْاَقَاوِيلِ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ارد گرد حلقہ بنا کر بیٹھے ہوئے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: اگر جنتیوں میں تمہاری تعداد ایک چوتھائی ہو، تو کیسا رہے گا؟ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! یہ ایک اچھی تعداد ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا: اگر ایک تہائی ہو تو؟ ہم نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! یہ بہت زیادہ ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا: اگر نصف ہو تو؟ ہم نے عرض کی: یہ اس سے بھی زیادہ ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا: اہل جنت کی کل ۱۲۰ صفیں ہوں گی، جن میں ۸۰ صفیں صرف تمہاری ہوں گی (عبداللہ بن مسعود) کہتے ہیں: ہم نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! یہ تعداد تو دو تہائی ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔

❖ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اکثر واقعات اپنے والد سے نہیں سنے۔

276۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ الْفَضْلِ الْاٰدَمِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: هَلْ تَشْتَهُونَ شَيْئًا فَأَزِيدُكُمْ؟ فَيَقُولُونَ: رَبَّنَا وَمَا فَوْقَ مَا أَعْطَيْتَنَا؟ قَالَ: يَقُولُ: رِضْوَانِي أَكْبَرُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ تَابَعَ الْأَشْجَعِيُّ مُحَمَّدَ بْنَ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيَّ عَلٰى إِسْنَادِهِ وَمَتْنِهِ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب جنتی لوگ جنت میں چلے جائیں گے تو اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: تمہیں مزید کسی نعمت کی خواہش ہو تو وہ بھی عطا کر دوں؟ جنتی کہیں گے: یا اللہ! جنت تو تو نے ہمیں عطا کر دی ہے، اب اس سے بڑھ کر وہ کون سی چیز ہے جو تو ہمیں عطا کرے گا؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میری خوشنودی سب سے بڑی نعمت ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اشجعی نے اس حدیث کی سند اور متن روایت کرنے میں محمد بن یوسف فریابی کی متابعت کی ہے

(اشجعی حدیث درج ذیل ہے)

339۔ اَخبَرَنِی اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنِ ابْنِ لَبِیدٍ الْاَنْصَارِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا اَوَانُ ذَهَابِ الْعِلْمِ، قَالَ شُعْبَةُ، اَوْ قَالَ: اَوَانُ انْقِطَاعِ الْعِلْمِ، قَالُوْا: كَيْفَهُ وَفِينَا كِتَابُ اللّٰـهِ تُعَلِّمُهُ اَبْنَاؤُنَا اَبْنَائَهُمْ ؟ قَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ ابْنَ لَبِيدٍ، مَا كُنْتُ اَحْسِبُكَ اِلَّا مِنْ اَعْقَلِ اَهْلِ الْمَدِينَةِ، اَلَيْسَ الْيَهُودُ وَالنَّصَارٰى فِيهِمْ كِتَابُ اللّٰهِ التَّوْرَاةُ وَالْاِنْجِيلُ لَمْ يَنْتَفِعُوْا مِنْهُ بِشَیْءٍ قَدْ ثَبَتَ الْحَدِيْثُ بِلا رَيْبٍ فِيْهِ بِرِوَايَةِ زِيَادِ بْنِ لَبِيدٍ بِمِثْلِ هٰذَا الْاِسْنَادِ الْوَاضِحِ.

✧✧ حضرت ابن لبید انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ وقت، علم کے اٹھ جانے کا ہے، شعبہ کہتے ہیں: یا (شاید ذہاب العلم کی بجائے) انقطاع العلم کا لفظ ارشاد فرمایا: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی (یا رسول اللہ) ہمارے پاس کتاب اللہ موجود ہے جو کہ ہماری نسل در نسل پڑھا جاتا رہے گا، پھر علم کیسے اٹھ سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تو تجھے تمام اہل مدینہ سے زیادہ عقل مند سمجھتا تھا، کیا یہود ونصاریٰ کے پاس اللہ کی کتاب توراۃ اور انجیل موجود نہ تھی؟ لیکن اس کے باوجود وہ گمراہ ہو گئے۔

✣✣ اس موضوع پر یہ حدیث بلا شک وشبہ ثابت ہو چکی ہے کیونکہ زیاد بن لبید کی اتنی واضح اسناد کے بعد اب اس میں شک

کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔

340- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ أَنبَأَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ أَنبَأَ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ بُخْتٍ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ أَنَّهُ جَاءَ يَسْأَلُهُ عَنْ شَيْءٍ قَالَ مَا أَعْمَلُكَ إِلَيَّ إِلَّا ذٰلِكَ قَالَ مَا أَعْمَلْتُ إِلَيْكَ إِلَّا لِذٰلِكَ قَالَ فَأَبْشِرْ فَإِنَّهُ مَا مِنْ رَجُلٍ يَخْرُجُ فِي طَلَبِ الْعِلْمِ إِلَّا بَسَطَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا رِضًى بِمَا يَفْعَلُ حَتَّى يَرْجِعَ

هٰذَا إِسْنَادٌ صَحِيحٌ فَإِنَّ عَبْدَ الْوَهَّابِ بْنَ بُخْتٍ مِنْ ثِقَاتِ الْبَصْرِيِّينَ وَأَثْبَاتِهِمْ مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيثُهُ وَقَدِ احْتَجَّا بِهِ وَلَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيثَ وَمَدَارُ هٰذَا الْحَدِيثِ عَلَى حَدِيثِ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ زِرٍّ وَقَدْ أَعْرَضَا عَنْهُ بِالْكُلِّيَّةِ وَلَهُ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ شُهُودٌ ثِقَاتٌ غَيْرَ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ فَمِنْهُمُ الْمِنْهَالُ بْنُ عَمْرٍو وَقَدِ اتَّفَقَا عَلَيْهِ.

✧✧ زربن حبیش کہتے ہیں: وہ صفوان بن عسال المرادی کے پاس کوئی مسئلہ پوچھنے گئے، صفوان نے کہا: میں اس کے بتانے کے علاوہ تیرا دوسرا کوئی کام نہیں کروں گا؟ ''زر'' نے جواب دیا: میں دوسری کسی غرض سے آپ کے پاس آیا بھی نہیں ہوں۔ صفوان نے کہا: تو پھر تجھے خوشخبری ہو، اس لئے کہ جو شخص علم کی تلاش میں گھر سے نکلتا ہے، اس کے گھر واپس آنے تک فرشتے اس کے اس عمل سے خوش ہو کر اس کی راہوں میں پر بچھائے رکھتے ہیں۔

❖ یہ اسناد صحیح ہے، کیونکہ عبدالوہاب بن بخت ثقہ بصری راویوں میں سے ہیں، قابل اعتماد ہیں، ان کی مروی احادیث کو جمع کرنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات نقل بھی کی ہیں، لیکن اس حدیث کو ترک کر دیا ہے جبکہ اس حدیث کا سارا مدار عاصم بن بہدلہ کی اس روایت پر ہے جو انہوں نے ''زر'' سے روایت کی ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کو سرے سے چھوڑ رکھا ہے اور اس حدیث کو زر بن حبیش سے روایت کرنے میں عاصم بن بہدلہ کے علاوہ بھی کئی ثقہ راوی موجود ہیں۔ ان میں ''منہال بن عمر'' بھی ہیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں ہی ان کی روایات نقل کرتے ہیں۔

(ان کی مروی حدیث درج ذیل ہے)

341- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا عَارِمٌ، حَدَّثَنَا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: جَآءَ رَجُلٌ مِّنْ مُرَادٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ: صَفْوَانُ بْنُ عَسَّالٍ وَّهُوَ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا جَآءَ بِكَ ؟ قَالَ: ابْتِغَاءُ الْعِلْمِ، قَالَ: فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ اَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًى بِمَا يَصْنَعُ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ عَارِمٌ هٰذَا هُوَ اَبُو النُّعْمَانِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ الْبَصْرِيُّ حَافِظٌ ثِقَةٌ، اعْتَمَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ جُمْلَةٍ مِّنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ رَوَاهَا عَنْهُ فِي الصَّحِيْحِ، وَقَدْ خَالَفَهُ سِنَانُ بْنُ فَرُّوْخٍ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، فَرَوَاهُ عَنِ الصَّعْقِ بْنِ حَزْنٍ،

✧✧ منہال بن عمرو کی سند کے ساتھ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

✤✤ اس کی سند میں جو "عارم" (نامی راوی ہیں) یہ ابوالنعمان محمد بن فضل بصری ہیں، یہ حافظ ہیں، ثقہ ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس حدیث کے ایک جملہ پر اعتماد کیا ہے اور انہی کے حوالے سے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔ اس سلسلے میں "سنان بن فروخ" نے اختلاف کیا ہے کیونکہ انہوں نے یہ حدیث "صعق بن حزن" کے حوالے سے نقل کی ہے۔

"صعق بن حزن" کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے

342۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْمَعْمَرِيُّ، ومحمد بن سليمان، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: حَدَّثَ صَفْوَانُ بْنُ عَسَّالٍ الْمُرَادِيُّ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، وَقَدْ اَوْقَفَهُ اَبُوْ جَنَابٍ الْكَلْبِيُّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، وَاَبُوْ جَنَابٍ مَنْ لَّا يُحْتَجُّ بِرِوَايَتِهِ فِي هٰذَا الْكِتَابِ.

✧✧ صعق بن حزن کے حوالے سے بھی یہ حدیث منقول ہے۔

✤✤ ابوجناب الکلبی نے بھی اس روایت کی موافقت کی ہے، انہوں نے اسے "طلحہ بن مصرف" کے حوالے سے "زر بن حبیش" سے روایت کیا ہے اور ابوجناب کی روایات اس کتاب میں اندراج کے معیار پر نہیں ہیں۔

343۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِيْ أَبُو جَنَابٍ حَدَّثَنِي طَلْحَةُ بْنُ مُصَرِّفٍ أَنَّ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ أَتٰى صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ فَقَالَ مَا غَدَا بِكَ إِلَيَّ قَالَ غَدَا بِي الْتِمَاسُ الْعِلْمِ قَالَ أَمَّا أَنَّهُ لَيْسَ يَصْنَعُ مَا صَنَعْتَ لَهُ أَحَدٌ إِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا رِضًى بِمَا يَصْنَعُ وَذَكَرْنَا فِي الْحَدِيْثِ هٰذَا مِمَّا لَا يُوْهِنُ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَقَدْ أَسْنَدَهُ جَمَاعَةٌ وَأَوْقَفَهُ جَمَاعَةٌ وَالَّذِيْ أَسْنَدَهُ أَحْفَظُ وَالزِّيَادَةُ مِنْهُمْ مَقْبُوْلَةٌ.

حدیث 341:

اخرجه ابو عیسی الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 3535 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 158 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 18118 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1319 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 132 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 7349 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه مکتبه المتنبی بیروت قاهره رقم الحدیث: 881 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 1867 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر بیروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحدیث: 2587 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ رقم الحدیث: 795

✧✧ ابو جناب کی سند سے بھی یہ حدیث مروی ہے تاہم اس میں چند الفاظ کا تغیر ہے۔

✣✣ اس حدیث کی تقویت کے لئے ہم نے جو بھی اسناد وغیرہ ذکر کی ہیں ان میں سے کوئی بھی ایسی نہیں ہے جو اس حدیث کو نقصان دے رہی ہو کیونکہ ایک جماعت محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے اس کو موقوف رکھا ہے اور ایک جماعت نے اس کی سند کو متصل کیا ہے اور جنہوں نے اس کی سند کو متصل کیا ہے وہ اَحفظ ہیں اور ان کی زیادتی قبول ہوتی ہے۔

344- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ، إِمْلاءً بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: جَآءَ الْاَعْمَشُ اِلٰى عَطَاءٍ فَسَاَلَهُ عَنْ حَدِيْثٍ فَحَدَّثَهُ، فَقُلْنَا لَهُ تُحَدِّثُ هٰذَا وَهُوَ عِرَاقِيٌّ ؟ قَالَ: لاَنِّيْ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهُ جِيْءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَقَدْ اُلْجِمَ بِلِجَامٍ مِّنْ نَارٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ تَدَاوَلَهُ النَّاسُ بِاَسَانِيْدَ كَثِيْرَةٍ تُجْمَعُ وَيُذَاكَرُ بِهَا، وَهٰذَا الْاِسْنَادُ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، ذَاكَرْتُ شَيْخَنَا اَبَا عَلِيٍّ الْحَافِظَ بِهٰذَا الْبَابِ ثُمَّ سَاَلْتُهُ هَلْ يَصِحُّ شَيْءٌ مِّنْ هٰذِهِ الْاَسَانِيْدِ، عَنْ عَطَاءٍ، فَقَالَ: لاَ، قُلْتُ: لِمَ ؟ قَالَ: لاَنَّ عَطَاءً لَّمْ يَسْمَعْهُ مِنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

✧✧ ایک مرتبہ اعمش، عطاء کے پاس آئے اور ان سے ایک حدیث کے بارے میں پوچھا، انہوں نے ان کو حدیث بیان کردی، ہم نے ان سے کہا: تم یہ حدیث بیان کیسے کر رہے ہو؟ جبکہ وہ عراقی ہیں، تو انہوں نے جواب دیا: اس لئے کہ میں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی زبانی سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس سے کوئی مسئلہ پوچھا گیا، اس نے اس کو چھپا لیا تو قیامت کے دن اس کو آگ کی لگام ڈال کر لایا جائے گا۔

✣✣ اس حدیث کو محدثین رحمۃ اللہ علیہم عموماً کثیر جامع اسنادوں کے ساتھ روایت کرتے ہیں۔ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے اپنے شیخ ابوعلی حافظ سے اس باب سے متعلق پوچھا کہ عطاء کی ان اسنادوں میں سے کوئی ''سند'' صحیح بھی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ میں نے پوچھا: کیوں؟ انہوں نے جواب دیا: اس لئے کہ عطاء کا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں ہے بلکہ عطاء اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ایک واسطے سے یہ حدیث منقول ہے (جیسا کہ درج ذیل اسناد سے ظاہر ہے)

345- اَخْبَرَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ مَرْوَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ رَّجُلٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهُ اَلْجَمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِّنْ نَارٍ فَقُلْتُ لَهُ قَدْ اَخْطَاَ فِيْهِ اَزْهَرُ بْنُ مَرْوَانَ، اَوْ شَيْخُكُمُ ابْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ، وَغَيْرُ مُسْتَبْعَدٍ مِّنْهُمَا الْوَهْمُ

فَقَدْ حَدَّثَنَا بِالْحَدِيْثِ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، قَالاَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ رَّجُلٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيْ

هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ عِنْدَهُ فَكَتَمَهُ اَلْجَمَهُ اللّٰهُ بِلِجَامٍ مِّنْ نَارٍ يَّوْمَ الْقِيَامَةِ فَاسْتَحْسَنَهُ اَبُوْ عَلِيٍّ وَّاعْتَرَفَ لِيْ بِهِ، ثُمَّ لَمَّا جَمَعْتُ الْبَابَ وَجَدْتُّ جَمَاعَةً ذَكَرُوْا فِيْهِ سَمَاعَ عَطَاءٍ مِّنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَوَجَدْنَا الْحَدِيْثَ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ لَا غُبَارَ عَلَيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

❖❖ میں نے ان سے کہا: اس میں ازہر بن مروان یا تمہارے شیخ ابن احمد الواسطی سے خطاء ہوئی ہے اوران سے وہم کا ہونا کوئی بعید از قیاس بات نہیں ہے کیونکہ یہی حدیث ہمیں مسلم بن ابراہیم پھر عبدالوارث بن سعید پھر علی بن الحکم پھر ایک شخص پھر عطاء نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی بیان کی ہے اور اس حدیث کو ابوعلی نے مستحسن سمجھا ہے اور اس سلسلہ میں انہوں نے میرا اعتراف بھی کیا ہے پھر جب میں نے باب جمع کرلیا تو محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی ایک تعداد کو پایا جنہوں نے عطاء کے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع کا ذکر کیا ہے علاوہ ازیں یہ حدیث ہمیں ایک دوسری صحیح سند کے ہمراہ عبداللہ بن عمرو کے حوالے سے بھی مل گئی جس پر کسی قسم کا کوئی غبار نہیں ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

346- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ كَتَمَ عِلْمًا اَلْجَمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِّنْ نَارٍ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ الْمِصْرِيِّيْنَ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ، وَفِي الْبَابِ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ غَيْرِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ.

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی یہ حدیث مروی ہے۔

❖❖ یہ اسناد صحیح ہے، مصری ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے اور اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے اور اس موضوع پر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ بھی صحابہ کی ایک پوری جماعت سے روایات منقول ہیں۔

347- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ اَنْبَاَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ اَنْبَاَ بْنُ وَهْبٍ قَالَ

حدیث 345:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3658 اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2649 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 264 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 7561 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 95 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 2585 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ه 1985ء رقم الحديث: 160 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 8251 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ه/ 1986ء رقم الحديث: 432 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ه رقم الحديث: 26543

سَمِعْتُ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ يُحَدِّثُ عَنْ بَيَانَ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ عَنْ قُرْظَةَ بْنِ كَعْبٍ قَالَ خَرَجْنَا نُرِيْدُ الْعِرَاقَ فَمَشٰى مَعَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِلٰى صِرَارٍ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ قَالَ أَتَدْرُوْنَ لِمَ مَشَيْتُ مَعَكُمْ قَالُوْا نَعَمْ نَحْنُ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشَيْتَ مَعَنَا قَالَ إِنَّكُمْ تَأْتُوْنَ أَهْلَ قَرْيَةٍ لَّهُمْ دَوِيٌّ بِالْقُرْآنِ كَدَوِيِّ النَّحْلِ فَلَا تُبْدُوْنَهُمْ بِالْأَحَادِيْثِ فَيُشْغِلُوْنَكُمْ جَرِّدُوا الْقُرْآنَ وَأَقِلُّوا الرِّوَايَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَامْضُوْا وَأَنَا شَرِيْكُكُمْ فَلَمَّا قَدِمَ قُرْظَةُ قَالُوْا حَدِّثْنَا قَالَ نَهَانَا ابْنُ الْخَطَّابِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ لَهُ طُرُقٌ تَجْمَعُ وَيُذَاكِرُ بِهَا وَقُرْظَةُ بْنُ كَعْبٍ الْأَنْصَارِيُّ صَحَابِيٌّ سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ شَرْطِنَا فِي الصَّحَابَةِ أَنْ لَّا نَطْوِيْهِمْ وَأَمَّا سَائِرُ رُوَاتِهِ فَقَدِ احْتَجَّا بِهِ.

✧✧ حضرت قرظہ بن کعب فرماتے ہیں: ہم عراق کی طرف جانے کے ارادے سے نکلے تو مقام صرار تک حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی ہمارے ساتھ تھے۔ایک مقام پر آپ نے وضو کیا اور فرمانے لگے: تمہیں معلوم ہے کہ میں تمہارے ساتھ کیوں آیا ہوں؟ صحابہ نے جواب دیا: اس لئے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں۔آپ نے فرمایا: (میرے تمہارے ساتھ آنے کی وجہ ایک نصیحت کرنا ہے اور وہ یہ ہے کہ) تم ایسی بستی میں جا رہے ہو، جہاں کے رہنے والے قرآن پاک کی تلاوت (اتنے خوبصورت انداز سے) کرتے ہیں جیسے شہد کی مکھی کی بھنبھناہٹ ہوتی ہے، تم ان کو احادیث سنا کر ان کی توجہ قرآن سے نہ ہٹانا۔وہاں پر صرف قرآن ہی پڑھنا اور ان کے ہاں زیادہ احادیث نہیں پڑھنا اور یاد رکھنا میں بھی تمہارا شریک ہوں۔پھر جب یہ لوگ قرظہ میں پہنچے تو انہوں نے ان سے حدیث سنانے کی فرمائش کی تو انہوں نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ ہمیں "ابن خطاب رضی اللہ عنہ" نے منع کیا ہے۔

❖ یہ حدیث "صحیح الاسناد" ہے، اس کے متعدد طرق ہیں اور محدثین کرام رحمۃ اللہ علیہم اس حدیث کو عموماً بیان کرتے ہیں اور قرظہ بن کعب انصاری رضی اللہ عنہ صحابی رسول ہیں۔ان کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع ثابت ہے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں ہماری شرط یہ تھی کہ ہم انہیں نظر انداز نہیں کریں گے اور اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں (قرظہ کی روایت درج ذیل ہے)

348- حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى قُرْظَةَ بْنِ كَعْبٍ، وَأَبِيْ مَسْعُوْدٍ، وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فَإِذَا عِنْدَهُمْ جَوَارِيْ يُغَنِّيْنَ، فَقُلْتُ لَهُمْ: أَتَفْعَلُوْنَ هٰذَا وَأَنْتُمْ أَصْحَابُ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوْا: إِنْ كُنْتَ تَسْمَعُ وَإِلَّا فَامْضِ، فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لَنَا فِي اللَّهْوِ فِي الْعُرْسِ، وَفِي الْبُكَاءِ عِنْدَ الْمَيِّتِ

✧✧ عامر بن سعد البجلی کہتے ہیں: میں حضرت قرظہ بن کعب اور حضرت ابومسعود اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہم کے پاس

حديث 347:

اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 279

گیا تو ان کے پاس چھوٹی بچیاں گانا گا رہی تھیں۔ میں نے ان سے کہا: تم رسول پاک ﷺ کے صحابی ہو کر گانے سن رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: اگر تم سننا چاہتے ہو تو سنو، ورنہ چپ کر کے چلے جاؤ۔ کیونکہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے خوشی کے موقع پر ''لہو'' کی اور فوتگی کے وقت ''رونے'' کی اجازت دی ہے۔

349۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي نُعَيْمَةَ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، بِاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ، فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنِ اسْتَشَارَهُ اَخُوهُ فَاَشَارَ عَلَيْهِ بِغَيْرِ رُشْدِهٖ فَقَدْ خَانَهُ، وَمَنْ اَفْتٰى بِفُتْيَا غَيْرِ ثَبْتٍ فَاِنَّمَا اِثْمُهُ عَلٰى مَنْ اَفْتَاهُ تَابَعَهُ يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے میرے حوالے سے ایسی بات کہی جو (حقیقت میں) میں نے نہیں کہی، وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے اور جس سے مشورہ مانگا گیا ہو، وہ اگر غلط مشورہ دے تو اس نے خیانت کی اور جو بلا تحقیق غلط فتویٰ جاری کرے، اس کا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہے۔

✣✣ بکر سے روایت کرنے میں ''یحییٰ بن ایوب'' نے ''سعید بن ابی ایوب'' کی متابعت کی ہے (جیسا کہ درج ذیل حدیث سے ظاہر ہے)

350۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي نُعَيْمَةَ، رَضِيعِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ وَكَانَ امْرَاً صِدْقٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ، فَلْيَتَبَوَّاْ بُنْيَانَهُ فِي جَهَنَّمَ، وَمَنْ اَفْتٰى بِغَيْرِ عِلْمٍ كَانَ اِثْمُهُ عَلٰى مَنْ اَفْتَاهُ، وَمَنْ اَشَارَ عَلٰى اَخِيهِ بِاَمْرٍ يَعْلَمُ اَنَّ الرُّشْدَ فِي غَيْرِهٖ فَقَدْ خَانَهُ

هٰذَا حَدِيثٌ قَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِرُوَاتِهٖ غَيْرِ هٰذَا، وَقَدْ وَثَّقَهُ بَكْرُ بْنُ عَمْرٍو الْمَعَافِرِيُّ وَهُوَ اَحَدُ اَئِمَّةِ اَهْلِ مِصْرَ وَالْحَاجَةُ بِنَا اِلٰى لَفْظَةِ التَّثَبُّتِ فِي الْفُتْيَا شَدِيدَةٌ

✧✧ یحییٰ بن ایوب کی سند سے بھی یہی حدیث مروی ہے تاہم اس کے الفاظ میں کچھ تغیر ہے۔

✣✣ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل کی ہیں۔ سوائے اس کے اور بکر بن عمرو المعافری نے اس کی توثیق کی ہے اور یہ اہل مصر کے ائمہ میں سے ہیں اور فتویٰ کے حوالے سے لفظ ''ثبت'' کی شدید حاجت ہوتی ہے۔

351۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي هَانِءٍ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَيَكُونُ فِي اٰخِرِ الزَّمَانِ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِي يُحَدِّثُونَكُمْ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوا اَنْتُمْ وَلَا

ابَاؤُكُمْ فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ ذَكَرَهُ مُسْلِمٌ فِيْ خِطْبَةِ الْكِتَابِ مَعَ الْحِكَايَاتِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ فِيْ اَبْوَابِ الْكِتَابِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا، وَمُحْتَاجٌ اِلَيْهِ فِي الْجَرْحِ وَالتَّعْدِيلِ وَلَا اَعْلَمُ لَهُ عِلَّةً.

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آخری زمانے میں میری امت کے کچھ لوگ تمہیں ایسی حدیثیں سنائیں گے جو نہ تم نے کبھی سنی ہونگی، نہ تمہارے آباؤ اجداد نے سنی ہونگی۔ ایسے لوگوں سے بچ کر رہنا۔

✤✤ اس حدیث کو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے حکایات کے ساتھ ذکر کیا ہے، کتاب کے ابواب میں اس کو کہیں درج نہیں کیا حالانکہ یہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار پر ہیں اور جرح وتعدیل میں اسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے اور اس حدیث میں مجھے کوئی علت بھی نہیں ملی۔

352۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَمَّارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ وَمَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ الْإِقْتِصَادُ فِي السُّنَّةِ أَحْسَنُ مِنَ الْإِجْتِهَادِ فِي الْبِدْعَةِ رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ.

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' سنت پر سختی سے کاربند رہنا، بدعت میں اجتہاد سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔

✤✤ اس حدیث کو ثوری نے ''اعمش'' کی سند سے ''مالک بن الحارث'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔

(وہ روایت درج ذیل ہے)

353۔ أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْمَحْبُوبِي حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَيَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُسْنَدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ إِنَّمَا أَخْرَجَا فِي هٰذَا النَّوْعِ حَدِيْثَ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَإِنَّمَا هُمَا اثْنَتَانِ الْهَدْيُ وَالْكَلَامُ فَأَفْضَلُ الْكَلَامِ كَلَامُ اللّٰهِ وَأَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَدِيْثَ.

حديث: 351

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 6 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 8250 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 6766 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 6384 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع اول) 1412ھ/1991ء' رقم الحديث: 332

حديث: 352

اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 217

✧✧ حضرت اعمش رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی یہ روایت منقول ہے۔

❖❖ یہ حدیث مسند ہے ''صحیح'' ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار پر ہے لیکن دونوں میں سے کسی نے بھی اسے روایت نہیں کیا۔ تاہم اس موضوع پر ابواسحاق کی وہ روایت نقل کی ہے، جس کی سند ''ابوالاحوص'' کے ذریعے ''عبداللہ'' تک پہنچتی ہے (حدیث یہ ہے) چیزیں دو ہی ہیں، ہدایت اور کلام۔ سب سے اچھا کلام ''اللہ کا کلام'' ہے اور سب سے اچھی ہدایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت ہے (اس کے بعد پوری حدیث ذکر کی ہے)

354- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، وَاَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُورٍ الْعَدْلُ، وَاَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوبَ الثَّقَفِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ اَخِيهِ عَبَّادِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو فَيَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْاَرْبَعِ: مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَدُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا عَبَّادَ بْنَ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيَّ، لَا لِجَرْحٍ فِيهِ بَلْ لِقِلَّةِ حَدِيثِهِ وَقِلَّةِ الْحَاجَةِ اِلَيْهِ، وَقَدْ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَلَمْ يَذْكُرْ اَخَاهُ عَبَّادًا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم یوں دعا مانگا کرتے تھے ''اے اللہ! میں چار چیزوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ (۱) ایسے علم سے، جس سے نفع حاصل نہ ہو (۲) ایسے دل سے، جس میں تیرا خوف نہ ہو (۳) ایسے نفس سے، جو کبھی

حدیث 354:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1548 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3482 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ه 1986ء رقم الحديث: 5442 اخرجه ابوعبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 250 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 6557 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 83 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/ 1991ء رقم الحديث: 7869 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 2845 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 2270 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 2007 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره (طبع اول) 1412ه/1991ء رقم الحديث: 426 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ه/ 1986ء رقم الحديث: 1466 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ه رقم الحديث: 29128

سیر نہ ہو (۴) اور ایسی دعا سے، جو قبول نہ ہو۔

✤✤ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عباد بن ابی سعید المقبری کی روایات نقل نہیں کی ہیں (اور اس حدیث میں انہی کا نام آتا ہے) اس کی وجہ یہ نہیں کہ ''عباد'' پر کسی نے جرح کی ہے بلکہ صرف اس لئے کہ ان کی مرویات بہت کم ہیں اور حدیث کے سلسلہ میں ان کی محتاجی بہت کم ہے۔ اسی حدیث کو ''محمد بن عجلان'' نے ''سعید المقبری'' کے حوالے سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے لیکن اس میں اپنے بھائی عباد کا ذکر نہیں کیا۔

355۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَشْعَثِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ، وَهَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ سُلَيْمَانُ بْنُ حِبَّانَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو فَيَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْاَرْبَعِ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَدُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ

وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ مِّنْ رِوَايَةِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ محمد بن عجلان رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی یہ حدیث منقول ہے۔ اس حدیث کی ایک صحیح حدیث شاہد بھی ہے جو کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے

(حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

356۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيْفَةَ، عَنْ حَفْصِ بْنِ اَخِي اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَدُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ، وَيَقُوْلُ فِيْ اٰخِرِ ذٰلِكَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعِ وَقَدْ بَلَغَنِيْ اَنَّ مُسْلِمَ بْنَ الْحَجَّاجِ اَخْرَجَهُ مِنْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی یہ حدیث مروی ہے، تاہم اس کے آخر میں یہ الفاظ زائد ہیں ''اے اللہ! میں ان چاروں چیزوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

✤✤ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) مجھے یہ بھی اطلاع ملی ہے کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے زید بن ارقم کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا نقل کی ہے۔

357۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الضَّرِيْرِ بِالرَّيِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ فَضْلٍ الْاٰدَمِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَاجِيَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ

سَعْدٍ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَتْ لِي قُرَيْشٌ: تَكْتُبُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّمَا هُوَ بَشَرٌ يَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُ الْبَشَرُ، فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّ قُرَيْشًا، تَقُوْلُ: تَكْتُبُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّمَا هُوَ بَشَرٌ يَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُ الْبَشَرُ، قَالَ: فَاَوْمَى لِي شَفَتَيْهِ، فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا يَخْرُجُ مِمَّا بَيْنَهُمَا إِلَّا حَقٌّ فَاكْتُبْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ اَصْلٌ فِي نَسْخِ الْحَدِيْثِ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيعِ رُوَاتِهِ إِلَّا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ قَيْسٍ وَّهُوَ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ الشَّامِ، وَابْنُهُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الدِّمَشْقِيُّ اَحَدُ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ، وَقَدْ رَوٰى عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ مِنْهُمْ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، وَاَبُوْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ، وَوَاثِلَةُ بْنُ الْاَسْقَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَرَوَى الْاَوْزَاعِيُّ اَحَادِيْثَ وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ قَدِ اتَّفَقَا عَلٰى اِخْرَاجِهِ عَلٰى سَبِيْلِ الْاِخْتِصَارِ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ قَالَ: لَيْسَ اَحَدٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ حَدِيْثًا مِّنِّي إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، فَإِنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ وَكُنْتُ لَا اَكْتُبُ، وَعَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَخِيهِ هَمَّامٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ نَحْوَهُ، فَاَمَّا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ قَيْسٍ، وَحَدِيْثُهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَقَدْ وَجَدْتُ لَهُ فِيْهِ شَاهِدًا مِّنْ حَدِيْثِ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، وَقَدْ سَمِعْتُ اَبَا الْوَلِيْدِ حَسَّانَ بْنَ مُحَمَّدٍ الْفَقِيْهَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ سُفْيَانَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ إِسْحَاقَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيَّ، يَقُوْلُ: إِذَا كَانَ الرَّاوِي عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ثِقَةً، فَهُوَ كَاَيُّوْبَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، فَاَمَّا حَدِيْثُ الشَّاهِدِ.

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ قریش نے مجھے کہا: تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر بات نوٹ کر لیتے ہو حالانکہ ایک عام انسان کی طرح ان کو بھی تو غصہ آتا ہے (اور کبھی غصہ میں غلط بات بھی منہ سے نکل سکتی ہے) (عبداللہ کہتے ہیں) میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور قریش کی بات آپ کو کہہ سنائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہونٹوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، ان (یعنی ہونٹوں) سے صرف حق ہی نکلتا ہے، اس لئے (بے خوف ہو کر ہر بات) لکھ لیا کرو۔

✧✧ یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث نقل کرنے میں اصل ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے نقل نہیں کیا حالانکہ دونوں نے اس حدیث کے عبدالواحد بن قیس کے سوا تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور

حديث 358:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 6930 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 484 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 26428

یہ اہل شام میں سے ہیں، شیخ الحدیث ہیں۔ اور ان کے بیٹے عبدالواحد الدمشقی کا شمار ائمہ حدیث میں ہوتا ہے اور عبدالواحد بن قیس نے متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حدیث روایت کی ہے، ان میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ اور واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کے اسمائے گرامی شامل ہیں اور اوزاعی نے ان سے متعدد احادیث روایت کی ہیں۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جس کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ہمام بن منبہ کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مختصراً نقل کیا ہے (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں عبداللہ بن عمرو کے علاوہ اور کسی نے بھی مجھ سے زیادہ حدیثیں روایت نہیں کی ہیں کیونکہ وہ حدیث لکھ لیا کرتے تھے اور میں لکھا نہیں کرتا تھا اور عمرو بن دینار پھر وہب بن منبہ پھر ان کے بھائی ہمام اور پھر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی اسی طرح کی حدیث مروی ہے اور عبدالواحد بن قیس اور ان کی عبداللہ بن عمرو سے روایت کردہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی مجھے مل گئی جو کہ عمرو بن شعیب سے مروی ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ ابوالولید حسان بن محمد الفقیہ، وہ حسن بن سفیان اور وہ اسحاق بن ابراہیم الحنظلی کا بیان نقل کرتے ہیں کہ جب عمرو بن شعیب سے روایت کرنے والا ثقہ ہو تو اس سند کی قوت ''ایوب عن نافع عن ابن عمر'' کی سند والی حدیث جیسی ہو جاتی ہے۔

358۔ فَحَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ أَنْبَأَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ أَنْبَأَ ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلْمَانَ عَنْ عَقِيلِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ أَنَّ شُعَيْباً حَدَّثَهُ وَمُجَاهِداً أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو حَدَّثَهُمْ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَكْتُبُ مَا أَسْمَعُ مِنْكَ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ عِنْدَ الْغَضَبِ وَعِنْدَ الرِّضَا قَالَ نَعَمْ إِنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِي أَنْ أَقُولَ إِلَّا حَقّاً فَلْيَعْلَمْ طَالِبُ هٰذَا الْعِلْمِ أَنَّ أَحَداً لَمْ يَتَكَلَّمْ قَطُّ فِي عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ وَإِنَّمَا تَكَلَّمَ مُسْلِمٌ فِي سَمَاعِ شُعَيْبٍ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فَإِذَا جَاءَ الْحَدِيثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فَإِنَّهُ صَحِيحٌ عَلٰى أَنِّي إِنَّمَا ذَكَرْتُهُ شَاهِداً لِحَدِيثِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ قَيْسٍ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيثُ بِعَيْنِهِ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهِكٍ.

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ایک مرتبہ عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں جو کچھ آپ سے سنتا ہوں، کیا لکھ لیا کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں (لکھ لیا کرو) میں نے عرض کی: عام حالت اور غصہ کی حالت کی تمام باتیں لکھا کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ میں حق کے بغیر کچھ بولتا ہی نہیں ہوں (خواہ حالت کیسی بھی ہو)

❖❖ اس علم کے طلبگار کو پتہ ہونا چاہئے کہ ''عمرو بن شعیب'' پر کسی نے اعتراض نہیں کیا، ہاں امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شعیب کے عبداللہ بن عمرو سے سماع پر کلام کیا ہے لیکن جب عمرو بن شعیب کی روایت مجاہد کے واسطے سے عبداللہ بن عمرو سے ثابت ہو چکی ہے تو یہ ''صحیح'' ہے۔ ویسے بھی میں نے یہ حدیث، عبدالواحد بن قیس کی حدیث کے شاہد کے طور پر نقل کی ہے اور بعینہ یہی حدیث ''یوسف بن مالک'' کے حوالے سے بھی منقول ہے

(یوسف بن مالک کی روایت درج ذیل ہے)

359۔ أَخْبَرَنَا أَبُو عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُورٍ

الْحَارِثِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا أَبُو الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَخْنَسِ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: كُنْتُ أَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ أَسْمَعُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُرِيدُ حِفْظَهُ فَنَهَتْنِي قُرَيْشٌ، وَقَالُوا: تَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ تَسْمَعُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَشَرٌ يَتَكَلَّمُ فِي الرِّضَاءِ وَالْغَضَبِ؟ قَالَ: فَأَمْسَكْتُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اكْتُبْ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا خَرَجَ مِنْهُ إِلَّا حَقٌّ وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى فِيهِ

رُوَاةُ هٰذَا الْحَدِيثِ قَدِ احْتَجَّا بِهِمْ، عَنْ آخِرِهِمْ غَيْرِ الْوَلِيدِ هٰذَا، وَأَظُنُّهُ الْوَلِيدُ بْنُ أَبِي الْوَلِيدِ الشَّامِيُّ، فَإِنَّهُ الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، وَقَدْ عَلِمْتُ عَلَى أَبِيهِ الْكِتْبَةَ، فَإِنْ كَانَ كَذٰلِكَ فَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِهِ، وَقَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَةُ عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ قَالَ: قَيِّدُوا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ.

✧✧ یوسف بن ماہک کے حوالے سے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا یہ بیان منقول ہے (آپ کہتے ہیں) میں جو کچھ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنتا، اس کو لکھ لیا کرتا تھا بلکہ اس کو یاد کرنے کی بھی کوشش کیا کرتا تھا۔ اس پر قریش نے مجھے ٹوکا اور کہنے لگے: تم جو کچھ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنتے ہو، وہ سب کچھ لکھ لیتے ہو حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک انسان ہیں کبھی وہ عام حالت میں ہوتے ہیں اور کبھی غصہ کی حالت میں ہوتے ہیں (عبداللہ کہتے ہیں) انہوں نے مجھے روک دیا، میں نے یہ سارا ماجرا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہہ سنایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لکھا کرو۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اپنے منہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے، اس سے حق کے سوا کچھ نہیں نکلتا۔

❖❖ ولید کے علاوہ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں اور میرا یہ خیال ہے کہ یہ ولید ابوولید شامی کا بیٹا ہے اور وہ ولید بن عبداللہ ہے اور میں جانتا ہوں کہ ان کا والد حدیث لکھا کرتا تھا اگر ولید سے یہی ولید مراد ہیں تو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی روایات نقل کی ہیں اور امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان تو پایہ صحت تک پہنچا ہوا ہے کہ ''علم کو لکھ کر قید کرلو'' (جیسا کہ درج ذیل حدیث میں واضح ہے)۔

360۔ حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ قَيِّدُوا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ وَكَذٰلِكَ الرِّوَايَةُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ صَحِيحٌ مِنْ قَوْلِهِ وَقَدْ أُسْنِدَ مِنْ وَجْهٍ غَيْرِ مُعْتَمِدٍ فَأَمَّا الرِّوَايَةُ مِنْ قَوْلِهِ.

❖❖ یونہی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا ایک ''صحیح'' قول بھی منقول ہے۔ اس کو ایک غیر معتمد طریقے سے مسند بھی قرار دیا گیا ہے۔ (ان کا قول درج ذیل ہے)

361۔ فَحَدَّثَنَاهُ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ التَّاجِرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ لِبَنِيهِ قَيِّدُوا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ أَسْنَدَهُ بَعْضُ الْبَصْرِيِّينَ عَنِ الْأَنْصَارِيِّ وَكَذٰلِكَ أَسْنَدَهُ شَيْخٌ مِّنْ أَهْلِ مَكَّةَ غَيْرُ مُعْتَمِدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ.

✧✧ حضرت ثمامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے بچوں سے کہا کرتے تھے: علم کو لکھ کر قید کرلو۔

✣ بعض بصری راویوں نے اس کی سند کو عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ کے ذریعے متصل کیا ہے، یونہی ایک مکی شیخ نے غیر معتمد طریق سے اس کو ابن جریج سے متصل کیا ہے۔ (ابن جریج والی سند درج ذیل ہے)

362۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ، أَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ، وَأَخْبَرَنِي أَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيهُ بِبُخَارَى، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَيِّدُوا الْعِلْمَ، قُلْتُ: وَمَا تَقْيِيدُهُ؟ قَالَ: كِتَابَتُهُ

✧✧ حضرت ابن جریج، عطاء رضی اللہ عنہ کے ذریعے، عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں (آپ نے فرمایا) علم کو قید کرو (عبداللہ کہتے ہیں) میں نے عرض کی: اس کو کیسے قید کریں؟ فرمایا: لکھ کر۔

363۔ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي بِمَرْوَ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَنْبَأَ جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ لِرَجُلٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ هَلُمَّ فَلْنَسْأَلْ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّهُمُ الْيَوْمَ كَثِيرٌ فَقَالَ وَاعَجَباً لَكَ يَا بْنَ عَبَّاسٍ أَتَرَى النَّاسَ يَفْتَقِرُونَ إِلَيْكَ وَفِي النَّاسِ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فِيهِمْ قَالَ فَتَرَكْتُ ذَاكَ وَأَقْبَلْتُ أَسْأَلُ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنْ كَانَ يَبْلُغُنِي الْحَدِيثُ عَنِ الرَّجُلِ فَآتِي بَابَهُ وَهُوَ قَائِلٌ فَأَتَوَسَّدُ رِدَائِي عَلَى بَابِهِ يَسْفِي الرِّيحُ عَلَيَّ مِنَ التُّرَابِ فَيَخْرُجُ فَيَرَانِي فَيَقُولُ يَا بْنَ عَمِّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا جَاءَ بِكَ هَلَّا أَرْسَلْتَ إِلَيَّ فَآتِيَكَ فَأَقُولُ لَا أَنَا أَحَقُّ أَنْ آتِيَكَ قَالَ فَأَسْأَلُهُ عَنِ الْحَدِيثِ فَعَاشَ هٰذَا الرَّجُلُ الْأَنْصَارِيُّ حَتَّى رَآنِي وَقَدِ اجْتَمَعَ النَّاسُ حَوْلِي يَسْأَلُونِي فَيَقُولُ هٰذَا الْفَتَى كَانَ أَعْقَلَ مِنِّي

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَهُوَ أَصْلٌ فِي طَلَبِ الْحَدِيثِ وَتَوْقِيرِ الْمُحَدِّثِ.

✧✧ حضرت (عبداللہ) ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد، میں نے ایک انصاری صحابی رضی اللہ عنہ سے کہا: آج تو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی کثیر تعداد میں موجود ہیں، میرے ساتھ چلو، ان سے دین کے متعلق کچھ پوچھ

حدیث 363:

اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء رقم الحدیث: 570 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 10592

لیتے ہیں اس نے جواب دیا: اے ابن عباس! تیرے اوپر بڑا تعجب ہے، تیرا کیا خیال ہے؟ (دین کے معاملہ میں) لوگ تیرے محتاج ہونگے، حالانکہ لوگوں میں اور بھی بہت سارے صحابی رسول موجود ہیں (ابن عباس رضی اللہ عنہما) کہتے ہیں: میں نے اسے چھوڑا اور خود ہی اصحاب رسول سے، رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث پوچھنا شروع کر دیں، مجھے کسی صحابی کے بارے میں پتہ چلتا کہ اس کے پاس رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث موجود ہے تو میں اس کے دروازے پر جا کر، اپنی چادر کا تکیہ بنا کر بیٹھا رہتا۔ ہواؤں کی وجہ سے گرد وغبار اڑ کر میرے اوپر پڑتی رہتی (پھر جب وہ اپنی مرضی سے) گھر سے باہر نکلتا تو مجھے دروازے پر دیکھ کر کہتا: اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بھتیجے! تم یہاں کیوں چلے آئے؟ آپ مجھے حکم کرتے، میں خود آپ کے در دولت پر حاضر ہو جاتا (ابن عباس کہتے ہیں) میں اس سے کہتا: نہیں۔ میرا آپ کے پاس آنے کا زیادہ حق بنتا تھا، پھر میں اس سے حدیث پوچھتا۔ وہ انصاری صحابی رضی اللہ عنہ بھی بعد میں کافی عرصے تک زندہ رہا، وہ دیکھا کرتا کہ لوگ میرے ارد گرد جمع ہوتے اور دین کے متعلق مسائل دریافت کرتے ہیں تو وہ شخص یہ دیکھ کر کہا کرتا تھا: یہ نوجوان مجھ سے زیادہ عقل مند ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے اور یہ حدیث طلبِ حدیث اور احترامِ محدث کے حوالے سے دلیل بھی ہے۔

364۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ يُوْسُفَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، اَخْبَرَنِىْ ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِىْ يُوْنُسُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: تَفَرَّقَ النَّاسُ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، فَقَالَ لَهُ نَاتِلٌ اَخُو اَهْلِ الشَّامِ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، حَدِّثْنَا مَا سَمِعْتَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اَوَّلَ النَّاسِ يُقْضٰى فِيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلَاثَةٌ: رَجُلٌ اسْتُشْهِدَ فَاُتِىَ بِهٖ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ فَعَرَفَهَا، فَقَالَ: مَا عَمِلْتَ فِيْهَا؟ قَالَ: قَاتَلْتُ فِىْ سَبِيْلِكَ حَتّٰى اسْتُشْهِدْتُّ، قَالَ: كَذَبْتَ، اِنَّمَا اَرَدْتَّ اَنْ يُّقَالَ فُلَانٌ جَرِىْءٌ، فَقَدْ قِيْلَ، فَيُؤْمَرُ بِهٖ فَيُسْحَبُ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى اُلْقِىَ فِى النَّارِ، وَرَجُلٌ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ وَقَرَاَ الْقُرْاٰنَ فَاُتِىَ بِهٖ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ فَعَرَفَهَا، فَقَالَ: مَا عَمِلْتَ فِيْهَا؟ قَالَ: تَعَلَّمْتُ الْعِلْمَ وَقَرَاْتُ الْقُرْاٰنَ وَعَمِلْتُهُ فِيْكَ، قَالَ: كَذَبْتَ، اِنَّمَا اَرَدْتَّ اَنْ يُّقَالَ فُلَانٌ عَالِمٌ، وَفُلَانٌ قَارِءٌ، فَقَدْ قِيْلَ، فَاُمِرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى اُلْقِىَ فِى النَّارِ، وَرَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ مِنْ اَنْوَاعِ الْمَالِ، فَاُتِىَ بِهٖ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ فَعَرَفَهَا، فَقَالَ: مَا عَمِلْتَ فِيْهَا؟ قَالَ: مَا تَرَكْتُ مِنْ شَىْءٍ تُحِبُّ اَنْ اُنْفِقَ فِيْهِ اِلَّا اَنْفَقْتُ فِيْهِ لَكَ، قَالَ: كَذَبْتَ، اِنَّمَا اَرَدْتَّ اَنْ يُّقَالَ فُلَانٌ جَوَادٌ، فَقَدْ قِيْلَ، فَاُمِرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى اُلْقِىَ فِى النَّارِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ، وَيُوْنُسُ بْنُ يُوْسُفَ هُوَ ابْنُ

حدیث 364:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 3137

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحديث: 4345

اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء، رقم الحديث: 309

عَـمْـرِو بْـنِ حِـمَـاسٍ الَّـذِیْ یَرْوِیْ عَنْهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ فِی الْمُوَطَّاِ، وَمَالِكٌ الْحَكَمُ فِیْ كُلِّ مَنْ رَّوٰی عَنْهُ، وَقَدْ خَرَّجَهُ مُسْلِمٌ.

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے روز سب سے پہلے تین آدمیوں کا فیصلہ کیا جائے گا (۱) ایسا آدمی جو شہید ہوا ہوگا، اللہ تعالیٰ اس سے اپنی نعمتوں کا اقرار کروائے گا، وہ سب نعمتوں کا اعتراف کرلے گا، پھر اللہ تعالیٰ اس سے پوچھے گا: تو نے ان نعمتوں کے عوض کیا عمل کیا؟ وہ کہے گا: میں تیری راہ میں جہاد کرتا رہا حتیٰ کہ میں شہید ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تو جھوٹ بول رہا ہے، تو اس لئے شہید ہوا ہے کہ تجھے بہادر کہا جائے، سو کہہ لیا گیا۔ پھر ملائکہ کو حکم دیا جائے گا، وہ اسے اوندھے منہ گھسیٹ کر جہنم میں پھینک دیں گے۔ (۲) ایسا شخص جس نے علم حاصل کیا اور قرآن پڑھا ہوگا، اس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا جائے گا، اللہ تعالیٰ اس کو نعمتوں کا اعتراف کروائے گا، وہ سب نعمتوں کا اعتراف کرے گا، اللہ تعالیٰ پوچھے گا: تو نے ان نعمتوں کے شکرانے میں کیا عمل کیا؟ وہ کہے گا: یا اللہ! میں نے علم سیکھا اور قرآن پاک پڑھا، سب تیری رضا کیلئے تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تو جھوٹ بول رہا ہے، تیری تو خواہش یہ تھی کہ تجھے عالم کہا جائے تجھے قاری کے القابات سے پکارا جائے، سو تجھے دنیا میں عالم اور قاری کہہ لیا گیا، اس کو بھی منہ کے بل گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ (۳) ایسا شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں مال و دولت دیا، اس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو اپنی نعمتیں یاد دلائے گا، وہ سب نعمتوں کا اعتراف کرلے گا، پھر اللہ تعالیٰ پوچھے گا: تو نے ان نعمتوں کے عوض میری رضا کی خاطر کیا عمل کیا؟ وہ کہے گا: یا الٰہی! تو نے مجھے جس چیز کے خرچ کرنے کو کہا، میں نے ہر وہ چیز تیری رضا کی خاطر خرچ کردی۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تو نے جھوٹ بولا۔ تیری خواہش تو یہ تھی کہ تجھے ''جواد و کریم'' کہا جائے، سو کہہ لیا گیا۔ اس کو بھی منہ کے بل گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ (اور اس کی سند میں جو) یونس بن یوسف ہیں وہ اس ''عمرو بن حماس'' کے بیٹے ہیں، جن کی روایات مالک بن انس رضی اللہ عنہ نے اپنی موطا میں نقل کی ہیں تو پھر ان لوگوں کے بارے میں کیا خیال ہے جن سے یونس نے روایات نقل کی ہیں اور ان کی روایات امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی نقل کی ہیں۔

365۔ اَخْبَـرَنِـیْ اَبُوْ بَـكْـرِ بْـنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیْهُ، مِنْ اَصْلِ كِتَابِهٖ، اَنْبَاَنَا عُبَیْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الْحَافِظُ الْـمَـعْـرُوْفُ بِـالْـعِجْلِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ زِیَادٍ سَبَلَانُ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا یُوْنُسُ وَهُوَ ابْنُ عُبَیْدٍ، عَنْ سَعِیْدٍ الْـمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ یَهْلِكُوْنَ عِنْدَ الْحِسَابِ: جَوَادٌ، وَشُجَاعٌ، وَعَالِمٌ

هٰذَا حَـدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰی شَرْطِهِمَا وَهُوَ غَرِیْبٌ شَاذٌّ اِلَّا اَنَّهٗ مُخْتَصَرٌ مِّنَ الْحَدِیْثِ الْاَوَّلِ شَاهِدٌ لَّهٗ.

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین لوگ حساب کے وقت ہلاک ہونگے۔

(۱) سخی (۲) بہادر (۳) عالم۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح الاسناد'' ہے اور یہ حدیث ''غریب شاذ'' ہے البتہ یہ گزشتہ حدیث سے ذرا مختصر ہے اور اس کی شاہد ہے۔

366۔ أَخْبَرَنَا أَبُوْ بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِي حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلْمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ لَوْلَا مَا أَخَذَ اللّٰهُ عَلَى أَهْلِ الْكِتَابِ مَا حَدَّثْتُكُمْ بِشَيْءٍ ثُمَّ تَلَا وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوْتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهُ!

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَا أَعْلَمُ لَهُ عِلَّةً وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ.

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے: اگر اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب سے عہد نہ لیا ہوتا تو میں تمہیں کچھ نہ بتاتا، پھر اس کے بعد حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوْتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهُ (آل عمران ۱۸۷)۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اور مجھے اس میں کوئی علت نہیں ملی۔

400- حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى بْنِ السَّكَنِ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ اَبُوْ سُحَيْمٍ، مَوْلٰى عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سَاَلَ رَبَّهُ اَرْبَعًا: سَاَلَ رَبَّهُ اَنْ لَّا يَمُوْتَ جُوْعًا فَاُعْطِيَ ذٰلِكَ، وَسَاَلَ رَبَّهُ اَنْ لَّا يَجْتَمِعُوْا عَلٰى ضَلَالَةٍ فَاُعْطِيَ ذٰلِكَ، وَسَاَلَ رَبَّهُ اَنْ لَّا يَرْتَدُّوا كُفَّارًا فَاُعْطِيَ ذٰلِكَ، وَسَاَلَ رَبَّهُ اَنْ لَّا يَغْلِبَهُمْ عَدُوٌّ لَّهُمْ فَيَسْتَبِيْحَ بَاْسَهُمْ فَاُعْطِيَ ذٰلِكَ، وَسَاَلَ رَبَّهُ اَنْ لَّا يَكُوْنَ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ فَلَمْ يُعْطَ ذٰلِكَ اَمَّا مُبَارَكُ بْنُ سُحَيْمٍ فَاِنَّهُ مِمَّنْ لَّا يَمْشِيْ فِيْ مِثْلِ هٰذَا الْكِتَابِ، لٰكِنِّيْ ذَكَرْتُهُ اضْطِرَارًا الْحَدِيْثُ الثَّالِثُ فِيْ حُجَّةِ الْعُلَمَآءِ بِاَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے چار چیزیں مانگی تھیں (۱) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ سے دعا مانگی کہ کسی کو اتنی بھوک نہ دے کہ وہ بھوک کی شدت کی تاب نہ لاتے ہوئے مر ہی جائے۔ یہ دعا قبول کر لی گئی (۲) اللہ سے دعا مانگی کہ یہ لوگ کبھی گمراہی پر جمع نہ ہوں، یہ دعا بھی قبول کر لی گئی (۳) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ سے دعا مانگی کہ دشمن ان پر غلبہ کر کے ان کو نقصان نہ پہنچا سکے، یہ بھی قبول کر لی گئی (۴) یہ دعا مانگی کہ ان کے آپس میں اختلافات نہ ہوں، یہ قبول نہیں کی گئی۔

❖ اس کی سند میں ایک راوی مبارک بن سحیم ہیں، اس طرح کے راویوں کی احادیث میں نے اس کتاب میں درج تو نہیں کی، البتہ یہ حدیث مجبوراً ذکر کر دی ہے۔

اجماع کے حجت ہونے پر ہمارے علماء کی دلیل میں تیسری حدیث درج ذیل ہے۔

401- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى الْقَاضِيُّ،

حدیث 401:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 4758 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 21600 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 10687 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة، بیروت، لبنان 1407ھ/1986ء، رقم الحدیث: 448

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُّطَرِّفٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ وُهْبَانَ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قِيدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ

✧✧ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جماعت سے ایک بالشت بھر بھی الگ ہوا، اس نے اسلام کا پٹا اپنے گلے سے اتار دیا۔

402۔ تَابَعَهٗ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الضَّبِّيُّ، عَنْ مُّطَرِّفٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ وُهْبَانَ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ خَالَفَ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ شِبْرًا، فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ خَالِدُ بْنُ وُهْبَانَ لَمْ يُجْرَحْ فِيْ رِوَايَاتِهٖ وَهُوَ تَابِعِيٌّ مَّعْرُوْفٌ اِلَّا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْمَتْنُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت خالد بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی یہ حدیث حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے، تاہم اس میں چند لفظوں کا تغیر ہے۔

✣ خالد بن وہبان معروف تابعی ہیں۔ روایات کے حوالے سے ان پر کسی نے جرح نہیں کی، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا اور یہی متن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے سند صحیح کے ساتھ منقول ہے جو کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے۔

403۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: كَتَبَ اِلَيَّ خَالِدُ بْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيدَ شِبْرٍ، فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ حَتّٰى يُرَاجِعَهٗ، وَقَالَ: مَنْ مَّاتَ وَلَيْسَ عَلَيْهِ اِمَامُ جَمَاعَةٍ، فَاِنَّ مَوْتَتَهٗ مَوْتَةٌ جَاهِلِيَّةٌ

الْحَدِيْثُ الرَّابِعُ فِيْمَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ اِجْمَاعَ الْعُلَمَآءِ حَجَّةٌ

✧✧ اس سند کے ساتھ بھی یہ حدیث عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے تاہم اس کے آخر میں یہ حرف زائد ہیں "جو شخص اس حالت میں مرا کہ اس کا کوئی امام جماعت نہ تھا وہ جاہلیت کی موت مرا"

چوتھی حدیث اس بارے میں کہ علماء کا اجماع حجت ہے۔

404۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ الْقَاضِيْ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ جَدِّهٖ،

حدیث 404:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 22961 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 3431 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1162

قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَارِثُ الْاَشْعَرِيُّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمُرُكُمْ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَمَرَنِي اللّٰهُ بِهِنَّ: الْجَمَاعَةُ، وَالسَّمْعُ، وَالطَّاعَةُ، وَالْهِجْرَةُ، وَالْجِهَادُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَمَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيدَ شِبْرٍ، فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ رَّاْسِهِ اِلَّا اَنْ يَّرْجِعَ رَوَاهُ بِطُوْلِهِ مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَامٍ، وَاَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ الْعَطَّارُ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ

اَمَا حَدِيْثُ مُعَاوِيَةَ،

✧✧ حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں پانچ چیزوں کا حکم دیتا ہوں جن کا حکم مجھے اللہ تعالیٰ نے دیا ہے۔(۱) جماعت (۲) احکام غور سے سننا (۳) اطاعت کرنا (۴) ہجرت (۵) اور جہاد فی سبیل اللہ۔ جو شخص جماعت سے بالشت بھر بھی الگ ہوا، اس نے اسلام کا پٹا اپنے گلے سے اتار دیا جب تک کہ وہ جماعت میں لوٹ کر نہ آجائے۔

✣✣ اسی تفصیل کے ساتھ اس حدیث کو معاویہ بن سلام اور ابان یزید العطار نے یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت کیا ہے۔

معاویہ کی حدیث درج ذیل ہے۔

405۔ فَحَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، اَنَّ حَفْصَ بْنَ عُمَرَ الْعُمَرِيَّ، حَدَّثَهُمْ قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَامٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، وَحَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ سَلَامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَامٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِي الْحَارِثُ الْاَشْعَرِيُّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِي بِخَمْسٍ اَعْمَلُ بِهِنَّ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ،

وَاَمَّا حَدِيْثُ اَبَانَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ،

ابان بن یزید کی یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت درج ذیل ہے۔

406۔ فَحَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا تَمِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، اَنَّ زَيْدًا، حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا سَلَامٍ حَدَّثَهُ اَنَّ الْحَارِثَ الْاَشْعَرِيَّ، حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسٍ يَّعْمَلُ بِهِنَّ، وَاَمَرَ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ اَنْ يَّعْمَلُوْا بِهِنَّ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، وَقَالَ فِيْهِ: اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُنِيْ بِخَمْسٍ فَذَكَرَهُ بِطُوْلِهِ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى مَا اَصَّلْنَاهُ فِي الصَّحَابَةِ، اِذَا لَمْ نَجِدْ لَهُمْ اِلَّا رَاوِيًا وَاحِدًا، فَاِنَّ الْحَارِثَ الْاَشْعَرِيَّ صَحَابِيٌّ مَّعْرُوفٌ، سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدَ بْنَ يَعْقُوْبَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الدُّوْرِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِيْنٍ، يَقُوْلُ: الْحَارِثُ الْاَشْعَرِيُّ لَهُ صُحْبَةٌ، وَلِهٰذِهِ اللَّفْظَةِ مِنَ الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے یحییٰ بن زکریا کو پانچ

چیزوں پر عمل کرنے کا حکم دیا اور بنی اسرائیل کو بھی انہی پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ پھر اس کے بعد پوری حدیث بیان کی جس میں یہ تذکرہ تھا کہ اللہ نے مجھے پانچ چیزوں کا حکم دیا ہے، اس کے بعد گزشتہ حدیث والی تفصیل موجود ہے۔

✣✣ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متعلق ہمارے قانون کے مطابق یہ حدیث صحیح ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے خواہ ایک ہی راوی نے روایت کی ہو، جب ان تک سند صحیح پہنچے گی ہم وہ روایت ذکر کریں گے اور حارث اشعری رضی اللہ عنہ معروف صحابی ہیں

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے ابوالعباس محمد بن یعقوب سے، انہوں نے دوری سے، انہوں نے یحییٰ بن معین سے سنا ہے کہ: حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ کو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل تھی اور حدیث کے ان الفاظ کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک فرمان شاہد موجود ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

407۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ دَارِمٍ الْحَافِظُ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ غَنَّامِ بْنِ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا دَخَلَ النَّارَ الْحَدِيْثُ الْخَامِسُ فِيْمَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

✧✧ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے جماعت سے بالشت بھر بھی علیحدگی اختیار کی وہ جہنم میں گیا۔

اجماع کی حجیت پر پانچویں حدیث۔

408۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الدَّارَبَرْدِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا الْعَقَبِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ وَاللَّفْظُ لَهُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا الْعَقَبِيُّ، حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ فَارَقَ اُمَّةً، اَوْ عَادَ اَعْرَابِيًّا بَعْدَ هِجْرَتِهِ فَلَا حُجَّةَ لَهُ قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ رِيَاحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ فَمَاتَ مَاتَ مَوْتَةً جَاهِلِيَّةً وَّهٰذَا الْمَتْنُ غَيْرُ ذَاكَ الْحَدِيْثُ السَّادِسُ فِيْمَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جوامت سے الگ ہوا یا ہجرت کے بعد لوٹ کر اپنے وطن آ گیا (قیامت کے دن اللہ کی بارگاہ سے چھوٹنے کیلئے) اس کے پاس کوئی دلیل نہیں ہوگی۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ''غیلان بن جریر'' پھر ''زیاد بن ریاح'' پھر ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: جو جماعت سے الگ ہوا، وہ جاہلیت کی موت مرا۔ اس کا متن گزشتہ متن سے تھوڑا مختلف ہے۔

اجماع کی حجیت پر چھٹی حدیث۔

409۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ اَبِيْ حَامِدٍ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْقَارِءُ، حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، قَالَ: اَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ لَيَالِيَ سَارَ النَّاسُ اِلٰى عُثْمَانَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ وَاسْتَذَلَّ الْاِمَارَةَ لَقِيَ اللّٰهَ وَلَا حُجَّةَ لَهُ سَمِعْتُ تَابَعَهُ اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ كَثِيْرٍ

✧✧ حضرت ربعی بن حراش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس رات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا گھیراؤ کیا گیا، میں اس رات ''حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ'' کے پاس گیا، تو انہوں نے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا: جس نے جماعت سے علیحدگی اختیار کی اور امارت کو براجانا وہ اللہ کی بارگاہ میں اس حال میں پیش ہوگا کہ اس کے پاس کوئی حجت نہیں ہوگی۔

❖❖ یہ حدیث ''کثیر بن ابی کثیر'' سے روایت کرنے میں ''ابوعاصم'' نے ''اسحاق بن سلیمان'' کی متابعت کی ہے (ان کی متابع حدیث درج ذیل ہے)

410۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنِيْ رِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشٍ، اَنَّهُ اَتٰى حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ بِبُرُوْدَةَ، وَكَانَتْ اُخْتُهُ تَحْتَ حُذَيْفَةَ: يَا رِبْعِيُّ، مَا فَعَلَ قَوْمُكَ ؟ وَذٰلِكَ زَمَنَ خَرَجَ النَّاسُ اِلٰى عُثْمَانَ، قَالَ: قَدْ خَرَجَ مِنْهُمْ نَاسٌ، قَالَ: فِيْمَنِيْ مِنْهُمْ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ، وَاسْتَذَلَّ الْاِمَارَةَ لَقِيَ اللّٰهَ وَلَا حُجَّةَ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ فَاِنَّ كَثِيْرَ بْنَ اَبِيْ كَثِيْرٍ كُوْفِيٌّ سَكَنَ الْبَصْرَةَ، رَوٰى عَنْهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، وَعِيْسٰى بْنُ يُوْنُسَ وَلَمْ يُذْكَرْ بِجَرْحٍ الْحَدِيْثُ السَّابِعُ فِيْمَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

✧✧ ابوعاصم کثیر بن ابی کثیر کے حوالے سے ربعی بن حراش کا یہ قول نقل کرتے ہیں: میں حذیفہ بن الیمان کے پاس گیا (ربعی بن حراش کی بہن حذیفہ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں) حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ربعی! تمہاری قوم نے کیا کیا؟ (یہ زمانہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خلاف بغاوت کا تھا) انہوں نے جواب دیا: میری قوم میں سے کچھ لوگوں نے بغاوت کی ہے لیکن میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ جس نے جماعت سے بالشت بھر علیحدگی اختیار کی اور امارت کو براجانا وہ اللہ کی بارگاہ میں جب پیش ہوگا تو (اپنے بچاؤ کیلئے) اس کے پاس کوئی حجت نہیں ہوگی۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے کیونکہ ''کثیر بن ابی کثیر'' کوفی، بصرہ میں رہا کرتے تھے، ان سے یحییٰ بن سعید القطان اور عیسیٰ بن یونس نے بھی روایت کی ہے لیکن چونکہ ان پر جرح ثابت ہے، اس لئے میں نے ان کی روایات نقل نہیں کی۔

اجماع کی حجیت پر ساتویں حدیث۔

411۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْفَاكِهِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ مَسَرَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ هَانِءٍ، اَنَّ اَبَا عَلِيٍّ

الْجَنْبِيَّ عَمْرو بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ثَلَاثَةٌ لَّا تَسْاَلْ عَنْهُمْ: رَجُلٌ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ وَعَصٰى اِمَامَهُ فَمَاتَ عَاصِيًا، وَاَمَةٌ اَوْ عَبْدٌ اَبَقَ مِنْ سَيِّدِهٖ فَمَاتَ، وَامْرَاَةٌ غَابَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَقَدْ كَفَاهَا مُؤْنَةَ الدُّنْيَا فَتَبَرَّجَتْ بَعْدَهُ فَلَا تَسْاَلْ عَنْهُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَا اَعْرِفُ لَهٗ عِلَّةً

الْحَدِيْثُ الثَّامِنُ عَلٰى اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین لوگوں سے سوال نہیں کیا جائے گا (بلکہ بغیر حساب کے دوزخ میں ڈالا جائے گا) (۱) ایسا شخص جو جماعت سے الگ ہوا اور اپنے امام کی نافرمانی کی اور اسی نافرمانی کی حالت میں مرگیا (۲) ایسا غلام یا لونڈی جو اپنے آقا کو چھوڑ کر بھاگ جائے اور اسی حالت میں مرجائے (۳) ایسی عورت جس کا شوہر اس کی دنیا کی تمام ذمہ داریاں نبھا تا رہا، وہ اس کی غیر موجودگی میں بن سنور کر غیر مردوں کے سامنے جائے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور اس حدیث میں مجھے کوئی علت نہیں مل سکی۔

اجماع کی حجیت پر آٹھویں حدیث۔

412۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّلٰوةُ الْمَكْتُوْبَةُ اِلَى الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوْبَةِ الَّتِيْ بَعْدَهَا كَفَّارَةٌ لِّمَا بَيْنَهُمَا، وَالْجُمُعَةُ اِلَى الْجُمُعَةِ، وَالشَّهْرُ اِلَى الشَّهْرِ يَعْنِيْ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ اِلٰى شَهْرِ رَمَضَانَ كَفَّارَةٌ لِّمَا بَيْنَهُمَا، ثُمَّ قَالَ بَعْدَ ذٰلِكَ: اِلَّا مِنْ ثَلَاثٍ فَعَرَفْتُ اَنَّ ذٰلِكَ مِنْ اَمْرٍ حَدَثَ، فَقَالَ: اِلَّا مِنَ الْاِشْرَاكِ بِاللّٰهِ وَنَكْثِ الصَّفْقَةِ وَتَرْكِ السُّنَّةِ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: اَمَّا الْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ، فَمَا نَكْثُ الصَّفْقَةِ وَتَرْكُ السُّنَّةِ؟ قَالَ: اَمَّا نَكْثُ الصَّفْقَةِ: اَنْ تُبَايِعَ رَجُلًا بِيَمِيْنِكَ، ثُمَّ تَخْتَلِفَ اِلَيْهِ فَتُقَاتِلَهُ بِسَيْفِكَ، وَاَمَّا تَرْكُ السُّنَّةِ: فَالْخُرُوْجُ مِنَ الْجَمَاعَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ اَبِي السَّائِبِ الْاَنْصَارِيِّ، وَلَا اَعْرِفُ لَهٗ عِلَّةً الْحَدِيْثُ التَّاسِعُ فِيْ اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک فرضی نماز پڑھنے کے بعد دوسری فرضی نماز تک کے گناہوں کے لئے (دوسری نماز کفارہ ہے) اور ایک جمعہ، دوسرے جمعہ تک اور ایک ماہ رمضان دوسرے ماہ رمضان تک کفارہ ہے (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) پھر اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سوائے تین گناہوں کے۔ میں سمجھ

حدیث 412:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 7129 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 605

گیا کہ آج کوئی نیا حکم ارشاد فرمانے لگے ہیں۔ فرمایا: اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا اور ''نکث صفقه'' اور ''ترک سنت'' (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں نے کہا: حضور! ''اشراک باللہ'' کے بارے میں تو ہم جانتے ہیں لیکن یہ ''نکث صفقه'' اور ''ترک سنت'' کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''نکث صفقه'' یہ ہے کہ آدمی کسی شخص کے ہاتھ پر بیعت کرے پھر وہ اختلاف کر کے اس کے خلاف تلوار اٹھالے اور ''ترک سنت'' جماعت سے نکلنا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ''عبداللہ بن السائب بن السائب الانصاری رضی اللہ عنہ'' کی روایات نقل کی ہیں اور اس حدیث میں مجھے کوئی علت نہیں ملی۔

اجماع کی حجیت پر نویں حدیث۔

413۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا خَلادُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: وَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ صَفْوَانَ، عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ زُهَيْرٍ الثَّقَفِيِّ عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّبَاةِ اَوْ بِالنَّبَاوَةِ، يَقُوْلُ: يُوْشِكُ اَنْ تَعْرِفُوا اَهْلَ الْجَنَّةِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، اَوْ قَالَ: خِيَارَكُمْ مِنْ شِرَارِكُمْ، قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، بِمَاذَا ؟ قَالَ: بِالثَّنَاءِ الْحَسَنِ وَالثَّنَاءِ السَّيِّءِ، اَنْتُمْ شُهَدَاءُ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَقَالَ الْبُخَارِيُّ: اَبُوْ زُهَيْرٍ الثَّقَفِيُّ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْمُهُ مُعَاذٌ، فَاَمَّا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ زُهَيْرٍ فَمِنْ كِبَارِ التَّابِعِيْنَ، وَاِسْنَادُ الْحَدِيْثِ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ فَقَدْ ذَكَرْنَا تِسْعَةَ اَحَادِيْثَ بِاَسَانِيْدَ صَحِيْحَةٍ يُسْتَدَلُّ بِهَا عَلَى الْحُجَّةِ بِالْاِجْمَاعِ وَاسْتَقْصَيْتُ فِيْهِ تَحَرِّيًا لِمَذَاهِبِ الْاَئِمَّةِ الْمُتَقَدِّمِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

❖❖ ابوبکر بن ابوزہیر الثقفی اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ مقام ''نباہ'' یا ''نباوہ'' پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عنقریب تم لوگ جنتیوں اور جہنمیوں کی پہچان کرلو گے یا (شاید یہ فرمایا) اچھے اور برے کی پہچان کرلو گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: حضور! یہ پہچان کیسے ہوگی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کے اچھے ذکر یا برے ذکر سے، تم خود ہی ایک دوسرے پر گواہ ہو۔

❖❖ یہ اسناد ''صحیح'' ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں، ابوزہیر الثقفی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سنی ہیں۔ ان کا نام

حدیث 413:

حرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4221 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرسالة بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 7384 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 382 اخرجه ابوبكر الشيبانى فى "الاحاد والمثانى" طبع دارالراية رياض سعودى عرب 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 1601 اخرجه ابومحمد الكسى فى "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 442

معاذ ہے اور ابوبکر بن ابوزہیر کبار تابعین میں سے ہیں اور حدیث کی اسناد "صحیح" ہے، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے روایت نہیں کیا ہے۔ ہم نے حجیت اجماع پر ۱۹ احادیث اسناد صحیح کے ساتھ بطور دلیل پیش کی ہیں اور ائمہ متقدمین کے مذاہب میں تہہ تک پہنچنے کی کوشش کی ہے۔

(فصل فی توقیر العالم)

عالم کا احترام

اس فصل میں عالم کی عزت وتوقیر اور اس کے سامنے مؤدب ہو کر بیٹھنے سے متعلق احادیث صحیحہ ذکر کی جائیں گی جن کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل نہیں کیا (اور اس بارے میں اختلاف بھی ہے)

414۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْحَسَنِ مَيْمُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَاشِمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْعُطَارِدِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَبْرِ وَلَمَّا يُلْحَدْ، فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ كَاَنَّ عَلٰى رُءُوْسِنَا الطَّيْرُ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، قَدْ ثَبَتَ صِحَّةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ فِيْ كِتَابِ الْاِيْمَانِ وَاَنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک انصاری رضی اللہ عنہ کے جنازہ میں شرکت کے لئے گئے، ہم قبر پر پہنچ گئے لیکن ابھی تک قبر مکمل تیار نہیں ہوئی تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم وہاں بیٹھ گئے اور ہم لوگ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد بیٹھ گئے (اور یوں دم بخود بیٹھے تھے) گویا کہ ہمارے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہوں، اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی۔

✧✧ کتاب الایمان میں اس حدیث کی صحت ثابت کی جا چکی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا۔

415۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَامِدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْخَطِيْبُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هِلَالٍ الْبُوْزَنْجِرْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: كُنَّا اِذَا قَعَدْنَا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ نَرْفَعْ رُءُوْسَنَا اِلَيْهِ اِعْظَامًا لَّهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَا اَحْفَظُ لَهٗ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ جب ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کی خاطر اپنے سروں کو اوپر نہیں اٹھاتے تھے۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور مجھے اس میں کوئی علت بھی نہیں مل سکی۔

416۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الزَّيْدِيُّ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ،

حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخبرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِي بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، سَمِعَ اُسَامَةَ بْنَ شَرِيْكٍ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ عِنْدَهُ كَاَنَّمَا عَلٰى رُءُ وْسِهِمُ الطَّيْرُ فَسَلَّمْتُ وَقَعَدْتُ فَجَآءَ اَعْرَابٌ يَسْاَلُوْنَهُ عَنْ اَشْيَاءَ حَتّٰى قَالُوْا: اَنَتَدَاوٰى، قَالَ: تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَمْ يَضَعْ دَاءً اِلَّا وَضَعَ لَهُ دَوَاءً فَسَاَلُوْهُ عَنْ اَشْيَاءَ، فَقَالَ: عِبَادَ اللّٰهِ وُضِعَ الْحَرَجُ، لَا امْرَاً اقْتَرَضَ امْرَاً ظُلْمًا فَذٰلِكَ حَرَجٌ وَّهَلَكَ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ النَّاسُ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَالْعِلَّةُ عِنْدَ مُسْلِمٍ فِيْهِ اَنَّ اُسَامَةَ بْنَ شَرِيْكٍ مَا رَوٰى عَنْهُ غَيْرُ زِيَادٍ، وَقَدْ رَوٰى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْهُ عَلٰى اَنِّيْ قَدْ اَصَّلْتُ كِتَابِيْ هٰذَا عَلٰى اِخْرَاجِ الصَّحَابَةِ، وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُمْ غَيْرُ رَاوٍ وَّاحِدٍ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ طُرُقٌ سَبِيْلُنَا اَنْ نُخَرِّجَهَا بِمَشِيْئَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى فِيْ كِتَابِ الطِّبِّ

✧✧ اسامہ بن شریک کہتے ہیں، میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ کے صحابہ آپ ﷺ کے پاس یوں بیٹھے ہوئے تھے گویا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہوں، میں ان کو سلام کہہ کر بیٹھ گیا، پھر کچھ دیہاتی لوگ آپ ﷺ سے چند باتیں معلوم کرنے کے لئے آئے۔ وہ کہنے لگے: کیا ہم (بیماری کی) دوا لے سکتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، دوا لیا کرو۔ اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری کا علاج رکھا ہے۔ پھر انہوں نے مزید کچھ سوالات کئے۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے اللہ کے بندو! حرج ختم کر دیا گیا ہے (یہ حرج) نہیں ہے بلکہ حرج تو یہ ہے کہ کوئی آدمی دوسرے سے ظلم کے ساتھ قرضہ لے۔ یہ حرج اور ہلاکت ہے۔ پھر انہوں نے پوچھا: یا رسول اللہ ﷺ! لوگوں کو جو کچھ عطا کیا گیا ہے اس میں سے سب سے بہتر کون سی چیز ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اچھے اخلاق۔

✤✤ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تو اس حدیث میں کمزوری یہ ہے کہ اسامہ بن شریک سے صرف زیاد ہی نے روایات نقل کی ہیں حالانکہ علی بن الاقمر نے بھی ان سے روایات لی ہیں۔ مزید برآں یہ کہ میں نے اس کتاب میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایات نقل کرنے کے متعلق اپنا قانون بیان کر دیا ہے، اگرچہ ان سے روایت کرنے والا صرف ایک ہی شخص ہو (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) اس حدیث کے اور بھی طرق ہم جانتے ہیں، ان طرق کے ساتھ یہ حدیث ہم ان شاءاللہ "کتاب الطب" میں ذکر کریں گے۔

417۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَتَّابٍ الْعَبْدِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَزِيْدَ الرِّمَاحِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ رُسْتُمٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ قُرْطٍ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا حَلْقَةٌ كَاَنَّمَا قُطِعَتْ رُؤُوْسُهُمْ، فَاِذَا رَجُلٌ يُحَدِّثُهُمْ فَاِذَا هُوَ حُذَيْفَةُ، قَالَ: كَانَ النَّاسُ يَسْاَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ وَكُنْتُ اَسْاَلُهُ عَنِ الشَّرِّ، وَذَكَرَ

الْحَدِيثَ بِطُولِهِ مَتْنُ هٰذَا الْحَدِيثِ مُخَرَّجٌ فِي الْكِتَابَيْنِ وَإِنَّمَا خَرَّجْتُهُ فِي هٰذَا الْمَوْضِعِ لِلْإِصْغَاءِ إِلَى الْمُحَدِّثِ وَكَيْفِيَّةِ التَّوْقِيرِ لَهُ، فَإِنَّ هٰذَا اللَّفْظَ لَمْ يُخَرِّجَاهُ فِي الْكِتَابَيْنِ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن قرط رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں مسجد میں گیا تو چند لوگ ایک حلقے میں یوں دم بخود بیٹھے تھے گویا کہ ان کے سر کاٹ دیئے گئے ہوں۔ ان میں ایک شخص حدیث بیان کر رہا تھا، میں نے غور کیا تو وہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ تھے، وہ کہہ رہے تھے کہ دوسرے لوگ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ''خیر'' کے بارے میں سوالات کیا کرتے تھے اور میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ''شر'' کے متعلق پوچھا کرتا تھا۔ اس کے بعد مفصل حدیث بیان کی۔

❖ اس حدیث کا متن صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں میں نقل کیا گیا ہے میں نے اس مقام پر یہ حدیث اس لئے بیان کی ہے تا کہ محدث کو متوجہ کیا جا سکے اور اس کو توقیر کی کیفیت کا بھی پتہ چل جائے کیونکہ ان لفظوں کے ہمراہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے یہ حدیث نقل نہیں کی۔

418- حَدَّثَنَا أَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، أَنْبَأَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ لَمْ يَرْفَعْ أَحَدٌ مِنَّا رَأْسَهُ غَيْرُ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَإِنَّهُمَا كَانَا يَتَبَسَّمَانِ إِلَيْهِ وَيَتَبَسَّمُ إِلَيْهِمَا

هٰذَا حَدِيثٌ تَفَرَّدَ بِهِ الشَّيْخُ الْحَكَمُ بْنُ عَطِيَّةَ وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لاتے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے علاوہ دوسرا کوئی شخص اپنا سر بھی اوپر اٹھا کر نہیں دیکھتا تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ، رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم ان کو دیکھ کر تبسم فرمایا کرتے تھے۔

❖ اس حدیث کو صرف شیخ حکم بن عطیہ نے روایت کیا ہے اور یہ حدیث اس کتاب کے معیار کی نہیں ہے۔

419- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْخَضِرُ بْنُ أَبَانَ الْهَاشِمِيُّ، حَدَّثَنَا سَيَّارُ بْنُ حَاتِمٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، قَالَ: كَانَ سَلْمَانُ فِي عِصَابَةٍ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ فَمَرَّ بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَائَهُمْ قَاصِدًا حَتَّى دَنَا مِنْهُمْ فَكَفُّوا عَنِ الْحَدِيثِ إِعْظَامًا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ؟ فَإِنِّي رَأَيْتُ الرَّحْمَةَ تَنْزِلُ عَلَيْكُمْ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ أُشَارِكَكُمْ فِيهَا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا بِجَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، فَأَمَّا أَبُو سَلَمَةَ سَيَّارُ بْنُ حَاتِمٍ الزَّاهِدُ، فَإِنَّهُ عَابِدُ عَصْرِهِ وَقَدْ أَكْثَرَ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ الرِّوَايَةَ عَنْهُ

حدیث 418:

اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 3387 اخرجه ابو محمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث:1298

✧✧ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ ایک دفعہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ ایک ایسی جماعت میں بیٹھے ہوئے تھے جو ذکر اللہ میں مشغول تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے تو اس جماعت کے پاس تشریف لے آئے (جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان میں تشریف لے آئے) تو وہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احترام کے پیش نظر خاموش ہو گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سب مل کر کیا پڑھ رہے تھے؟ کیونکہ میں نے تم پر رحمت الٰہی کا نزول دیکھا۔ اس لئے میں نے چاہا کہ میں بھی رحمت باری تعالیٰ میں تمہارے ساتھ شریک ہو جاؤں۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے جعفر بن سلیمان کی روایات نقل کی ہیں اور اس کی سند میں ابوسلمہ رضی اللہ عنہ یسار بن حاتم اپنے زمانے کے عابد و زاہد محدث تھے اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے کثیر روایات نقل کی ہیں۔

420۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، اَنْبَاَنَا الْاَعْمَشُ، وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا مُوسَى بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، وَحَدَّثَنَا اَبُو زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْجَارُودِيُّ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، وَاَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَاَلَنِي الْيَوْمَ رَجُلٌ عَنْ شَيْءٍ مَا اَدْرِي مَا اَقُولُ لَهُ، قَالَ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا مُؤَدَّبًا نَشِيطًا حَرِيصًا عَلَى الْجِهَادِ، يَقُولُ: يَعْزِمُ عَلَيْنَا اُمَرَاؤُنَا اَشْيَاءَ لَا نُحْصِيهَا ؟ قَالَ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا اَدْرِي مَا اَقُولُ لَكَ اِلَّا اَنَّا كُنَّا نَكُونُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَعَلَّهُ لَا يَاْمُرُ بِالشَّيْءِ اِلَّا فَعَلْنَاهُ، وَمَا اَشْبَهَ مَا غَبَرَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا كَالثَّغْبِ شُرِبَ صَفْوُهُ وَبَقِيَ كَدَرُهُ، وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَنْ يَزَالَ بِخَيْرٍ مَا اتَّقَى اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَاِذَا حَاكَ فِي نَفْسِهِ شَيْءٌ اَتَى رَجُلًا فَسَاَلَهُ فَشَفَاهُ، وَاَيْمُ اللّٰهِ لَيُوشِكَنَّ اَنْ لَّا تَجِدُوهُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَاَظُنُّهُ لِتَوَقُّفٍ فِيهِ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن ایک شخص نے مجھ سے ایسا سوال کیا کہ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ میں اسے کیا جواب دوں؟ اس نے پوچھا: آپ کی ایسے شخص کے بارے میں کیا رائے ہے جو دانشمند، ہشاش بشاش اور جہاد پر حریص ہو اور کہے: ہمارے حکمران ہمیں ایسی باتوں کا حکم دیتے ہیں جن پر عمل کرنے کی ہم میں استطاعت نہیں ہے۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: میں نے اس سے کہا: خدا کی قسم! مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ تجھے کیا جواب دوں؟ ہاں اتنا ضرور کہوں گا کہ ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ زندگی گزار دی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں اتنا ہی حکم دیتے تھے جتنا ہم کر سکتے تھے اور دنیا کی مثال تو پانی کے اس تالاب جیسی

حدیث 420:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دارا بن كثير' يمامه' بيروت' لبنان' 1407ھ 1987ء' رقم الحديث:2803 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث:5134 اخرجه ... 1410ھ 1990ء' رقم الحديث:2598

ہے جس کا صاف صاف پانی پی لیا جاتا ہے اور میل کچیل باقی رہ جاتی ہے (پھر فرمایا) تم جب تک اللہ سے ڈرتے رہو گے، ہدایت پر رہو گے اور جب کبھی کوئی عمل دل میں کھٹکے تو کسی سمجھدار آدمی سے پوچھ کر دل کی تسلی کر لینا لیکن خدا کی قسم! ہوسکتا ہے کہ ایک وقت ایسا آجائے کہ تمہیں ایسا کوئی آدمی نہ مل سکے جو تمہارے دل کی تشفی کرادے۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور میرا خیال یہ ہے کہ اس کی سند کے موقوف ہونے کی وجہ سے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کو ترک کیا ہے۔

421۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مَالِكُ بْنُ خَيْرٍ الزِّيَادِيُّ، عَنْ اَبِيْ قَبِيلٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يُجِلَّ كَبِيْرَنَا، وَيَرْحَمْ صَغِيْرَنَا، وَيَعْرِفْ لِعَالِمِنَا

وَمَالِكُ بْنُ خَيْرٍ الزِّيَادِيُّ مِصْرِيٌّ ثِقَةٌ، وَاَبُوْ قَبِيلٍ تَابِعِيٌّ كَبِيْرٌ

✧✧ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس شخص کا ہمارے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے جو ہمارے بڑوں کا احترام نہ کرے، بچوں پر شفقت نہ کرے اور ہمارے علماء کا حق نہ پہچانے۔

✧✧ اس کی سند میں مالک بن خیر الزیادی مصری ہیں، ثقہ ہیں اور ابوقبیل کبیر تابعی ہیں۔

422۔ حَدَّثَنَا أَبُو زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَنبَأَ وَكِيعٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ قَالَ أُولِي الْفِقْهِ وَالْخَيْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَهُ شَاهِدٌ وَتَفْسِيْرُ الصَّحَابِيِّ عِنْدَهُمَا مُسْنَدٌ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما اس آیت اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ (النساء:۵۹) (اولی الامر کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اولی الامر سے یہاں پر مراد) علماء ہیں۔

✧✧ یہ حدیث صحیح ہے اس کی ذیل میں شاہد حدیث بھی موجود ہے اور ویسے بھی شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک صحابی کی تفسیر معتبر ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

423۔ أَخْبَرَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنْبَرِيّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى أَطِيْعُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَأُوْلِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ يَعْنِي أَهْلَ الْفِقْهِ وَالدِّيْنِ وَأَهْلَ طَاعَةِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ مَعَالِيَ دِيْنِهِمْ وَيَأْمُرُوْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ فَأَوْجَبَ اللّٰهُ طَاعَتَهُمْ وَهٰذِهِ أَحَادِيْثُ نَاطِقَةٌ بِمَا يَلْزَمُ الْعُلَمَاءَ مِنَ التَّوَاضُعِ لِمَنْ يَتَعَلَّمُوْنَهُمْ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَأُوْلِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے

فرماتے ہیں (کہ اولی الامر سے یہاں پر مراد) فقہ اور دین والے لوگ ہیں (یعنی علماء ہیں) اور اللہ تعالیٰ کے وہ اطاعت گزار بندے ہیں جو لوگوں کو دین کے معاملات سکھاتے ہیں، انہیں نیکی کی ترغیب دلاتے اور برائی سے منع کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کی اطاعت واجب کر دی ہے۔

❖❖ ان احادیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جس شخص سے علم سیکھا ہو، اس کے سامنے ادب اور عاجزی کے ساتھ رہنا چاہئے۔

424۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، اَنَّ حَفْصَةَ، قَالَتْ لِعُمَرَ: اَلَا تَلْبَسُ ثَوْبًا اَلْيَنَ مِنْ ثَوْبِكَ، وَتَاْكُلُ مِنْ طَعَامٍ اَطْيَبَ مِنْ طَعَامِكَ هٰذَا، وَقَدْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْاَمْرَ، وَاَوْسَعَ اِلَيْكَ الرِّزْقَ؟ فَقَالَ: سَاُخَاصِمُكِ اِلٰى نَفْسِكِ، فَذَكَرَ اَمْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا كَانَ يَلْقٰى مِنْ شِدَّةِ الْعَيْشِ، فَلَمْ يَزَلْ يُذَكِّرُ حَتّٰى بَكَتْ، فَقَالَ: اِنِّيْ قَدْ قُلْتُ لَاُشَارِكَنَّهُمَا فِيْ مِثْلِ عَيْشِهِمَا الشَّدِيْدِ لَعَلِّيْ اُدْرِكُ مَعَهُمَا عَيْشَهُمَا الرَّخِيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا، فَاِنَّ مُصْعَبَ بْنَ سَعْدٍ كَانَ يَدْخُلُ عَلٰى اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مِنْ كِبَارِ التَّابِعِيْنَ مِنْ اَوْلَادِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

✧✧ حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ اُمّ المومنین سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ اس سے اچھے کپڑے پہن سکتے ہیں اور اس سے اچھا کھانا کھا سکتے ہیں کیونکہ اب تو اللہ تعالیٰ نے آپ پر فتوحات وسیع کر دی ہیں اور رزق میں وسعت دے دی ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کا فیصلہ میں آپ ہی سے کروانا چاہتا ہوں پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام اور آپ کی زندگی کی ان سختیوں کا ذکر کرنا شروع کیا جن سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوچار رہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اتنی تکالیف کا ذکر کیا، اتنی تکالیف کا ذکر کیا کہ اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا رو پڑیں۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں زندگی میں ان کی تکلیفوں کا ساتھی تو نہیں بن سکا (کیونکہ مجھ پر وہ تکالیف نہیں آئیں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر آئی تھیں) لیکن اب امید رکھتا ہوں کہ ہو سکتا ہے کہ آسودگی کی زندگی (یعنی آخرت) میں ان کی سنگت مجھے مل جائے گی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ اولاد صحابہ میں سے ہیں، کبار تابعین میں سے ہیں، آپ ازواج مطہرات کے ہاں چلے جایا کرتے تھے۔

425۔ وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، قَالَ: قُرِئَ عَلٰى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدٍ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ،

---

425 ـــ

اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 6451 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحديث: 297

حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَرَمُ الْمُؤْمِنِ دِيْنُهُ، وَمُرُوْئَتُهُ عَقْلُهُ، وَحَسَبُهُ خُلُقُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی سخاوت، اس کا دین ہے، اس کی مروت، اس کی عقل ہے اور اس کی شرافت، اس کے اخلاق ہیں۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

426۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَحْمَدَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَرَمُ الْمُؤْمِنِ دِيْنُهُ، وَمُرُوْئَتُهُ عَقْلُهُ، وَحَسَبُهُ خُلُقُهُ

✧✧ حضرت سعید المقبری رضی اللہ عنہ' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مومن کی عزت اس کا دین، اس کی مروت، اس کی عقل اور اس کی خاندانی شرافت، اس کا خلق ہے۔

427۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكُمْ لَا تَسَعُوْنَ النَّاسَ بِاَمْوَالِكُمْ وَلْيَسَعْهُمْ مِنْكُمْ بَسْطُ الْوَجْهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم لوگوں کی مدد اپنے مال کے ساتھ نہیں کر سکتے تو (کم از کم) کشادہ روئی اور حسن اخلاق کے ساتھ ہی ان کی مدد کر دو۔

✣✣ اسی حدیث کو سفیان الثوری نے عبداللہ بن سعید کے حوالے سے روایت کیا ہے (سفیان الثوری کی روایت درج ذیل ہے)

428۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّغُوْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُشْكَانَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ حَكِيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، رَفَعَهُ، قَالَ: اِنَّكُمْ لَا تَسَعُوْنَ النَّاسَ بِاَمْوَالِكُمْ وَلْيَسَعْهُمْ مِنْكُمْ بَسْطُ الْوَجْهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مَعْنَاهُ يَقْرُبُ مِنَ الْاَوَّلِ غَيْرَ اَنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَاهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ

حدیث 427:

اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 6550 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع اول) 1412ھ/1991ء' رقم الحديث: 536

❖ یہ حدیث صحیح ہے اور معنی ومفہوم کے اعتبار سے گزشتہ حدیث سے ملتی جلتی ہے، تاہم امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو عبداللہ بن سعید کے حوالے سے نقل نہیں فرمایا۔

429۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا سَمْعَانُ بْنُ بَحْرٍ الْعَسْكَرِيُّ اَبُوْ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْعَمِّيُّ، حَدَّثَنَا اَبِیْ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمَعْرُوْفُ اِلَى النَّاسِ يَقِى صَاحِبَهَا مَصَارِعَ السُّوْءِ، وَالْآفَاتِ، وَالْهَلَكَاتِ، وَاَهْلُ الْمَعْرُوْفِ فِي الدُّنْيَا هُمْ اَهْلُ الْمَعْرُوْفِ فِي الْاٰخِرَةِ سَمِعْتُ اَبَا عَلِيٍّ الْحَافِظَ، يَقُوْلُ: هٰذَا الْحَدِيْثُ لَمْ اَكْتُبْهُ اِلَّا عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَابْنُهُ مِنَ الْبَصْرِيِّيْنَ لَمْ نَعْرِفْهُمَا بِجُرْحٍ، وَقَوْلُهُ: اَهْلُ الْمَعْرُوْفِ فِي الدُّنْيَا قَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ الْمُنْكَدِرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ، جَابِرٍ وَّالْمُنْكَدِرِ وَاِنْ لَمْ يُخَرِّجَاهُ فَاِنَّهُ يُذْكَرُ فِي الشَّوَاهِدِ

❖❖ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگ اس شخص کو اچھا جانتے ہیں جو اپنے دوست کو تکالیف، آزمائشوں اور مصیبتوں کے جھمیلوں سے بچالے اور جو شخص دنیا میں اچھا ہے وہی آخرت میں بھی اچھا ہوگا۔

❖ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے ابوعلی الحافظ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ یہ حدیث میں نے صرف ابوعبداللہ الصفار سے لکھی ہے اور محمد بن اسحاق اور اس کا بیٹا بصریوں میں سے ہیں، میری معلومات کے مطابق ان پر کسی نے جرح نہیں کی اور اس حدیث میں ایک جملہ (اہل المعروف فی الدنیا) متعدد طرق سے منکدر پھر منکدر بن محمد پھر ان کے والد اور پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے اور منکدر کی روایات اگرچہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل نہیں کی ہیں تاہم ان کی روایات کو شواہد میں پیش کیا جاتا ہے۔

430۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ حَدَّثَنِي مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطَّفَاوِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ خُذِ الْعَفْوَ قَالَ أَمَرَ اللّٰهُ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَّأْخُذَ الْعَفْوَ مِنْ أَخْلَاقِ النَّاسِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَقَدِ احْتَجَّ بِالطَّفَاوِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدْ قِيْلَ فِيْهِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اس آیت أَنْ يَّأْخُذَ (الاعراف ۱۹۹) کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ لوگوں کے اخلاقیات کے سلسلے میں درگزر سے کام لیں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے روایت نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے طفاوی کی روایات نقل کی ہیں۔ اسی سند کو عروہ کے ذریعے عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ سے بھی بیان کیا گیا ہے، ان کی سند کے ہمراہ حدیث درج ذیل ہے۔

431۔ أَخْبَرَنَاهُ عَبْدَانُ بْنُ يَزِيْدَ الدَّقَّاقِ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ بْنُ

عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهِ الْآيَةَ إِلَّا فِي أَخْلَاقِ النَّاسِ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَقَدْ قِيْلَ فِي هٰذَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِهِ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن الزبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ لوگوں کے اخلاق کے متعلق نازل ہوئی۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔اور یہی حدیث عبداللہ بن عمرو بن العاص سے بھی منقول ہے لیکن یہ سند ہماری اس کتاب کے معیار کے مطابق نہیں ہے۔

432۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّنْعَانِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبَّادٍ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَبَسَ رَجُلًا مِّنْ قَوْمِهِ فِيْ تُهْمَةٍ، فَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ قَوْمِهِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، عَلَامَ تَحْبِسُ جِيْرَتِيْ؟ فَصَمَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: اِنَّ اُنَاسًا يَّقُوْلُوْنَ اِنَّكَ تَنْهَى عَنِ الشَّرِّ وَتَسْتَخْلِيْ بِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَقُوْلُ؟ فَجَعَلْتُ اُعَرِّضُ بَيْنَهُمَا بِالْكَلَامِ مَخَافَةَ اَنْ يَّفْهَمَهَا فَيَدْعُوْ عَلٰى قَوْمِيْ دَعْوَةً لَا يُفْلِحُوْا بَعْدَهَا، فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى فَهِمَهَا، فَقَالَ: قَدْ قَالُوْا؟ اَوَ قَائِلُهَا مِنْهُمْ؟ وَاللّٰهِ لَوْ فَعَلْتُ لَكَانَ عَلَيَّ مَا كَانَ عَلَيْهِمْ خَلُّوْا عَنْ جِيْرَانِهِ وَقَدْ تَقَدَّمَ الْقَوْلُ فِيْ صَحِيْفَةِ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ مَا اَغْنٰى عَنْ اِعَادَتِهِ عَلٰى اَنَّ شَوَاهِدَ هٰذَا الْحَدِيْثِ مُخَرَّجَةٌ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، فَمِنْهَا حَدِيْثُ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسْمًا، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ: اِنَّ هٰذِهِ قِسْمَةٌ مَّا اُرِيْدَ بِهَا وَجْهُ اللّٰهِ وَمِنْهَا حَدِيْثُ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسٍ: كُنْتُ اَمْشِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ نَجْرَانِيٌّ غَلِيْظُ الْحَاشِيَةِ فَجَبَذَ اَعْرَابِيٌّ بُرْدَتَهُ الْحَدِيْثُ وَمِنْهَا حَدِيْثُ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ نَمِرٍ، عَنْ اَنَسٍ فِيْ قِصَّةِ حُنَيْنٍ عَلٰى مَا تَضْطَرُّوْنِيْ اِلٰى هٰذِهِ الشَّجَرَةِ وَغَيْرُ هٰذَا مِمَّا يَطُوْلُ ذِكْرُهُ

✧✧ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کسی تہمت کی وجہ سے قید کروادیا۔اس کے قبیلے کے ایک آدمی نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر کہا: اے محمد! تم نے میرے پڑوسی کو قید کیوں کرایا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے، وہ

حدیث 432:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 20033 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 996 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ھ رقم الحديث: 18891

پھر بولا: لوگ تو کہتے ہیں کہ تو برائیاں ختم کرتا ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ تم خود فتنہ پھیلا رہے ہو (معاذ اللہ) حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے بات کرنے کا مقصد کیا ہے؟ (جب وہ مزید گستاخانہ انداز میں بولنے لگا) تو میں بیچ میں اونچی اونچی آواز سے بولنے لگ پڑا اور میرے یوں بولنے کا مقصد یہ تھا کہ اگر اس (گستاخ کی) باتیں حضور ﷺ کو سن گئیں اور آپ نے میری قوم کے لئے بددعا کردی تو میری قوم کبھی بھی فلاح نہیں پا سکے گی لیکن (میری یہ کوشش کامیاب نہ ہو سکی اور) اس کی بدتمیزی والی گفتگو حضور نے سن لی اور وہ مسلسل گستاخانہ لہجے میں اپنے پڑوسی کو چھوڑنے کا مطالبہ کرتا رہا۔

❖❖ اس کے متعلق گفتگو بھز بن حکیم کے صحیفہ میں گزر چکی ہے۔ البتہ اس حدیث کے شواہد صحیحین میں موجود ہیں۔ ان میں سے ایک اعمش کی روایت ہے جس میں انہوں نے ابووائل کے ذریعے عبداللہ کا یہ بیان نقل کیا ہے: نبی اکرم ﷺ نے ایک دفعہ مال غنیمت تقسیم کیا تو ایک انصاری آدمی بولا: یہ تقسیم رضائے الٰہی کی خاطر نہیں کی گئی۔ ان میں ایک روایت مالک کی ہے جس میں انہوں نے اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ کے حوالے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ ایک دفعہ میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ جا رہا تھا، آپ ﷺ ایک نجرانی چادر اوڑھے ہوئے تھے، جس کی کناریوں پر کڑھائی کی ہوئی تھی۔ ایک دیہاتی نے وہ چادر آپ کے کندھوں سے کھینچ لی۔ اس کے بعد مفصل حدیث ہے۔ شریک بن عبداللہ بن ابی نمر کے حوالے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی زبانی حنین کا قصہ منقول ہے (جس میں ہے) تم مجھے اس درخت کی طرف مجبور کیوں کر رہے ہو؟ اس کے علاوہ بھی بہت احادیث موجود ہیں، ان سب کو ذکر کرنے سے بہت طوالت ہو جائے گی (اس لئے اسی پر اکتفا کرتا ہوں)

433۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ دَرَسْتَوَيْهِ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ مَّنْ كُنَّ فِيْهِ اٰوَاهُ اللّٰهُ فِيْ كَنَفِهٖ، وَسَتَرَ عَلَيْهِ بِرَحْمَتِهٖ، وَاَدْخَلَهٗ فِيْ مَحَبَّتِهٖ، قِيْلَ: مَا هُنَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؟ قَالَ: مَنْ اِذَا اُعْطِيَ شَكَرَ، وَاِذَا قَدَرَ غَفَرَ، وَاِذَا غَضِبَ فَتَرَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، فَاِنَّ عُمَرَ بْنَ رَاشِدٍ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ الْحِجَازِ مِنْ نَاحِيَةِ الْمَدِيْنَةِ، قَدْ رَوٰى عَنْهُ اَكَابِرُ الْمُحَدِّثِيْنَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تین عادتیں ایسی ہیں کہ یہ جس میں ہونگی، اللہ تعالیٰ اس کو اپنی حفظ و امان میں پناہ دے گا، اپنی رحمتوں سے اس کو ڈھانپ لے گا اور اس کو اپنی محبت عطا کرے گا۔ آپ سے عرض کی گئی: یا رسول اللہ ﷺ! وہ کون سی عادتیں ہیں؟ آپ نے فرمایا (۱) جب کوئی نعمت عطا کی جائے تو اس کا شکر ادا کرے (۲) جب (ستانے والے پر) قابو پائے تو اس کو معاف کر دے (۳) جب غصہ آئے تو اپنے آپ کو نرم کرے۔

❖❖ یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے۔ اس میں عمر بن راشد مدینہ کے نواحی علاقے حجاز کے شیوخ میں سے ہیں، اکابر محدثین کرام رحمۃ اللہ علیہم نے ان سے حدیث پاک روایت کی ہے۔

434ـ حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِىءٍ حَدَّثَنَا أَبُو سَهْلٍ بَشْرِ بْنِ سَهْلٍ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ الأَسْلَمِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ لَمَّا وُلِّيَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَطَبَ النَّاسَ عَلَى مِنْبَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي قَدْ عَلِمْتُ مِنْكُمْ أَنَّكُمْ تُؤْنِسُونَ مِنِّي شِدَّةً وَغِلْظَةً وَذٰلِكَ أَنِّي كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنْتُ عَبْدَهُ وَخَادِمَهُ وَكَانَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ بِالْمُؤْمِنِينَ رَؤُوفٌ رَحِيمٌ فَكُنْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ كَالسَّيْفِ الْمَسْلُولِ إِلَّا أَنْ يَغْمِدَنِي أَوْ يَنْهَانِي عَنْ أَمْرٍ فَأَكُفَّ وَإِلَّا أَقْدَمْتُ عَلَى النَّاسِ لِمَكَانِ لِينِهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الإِسْنَادِ وَأَبُو صَالِحٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِهِ الْبُخَارِيُّ فَأَمَّا سِمَاعُ سَعِيدٍ عَنْ عُمَرَ فَمُخْتَلَفٌ فِيهِ وَأَكْثَرُ أَئِمَّتِنَا عَلَى أَنَّهُ قَدْ سَمِعَ مِنْهُ وَهٰذِهِ تَرْجَمَةٌ مَعْرُوفَةٌ فِي الْمَسَانِيدِ

✧✧ حضرت سعید ابن میسّب رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے خلافت سنبھالی تو منبر رسول پر بیٹھے اور خطبہ ارشاد فرمایا۔ اللہ کی حمد وثناء کے بعد آپ نے فرمایا: مجھے پتہ چلا ہے کہ تم لوگ میری سختی اور شدت سے خائف ہو۔ اس کی وجہ دراصل یہ ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک غلام اور خادم کی حیثیت سے رہتا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے فرمان "بالمومنین رؤف رحیم" کے مصداق انتہائی شفیق اور مہربان تھے اور میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں ایک سونتی ہوئی تلوار کی طرح ہوتا تھا ہاں اگر مجھے کسی بات سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منع فرمادیتے تو میں اس سے رک جاتا تھا ورنہ میں سب لوگوں سے آگے ہوتا، اس کی وجہ یہ تھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بہت نرم مزاج تھے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے، اس میں ابوصالح وہ راوی ہیں جن کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں، تاہم سعید کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ اکثر ائمہ حدیث کا موقف ہے کہ سماع ثابت ہے اور یہ عنوان مسانید میں معروف ہے۔

435ـ أَخْبَرَنَا أَبُو حَامِدٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرُ بْنُ الْمُوَرِّعِ، حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ الأَنْصَارِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو، عَنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ كَانَ هَيِّنًا لَيِّنًا قَرِيبًا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کشادہ رو، نرم مزاج اور ہنس مکھ ہوگا اللہ تعالیٰ اس پر جہنم کی آگ حرام کر دے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

436ـ أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ الْفَاكِهِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَى بْنُ أَبِي مَسَرَّةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي

هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَفْتَى النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ كَانَ اِثْمُهُ عَلٰى مَنْ اَفْتَاهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جولوگوں کو بے علم فتوے دے گا، اس کا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہوگا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور مجھے اس میں کوئی علت بھی نہیں ملی۔

437۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَكْتُبُوْا عَنِّيْ شَيْئًا سِوَى الْقُرْاٰنِ مَنْ كَتَبَ عَنِّيْ شَيْئًا سِوَى الْقُرْاٰنِ فَلْيَمْحُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ تَقَدَّمَ اَخْبَارُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فِيْ اِجَازَةِ الْكِتَابَةِ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے حوالے سے قرآن کے سوا کچھ نہ لکھواور جوکچھ ابھی تک لکھ چکے ہو اس کو مٹادو۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور عبداللہ بن عمرو کی روایات پیچھے کتابت کی اجازت کے ضمن میں گزر چکی ہیں۔

438۔ أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ إِسْحَاقَ أَنْبَأَ بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَالِمٍ الْمَفْلُوْجِ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ

حدیث 436:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3657 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 53 اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 159 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان مدینه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحدیث: 335

حدیث 437:

اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 450 اخرجه ابوعبدالله شیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 11100 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه رساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 64 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 8008 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1288 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 3004

يُوسُفَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ لَيْسَ كُلُّنَا سَمِعَ حَدِيثَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَنَا ضَيْعَةٌ وَأَشْغَالٌ وَلٰكِنَّ النَّاسَ كَانُوا لَا يَكْذِبُونَ يَوْمَئِذٍ فَيُحَدِّثُ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَمُحَمَّدُ بْنُ سَالِمٍ وَابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ مُحْتَجٌّ بِهِمَا فَأَمَّا صَحِيفَةُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يُوسُفَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ فَقَدْ أَخْرَجَهَا الْبُخَارِيُّ فِي الْجَامِعِ الصَّحِيحِ

✧✧ حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، ہم میں سے ہر شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث نہیں سن رکھیں، کیونکہ ہمیں اپنے کام کاج وغیرہ بھی ہوتے تھے لیکن آج (یہ اُس زمانے کی بات ہے) لوگ جھوٹ نہیں بولتے، اس لئے جو حاضر ہے، وہ غائب تک احادیث پہنچادے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور محمد بن سالم اور ان کے بیٹے عبداللہ کی روایات نقل کی جاتی ہیں اور ابراہیم بن یوسف بن ابواسحاق کے صحیفہ کی تخریج امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی جامع الصحیح میں کی ہے۔

439۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَادَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ السَّكَنِ الْوَاسِطِيّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بُرَيْدَةَ قَالَ كَانَ بْنُ عَبَّاسٍ إِذَا سُئِلَ عَنْ شَيْءٍ فَكَانَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ قَالَ بِهِ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِي كِتَابِ اللّٰهِ وَكَانَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ شَيْءٌ قَالَ بِهِ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ شَيْءٌ قَالَ بِمَا قَالَ بِهِ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لِأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ فِيهِ شَيْءٌ قَالَ بِرَأْيِهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَفِيهِ تَوْقِيفٌ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ عبیداللہ ابن ابی بریدہ کا بیان ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اگر کوئی مسئلہ پوچھا جاتا، اگر وہ قرآن پاک میں ہوتا تو اس کے حوالے سے بیان کر دیتے، اگر وہ مسئلہ قرآن پاک میں نہ ہوتا لیکن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث شریف میں اس کا حل موجود ہوتا تو وہ حدیث کے حوالے سے اس کا جواب دے دیتے اور اگر حدیث رسول میں بھی وہ مسئلہ نہ ملتا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اقوال میں اس کو ڈھونڈتے، اگر ان کے اقوال میں مل جاتا تو ان کے حوالے سے بیان کر دیتے اور اگر ابوبکر اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی بھی اس حوالے سے کوئی وضاحت نہ ملتی تو پھر ایسے مسئلہ کا حل اپنی رائے سے کر دیتے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس حدیث میں ''توقیف'' ہے۔

440۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ إِدْرِيسَ الْأَوْدِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، رَفَعَ الْحَدِيثَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْكَذِبَ لَا يَصْلُحُ مِنْهُ جِدٌّ وَلَا هَزْلٌ، وَلَا أَنْ يَعِدَ الرَّجُلُ ابْنَهُ ثُمَّ لَا يُنْجِزُ لَهُ، إِنَّ

الصِّدقَ یَهْدِیْ اِلَی الْبِرِّ، وَاِنَّ الْبِرَّ یَهْدِیْ اِلَی الْجَنَّةِ، وَاِنَّ الْکَذِبَ یَهْدِیْ اِلَی الْفُجُورِ، وَاِنَّ الْفُجُورَ یَهْدِیْ اِلَی النَّارِ، اِنَّهٗ یُقَالُ لِلصَّادِقِ: صَدَقَ وَبَرَّ، وَیُقَالُ لِلْکَاذِبِ: کَذَبَ وَفَجَرَ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَیَصْدُقُ حَتّٰی یُکْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّیقًا اَوْ یَکْذِبُ حَتّٰی یُکْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ کَذَّابًا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَاِنَّمَا تَوَاتَرَتِ الرِّوَایَاتُ بِتَوْفِیْقِ اَکْثَرِ هٰذِهِ الْکَلِمَاتِ، فَاِنْ صَحَّ سَنَدُهٗ فَاِنَّهٗ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جھوٹ بول کر قسمت کو اچھا نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی یہ ہو سکتا ہے کہ باپ اپنے بیٹے سے کوئی وعدہ کرے اور پھر اس کو پورا نہ کرے۔ سچائی نیکی کی طرف لے جاتی ہے اور نیکی جنت تک لے جاتی ہے۔ جھوٹ گناہ تک اور گناہ جہنم تک لے جاتا ہے۔ سچے آدمی کو لوگ ''صادق اور نیک'' کے لفظوں سے یاد کرتے ہیں اور جھوٹے کو برا بھلا کہتے ہیں۔ آدمی سچ بولتا رہتا ہے حتیٰ کہ اس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں صدیقین کی فہرست میں شامل کر لیا جاتا ہے اور آدمی جھوٹ بولتا رہتا ہے حتیٰ کہ اسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کذابوں کی فہرست میں شامل کر لیا جاتا ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح الاسناد'' ہے اور اس حدیث میں وارد ہونے والے الفاظ اتفاقاً اکثر روایات میں آئے ہیں، اس لئے اس طرح کی روایات حد تواتر تک پہنچی ہوئی ہیں، اگر اس کی سند صحیح ہو تو یہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

441۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِیُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِیْدٍ الدَّارِمِیُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، وَوَهْبُ بْنُ بَقِیَّةَ الْوَاسِطِیَّانِ، قَالَا: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: افْتَرَقَتِ الْیَهُوْدُ عَلٰی اِحْدٰی اَوِ اثْنَتَیْنِ وَسَبْعِیْنَ فِرْقَةً، وَافْتَرَقَتِ النَّصَارٰی عَلٰی اِحْدٰی اَوِ اثْنَتَیْنِ وَسَبْعِیْنَ فِرْقَةً، وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِیْ عَلٰی ثَلَاثٍ وَّسَبْعِیْنَ فِرْقَةً

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَوَاهِدُ فَمِنْهَا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہودی ۷۱ یا ۷۲ فرقوں میں تقسیم ہو گئے تھے۔

حدیث: 441

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دار الفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4596 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2640 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دار الفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3991 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 12229 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 6247 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 3944 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 8054 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 148 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث: 988

عیسائی ۷۱ یا ۷۲ فرقوں میں بٹے تھے اور میری امت ۷۳ فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس حدیث کی کئی شاہد حدیثیں بھی موجود ہیں۔ (جیسا کہ درج ذیل ہے)

442۔ مَا اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ قَاسِمُ بْنُ قَاسِمٍ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْفَزَارِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَفَرَّقَتِ الْيَهُودُ عَلٰى اِحْدٰى وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، وَالنَّصَارٰى مِثْلُ ذٰلِكَ، وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِي عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِينَ فِرْقَةً

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہودی اور عیسائی ۷۱ فرقوں میں بٹے تھے اور میری امت ۷۳ فرقوں میں بٹ جائے گی۔

443۔ وَمِنْهَا مَا حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ الْبَهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنِ الْاَزْهَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي عَامِرٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَحْيٰى، قَالَ: حَجَجْنَا مَعَ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ، اُخْبِرَ بِقَاصٍّ يَقُصُّ عَلٰى اَهْلِ مَكَّةَ مَوْلًى لِبَنِي فَرُّوخٍ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ مُعَاوِيَةُ فَقَالَ: اُمِرْتَ بِهٰذِهِ الْقَصَصِ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَمَا حَمَلَكَ عَلٰى اَنْ تَقُصَّ بِغَيْرِ اِذْنٍ، قَالَ: نَنْشُرُ عِلْمًا عَلَّمَنَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: لَوْ كُنْتُ تَقَدَّمْتُ اِلَيْكَ لَقَطَعْتُ مِنْكَ طَائِفَةً، ثُمَّ قَامَ حِينَ صَلَّى الظُّهْرَ بِمَكَّةَ، فَقَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَهْلَ الْكِتَابِ تَفَرَّقُوا فِي دِينِهِمْ عَلَى اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِينَ مِلَّةً، وَتَفْتَرِقُ هٰذِهِ الْاُمَّةُ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِينَ كُلُّهَا فِي النَّارِ اِلَّا وَاحِدَةً وَّهِيَ الْجَمَاعَةُ، وَيَخْرُجُ مِنْ اُمَّتِي اَقْوَامٌ تَتَجَارٰى بِهِمْ تِلْكَ الْاَهْوَاءُ كَمَا يَتَجَارَى الْكَلْبُ بِصَاحِبِهِ، فَلَا يَبْقٰى مِنْهُ عِرْقٌ وَّلَا مَفْصِلٌ اِلَّا دَخَلَهُ، وَاللّٰهِ يَا مَعْشَرَ الْعَرَبِ لَئِنْ لَمْ تَقُوْمُوا بِمَا جَآءَ بِهِ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَغَيْرُ ذٰلِكَ اَحْرٰى اَنْ لَّا تَقُوْمُوا بِهِ هٰذِهِ اَسَانِيْدُ تُقَامُ بِهَا الْحُجَّةُ فِي تَصْحِيحِ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، وَعَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ بِاِسْنَادَيْنِ تَفَرَّدَ بِاَحَدِهِمَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ الْاَفْرِيقِيُّ، وَالْاٰخَرُ كَثِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، وَلَا تَقُوْمُ بِهِمَا الْحُجَّةُ

❖❖ ابو عامر عبداللہ بن یحییٰ کا بیان ہے: ہم نے معاویہ بن ابوسفیان کی معیت میں حج کیا، جب ہم مکہ پہنچے تو ہمیں بنی فروخ کے ایک قصہ گو غلام کے بارے میں پتہ چلا کہ وہ اہل مکہ کے خلاف لوگوں کو قصے سناتا ہے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف پیغام بھیج کر پوچھا کہ کیا تجھے اس طرح قصے سنانے کا کسی نے حکم دیا ہے؟ اس نے جواب دیا: نہیں (پیغام رساں نے پوچھا) پھر تو بلا اجازت اس طرح قصہ گوئی کیسے کر رہا ہے؟ اس نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو علم دیا ہے ہم وہ علم پھیلا رہے ہیں۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اسے پیغام بھیجا کہ اگر میں خود وہاں آ گیا تو تجھے چھوڑوں گا نہیں۔ پھر مکہ میں نماز ظہر پڑھنے کے بعد حضرت

معاویہ رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہوکر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا: اہل کتاب اپنے دین کے بارے میں ۷۲ فرقوں میں بٹ گئے تھے اور میری امت ۷۳ فرقوں میں بٹے گی۔ ایک فرقہ کے علاوہ باقی سب جہنمی ہونگے اور وہ فرقہ (اہل سنت) ''جماعت'' ہے اور میری امت میں ایسے لوگ بھی پیدا ہونگے جو خواہشات نفسانیہ کے ساتھ ساتھ اس طرح زندگی گزاریں گے جیسے کتا دوسرے کتوں کے ساتھ زندگی گزارتا ہے، ان کے ہر جوڑ اور ہر رگ میں خواہشات رچ بس چکی ہوں گی (پھر آپ نے اہل عرب کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا) اے اہل عرب! اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کو تم نے ترک کر دیا تو عجمی لوگ تو بدرجہ اولیٰ بے عمل ہو جائیں گے۔

❖❖ ان مذکورہ اسانید کو اس حدیث کی تصحیح کے لئے پیش کیا گیا ہے جبکہ یہ حدیث عبداللہ بن عمرو بن العاص اور عمرو بن عوف المزنی سے دو الگ الگ سندوں کے ساتھ بھی مروی ہیں۔ ان میں ایک سند میں عبدالرحمٰن بن زیاد الافریقی متفرد ہیں اور دوسری میں کثیر بن عبداللہ المزنی متفرد ہیں۔ ان دونوں کے ساتھ حجت قائم نہیں کی جا سکتی۔

(عبداللہ بن عمرو کی روایت درج ذیل ہے)

444۔ فَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَكِيمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَابِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَاْتِيَنَّ عَلٰى اُمَّتِيْ مَا اَتٰى عَلٰى بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ مِثْلًا بِمِثْلٍ حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ، حَتّٰى لَوْ كَانَ فِيْهِمْ مَنْ نَكَحَ اُمَّهُ عَلَانِيَةً كَانَ فِيْ اُمَّتِيْ مِثْلُهُ، اِنَّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ افْتَرَقُوْا عَلٰى اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ مِلَّةً، وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِيْ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ مِلَّةً كُلُّهَا فِي النَّارِ اِلَّا مِلَّةً وَّاحِدَةً، فَقِيْلَ لَهُ: مَا الْوَاحِدَةُ؟ قَالَ: مَا اَنَا عَلَيْهِ الْيَوْمَ وَاَصْحَابِيْ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت پر بھی وہ وقت آئے گا جو بنی اسرائیل پر آیا تھا اور ان کے حالات پورے پورے ان جیسے ہو جائیں گے حتیٰ کہ اگر بنی اسرائیل نے اپنی ماں سے علانیہ نکاح کیا تھا تو میری امت بھی اسی طرح کے گناہوں کی مرتکب ہوگی، اور بنی اسرائیل تو ۷۱ فرقوں میں بٹے تھے، میری امت ۷۳ فرقوں میں تقسیم ہوگی، ان میں سے ایک فرقہ کو چھوڑ کر باقی سب جہنمی ہوں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: وہ ایک فرقہ کونسا ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگ جو میری اور میرے صحابہ کی سنت پر عمل پیرا ہونگے۔

عمرو بن عوف المزنی کی روایت درج ذیل ہے۔

445۔ فَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، وَالْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِيْ كَثِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كُنَّا قُعُوْدًا حَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَسْجِدِهِ، فَقَالَ: لَتَسْلُكُنَّ سَنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ، وَلَتَاْخُذُنَّ مِثْلَ اَخْذِهِمْ اِنْ شِبْرًا فَشِبْرٌ، وَاِنْ ذِرَاعًا فَذِرَاعٌ، وَاِنْ بَاعًا فَبَاعٌ، حَتّٰى لَوْ دَخَلُوْا جُحْرَ ضَبٍّ دَخَلْتُمْ فِيْهِ، اَلَا اِنَّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ افْتَرَقَتْ عَلٰى مُوْسٰى عَلٰى اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً كُلُّهَا ضَالَّةٌ

اِلَّا فِرْقَةٌ وَّاحِدَةٌ الْاِسْلَامُ وَجَمَاعَتُهُمْ، وَاِنَّهَا افْتَرَقَتْ عَلٰى عِيسٰى ابْنِ مَرْيَمَ عَلٰى اِحْدٰى وَسَبْعِينَ فِرْقَةً كُلُّهَا ضَالَّةٌ اِلَّا فِرْقَةٌ وَّاحِدَةٌ الْاِسْلَامُ وَجَمَاعَتُهُمْ، ثُمَّ اِنَّهُمْ يَكُونُونَ عَلٰى اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً كُلُّهَا ضَالَّةٌ اِلَّا فِرْقَةٌ وَّاحِدَةٌ الْاِسْلَامُ وَجَمَاعَتُهُمْ

✧✧ کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن العوف بن زید اپنے والد وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ہم مسجد نبوی شریف میں رسول اکرم ﷺ کے اردگرد بیٹھے ہوئے تھے ۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم اپنے سے پہلی امتوں کی قدم بقدم پیروی کرو گے اور جو جو کام وہ کرتے رہے بعینہٖ وہی کام تم بھی کرو گے ہاتھ ہاتھ، ذراع، ذراع اور قدم بقدم انہی جیسے عمل کرو گے حتیٰ کہ اگر وہ کسی گوہ کے بل میں گھسے تھے تو تم بھی گوہ کے بل میں گھسو گے اور بنی اسرائیل، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حوالے سے ۷۱ فرقوں میں بٹ گئے تھے، صرف اسلام اور ان کی جماعت کے علاوہ باقی سب فرقے گمراہ تھے اور یہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حوالے سے ۷۱ فرقوں میں بٹ گئے تھے، ان میں بھی صرف اسلام کے گروہ کے سوا باقی سب گمراہ تھے پھر یہ ۷۲ فرقے ہو جائیں گے، ان میں اسلام اور اس کی جماعت کے سوا سب گمراہ ہوں گے ۔

حدیث 445:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر، یمامه، بیروت، لبنان، 1407ھ1987ء، رقم الحدیث: 3269 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث: 10839 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 2669 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 5943

كِتَابُ الطَّهَارَةِ

طہارت کا بیان

446۔ حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً فِیْ ذِی الْحِجَّةِ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ الْخَوْلَانِیُّ، قَالَ: قُرِءَ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ، اَخْبَرَكَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ نَصْرٍ الْعَدْلُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ فِيْمَا قُرِءَ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الصُّنَابِحِیِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا تَوَضَّاَ الْعَبْدُ فَمَضْمَضَ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ فِيْهِ، فَاِذَا اسْتَنْثَرَ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ اَنْفِهِ، فَاِذَا غَسَلَ وَجْهَهُ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ وَجْهِهِ، حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ اَشْفَارِ عَيْنَيْهِ، فَاِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ يَّدَيْهِ حَتّٰى تَخْرُجَ الْخَطَايَا مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِ يَدَيْهِ، فَاِذَا مَسَحَ بِرَاْسِهِ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ رَّاْسِهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ اُذُنَيْهِ، فَاِذَا غَسَلَ رِجْلَيْهِ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ رِجْلَيْهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِ رِجْلَيْهِ، ثُمَّ كَانَ مَشْيُهُ اِلَى الْمَسْجِدِ وَصَلَاتُهُ نَافِلَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ، وَاِنَّمَا خَرَّجَا بَعْضَ هٰذَا الْمَتْنِ مِنْ حَدِيْثِ حُمْرَانَ، عَنْ عُثْمَانَ وَاَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ غَيْرَ تَمَامٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ الصُّنَابِحِیُّ صَحَابِیٌّ وَّيُقَالُ: اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصُّنَابِحِیُّ صَاحِبُ اَبِیْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُسَيْلَةَ، وَالصُّنَابِحِیُّ قَيْسُ بْنُ اَبِیْ حَازِمٍ يُقَالُ لَهُ الصُّنَابِحُ ابْنُ الْاَعْسَرِ

حدیث 446:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام ' 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 103 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحياء التراث العربی (تحقيق فواد عبدالباقی) رقم الحديث: 60 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 19087 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 106 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 7984 اخرجه ابومحمد الكسی فی "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 298 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 1320 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 282

✧✧ حضرت عبداللہ الصنابحی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بندہ وضو کرتے ہوئے کلی کرتا ہے تو اس کے منہ کے گناہ دھل جاتے ہیں، جب ناک میں پانی چڑھاتا ہے تو ناک کے گناہ مٹ جاتے ہیں، پھر جب چہرہ دھوتا ہے تو اس کے چہرے کے تمام گناہ دھل جاتے ہیں حتیٰ کہ آنکھوں کی پلکیں تک گناہوں سے پاک ہو جاتی ہیں۔ جب ہاتھ دھوتا ہے تو اس کے ہاتھوں کے گناہ مٹ جاتے ہیں حتیٰ کہ ناخنوں کے نیچے سے بھی گناہ دھل جاتے ہیں، جب سر کا مسح کرتا ہے پورے سر کے گناہ ختم ہو جاتے ہیں حتیٰ کہ کانوں کے گناہ بھی معاف ہو جاتے ہیں۔ جب پاؤں دھوتا ہے تو اس کے پاؤں کے گناہ دھل جاتے ہیں حتیٰ کہ اس کے پاؤں کے ناخنوں کے نیچے والے گناہ بھی دھل جاتے ہیں۔ پھر جب وہ مسجد کی طرف چل کر جاتا ہے اور نماز ادا کرتا ہے تو اس کو زیادہ ثواب ملتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا اور اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔ تاہم امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے متن کا کچھ حصہ حمران، عثمان اور ابو صالح کی سند سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کیا ہے لیکن وہ متن مکمل نہیں ہے (اور اس کی سند میں) عبداللہ الصنابحی صحابی رسول ہیں۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عبدالرحمٰن بن عسیلہ رضی اللہ عنہ کے ساتھی ہیں، ان کو ابوعبداللہ الصنابحی رضی اللہ عنہ بھی کہا جاتا ہے اور یہ صنابحی قیس بن ابو حازم ہیں، ان کو الصنابح بن الاعسر بھی کہا جاتا ہے۔

447۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، وَاَبُوْ عُمَرَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اسْتَقِيْمُوا وَلَنْ تُحْصُوا، وَاعْلَمُوا اَنَّ خَيْرَ دِيْنِكُمُ الصَّلٰوةُ، وَلَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوْءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ

✧✧ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ثابت قدم رہو اور (اللہ کی نعمتوں کا) شمار

حدیث 447:

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 277 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء رقم الحديث: 655 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 22432 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي' دارعمار' بيروت' لبنان/عمان' 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 8 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 1444 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 996 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 108 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 217

مت کرو اور جان لو کہ تمہارے دین میں سب سے بہترین عمل نماز ہے اور وضو کی حفاظت صرف مومن ہی کرتا ہے۔

448 ـــــــــ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِي الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَقِيمُوا وَلَنْ تُحْصُوا، وَاعْلَمُوا اَنَّ خَيْرَ اَعْمَالِكُمُ الصَّلٰوةَ، وَلَنْ يُحَافِظَ عَلَى الْوُضُوءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ

وَقَدْ تَابَعَ مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ الْاَعْمَشَ فِي هٰذِهِ الرِّوَايَةِ عَنْ سَالِمٍ

✧✧ زائدہ کی سند سے بھی یہ حدیث منقول ہے تاہم اس میں (خیرو فیکم) کی بجائے (خیر اعمالکم) کے الفاظ ہیں۔

✣ اس روایت کو اعمش کی طرح منصور بن المعتمر نے بھی سالم سے نقل کیا ہے (ان کی روایت درج ذیل ہے)

449ـ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيَى بْنُ اَبِي مَسَرَّةَ، حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْفَضْلِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَقِيمُوا وَلَنْ تُحْصُوا، وَاعْلَمُوا اَنَّ خَيْرَ اَعْمَالِكُمُ الصَّلٰوةُ، وَلَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَسْتُ اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً يُعَلَّلُ بِمِثْلِهَا مِثْلُ هٰذَا الْحَدِيثِ، اِلَّا وَهْمٌ مِّنْ اَبِي بِلَالٍ الْاَشْعَرِيِّ وَهَمَ فِيهِ عَلٰى اَبِي مُعَاوِيَةَ

✧✧ سالم سے منصور المعتمر کی روایت کے ساتھ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور میری نظر میں اس حدیث میں کوئی ایسی علت بھی نہیں ہے جس کی بناء پر اس جیسی حدیث کو معلل قرار دیا جا سکے ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ اس کی سند میں ابوبلال اشعری رضی اللہ عنہ کو ابومعاویہ پر وہم ہے۔

450ـ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ يَسَارٍ الْحَنَّاطُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَقِيمُوا وَلَنْ تُحْصُوا، وَاعْلَمُوا اَنَّ خَيْرَ اَعْمَالِكُمُ الصَّلٰوةُ، وَلَنْ يُوَاظِبَ عَلَى الْوُضُوءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ

✧✧ اس مذکورہ سند کے ساتھ بھی یہ حدیث منقول ہے، صرف لفظوں کا فرق ہے۔

451ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ ثَابِتٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءٍ

بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّأَ فَاَحْسَنَ وُضُوئَهُ، ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ لَا يَسْهُو فِيْهِمَا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ"

✧✧ حضرت زید بن خالد الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز ادا کی اور اس میں اس کو سہو عارض نہ ہو، اس کے سابقہ گناہوں کو معاف کر دیا جاتا ہے۔

452۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَا اَحْفَظُ لَهُ عِلَّةً تُوْهِنُهَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ وَهَمَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ عَلٰى زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ فِيْ اِسْنَادِ هٰذَا الْحَدِيْثِ

✧✧ ہشام بن سعد سے بھی اسی جیسی حدیث منقول ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور مجھے اس حدیث میں ایسی کوئی علت نہیں ملی جس کی وجہ سے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا جا سکے اور محمد بن ابان کو اس حدیث کی سند میں زید بن اسلم رضی اللہ عنہ پر وہم ہوا ہے۔

453۔ حَدَّثَنَا ابْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّأَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ لَا يَسْهُو فِيْهِمَا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ

هٰذَا وَهْمٌ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبَانَ، وَهُوَ وَاهِي الْحَدِيْثِ غَيْرُ مُحْتَجٍّ بِهٖ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِهِشَامِ بْنِ سَعْدٍ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اچھے طریقے سے وضو کر کے دو رکعتیں ادا کیں جن میں وہ بھولے نہیں تو اس کے سابقہ گناہوں کو معاف کر دیا جاتا ہے۔

✣✣ اس حدیث میں محمد بن ابان کو غلط فہمی ہوئی ہے، محمد بن ابان حدیث کے حوالے سے بہت کمزور آدمی ہیں، ان کی روایات محدثین علیہم الرحمۃ نقل نہیں کرتے۔ ہاں امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ہشام بن سعد کی روایات نقل کی ہیں۔

454۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمَدِيْنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ عُثْمَانَ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ اَبِيْ عُبَيْدٍ،

حديث 451:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 905 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 17095 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983. رقم الحديث: 5242 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ه/1988. رقم الحديث: 280

مَوْلٰی سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ، اَنَّ اَبَا عُبَيْدٍ، قَالَ لَهٗ: حَدِّثْنَا حَدِيْثًا سَمِعْتَهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ وَّلَا مَرَّتَيْنِ وَلَا ثَلَاثٍ، يَقُوْلُ: اِذَا تَوَضَّاَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْثَرَ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ اَطْرَافِ فَمِهٖ، فَاِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ تَنَاثَرَتِ الْخَطَايَا مِنْ اَظْفَارِهٖ، فَاِذَا مَسَحَ بِرَاْسِهٖ تَنَاثَرَتِ الْخَطَايَا مِنْ اَطْرَافِ رَاْسِهٖ، فَاِنْ قَامَ وَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ يُقْبِلُ فِيْهِمَا بِقَلْبِهٖ وَطَرْفِهٖ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَمَا وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِهِمَا، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاَبُوْ عُبَيْدٍ تَابِعِيٌّ قَدِيْمٌ لَّا يُنْكَرُ سَمَاعُهٗ مِنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ

✧✧ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دفعہ ابوعبید نے ان سے کہا: ہمیں کوئی حدیث سناؤ جو تم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو۔ عمرو نے کہا: ایک دفعہ یا دو دفعہ یا تین دفعہ نہیں (بلکہ اس سے بھی زیادہ دفعہ) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ بندۂ مومن وضو کرتے ہوئے جب کلی کرتا ہے اور ناک میں پانی چڑھاتا ہے تو اس کے منہ کے کناروں سے گناہ دھل کر نکل جاتے ہیں پھر جب ہاتھ دھوتا ہے تو ہاتھوں کے گناہ دھل کر ناخنوں کی طرف سے نکل جاتے ہیں پھر جب مسح کرتا ہے تو سر کے تمام گناہ سر کے کناروں سے نکل جاتے ہیں پھر اگر وہ دو رکعت نماز ادا کرے اور اس دوران وہ انتہائی خشوع وخضوع کے ساتھ، صرف اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ رکھے تو وہ بندہ گناہوں سے ایسے پاک ہو جاتا ہے گویا کہ ماں کے پیٹ سے آج ہی پیدا ہوا ہے۔

✿✿ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ (اس کی سند میں) ابوعبید قدیم تابعی ہیں، عمرو بن عبسہ سے ان کے سماع کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

455۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ الْخَوَّاصُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاللَّفْظُ لَهٗ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، قَالَ: قَالَ شُرَحْبِيْلُ بْنُ حَسَنَةَ: مَنْ رَّجُلٌ يُحَدِّثُنَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ: اَنَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا مَرَّةً وَّلَا مَرَّتَيْنِ حَتّٰى عَدَّ خَمْسَ مَرَّاتٍ، يَقُوْلُ: اِذَا قَرَّبَ الْمُسْلِمُ وَضُوْئَهٗ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ خَرَجَتْ ذُنُوْبُهٗ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ وَاَطْرَافِ اَنَامِلِهٖ، فَاِذَا غَسَلَ وَجْهَهٗ خَرَجَتْ ذُنُوْبُهٗ مِنْ اَطْرَافِ لِحْيَتِهٖ، فَاِذَا مَسَحَ بِرَاْسِهٖ خَرَجَتْ ذُنُوْبُهٗ مِنْ اَطْرَافِ شَعْرِهٖ، فَاِذَا غَسَلَ رِجْلَيْهِ خَرَجَتْ ذُنُوْبُهٗ مِنْ بُطُوْنِ قَدَمَيْهِ

✧✧ حضرت ابوقلابہ فرماتے ہیں (ایک دفعہ) شرحبیل بن حسنہ نے کہا: کون ہے جو ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث سنائے؟ اس پر حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ بولے: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ایک دفعہ نہیں، دو دفعہ نہیں (پانچ تک یونہی کہا جس کا مطلب یہ ہے کہ) بہت مرتبہ سنا ہے کہ جب بندہ وضو کرتے ہوئے ہاتھ دھوتا ہے تو اس کے گناہ انگلیوں اور ان کے پوروں سے نکل جاتے ہیں اور جب چہرہ دھوتا ہے تو اس کے گناہ داڑھی کے کناروں سے نکل جاتے ہیں، جب سر کا مسح کرتا ہے تو اس کے

بالوں کے کناروں سے گناہ نکل جاتے ہیں اور جب پاؤں دھوتا ہے تو اس کے گناہ قدموں کے تلوؤں کی طرف سے نکل جاتے ہیں۔

456۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ، اَنْبَانَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدَايِنِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ ذُبَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِسْبَاغُ الْوُضُوءِ عَلَى الْمَكَارِهِ، وَاِعْمَالُ الْاَقْدَامِ اِلَى الْمَسَاجِدِ، وَانْتِظَارُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ يَغْسِلُ الْخَطَايَا غَسْلا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سخت سردیوں میں کامل وضو کرنا، مسجد کی طرف چل کر جانا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا گناہوں کو دھو دیتا ہے۔

✥ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

457۔ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى الْعَنْبَرِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو الضَّرِيْرُ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مِفْتَاحُ الصَّلٰوةِ الْوُضُوءُ، وَتَحْرِيْمُهَا التَّكْبِيْرُ، وَتَحْلِيْلُهَا التَّسْلِيمُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَوَاهِدُهُ عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ كَثِيْرَةٌ، فَقَدْ رَوَاهُ اَبُوْ حَنِيفَةَ وَحَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، وَاَبُوْ مَالِكٍ النَّخَعِيُّ، وَغَيْرُهُمْ، عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ، وَاَشْهُرُ اِسْنَادٍ فِيْهِ حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ وَّاَشْهُرُ اِسْنَادٍ فِيْهِ حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ عَلِيٍّ، وَالشَّيْخَانِ قَدْ اَعْرَضَا عَنْ حَدِيْثِ بْنِ عَقِيْلٍ اَصْلا

حدیث 456:

اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث:488 اخرجه ابومحمد الكسى فى "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث:91

حدیث 457:

اخرجه ابوداؤد السجستانى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 61 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 3 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 275 اخرجه ابومحمد الدارمى فى "سننه" طبع دارالكتاب العربى بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 687 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 1006 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 616 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمة الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 9271 اخرجه ابوداؤد الطيالسى فى "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1790 اخرجه ابن ابى اسامه فى "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث:169

◇◇ حضرت ابوسعید روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نماز کی کنجی وضو ہے، اس کی تحریم "تکبیر" ہے اور اس کی تحلیل "تسلیم" ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور اس حدیث کے شواہد ابوسفیان کی ابونضرہ کی سند کے ہمراہ کثیر ہیں۔ اس حدیث کو ابوحنیفہ، حمزہ الزیات، ابو مالک النخعی اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے ابوسفیان کے حوالے سے نقل کیا ہے اور اس حدیث کی سب سے مشہور سند وہ ہے جو عبداللہ بن محمد بن عقیل، پھر محمد بن حنفیہ سے ہوتی ہوئی حضرت علی رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابن عقیل کی روایات کو بالکل نقل نہیں کیا۔

458۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ، وَعُثْمَانُ، ابنا أبي شيبة، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُو الْوَلِيْدِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شِيْرَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْمَآءِ يَكُوْنُ بِاَرْضِ الْفَلَاةِ وَمَا يَنُوْبُهُ مِنَ السِّبَاعِ وَالدَّوَابِّ، فَقَالَ: اِذَا كَانَ الْمَآءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يُنَجِّسْهُ شَيْءٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاَظُنُّهُمَا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ لَمْ يُخَرِّجَاهُ لِخِلَافٍ فِيْهِ عَلٰى اَبِيْ اُسَامَةَ عَلَى الْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ

◇◇ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ سے بیابان میں جمع شدہ پانی اور جس میں سے جانور اور پرندے پانی پیتے ہوں، کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: جب پانی (کم از کم) دو مٹکے ہوتو اس کو کوئی چیز ناپاک نہیں

حدیث: 458

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 63 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 67 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 52 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 517 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 731 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 4605 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1253 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 92 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 50 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 5590 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1954 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 817 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ھ رقم الحديث: 258

کرسکتی۔

✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اورامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں ۔اللہ بہتر جانتا ہے لیکن جہاں تک میرا خیال ہے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ابواسامہ کے ولید بن کثیر کے ساتھ اختلاف کی وجہ سے اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

459۔ كَمَا اَخْبَرَنَاهُ دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ السِّجْزِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ اَبُوْ اُسَامَةَ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْمَآءِ وَمَا يَنُوبُهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ، فَقَالَ: اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ وَهٰكَذَا رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ فِي الْمَبْسُوطِ، عَنِ الثِّقَةِ، وَهُوَ اَبُوْ اُسَامَةَ بِلا شَكٍّ فِيهِ

✧✧ محمد بن عباد بن جعفر کی سند سے بھی یہ حدیث مروی ہے۔

✤ امام شافعی نے مبسوط میں اسی سند کے ہمراہ روایت کی ہے اور روایت کرتے ہوئے کہا عن الثقہ اور اس ثقہ سے بلاشک وشبہ ابواسامہ ہی مراد ہیں (امام شافعی کی ثقہ سے روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

460۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَاَخْبَرَنِي اَبُو الْحُسَيْنِ بْنُ يَعْقُوبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَامَةَ الْفَقِيهُ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى الْمُزَنِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الشَّافِعِيُّ، وَقَالَ الرَّبِيعُ: اَنْبَاَنَا الشَّافِعِيُّ، اَنْبَاَنَا الثِّقَةُ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلْ نَجَسًا، اَوْ قَالَ: خَبَثًا

هٰذَا خِلَافٌ لَّا يُوهِنُ هٰذَا الْحَدِيثَ، فَقَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ جَمِيعًا بِالْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ وَّمُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، وَاِنَّمَا قَرَنَهُ اَبُوْ اُسَامَةَ اِلٰى مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ، ثُمَّ حَدَّثَ بِهِ مَرَّةً عَنْ هٰذَا وَمَرَّةً عَنْ ذَاكَ وَالدَّلِيْلُ عَلَيْهِ

✤ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) سند حدیث میں اس طرح کا اختلاف حدیث کو کمزور نہیں کرتا کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ولید بن کثیر کی روایات نقل کی ہیں اور محمد بن عباد بن جعفر کی روایات بھی نقل کی ہیں (یہاں پر اصل نسخہ میں جگہ خالی ہے) اور ابواسامہ نے اس کی سند کو محمد بن عباد بن جعفر تک پہنچا کر ایک مرتبہ محمد بن جعفر بن زبیر سے اور ایک مرتبہ محمد بن عباد بن جعفر سے روایت کی ہے اور درج ذیل حدیث اس پر واضح دلیل ہے۔

461۔ مَا حَدَّثَنِيهِ اَبُوْ عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاِسْفَرَايِينِيُّ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، وَاَنَا سَاَلْتُهُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَآءِ وَمَا يَنُوبُهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ وَقَدْ صَحَّ وَثَبَتَ بِهٰذِهِ الرِّوَايَةِ صِحَّةُ الْحَدِيْثِ وَظَهَرَ اَنَّ اَبَا اُسَامَةَ سَاقَ الْحَدِيْثَ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ عَنْهُمَا جَمِيْعًا، فَاِنَّ شُعَيْبَ بْنَ اَيُّوْبَ الصَّرِيْفَيْنِيُّ ثِقَةٌ مَّامُوْنٌ، وَكَذٰلِكَ الطَّرِيْقُ اِلَيْهِ، وَقَدْ تَابَعَ الْوَلِيْدَ بْنَ كَثِيْرٍ عَلٰى رِوَايَتِهٖ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ الْقُرَشِيُّ

✧✧ یہی روایت ولید بن کثیر نے محمد بن جعفر بن زبیر اور محمد بن عباد بن جعفر دونوں کے حوالے سے عبداللہ بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔

✣✣ اس روایت سے حدیث کی صحت ثابت ہوگئی اور یہ بات واضح ہوگئی کہ ابواسامہ نے ولید بن کثیر کے ذریعے دونوں سے روایات نقل کی ہیں، اس سند میں شعیب بن ایوب الصریفینی ثقہ ہیں، مامون ہیں، اور ان تک طریق بھی صحیح ہے اور یہ حدیث محمد بن جعفر بن زبیر سے روایت کرنے میں ولید بن کثیر کی محمد بن اسحاق بن یسار القرشی نے متابعت کی ہے۔

(جیسا کہ درج ذیل حدیث سے واضح ہے)

462- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خَلِّيٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيْهِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُئِلَ عَنِ الْمَآءِ يَكُوْنُ بِاَرْضِ الْفَلَاةِ وَمَا يَنُوبُهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ الْمَاءُ قَدْرَ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ وَهٰكَذَا رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَزَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَيَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، وَسَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ اَخُو حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَدْ حَدَّثَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَعَبْدُ اللّٰهِ جَمِيْعًا بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْتُهُ

✣✣ اس حدیث کو درج ذیل محدثین کرام رحمۃ اللہ علیہم نے بھی عبداللہ بن عبیداللہ بن عبداللہ اور عبداللہ سے روایت کیا ہے جس سے اس کی صحت مزید پختہ ہو جاتی ہے۔ سفیان الثوری، زائدہ بن قدامہ، حماد بن سلمہ، ابراہیم بن سعد، عبداللہ بن المبارک، یزید بن زریع، حماد بن زید کے بھائی سعید بن زید، ابومعاویہ اور عبدہ بن سلیمان رحمہم اللہ تعالیٰ نے بھی اس کو روایت کیا ہے۔

463- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الْفَقِيْهُ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَا: اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بُسْتَانًا فِيْهِ مَقْرُ مَاءٍ فِيْهِ جِلْدُ بَعِيْرٍ مَيِّتٍ فَتَوَضَّاَ مِنْهُ، فَقُلْتُ: اَتَتَوَضَّاُ مِنْهُ وَفِيْهِ جِلْدُ بَعِيْرٍ مَيِّتٍ؟ فَحَدَّثَنِيْ عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا لَّمْ

يُنَجِّسْهُ شَيْءٌ" هٰكَذَا حَدَّثَنَا عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سُفْيَانَ، وَقَدْ رَوَاهُ عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَغَيْرُهُ مِنَ الْحُفَّاظِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَلَمْ يَذْكُرُوا فِيهِ اَوْ ثَلَاثًا

591- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، اَنْبَاَنَا اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ، قَالَ: اُنْبِئْتُ اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيَّ حَدَّثَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا وَطِءَ اَحَدُكُمْ بِنَعْلَيْهِ فِي الْاَذَى فَاِنَّ التُّرَابَ لَهُمَا طَهُوْرٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَاِنَّ مُحَمَّدَ بْنَ كَثِيْرٍ الصَّنْعَانِيَّ هٰذَا صَدُوْقٌ وَّقَدْ حُفِظَ فِيْ اِسْنَادِهٖ ذِكْرُ ابْنِ عَجْلَانَ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ اس مذکورہ سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس کی سند میں محمد بن کثیر الصنعانی "صدوق" ہے اور اس کی اسناد میں ابن عجلان کا ذکر بھی محفوظ ہے۔

592- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَيْرَانَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ الرَّقَّامُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حُضَيْنِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ، اَنَّهٗ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُوْلُ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ حَتّٰى تَوَضَّاَ، ثُمَّ اعْتَذَرَ اِلَيْهِ وَقَالَ: اِنِّيْ كَرِهْتُ اَنْ اَذْكُرَ اللّٰهَ اِلَّا عَلٰى طُهْرٍ، اَوْ قَالَ: عَلٰى طَهَارَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ اِنَّمَا اَخْرَجَ مُسْلِمٌ حَدِيْثَ الضَّحَّاكِ

حدیث 590:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 385 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1403 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 292 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 4045 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت لبنان' (طبع ثاني) 1403ھ' رقم الحديث: 104

بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَجُلا مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُوْلُ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ وَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ حَتّٰى تَوَضَّأَ ثُمَّ اعْتَذَرَ اِلَيْهِ، وَقَالَ: اِنِّيْ كَرِهْتُ اَنْ اَذْكُرَ اللّٰهَ اِلَّا عَلٰى طُهْرٍ، اَوْ قَالَ: عَلٰى طَهَارَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ مہاجر بن قنفذ کا بیان ہے کہ (ایک مرتبہ) وہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے (جب یہ پہنچے تو) آپ پیشاب کررہے تھے، انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب نہ دیا (پھر فارغ ہوکر) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور ان سے معذرت کرتے ہوئے فرمایا: بے وضو اللہ پاک کا نام لینا مجھے پسند نہیں ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن ان الفاظ کے ہمراہ انہوں نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا ہے۔

593۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْفَقِيْهُ بِالرَّيِّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْاَزْرَقِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ حُكَيْمَةَ بِنْتِ اُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ، عَنْ اُمِّهَا، اَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدَحٌ مِّنْ عِيْدَانٍ تَحْتَ سَرِيْرِهٖ يَبُوْلُ فِيْهِ بِاللَّيْلِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَسُنَّةٌ غَرِيْبَةٌ وَّاُمَيْمَةُ بِنْتُ رُقَيْقَةَ صَحَابِيَّةٌ مَّشْهُوْرَةٌ مُّخَرَّجٌ حَدِيْثُهَا فِي الْوُحْدَانِ لِلْاَئِمَّةِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حکیمہ بنت امیمہ بنت رفیقہ اپنی والدہ کا بیان روایت کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چارپائی کے نیچے لکڑی کا ایک

حديث 592:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 17 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 2641 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 19056 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 803 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 430 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 779 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 673

حديث 593:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 24 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 32 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1426 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 34 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 485 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 477

برتن رکھا ہوتا تھا (اگر کبھی) رات میں پیشاب (کی حاجت ہوتی تو آپ) اس میں کرتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور یہ سنت غریبہ ہے اور امیمہ بنت رفیقہ مشہور صحابیہ ہیں، ان کی حدیث ائمہ کی وحدان میں نقل کی جاتی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا ہے۔

594۔ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّیْ، اَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ مَرْيَمَ، اَخْبَرَنِیْ نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِیْ حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْحِمْيَرِیَّ، حَدَّثَهُ عَنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اتَّقُوا الْمَلَاعِنَ الثَّلَاثَ: الْبَرَازَ فِی الْمَوَارِدِ، وَقَارِعَةَ الطَّرِيقِ، وَالظِّلَّ لِلْخِرَائَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ اِنَّمَا تَفَرَّدَ مُسْلِمٌ بِحَدِيْثِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ: اتَّقُوا اللَاعِنَيْنِ، قَالُوْا: وَمَا اللَاعِنَانِ ؟ قَالَ: الَّذِیْ يَتَخَلّٰى فِی الطَّرِيقِ

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ تین مقامات پر پاخانہ کرنے سے بچو (۱) پانی میں (۲) گزرگاہ میں (۳) سایہ دار درخت کے نیچے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے نقل نہیں کیا ہے۔ صرف امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے علاء کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کیا ہے: لاعنین سے بچو، لوگوں نے پوچھا لاعنان کون ہیں؟ آپ نے جواباً ارشاد فرمایا: وہ شخص جو گزرگاہ میں بول و براز کرے۔

595۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِیُّ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْفَزَارِیُّ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ وَّاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِیُّ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، اَخْبَرَنِیْ اَشْعَثُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ ابْنِ مُغَفَّلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِیْ مُسْتَحَمِّهٖ ثُمَّ يَغْتَسِلُ فِيْهِ، اَوْ يَتَوَضَّاُ فِيْهِ، فَاِنَّ عَامَّةَ الْوَسْوَاسِ مِنْهُ وَاللَّفْظُ لِحَدِيْثِ اَحْمَدَ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ

حدیث 595:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 27 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 21 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 36 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 304 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 20588 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1255 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 36 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 477 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 505

✧✧ حضرت ابن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص اپنے حمام میں ہرگز پیشاب نہ کرے کہ پھر اسی میں اس نے غسل یا وضو بھی کرنا ہے کیونکہ عام طور پر اسی وجہ سے وسوسے آتے ہیں، اس حدیث کے الفاظ ''احمد'' کی روایت کے مطابق ہیں۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

596۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيِّ اَظُنُّهُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّمْتَشِطَ اَحَدُنَا كُلَّ يَوْمٍ، اَوْ يَبُولَ فِي مُغْتَسَلِهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روزانہ کنگھی کرنے اور غسل خانے میں پیشاب کرنے سے منع کیا ہے۔

597۔ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّهُ خَرَجَ حَاجًّا، اَوْ مُعْتَمِرًا، وَمَعَهُ النَّاسُ وَهُوَ يَؤُمُّهُمْ فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ اَقَامَ الصَّلٰوةَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ، ثُمَّ قَالَ: لِيَتَقَدَّمْ اَحَدُكُمْ، وَذَهَبَ اِلَى الْخَلَاءِ، ثُمَّ قَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: اِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّذْهَبَ اِلَى الْخَلَاءِ وَقَامَتِ الصَّلٰوةُ فَلْيَبْدَاْ بِالْخَلَاءِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شُهُودٌ بِاَسَانِيدَ صَحِيحَةٍ

✧✧ حضرت عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ کچھ لوگوں کے ہمراہ ان کی قیادت اور امامت کرتے ہوئے حج یا عمرہ کے لئے گئے، ایک دن نماز فجر کی اقامت ہوچکی تھی کہ آپ نے لوگوں سے کہا: تم میں سے کوئی آدمی آکر نماز پڑھائے (دوسرے آدمی کو نماز کی ذمہ داری دے کر آپ خود) قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے پھر واپس آکر فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ اگر تمہیں بول وبراز کی حاجت ہوتو خواہ نماز کے لئے اقامت ہوچکی ہو، پھر بھی پہلے جا کر قضائے حاجت کرو (بعد

حدیث 596:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث:482

حدیث 597:

اخرجہ ابوداؤد السجستانی فی "سننہ" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 88 اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر' رقم الحدیث: 16001 ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 4808 اخرجہ ابوبکر الحمیدی فی "مسندہ" طبع دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ' رقم الحدیث: 872 اخرجہ ابوبکر بن خزیمۃ النیسابوری' فی "صحیحہ" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1652

میں نماز پڑھو)

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

598- حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمُزَكِّي، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ شُرَيْحٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُصَلِّيَ وَهُوَ حَقِنٌ حَتّٰى يُخَفِّفَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے، اس کو پیشاب روکے ہوئے نماز پڑھنا جائز نہیں جب تک کہ وہ پیشاب کر نہ لے۔

599- اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي حَزْرَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عَائِشَةَ فَجِيءَ بِطَعَامِهَا فَقَامَ الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ يُصَلِّي، فَقَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يُصَلّٰى بِحَضْرَةِ الطَّعَامِ، وَلَا هُوَ يُدَافِعُ الْاَخْبَثَانِ

✧✧ حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھے، کھانے کے لئے دسترخوان لگ گیا، تو قاسم بن محمد اٹھ کر نماز پڑھنے لگ گئے۔ اس پر اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جب طعام حاضر ہو تو اس وقت نماز نہیں پڑھنی چاہئے (بلکہ پہلے کھانا کھالینا چاہئے) اور نہ ہی اس وقت (نماز پڑھنی چاہئے) جب

حدیث 598:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 91 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 357 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 22295

حدیث 599:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 89 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 24212 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحدیث: 2073 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحدیث: 933 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ه/1994ء رقم الحدیث: 4805 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان مدینه منوره (طبع اول) 1412ه/1991ء رقم الحدیث: 1169 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ه رقم الحدیث: 7940

پیشاب یا پاخانہ زور کر رہے ہوں۔

600- اَخْبَرَنَا اَهْزُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمْدُوْنَ الْمُنَاوِیُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّقَاشِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَتَّابٍ سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ یَحْیٰی، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَیْدٍ، قَالَ: جَائَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْرَجْنَا لَهٗ مَاءً فِیْ تَوْرٍ مِّنْ صُفْرٍ، فَتَوَضَّاَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِیْثِ عَآئِشَةَ

❖❖ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، ہم نے پیتل کے ایک برتن میں آپ کو پانی پیش کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے وضو کیا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔

601- حَدَّثَنَاهُ عَلِیُّ بْنُ عِیْسَی الْحِیْرِیُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِیَادٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَیْبٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ تَوْرٍ مِّنْ شِبَهٍ

❖❖ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیتل کے ایک ٹب میں (سے پانی لے کر) غسل کیا کرتے تھے۔

602- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ رَّاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ ثَوْبَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَرِیَّةً فَاَصَابَهُمُ الْبَرْدُ، فَلَمَّا قَدِمُوْا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُمْ اَنْ یَّمْسَحُوْا عَلَی الْعَصَائِبِ وَالتَّسَاخِیْنِ

حدیث 600:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحدیث:100 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحدیث:471

ذكره ابوبكر البیهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:118 اخرجه ابوبكر الكوفی فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث:400

حدیث 602:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحدیث:146 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث:22437 ذكره ابوبكر البیهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:293 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث:477

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلَى الْمَسْحِ عَلَى الْعِمَامَةِ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ وَلَهُ شَاهِدٌ

✧✧ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاہدین کی ایک جماعت کوایک مہم پر بھیجا۔ان لوگوں کو وہاں شدید سردی کا سامنا کرنا پڑا، جب یہ لوگ لوٹ کر واپس آئے (اور اپنی تکالیف سنائیں) تو آپ نے عمامے اور موزوں پر مسح کرنے کی اجازت عطا فرمادی۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے،لیکن انہوں نے ان الفاظ کے ساتھ اس حدیث کو نقل نہیں کیا ۔تاہم امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں عمامہ پر مسح کرنے پر متفق ہیں لیکن یہ الفاظ انہوں نے استعمال نہیں کئے۔

603۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِيْ مَعْقِلٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ قِطْرِيَّةٌ، فَاَدْخَلَ يَدَهُ مِنْ تَحْتِ الْعِمَامَةِ، فَمَسَحَ مُقَدَّمَ رَاْسِهِ، وَلَمْ يَنْقُضِ الْعِمَامَةَ هٰذَا الْحَدِيْثُ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ اِسْنَادُهُ مِنْ شَرْطِ الْكِتَابِ، فَاِنَّ فِيْهِ لَفْظَةً غَرِيْبَةً وَّهِيَ اَنَّهُ مَسَحَ عَلٰى بَعْضِ الرَّاْسِ، وَلَمْ يَمْسَحْ عَلٰى عِمَامَتِهِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قطری عمامہ پہنے ہوئے ہی وضو کرلیا کرتے تھے اور عمامہ کھولے بغیر اس کے نیچے سے ہاتھ گزار کر سر کی اگلی جانب مسح کرلیا کرتے تھے۔

✣✣ اس حدیث کی اسناد اگرچہ اس کتاب کے معیار کے مطابق نہیں ہے لیکن اس میں ایک غریب لفظ موجود ہے، وہ یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر کے بعض حصے پر مسح کیا، عمامہ کے اوپر مسح نہیں کیا۔

604۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ غَسَّانَ الْقَزَّازُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ وَحَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ أَنْبَأَ جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ أَنَّ جَرِيْراً بَالَ ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَقَالَ مَا يَمْنَعُنِيْ أَنْ أَمْسَحَ وَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ قَالُوْا إِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ قَبْلَ نُزُوْلِ الْمَائِدَةِ قَالَ مَا أَسْلَمْتُ إِلَّا بَعْدَ نُزُوْلِ الْمَائِدَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ الْمُحْتَاجِ إِلَيْهِ إِنَّمَا اتَّفَقَا عَلَى حَدِيْثِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ جَرِيْرٍ وَفِيْهِ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ كَانَ يُعْجِبُهُمْ حَدِيْثُ جَرِيْرٍ لِأَنَّهُ أَسْلَمَ بَعْدَ نُزُوْلِ الْمَائِدَةِ وَبُكَيْرُ بْنُ عَامِرٍ الْبَجَلِيُّ كُوْفِيٌّ ثِقَةٌ عَزِيْزُ الْحَدِيْثِ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ فِيْ ثِقَاتِ الْكُوْفِيِّيْنَ

حديث 603:

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث:564

✧✧ ابوزرعہ بن عمرو بن حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جریر نے پیشاب کیا، پھر وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا اور فرمایا: میں کیوں نہ مسح کروں؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے، لوگوں نے کہا: وہ تو نزول مائدہ سے پہلے کی بات ہے۔ انہوں نے فرمایا: میں اسلام ہی سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد لایا ہوں۔

✧✧ یہ حدیث صحیح ہے، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کو نقل نہیں کیا ہے، حالانکہ ان لفظوں کے ساتھ روایت کرنے کی ضرورت تھی۔ تاہم دونوں نے اعمش کی وہ حدیث نقل کی ہے جس کی سند ابراہیم، ہمام سے ہوتی ہوئی جریر تک پہنچتی ہے اور ابراہیم کا کہنا ہے کہ ان کو جریر کی حدیث بہت پسند ہے، اس لئے کہ جریر نزول مائدہ کے بعد مشرف بہ اسلام ہوئے تھے (اور اس حدیث کے ایک راوی) بکیر بن عامر البجلی، کوفی، ثقہ ہیں اور عزیز الحدیث ہیں، ان کی مرویات کو ثقات الکوفیین میں جمع کیا گیا ہے۔

605۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَسَنِ الْاَسَدِیُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِی اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِیُّ، حَدَّثَنَا اَبِی، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ، سَمِعَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلٰى بَنِی تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّهٗ شَهِدَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ، يَسْاَلُ بِلَالًا، عَنْ وُضُوءِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَانَ يَخْرُجُ يَقْضِی حَاجَتَهٗ فَآتِيهِ بِالْمَآءِ فَيَتَوَضَّاُ، وَيَمْسَحُ عَلٰى عِمَامَتِهٖ، وَمُوقَيْهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ فَاِنَّ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلٰى بَنِی تَيْمٍ مَعْرُوفٌ بِالصِّحَّةِ وَالْقَبُولِ، وَاَمَّا الشَّيْخَانِ فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا ذِكْرَ الْمَسْحِ عَلَى الْمُوقَيْنِ

✧✧ حضرت ابوعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت سے فارغ ہوتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پانی پیش کیا جاتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے وضو کرتے اور اپنے عمامہ اور موزوں پر مسح کرتے۔

✧✧ یہ حدیث صحیح ہے کیونکہ ابوعبداللہ بنی تیم کے غلام ہیں، صحت اور قبولیت میں معروف ہیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے موقین پر مسح کا ذکر نقل نہیں کیا۔

606۔ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ

حدیث 604:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري، في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 187

اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 2425

حدیث 606: اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 18245 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 872 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1205

بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَامِرٍ الْبَجَلِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي نُعْمٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَسِيتَ، قَالَ: بَلْ اَنْتَ نَسِيتَ بِهٰذَا اَمَرَنِيْ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ

قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ طُرُقِ حَدِيْثِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْمَسْحِ، وَلَمْ يُخَرِّجَا قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا اَمَرَنِيْ رَبِّي وَاِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ

✧✧ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں پر مسح کیا تو میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ بھول رہے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (نہیں) بلکہ تم بھول رہے ہو، میرے اللہ عزوجل نے مجھے یہی حکم دیا ہے۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیث کے بعض حصے نقل کئے ہیں لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا قول "بِهٰذَا اَمَرَنِيْ رَبِّي" نقل نہیں کیا، حالانکہ اس کی اسناد صحیح ہے۔

607- اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، وَحَدَّثَنا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنَّى الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَزِيْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، قَالَ: قَالَ يَحْيٰى شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ عُمَارَةَ وَقَدْ كَانَ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِبْلَتَيْنِ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: يَوْمًا، قَالَ: وَيَوْمَيْنِ، قَالَ: وَثَلَاثَةٌ؟ قَالَ: نَعَمْ مَا شِئْتَ اُبَيُّ بْنُ عُمَارَةَ صَحَابِيٌّ مَّعْرُوْفٌ، وَهٰذَا اِسْنَادٌ مِصْرِيٌّ لَّمْ يُنْسَبْ وَاحِدٌ مِّنْهُمْ اِلٰى جَرْحٍ وَّاِلٰى هٰذَا ذَهَبَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابی ابن عمارہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں دونوں قبلوں کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی ہے (ایک مرتبہ) انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا میں موزوں پر مسح کرلوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً فرمایا: ہاں۔ انہوں نے پوچھا: ایک دن؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ انہوں نے پوچھا: اور دو دن؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو دن (بھی کر سکتے ہو) انہوں نے پوچھا: اور تین دن تک بھی مسح کرنے کی اجازت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ اگر تم چاہو۔

ابی ابن عمارہ معروف صحابی ہیں اور یہ مصری اسناد ہے، اس کے کسی ایک راوی پر بھی جرح ثابت نہیں ہے۔ مالک بن انس رضی اللہ عنہ کا بھی یہی موقف ہے، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس روایت کو نقل نہیں کیا۔

608- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَسَارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُّجَاهِدٍ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ الْحَكَمِ، اَوِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ، قَالَ: كَانَ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَالَ تَوَضَّاَ وَيَنْتَضِحُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا، وَاِنَّمَا تَرَكَاهُ لِلشَّكِّ فِيْهِ، وَلَيْسَ ذٰلِكَ مِمَّا يُوهِنُهُ، وَقَدْ رَوَاهُ جَمَاعَةٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ، وَقَدْ تَابَعَ ابْنَ اَبِيْ نَجِيحٍ مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَلٰى رِوَايَتِهٖ اَيْضًا بِالشَّكِّ

✧✧ حضرت حکم بن سفیان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پیشاب کرتے تو وضو کر لیتے اور رومالی پر چھینٹا مار لیتے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اور ان کے اس حدیث کو ترک کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس کی سند میں (مجاہد کو) اس بات کا شک ہے (کہ انہوں نے یہ حدیث سفیان بن حکم سے سنی ہے یا حکم بن سفیان سے سنی ہے) حالانکہ اس طرح کا شک ضعف حدیث کا سبب نہیں ہے، مزید برآں یہ کہ اس حدیث کو محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی ایک جماعت نے منصور سے روایت کیا ہے (جس کی سند بلاشک وشبہ مجاہد کے بعد حکم بن سفیان تک پہنچتی ہے)
اس حدیث کو منصور بن معتمر کی طرح ابن ابی نجیح نے بھی مبہم الفاظ میں نقل کیا ہے۔(ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

609۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ ثَقِيفٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ ثُمَّ نَضَحَ فَرْجَهُ "

✧✧ مجاہد نے قبیلہ ثقیف کے ایک شخص کے حوالے سے اس کے والد کا بیان نقل کیا ہے (فرماتے ہیں) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشاب کرنے کے بعد اپنی فرج پر پانی کے چھینٹے مارے۔

610۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَأَخْبَرَنَا أَبُوْ يَحْيَى السَّمَرْقَنْدِي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السِّرِى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ وَحَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ وواللَّفْظُ لَهُ أَنْبَأَ مُوسَى بْنِ إِسْحَاقَ الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ وَجَرِيْرٌ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ كُنَّا لَا نَتَوَضَّأُ مِنْ مَوْطِءٍ وَلَا نَكُفُّ شَعْراً وَلَا ثَوْبًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخرِجَا ذِكْرَ الْمَوْطِءِ

حدیث 608:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 166 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 17657 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 730 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 3178

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم مسِ ذکر کے بعد وضو نہیں کیا کرتے تھے، اور بالوں کو اور لباس کو لپیٹتے نہیں تھے۔

✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن دونوں نے موطی کا ذکر نہیں کیا۔

611۔ وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِي بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَدْخُلِ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ، وَلَا كَلْبٌ، وَلَا جُنُبٌ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ، فَاِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَحْيٰى مِنْ ثِقَاتِ الْكُوفِيِّينَ، وَلَمْ يُخَرِّجَا فِيهِ ذِكْرَ الْجُنُبِ

✧✧ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس گھر میں فرشتے نہیں آتے، جس میں تصویر، کتا یا جنبی آدمی ہو۔

✥ یہ حدیث صحیح ہے، کیونکہ اس کی سند میں عبداللہ بن یحییٰ ثقہ کوفی محدثین رحمۃ اللہ علیہم میں شمار ہوتے ہیں اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث میں جنب کا ذکر نہیں کیا۔

612۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الَّذِي يَاْتِي امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، قَالَ: يَتَصَدَّقُ بِدِينَارٍ، اَوْ بِنِصْفِ دِينَارٍ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيعًا بِمِقْسَمِ بْنِ نَجْدَةَ، فَاَمَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَاِنَّهُ اَبُو الْحَسَنِ عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَزَرِيُّ ثِقَةٌ مَّاْمُوْنٌ وَّشَاهِدُهُ وَدَلِيلُهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں مسئلہ پوچھا گیا جو

حدیث 611:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4152 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 261 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 2663 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 632 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء' رقم الحديث: 1205 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 257 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/ 1994ء' رقم الحديث: 920 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 313

حالت حیض میں اپنی بیوی کے ساتھ ہم بستری کر بیٹھے۔ آپ ﷺ نے جواب دیا "ایک یا دو دینار صدقہ کردے۔

✧✧ یہ حدیث صحیح ہے کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے مقسم بن نجدہ کی روایات نقل کی ہیں اور اس کی سند میں جو راوی عبدالحمید بن عبدالرحمٰن ہیں وہ ابوالحسن عبدالحمید بن عبدالرحمان الجزری ہیں جو کہ ثقہ ہیں، مامون ہیں۔

613- مَا حَدَّثَنَا عَلِي بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِي حَدَّثَنَا أَبُو ظَفَرٍ عَبْدُ السَّلامِ بْنِ مُطَهِّرٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَلِيّ بْنِ الْحَكَمِ الْبُنَانِي عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الْجَزَرِى عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ إِذَا أَصَابَهَا فِي الدَّمِ فَدِينَارٌ وَإِذَا أَصَابَهَا فِي انْقِطَاعِ الدَّمِ فَنِصْفُ دِينَارٍ قَدْ أُرْسِلَ هٰذَا الْحَدِيثُ وَأُوْقِفَ أَيْضاً وَنَحْنُ عَلَى أَصْلِنَا الَّذِي أَصَّلْنَاهُ أَنَّ الْقَوْلَ قَوْلُ الَّذِي يُسْنِدُ وَيَصِلُ إِذَا كَانَ ثِقَةً

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب کوئی بندہ اپنی بیوی سے (حیض کے) خون کی حالت میں ہمبستری کرے وہ ایک دینار اور جو اس خون کے ختم ہونے پر (غسل سے پہلے) ہمبستری کرے وہ آدھا دینار صدقہ کرے۔

✧✧ یہ حدیث مرسل بھی ہے اور موقوف بھی ہے اور ہم اپنے اسی قانون پر کاربند ہیں جو بیان کیا تھا کہ جو قول متصل ہوگا اور مسند ہوگا جب اس کا راوی ثقہ ہوگا وہی قول معتبر ہوگا۔

614- حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ

حدیث 612:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 264 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 136 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 289 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 640 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1105 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 2032 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 282 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1405 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 2432 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 11921

حدیث 614: اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامه بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 296 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 293 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 2167 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 374 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 635 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1057 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 279

الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا فِيْ فَوْرِ حَيْضَتِنَا اَنْ نَتَّزِرَ ثُمَّ يُبَاشِرَنَا، وَاَيُّكُمْ يَمْلِكُ اِرْبَهٗ، كَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْلِكُ اِرْبَهٗ ؟

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَا فِيْ هٰذَا الْبَابِ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں عین حالت حیض میں حکم دیتے تھے کہ ہم شلوار پہنیں رکھیں پھر آپ ہمارے ساتھ مباشرت فرماتے۔ (پھر اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا) تم میں سے کون شخص اپنی خواہشات پر اس طرح قابو رکھ سکتا ہے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قابو رکھتے تھے۔

✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس سلسلے میں منصور کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے ابراہیم پھر اسود کے حوالے سے اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا کا یہ فرمان نقل کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں عین حالت حیض میں ازار پہننے کا حکم دیتے اور پھر ہمارے ساتھ لیٹ جاتے۔

615ـ حَدِيْثُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ اِحْدَانَا اِذَا كَانَتْ حَائِضًا اَنْ تَتَّزِرَ، ثُمَّ يُضَاجِعُنَا

حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ عَمْرٍو الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهٖ عِمْرَانَ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اُمِّهٖ حَمْنَةَ بِنْتِ جَحْشٍ، قَالَتْ: كُنْتُ اُسْتَحَاضُ حَيْضَةً كَبِيْرَةً شَدِيْدَةً، فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْتَفْتِيْهِ، وَاُخْبِرُهٗ، فَوَجَدْتُّهٗ فِيْ بَيْتِ اُخْتِيْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ امْرَاَةٌ اُسْتَحَاضُ حَيْضَةً كَبِيْرَةً شَدِيْدَةً، فَمَا تَرٰى فِيْهَا، قَدْ مَنَعَتْنِي الصَّلٰوةَ وَالصَّوْمَ، قَالَ: اَنْعَتُ لَكِ الْكُرْسُفَ فَاِنَّهٗ يُذْهِبُ الدَّمَ، قَالَتْ: هُوَ اَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ اِنَّمَا اَثُجُّ ثَجًّا، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَاٰمُرُكِ بِاَمْرَيْنِ اَيُّهُمَا فَعَلْتِ اَجْزَاَ عَنْكِ مِنَ الْاٰخَرِ، وَاِنْ قَوِيْتِ عَلَيْهِمَا فَاَنْتِ اَعْلَمُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا هٰذِهٖ رَكْضَةٌ مِّنْ رَّكَضَاتِ الشَّيْطَانِ، فَتَحَيَّضِيْ سِتَّةَ اَيَّامٍ، اَوْ سَبْعَةَ اَيَّامٍ فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ اغْتَسِلِيْ حَتّٰى اِذَا رَاَيْتِ اَنَّكِ قَدْ طَهُرْتِ وَاسْتَنْقَاْتِ فَصَلِّيْ ثَلَاثًا وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً، اَوْ اَرْبَعًا وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً، وَاَيَّامَهَا وَصُوْمِيْ، فَاِنَّ ذٰلِكَ يُجْزِئُكِ، وَكَذٰلِكَ فَافْعَلِيْ كُلَّ شَهْرٍ كَمَا تَحِيْضُ النِّسَاءُ، وَكَمَا يَطْهُرْنَ لِمِيْقَاتِ حَيْضِهِنَّ وَطُهْرِهِنَّ، وَاِنْ قَوِيْتِ عَلٰى اَنْ تُؤَخِّرِي الظُّهْرَ، وَتُعَجِّلِي الْعَصْرَ، فَتَغْتَسِلِيْنَ وَتَجْمَعِيْنَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ، وَتُؤَخِّرِيْنَ الْمَغْرِبَ،

وَتُعَجِّلِينَ الْعِشَاءَ، ثُمَّ تَغْتَسِلِينَ وَتَجْمَعِينَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ فَافْعَلِي وَصُومِي، إِنْ قَدَرْتِ عَلَى ذٰلِكَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهٰذَا اَعْجَبُ الْاَمْرَيْنِ اِلَيَّ

قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ الْاِسْتِحَاضَةِ مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ وَهِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِيْ جَحْشٍ سَأَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ فِيْهِ هٰذِهِ الْاَلْفَاظُ الَّتِيْ فِيْ حَدِيْثِ حَمْنَةَ بِنْتِ جَحْشٍ، وَرِوَايَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلِ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَّهُوَ مِنْ اَشْرَافِ قُرَيْشٍ وَّاَكْثَرِهِمْ رِوَايَةً غَيْرَ اَنَّهُمَا لَمْ يَحْتَجَّا بِهِ، وَشَوَاهِدُهُ حَدِيْثُ الشَّعْبِيِّ، عَنْ قَمِيْرٍ امْرَاَةِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَحَدِيْثُ اَبِيْ عَقِيْلٍ يَحْيَى بْنِ الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ بُهَيَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ وَذِكْرُهَا فِيْ هٰذَا الْمَوْضِعِ يَطُوْلُ

✧✧ حضرت حمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، مجھے بہت شدید حیض آیا کرتا تھا تو میں اس کے متعلق مسئلہ پوچھنے کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی۔ میری آپ سے ملاقات میری بہن زینب بنت جحش کے گھر ہوئی (حمنہ کہتی ہیں) میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اس قدر شدید حیض آتا ہے کہ میں نماز اور روزہ سے بھی عاجز آ گئی ہوں، آپ کا اس سلسلہ میں کیا مشورہ ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا مشورہ یہ ہے کہ روئی کا کوئی ٹکڑا رکھ لیا کرو کیونکہ وہ خون کو جذب کر لیتا ہے۔ انہوں نے عرض کیا (یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) اس کا بہاؤ اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ روئی سے کنٹرول ہونیوالا نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو پھر میں تجھے دو مشورے دیتا ہوں، تو ان میں سے کسی ایک پر عمل کر لے تو وہ ہی کافی ہے اور اگر دونوں پر عمل کرنے کی ہمت ہے تو بہت ہی بہتر۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شیطان کی سازشوں میں سے ایک سازش ہے (تم یوں کیا کرو) کہ چھ یا سات دن حیض کے شمار کیا کرو پھر غسل کر لیا کرو اور یوں سمجھا کرو کہ تم پاک ہو گئی پھر ۲۳، ۲۴ دن نماز روزہ میں مشغول رہو، جیسے کہ عام عورتیں اپنے مقررہ ایام حیض گزارتی ہیں اور مقررہ ایام میں طہر گزارتی ہیں۔ تیرے لئے یہ کافی ہے اور اگر تیرے اندر ہمت ہو تو نماز ظہر کو اس کے آخری وقت تک لیٹ کر اور غسل کر لو، اس کے بعد ظہر کی نماز آخری وقت میں اور عصر کی نماز اول وقت میں (اسی غسل کے ساتھ) ادا کر لو (یعنی) ظہر اور عصر کی نماز اکٹھی پڑھو، اسی طرح مغرب کو لیٹ کر کے آخری وقت میں غسل کر کے ادا کرو اور عشاء کو اول وقت میں (اسی غسل کے ساتھ) ان دونوں نمازوں کو بھی اکٹھا کر لو، یوں نمازیں بھی ادا کرو اور روزے بھی رکھو، اگر تمہارے اندر اس بات کی طاقت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے جو دو مشورے دیئے ہیں، ان میں سے مجھے یہ پسند ہے۔

✤✤ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے استحاضہ کے متعلق حدیث، امام زہری اور ہشام بن عروہ کے حوالے سے یوں بیان کی ہے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں (کہ یہ بات) فاطمہ بنت ابی جحش رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھی تھی اور اس حدیث میں وہ الفاظ نہیں ہیں جو حمنہ بنت جحش کی حدیث میں تھے اور عبداللہ بن محمد بن عقیل بن ابی طالب کی روایت میں ہیں اور یہ قریش کے مالدار لوگوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ کثیر الروایت تھے، البتہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات نقل نہیں کی۔

اس حدیث کے شاہد کے طور پر امام شعبی کی وہ روایت پیش کی جاسکتی ہے جو انہوں نے مسروق کی بیوی قمیر کے حوالے سے اُمّ

المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے اور ابوعقیل یحییٰ بن المتوکل کی وہ حدیث جوانہوں نے بہیّہ کے حوالے سے اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے، ان کواس مقام پرذکرکیا تو طوالت کا باعث بن جائے گا۔

616۔ وَقَدْ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَعَمْرَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ، اَنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ جَحْشٍ، كَانَتْ تَحْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، وَاَنَّهَا اسْتُحِيضَتْ سَبْعَ سِنِينَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذَا لَيْسَ بِالْحَيْضَةِ، وَلٰكِنَّهَا عِرْقٌ فَاغْتَسِلِي

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتے ہیں' ام حبیبہ بنت جحش رضی اللہ عنہا عبدالرحمان بن عوف کے نکاح میں تھیں، ان کوسات سال تک مسلسل حیض آتا رہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس کے متعلق) فرمایا: یہ حیض نہیں ہے بلکہ یہ کسی رگ کا خون ہے، اس لئے تم (نمازوں کے لئے) غسل کرلیا کرو۔

617۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ وَعَمْرَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: اسْتَحَاضَتْ اُمُّ حَبِيبَةَ وَهِيَ تَحْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ سَبْعَ سِنِينَ، فَاَمَرَهَا فَاَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِي الصَّلٰوةَ، فَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْتَسِلِي وَصَلِّي

حَدِيثُ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ وَالْاَوْزَاعِيِّ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، اِنَّمَا خَرَّجَ مُسْلِمٌ حَدِيثَ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَاِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَقَدْ تَابَعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ الْاَوْزَاعِيَّ عَلٰى رِوَايَتِهِ هٰذِهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ عَلٰى هٰذِهِ الْاَلْفَاظِ وَهُوَ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں، ان کوسات سال حیض آتا رہا، نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا: جب تک حیض آئے، نماز چھوڑ دو اور جب ختم ہوجائے تو غسل کر کے نماز پڑھو۔

حديث 616:

اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987' رقم الحديث: 728 اخرجه ابويعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث:4405

حديث 617:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث:285 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 626 اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987' رقم الحديث: 768 اخرجه ابويعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث:4405 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبریٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث:775

✤✤ عمرو بن الحارث اور اوزاعی کی حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے لیکن انہوں نے اس کو نقل نہیں کیا، البتہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے سفیان بن عیینہ اور ابراہیم بن سعد کی حدیث زہری کے حوالے سے نقل کی ہے۔

اس روایت کو انہی الفاظ کے ہمراہ امام زہری سے روایت کرنے میں محمد بن عمرو بن علقمہ نے امام اوزاعی کی متابعت کی ہے اور یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ (محمد بن عمرو کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

618۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمُزَكِّي، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ اَبِي حُبَيْشٍ، اَنَّهَا كَانَتْ تُسْتَحَاضُ، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ دَمُ الْحَيْضَةِ فَاِنَّهُ دَمٌ اَسْوَدُ يُعْرَفُ، فَاِذَا كَانَ ذٰلِكَ فَاَمْسِكِي عَنِ الصَّلٰوةِ، وَاِذَا كَانَ الْاٰخَرُ فَتَوَضَّئِي وَصَلِّي، فَاِنَّمَا هُوَ عِرْقٌ

✧✧ حضرت فاطمہ بنت ابی حبیش رضی اللہ عنہا کے بارے میں روایت ہے کہ ان کو مسلسل حیض آتا رہتا تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو فرمایا: حیض کا خون سیاہ ہوتا ہے، جو پہچان میں آجاتا ہے، اس لئے جب حیض کا خون آئے تو نماز مت پڑھو اور جب کسی اور رنگ کا خون ہو تو وضو کرو اور نماز پڑھو، کیونکہ یہ کسی رگ کا خون ہوتا ہے۔

619۔ وَاَخْبَرَنَا اَبُو سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ الْقَطَّانُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَدِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، قَالَتْ: قُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِي حُبَيْشٍ اسْتُحَاضَتْ مِنْ مُنْذُ كَذَا وَكَذَا فَلَمْ تُصَلِّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَسُبْحَانَ اللّٰهِ هٰذَا مِنَ الشَّيْطَانِ لِتَجْلِسْ فِي مِرْكَنٍ، فَاِذَا رَاَتْ صُفْرَةً فَوْقَ الْمَآءِ فَلْتَغْتَسِلْ لِلظُّهْرِ وَالْعَصْرِ غُسْلًا وَاحِدًا، وَتَغْتَسِلْ لِلْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ غُسْلًا وَاحِدًا، وَتَغْتَسِلْ لِلْفَجْرِ وَتَتَوَضَّأُ فِيمَا بَيْنَ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ الْاَلْفَاظِ

حدیث 618:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 286 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 215 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1450 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 220 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 3483

✧✧ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: فاطمہ بنت ابی حبیش رضی اللہ عنہا بڑے لمبے عرصے سے حیض میں مبتلا ہیں، جس کی وجہ سے وہ نماز نہیں پڑھ پاتی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سبحان اللہ یہ شیطان کی طرف سے ہے۔ ان کو ایک ٹب میں بٹھا دو اگر پانی پر زردی غالب ہو تو اس کو چاہئے ظہر اور عصر کے لئے ایک غسل کر لے، یوں ہی مغرب اور عشاء کے لئے بھی ایک غسل کر لے اور ایک غسل فجر کے لئے اور ان کے درمیان (اگر طہارت کی حاجت ہو تو) وضو کر لیا کریں۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

620- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعَدْلُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي طَالِبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ وَأَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَقِيهُ أَنْبَأَ أَبُو الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ جَمِيعاً عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنَّا لا نَعُدُّ الْكُدْرَةَ وَالصُّفْرَةَ شَيْئاً

✧✧ حضرت اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہم (خون میں) گدلے پن کو اور زرد پن کو حیض میں شمار نہیں کرتی تھیں۔

621- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أُمِّ الْهُذَيْلِ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ وَكَانَتْ بَايَعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كُنَّا لا نَعُدُّ الْكُدْرَةَ وَالصُّفْرَةَ بَعْدَ الطُّهْرِ شَيْئاً

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَأُمُّ الْهُذَيْلِ هِيَ حَفْصَةُ بِنْتُ سِيرِينَ فَإِنَّ اسْمَ ابْنِهَا الْهُذَيْلُ وَاسْمُ زَوْجِهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَقَدْ أَسْنَدَ الْهُذَيْلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أُمِّهِ

✧✧ حضرت اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا (وہ خاتون ہیں جنہوں نے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی ہے، آپ فرماتی ہیں: طہر کے بعد اگر گدلا یا زرد پانی آتا تو ہم اسے حیض میں شمار نہیں کرتی تھیں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کی سند میں جو اُمّ الھذیل ہیں، یہ حفصہ بنت سیرین ہیں، ان کے بیٹے کا نام ہذیل ہے اور شوہر کا نام عبدالرحمان ہے۔ حذیل بن عبدالرحمان نے بھی اپنی والدہ کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں۔

622- أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَلِيمٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو الْمُوَجِّهِ أَنْبَأَ عَبْدَانُ أَنْبَأَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ بْنِ نَافِعٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ زِيَادٍ أَبِي سَهْلٍ قَالَ حَدَّثَتْنِي مُسَّةُ الْأَزْدِيَّةُ قَالَتْ حَجَجْتُ فَدَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَقُلْتُ يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ يَأْمُرُ النِّسَاءَ يَقْضِينَ صَلاةَ الْحَيْضِ فَقَالَتْ لا يَقْضِينَ كَانَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقْعُدُ فِي النِّفَاسِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً لا يَأْمُرُهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حديث 620:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخارى فى "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير' يمامه' بيروت' لبنان' 1407ھ 1987ء رقم الحديث:320 اخرجه ابوداؤد [illegible] فى "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 307 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ 1986ء' رقم الحديث:368

بِقَضَاءِ صَلَاةِ النِّفَاسِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَا أَعْرِفُ فِي مَعْنَاهُ غَيْرَ هٰذا وَشَاهِدُهُ

✧✧ حضرت مسہ الازدیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئی اور عرض کیا: اے اُمّ المومنین، سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ عورتوں کو ایام حیض کی نمازیں قضا کرنے کا حکم دیتے ہیں، اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ نمازیں قضا نہیں کی جائیں گی کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج چالیس دن تک نفاس میں بیٹھی رہتیں، لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو ایام نفاس کی نمازیں قضا کرنے کا حکم نہیں دیتے تھے۔

✥ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اور اس مفہوم کی کوئی دوسری حدیث میرے علم میں نہیں۔

622أ۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، عَنْ اَبِيْ سَهْلٍ، عَنْ مُسَّةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَتِ النُّفَسَاءُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقْعُدُ بَعْدَ نِفَاسِهَا اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، اَوْ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، وَكُنَّا نَطْلِيْ عَلٰى وُجُوهِنَا الْوَرْسَ يَعْنِيْ مِنَ الْكَلَفِ

✧✧ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں عورتیں چالیس دن نفاس میں گزارتی تھیں اور ہم چھائیوں کی وجہ سے چہرے پر ورس ملا کرتی تھیں۔

623۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيْمٍ الْقَنْطَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعْدٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: جَائَتْ خَالَتِيْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِيْ حُبَيْشٍ اِلٰى عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: اِنِّيْ اَخَافُ اَنْ اَقَعَ فِي النَّارِ اِنِّيْ اَدَعُ الصَّلٰوةَ السَّنَةَ وَالسَّنَتَيْنِ لَا اُصَلِّيْ، فَقَالَتِ: انْتَظِرِيْ حَتّٰى يَجِيءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: هٰذِهِ فَاطِمَةُ تَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُوْلِيْ لَهَا فَلْتَدَعِ الصَّلٰوةَ فِيْ كُلِّ شَهْرٍ اَيَّامَ قُرْئِهَا، ثُمَّ لِتَغْتَسِلْ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ غُسْلًا وَاحِدًا، ثُمَّ الطُّهُوْرَ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ، وَلْتَنْظِفْ وَلْتَحْتَشِ، فَاِنَّمَا هُوَ دَاءٌ عَرَضٌ، اَوْ رَكْضَةٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ، اَوْ عِرْقٌ انْقَطَعَ

حديث 622:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 311 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 648 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 26603 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 7023 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1502

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَعُثْمَانُ بْنُ سَعْدٍ الْكَاتِبُ بَصْرِيٌّ ثِقَةٌ عَزِيْزُ الْحَدِيْثِ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ

✧✧ حضرت ابن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میری پھوپھی فاطمہ بنت ابی حبیش رضی اللہ عنہا اُمّ المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئیں اور کہنے لگیں: مجھے اس بات کا خوف رہتا ہے کہ میں کہیں جہنمی نہ ہو جاؤں، کیونکہ گزشتہ ایک دو سالوں سے میں نماز نہیں پڑھ سکی۔ اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آنے کا انتظار کرو پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے تو اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں فاطمہ رضی اللہ عنہا کی تمام صورتحال بیان کردی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اس کو کہہ دو کہ ہر مہینے اپنے حیض کے دنوں کی مقدار میں نماز نہ پڑھا کرے پھر روزانہ ایک غسل کرلیا کرے اور ہر نماز کے لئے تازہ وضو کیا کرے اور خوب صفائی حاصل کیا کرے اور گھاس استعمال کیا کرے کیونکہ یہ یا تو کوئی بیماری ہے یا شیطان کی حرکت ہے یا کوئی رگ کٹی ہے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان الفاظ کے ہمراہ اسے نقل نہیں کیا اور اس کی سند میں عثمان بن سعد الکاتب بصری ہیں، ثقہ ہیں، عزیز الحدیث ہیں اور ان کی حدیث کو جمع کیا جاتا ہے۔

624۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ دَرَامٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوْسَى التَّمِيْمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وُقِّتَ لِلنِّسَاءِ فِيْ نِفَاسِهِنَّ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا هٰذِهِ سُنَّةٌ عَزِيْزَةٌ، فَاِنَّ هٰذَا الْاِسْنَادَ مِنْ اَبِيْ بِلَالٍ، فَاِنَّهٗ مُرْسَلٌ صَحِيْحٌ، فَاِنْ سَلِمَ هٰذَا الْاِسْنَادُ، فَاِنَّ الْحَسَنَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، وَلَهٗ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ مِثْلِهٖ

✧✧ حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورتوں کے لئے نفاس کی مدت چالیس دن ہے۔

✣✣ یہ سنت عزیزہ ہے، اگر اس اسناد کو ابو بلال کے حوالے سے تحفظ مل جائے تو یہ حدیث مرسل صحیح ہے، کیونکہ حسن نے عثمان بن ابی العاص سے حدیث کا سماع نہیں کیا۔

مذکورہ حدیث کی شاہد اسی کی مثل سند کے ہمراہ منقول ہے (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

625۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ زَكَرِيَّا التَّسْتُرِيُّ، وَثنا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِيْ لُبَابَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَاهَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَنْتَظِرُ النُّفَسَاءُ اَرْبَعِيْنَ، فَمَنْ رَّاَتِ الطُّهْرَ قَبْلَ ذٰلِكَ فَهِيَ طَاهِرٌ، وَاِنْ جَاوَزَتِ الْاَرْبَعِيْنَ فَهِيَ بِمَنْزِلَةِ الْمُسْتَحَاضَةِ تَغْتَسِلُ وَتُصَلِّيْ، فَاِنْ غَلَبَهَا الدَّمُ تَوَضَّاَتْ لِكُلِّ صَلٰوةٍ عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُلَاثَةَ لَيْسَا مِنْ شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَاِنَّمَا ذَكَرْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ شَاهِدًا مُتَعَجِّبًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نفاس والی عورتیں چالیس راتیں انتظار کریں، اگر اس سے پہلے پاک ہو جائیں تو نماز پڑھیں اور اگر خون چالیس دن سے زیادہ تک آتا رہے تو یہ مستحاضہ کی طرح ہو گی۔ غسل کر کے نماز پڑھتی رہے گی اور اگر خون کا غلبہ ہو تو ہر نماز کے لئے وضو کرے گی۔

عمرو بن الحصین اور محمد بن علاثہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے راوی نہیں ہیں، میں نے اس حدیث کو یہاں پر شاہد کے طور پر ذکر کیا۔

626۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ النَّحْوِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحِمْصِيُّ، وَبَقِيَّةُ بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، اَخْبَرَنِي الْاَسْوَدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا مَضٰى لِلنُّفَسَاءِ سَبْعٌ، ثُمَّ رَاَتِ الطُّهْرَ فَلْتَغْتَسِلْ وَلْتُصَلِّ وَقَدِ اسْتَشْهَدَ مُسْلِمٌ بِبَقِيَّةَ بْنِ الْوَلِيدِ، وَاَمَّا الْاَسْوَدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ فَاِنَّهُ شَامِيٌّ مَعْرُوفٌ، وَالْحَدِيثُ غَرِيبٌ فِي الْبَابِ

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نفاس والی عورت کا خون اگر صرف سات دن میں بند ہو جائے تو وہ غسل کر کے نماز شروع کر لے۔

✧✧ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بقیہ بن ولید کی روایت کو بطور شاہد پیش کیا ہے اور اس کے سند کے راوی اسود بن ثعلبہ شامی ہیں اور معروف ہیں اور یہ حدیث اس باب میں غریب ہے۔

627۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: اجْتَمَعَتْ غُنَيْمَةٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ ابْدُ فِيهَا فَبَدَوْتُ اِلَى الرَّبَذَةِ فَكَانَتْ تُصِيبُنِي الْجَنَابَةُ، فَاَمْكُثُ الْخَمْسَةَ وَالسِّتَّةَ، فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَبُوْ ذَرٍّ فَسَكَتُّ، فَقَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ اَبَا ذَرٍّ لِاُمِّكَ الْوَيْلُ فَدَعَا بِجَارِيَةٍ فَجَائَتْ بِعُسٍّ مِّنْ مَّاءٍ فَسَتَرَتْنِي بِثَوْبٍ وَّاسْتَتَرْتُ بِالرَّاحِلَةِ، فَاغْتَسَلْتُ فَكَاَنِّي اَلْقَيْتُ عَنِّي جَبَلًا، فَقَالَ: الصَّعِيدُ الطَّيِّبُ وَضُوءُ الْمُسْلِمِ وَلَوْ اِلٰى عَشْرِ سِنِينَ، فَاِذَا وَجَدْتَ الْمَاءَ فَاَمِسَّهُ جِلْدَكَ فَاِنَّ ذٰلِكَ خَيْرٌ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ اِذْ لَمْ نَجِدْ لِعَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ رَاوِيًا غَيْرَ اَبِي قِلَابَةَ الْجَرْمِيِّ وَهٰذَا مِمَّا شَرَطْتُ فِيهِ، وَثَبَتَ اَنَّهُمَا قَدْ خَرَّجَا مِثْلَ هٰذَا فِي مَوَاضِعَ مِنَ الْكِتَابَيْنِ

✧✧ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کافی سارا مال غنیمت آیا، آپ ﷺ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم شروع کرو، میں نے ربذہ (وہ چیتھڑا جس سے اونٹ کو تارکول ملتے ہیں) کی طرف سے آغاز کیا (حضرت ابوذر کہتے ہیں) کیونکہ میں اس وقت حالت جنابت میں تھا، اس لئے میں نے وہاں سے (جلدی جلدی) پانچ چھ (ربذات) اٹھائے اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آ گیا، آپ ﷺ نے فرمایا: ابوذر! میں خاموش رہا، آپ ﷺ نے پھر فرمایا: اے ابوذر!

تیری ماں تجھے روئے (خاموش کیوں کھڑے ہو) پھر آپ ﷺ نے ایک لونڈی کو بلایا، وہ لونڈی ایک ٹب میں پانی لے کر آئی، پھر اس نے مجھے ایک کپڑے سے پردہ کیا اور میں نے اونٹ کی آڑ میں چھپ کر غسل کیا (غسل کے بعد) مجھے یوں لگتا تھا جیسے میرے اوپر ایک پہاڑ تھا جو ہٹ گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: پاک مٹی مسلمان کے وضو کا سامان ہے اگرچہ دس سال تک کرتا رہے پھر جب پانی مل جائے تو جسم کو اس سے دھولے کہ یہ بہتر عمل ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، عمرو بن بجدان سے ابوقلابہ کے علاوہ اور کسی نے حدیث روایت نہیں کی جبکہ یہ حدیث ہمارے معیار پر پوری ہے اور یہ بات بھی ثابت ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرح کی احادیث اپنی کتابوں میں کئی مقامات پر نقل کی ہیں۔

628- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، وَرَجُلٌ اٰخر، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِيْ اَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيْ قَيْسٍ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، كَانَ عَلٰى سَرِيَّةٍ وَّاَنَّهُمْ اَصَابَهُمْ بَرْدٌ شَدِيْدٌ لَّمْ يَرَ مِثْلَهُ، فَخَرَجَ لِصَلٰوةِ الصُّبْحِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدِ احْتَلَمْتُ الْبَارِحَةَ، وَلٰكِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ بَرْدًا مِثْلَ هٰذَا هَلْ مَرَّ عَلٰى وُجُوهِكُمْ مِثْلُهُ؟ قَالُوْا: لَا، فَغَسَلَ مَغَابِنَهُ، وَتَوَضَّاَ وُضُوئَهُ لِلصَّلٰوةِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِمْ، فَلَمَّا قَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ وَجَدْتُّمْ عَمْرًا وَصَحَابَتَهُ لَكُمْ؟ فَاَثْنَوْا عَلَيْهِ خَيْرًا، وَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلّٰى بِنَا وَهُوَ جُنُبٌ، فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَمْرٍو فَسَاَلَهُ، فَاَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ وَبِالَّذِيْ لَقِيَ مِنَ الْبُرْدِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ، قَالَ: وَلَا تَقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ وَلَوِ اغْتَسَلْتُ مُتُّ، فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَمْرٍو

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالَّذِيْ عِنْدِيْ اَنَّهُمَا عَلَّلَاهُ، بِحَدِيْثِ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ الَّذِيْ

✧✧ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے غلام ابوقیس بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ ایک جنگی مہم پر تھے کہ ان کو اس قدر شدید سردی کا سامنا کرنا پڑا کہ اس سے پہلے کبھی اتنی سردی نہ دیکھی تھی، آپ نماز فجر کے لئے نکلے تو کہنے لگے: اللہ کی قسم! مجھے تو گزشتہ رات احتلام ہو گیا ہے، لیکن میں نے اتنی سردی بھی کبھی نہیں دیکھی تھی، کیا تمہارے ساتھ کبھی ایسا واقعہ پیش آیا؟ انہوں نے کہا: نہیں۔ انہوں نے صرف بازو دھوئے اور وضو کر کے فجر کی نماز پڑھا دی پھر جب یہ لوگ واپس رسول اللہ ﷺ

حدیث 629:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 334 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 17845 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 1315 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 1011

کے پاس آئے تو آپ ﷺ نے ان لوگوں سے ''عمرو'' اوراس کے حسنِ سلوک کے متعلق دریافت کیا، ان لوگوں نے حضرت عمرو بن العاص کی بڑی تعریف کی اور کہنے لگے: یارسول اللہ ﷺ! انہوں نے ہمیں حالت جنابت میں نماز پڑھادی۔ نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو بلوالیا، انہوں نے اس بات کی وضاحت کی اور اس سخت سردی کا حال بھی بتایا (جس کی وجہ سے ان کو بغیر غسل کے نماز پڑھانا پڑی) اور کہنے لگے: یارسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اپنے آپ کو قتل نہ کرو، اگر میں (اس دن) غسل کر لیتا تو مرجاتا، اس پر نبی اکرم ﷺ عمرو کی طرف دیکھ کر مسکرادیئے اور کچھ نہ بولے۔

✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور جہاں تک میرا خیال ہے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو جریر بن حازم کی اس حدیث کی وجہ سے معلل سمجھا ہے جو انہوں نے یحییٰ بن ایوب کے ذریعے سے یزید بن ابی حبیب سے روایت کی ہے

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

629۔ اَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيهُ، قَالَ: قُرِءَ عَلَى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوبَ، يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيبٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِيْ اَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: احْتَلَمْتُ فِيْ لَيْلَةٍ بَارِدَةٍ فِيْ غَزْوَةِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ فَاَشْفَقْتُ اِنِ اغْتَسَلْتُ اَنْ اَهْلِكَ، فَتَيَمَّمْتُ، ثُمَّ صَلَّيْتُ بِاَصْحَابِي الصُّبْحَ، فَذَكَرُوْا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا عَمْرُو صَلَّيْتَ بِاَصْحَابِكَ وَاَنْتَ جُنُبٌ؟ فَاَخْبَرْتُهُ بِالَّذِيْ مَنَعَنِيْ مِنَ الْاِغْتِسَالِ، وَقُلْتُ: اِنِّيْ سَمِعْتُ اَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: وَلَا تَقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا

حَدِيْثُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ هٰذَا لَا يُعَلِّلُ حَدِيْثَ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ الَّذِيْ وَصَلَهُ بِذِكْرِ اَبِيْ قَيْسٍ فَاِنَّ اَهْلَ مِصْرَ اَعْرَفُ بِحَدِيْثِهِمْ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ

✧ حضرت یحییٰ بن ایوب رضی اللہ عنہ کی سند سے عمرو بن العاص کی اپنی زبانی بھی یہ واقعہ منقول ہے، تاہم اس میں کچھ الفاظ مختلف ہیں۔

✣ جریر بن حازم کی یہ حدیث عمرو بن الحارث کی اس حدیث کو معلل نہیں کرتی، جس میں ''ابوقیس'' کا نام مذکور ہے کیونکہ اہل مصر، ان کی حدیثوں کو ''اہل بصرہ'' کی حدیثوں کی بہ نسبت زیادہ اچھے طریقے سے جانتے تھے۔

630۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عُثْمَانَ سَعِيْدُ بْنُ عُثْمَانَ التَّنُوْخِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنِي الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ اَبِيْ رَبَاحٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، يُخْبِرُ اَنَّ رَجُلًا، اَصَابَهُ جُرْحٌ عَلَى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَصَابَهُ احْتِلَامٌ، فَاغْتَسَلَ فَمَاتَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قَتَلُوْهُ قَتَلَهُمُ اللّٰهُ اَلَمْ يَكُنْ شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالَ فَبَلَغَنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: لَوْ غَسَلَ جَسَدَهُ، وَتَرَكَ رَأْسَهُ حَيْثُ اَصَابَهُ الْجَرْحُ وَقَدْ رَوَاهُ الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ وَّهُوَ مِنْ اَثْبَتِ اَصْحَابِ الْاَوْزَاعِيِّ، وَلَمْ يَذْكُرْ سَمَاعَ الْاَوْزَاعِيِّ مِنْ عَطَاءٍ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک شخص کو زخم لگا پھر اس کو احتلام ہوا، اس نے غسل کرلیا (زخموں کی شدت کی تاب نہ لاتے ہوئے) وہ مرگیا۔ یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں نے اس کو قتل کیا۔ اللہ انہیں قتل کرے، کیا عاجز شخص کی شفاء سوال نہیں ہے (ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں) ہمیں یہ اطلاع ملی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق مسئلہ پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ اپنا جسم دھولیتا اور سر کا وہ حصہ چھوڑ دیتا جہاں زخم تھا (تو بھی ٹھیک تھا)

✣✣ اس حدیث کو ہقل بن زیاد نے بھی اوزاعی سے روایت کیا ہے اور یہ اوزاعی کے معتمد علیہ شاگردوں میں سے ہیں، لیکن انہوں نے اوزاعی کے عطاء سے سماع کا ذکر نہیں کیا

(جیسا کہ درج ذیل حدیث سے ثابت ہے)

631- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَخْلَدٍ الْجَوْهَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْبَلَدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا هِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا هِقْلٌ، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ، قَالَ: قَالَ عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَجُلًا اَصَابَتْهُ جِرَاحَةٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَصَابَتْهُ جَنَابَةٌ فَاسْتَفْتٰى فَاُمِرَ بِالْغُسْلِ فَاغْتَسَلَ فَمَاتَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قَتَلُوْهُ قَتَلَهُمُ اللّٰهُ، اَلَمْ يَكُنْ شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالَ، قَالَ عَطَاءٌ: فَبَلَغَنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ بَعْدَ ذٰلِكَ، فَقَالَ: لَوْ غَسَلَ جَسَدَهُ، وَتَرَكَ حَيْثُ اَصَابَهُ الْجِرَاحُ اَجْزَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک زخمی شخص پر غسل لازم ہوگیا، اس نے کسی سے مسئلہ پوچھا تو اسے بتایا گیا کہ غسل ضروری ہے، اس نے غسل کرلیا، جس کی وجہ سے وہ مرگیا۔ یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے لوگوں نے مارا، اللہ ان کو مارے۔ کیا پوچھ لینا عاجز کے لئے شفا نہیں ہے۔ عطا کہتے ہیں: مجھ تک یہ اطلاع بھی پہنچی ہے کہ بعد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں مسئلہ دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ اپنا جسم دھولیتا اور زخم کی جگہ چھوڑ دیتا تو بھی اس کو کافی ہوتا۔

632- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ الْاَسَدِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا عُمَيْرُ بْنُ مِرْدَاسٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: خَرَجَ رَجُلَانِ فِيْ سَفَرٍ فَحَضَرَتِ الصَّلٰوةُ وَلَيْسَ مَعَهُمَا مَاءٌ فَتَيَمَّمَا صَعِيْدًا طَيِّبًا، فَصَلَّيَا ثُمَّ وَجَدَا الْمَاءَ فِي الْوَقْتِ فَاَعَادَ اَحَدُهُمَا الصَّلٰوةَ وَالْوُضُوْءَ وَلَمْ يُعِدِ الْاٰخَرُ، ثُمَّ اَتَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَا ذٰلِکَ لَہُ، فَقَالَ لِلَّذِیْ لَمْ یُعِدْ: اَصَبْتَ السُّنَّۃَ وَاَجْزَاَتْکَ صَلَاتُکَ، وَقَالَ لِلَّذِیْ تَوَضَّاَ وَعَادَ: لَکَ الْاَجْرُ مَرَّتَیْنِ

ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، فَاِنَّ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ نَافِعٍ ثِقَۃٌ، وَقَدْ وَصَلَ ھٰذَا الْاِسْنَادَ عَنِ اللَّیْثِ وَقَدْ اَرْسَلَہُ غَیْرُہُ،

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دو آدمی ایک سفر پر گئے، نماز کا وقت ہو گیا، ان کے پاس پانی نہیں تھا، اس لئے انہوں نے تیمم کر کے نماز ادا کی، ابھی نماز کا وقت باقی تھا کہ انہیں پانی مل گیا، ان میں سے ایک نے دوبارہ وضو کر کے نماز دہرا لی اور دوسرے نے نہ دہرائی پھر یہ دونوں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور یہ واقعہ سنایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آدمی کو مخاطب کر کے، جس نے نماز نہیں دہرائی تھی، فرمایا: تو نے سنت ادا کی، تیری وہ ہی نماز تیرے لئے کافی ہے اور جس نے وضو کر کے نماز دہرائی تھی، اس سے فرمایا: تیرے لئے دگنا اجر ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس کے ایک راوی عبداللہ بن رافع ثقہ ہیں، یہ حدیث لیث کی سند کے اعتبار سے متصل ہے اور ان کے علاوہ دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی سند کے اعتبار سے مرسل ہے

(لیث کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

633- اَخْبَرَنَاہُ اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ عَمِیْرَۃَ بْنِ اَبِیْ نَاجِیَۃَ، عَنْ بَکْرِ بْنِ سَوَادَۃَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَحْوَہُ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

✧✧ لیث کی سند سے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا فرمان منقول ہے۔

634- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عِیْسَی الْحِیْرِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیٰی، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ ظَبْیَانَ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، قَالَ: التَّیَمُّمُ ضَرْبَتَانِ: ضَرْبَۃٌ لِّلْوَجْہِ، وَضَرْبَۃٌ لِّلْیَدَیْنِ اِلَی الْمِرْفَقَیْنِ

حدیث 632:

اخرجہ ابومحمد الدارمی فی "سننہ" طبع دارالکتاب العربی، بیروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحدیث: 744 ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز، مکہ مکرمہ، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 1031 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الاوسط" طبع دارالحرمین، قاہرہ، مصر، 1415ھ، رقم الحدیث: 1842 اخرجہ ابوداؤد السجستانی فی "سننہ" طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 338

حدیث 634:

اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 13366

قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى حَدِيْثِ الْحَكَمِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ فِى التَّيَمُّمِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَلَا اَعْلَمُ اَحَدًا اَسْنَدَهُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، غَيْرَ عَلِيِّ بْنِ ظَبْيَانَ وَهُوَ صَدُوْقٌ، وَقَدْ اَوْقَفَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَّهُشَيْمُ بْنُ بَشِيْرٍ وَّغَيْرُهُمَا، وَقَدْ اَوْقَفَهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ نَّافِعٍ فِى الْمُوَطَّأِ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ غَيْرَ اَنَّ شَرْطِىْ فِىْ سَنَدِ الصَّدُوْقِ الْحَدِيْثَ اِذَا وَقَفَهُ غَيْرُهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیمّم دو ضربیں ہیں، ایک ضرب چہرے کے لئے اور ایک ضرب کہنیوں تک دونوں ہاتھوں کے لئے۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے تیمّم کے حوالے سے ''حکم'' کی وہ حدیث نقل کی ہے جس کی سند ''ذر'' پھر سعید بن عبدالرحمان بن ابزیٰ پھر ان کے والد سے ہوتی ہوئی ابن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچتی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا اور میری معلومات کے مطابق اس حدیث کی سند عبیداللہ کے حوالے سے علی بن ظبیان کے علاوہ کسی نے بیان نہیں کی اور یہ صدوق ہیں۔ اسی حدیث کو یحییٰ بن سعید اور ہشیم بن بشیر اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے موقوف رکھا ہے۔ مالک بن انس رضی اللہ عنہ نے بھی اس حدیث کو اپنے مؤطا میں نافع کے حوالے سے موقوفاً بیان کیا ہے لیکن الفاظ ذرا مختلف ہیں تاہم جس حدیث کو دیگر محدثین موقوف قرار دیں اس کو نقل کرنے کے لئے میرا یہ معیار تھا کہ وہ صدوق کی سند کے ہمراہ مروی ہو۔

635۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ جَعْفَرِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مَنْصُوْرٍ، اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِىْ دَارِ الْمَنْصُوْرِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَرْقَمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: تَيَمَّمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبْنَا بِاَيْدِيْنَا عَلَى الصَّعِيْدِ الطَّيِّبِ، ثُمَّ نَفَضْنَا اَيْدِيَنَا فَمَسَحْنَا بِهَا وُجُوْهَنَا ثُمَّ ضَرَبْنَا ضَرْبَةً اُخْرَى الصَّعِيْدَ الطَّيِّبَ، ثُمَّ نَفَضْنَا اَيْدِيَنَا، فَمَسَحْنَا بِاَيْدِيْنَا مِنَ الْمِرْفَقِ اِلَى الْكَفِّ عَلٰى نَابِتِ الشَّعْرِ مِنْ ظَاهِرٍ وَّبَاطِنٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُّفَسَّرٌ وَّاِنَّمَا ذَكَرْتُهُ شَاهِدًا لِاَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ اَرْقَمَ لَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ، وَقَدِ اشْتَرَطْنَا اِخْرَاجَ مِثْلِهِ فِى الشَّوَاهِدِ

✧✧ سالم اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں، ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تیمّم کیا، تو ہم نے اپنے ہاتھ پاک مٹی پر ملے اور جھاڑ کر چہروں پر مل لئے پھر دوبارہ مٹی پر ہاتھ مارے اور جھاڑ کر کہنیوں سے ہتھیلیوں تک بالوں کی جانب، اندر اور باہر سے مسح کیا۔

❖ یہ حدیث مفسر ہے، میں نے اس کو شاہد کے طور پر نقل کیا ہے کیونکہ سلیمان بن ارقم اس کتاب کے معیار کے راوی نہیں ہیں اور ہمارے بیان کئے ہوئے اصول کے مطابق ایسی احادیث شاہد کے طور پر پیش کی جاسکتی ہے۔

636۔ اَخْبَرَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْعَقَبِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى الْمَدَايِنِيُّ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا

شَبَابَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِیْ دَاوُدَ الْحَرَّانِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، وَنَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ فِي التَّيَمُّمِ: ضَرْبَتَانِ: ضَرْبَةٌ لِّلْوَجْهِ، وَضَرْبَةٌ لِّلْيَدَيْنِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِیْ دَاوُدَ اَيْضًا لَّمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاِنَّمَا ذَكَرْنَاهُ فِي الشَّوَاهِدِ، وَقَدْ رَوَيْنَا مَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیمّم میں دوضربیں ہیں، ایک چہرے کے لئے اور ایک کہنیوں تک دونوں ہاتھوں کے لئے۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے سلیمان بن ابی داؤد کی حدیث بھی نقل نہیں کی اور میں نے اس کو شاہد کے طور پر نقل کیا اور ہم نے اس حدیث کا مفہوم سند صحیح کے ساتھ جابر بن عبداللہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے۔ (جیسا کہ درج ذیل ہے)

637- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَآءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَصَابَتْنِیْ جَنَابَةٌ، وَاِنِّیْ تَمَعَّكْتُ فِي التُّرَابِ، فَقَالَ: اضْرِبْ هٰكَذَا وَضَرَبَ بِيَدَيْهِ الْاَرْضَ فَمَسَحَ وَجْهَهُ، ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدَيْهِ فَمَسَحَ بِهِمَا اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور بولا: مجھے غسل کی حاجت تھی اور میں نے مٹی میں لوٹ لیا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یوں ہاتھ مارو، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور اپنے چہرے کا مسح کیا پھر دونوں ہاتھ زمین پر مار کر دونوں ہاتھوں کا مسح کیا۔

638- وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْمَاطِيُّ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: التَّيَمُّمُ ضَرْبَتَانِ: ضَرْبَةٌ لِّلْوَجْهِ، وَضَرْبَةٌ لِّلْيَدَيْنِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیمّم دوضربیں ہیں، ایک چہرے کے لئے اور ایک ہاتھوں کے لئے۔

639- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ رَزِيْنٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَيَمَّمَ بِمَوْضِعٍ يُقَالُ لَهُ: مِرْبَدُ النَّعَمِ وَهُوَ يَرٰى بُيُوْتَ الْمَدِيْنَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ تَفَرَّدَ بِهٖ عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ رَزِيْنٍ وَّهُوَ صَدُوْقٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدْ اَوْقَفَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيُّ وَغَيْرُهُ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ

✧✧ حضرت ابن عمر روایت کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو "مربد النعم" (نامی جگہ) پر تیمم کرتے ہوئے دیکھا، وہاں سے مدینے کی آبادی نظر آتی ہے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے، جس کو صرف "عمرو بن محمد بن ابی رزین" نے روایت کیا ہے اور وہ صدوق ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا جبکہ یحییٰ بن سعید انصاری رضی اللہ عنہ اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے اس حدیث کو نافع کے حوالے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے موقوفاً بیان کیا ہے۔

640- أَخْبَرَنَاهُ أَبُو إِسْحَاقَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الزَّاهِدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَيْثَمٍ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ نَافِعٍ قَالَ تَيَمَّمَ ابْنُ عُمَرَ عَلَى رَأْسِ مِيلٍ أَوْ مِيلَيْنِ مِنَ الْمَدِينَةِ فَصَلَّى الْعَصْرَ فَقَدِمَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ وَلَمْ يُعِدِ الصَّلَاةَ

✧✧ حضرت نافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما مدینے سے ایک یا دو میل کے فاصلے پر تھے تو انہوں نے تیمم کر کے نماز عصر ادا کی پھر مدینے کی طرف آئے (جب مدینے پہنچے تو) ابھی سورج بلند تھا (یعنی نماز عصر کا وقت ابھی باقی تھا) لیکن انہوں نے نماز نہیں دہرائی۔

641- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سَابِقٍ الْخَوْلَانِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ خَرَجْتُ مِنَ الشَّامِ إِلَى الْمَدِينَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَدَخَلْتُ الْمَدِينَةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَدَخَلْتُ عَلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ لِي مَتَى أَوْلَجْتَ خُفَّيْكَ فِي رِجْلَيْكَ قُلْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَالَ فَهَلْ نَزَعْتَهُمَا قُلْتُ لَا فَقَالَ أَصَبْتَ السُّنَّةَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں جمعہ کے دن شام سے مدینہ کی طرف روانہ ہوا اور جمعہ ہی کو مدینہ پہنچا، میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں گیا، تو مجھے انہوں نے کہا: تو نے موزے کب پہنے تھے؟ میں نے کہا: جمعہ کے دن۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اس دوران ان کو اتارا بھی تھا؟ میں نے کہا: نہیں۔ انہوں نے فرمایا: تیرا عمل سنت کے مطابق ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

اس حدیث کی ایک دوسری شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ عقبہ بن عامر سے منقول ہے۔

642- حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ الْإِسْفَرَائِينِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فُضَالَةَ قَالَ سَأَلْتُ يَزِيدَ بْنَ أَبِي حَبِيبٍ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْحَكَمِ الْبَلَوِيُّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ وَفَدَ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَامًا قَالَ عُقْبَةُ وَعَلَيَّ خِفَافٌ مِنْ تِلْكَ الْخِفَافِ الْغِلَظِ فَقَالَ لِي

عُمَرُ مَتٰى عَهْدُكَ بِلِبَاسِهِمَا فَقُلْتُ لَبِسْتُهُمَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَهٰذَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ فَقَالَ لِي أَصَبْتَ السُّنَّةَ وَقَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَةُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ لَا يُوَقِّتُ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَقْتاً وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ رُوَاتُهُ عَنْ اٰخِرِهِمْ ثِقَاتٌ إِلَّا أَنَّهُ شَاذٌّ بِمَرَّةٍ

✧✧ مفضل بن فضالہ بیان کرتے ہیں، میں نے یزید بن ابی حبیب سے موزوں پر مسح کے متعلق پوچھا تو انہوں نے عبداللہ بن حکم کے واسطے سے علی بن رباح کے حوالے سے عقبہ بن عامر کا یہ بیان سنایا کہ ایک مرتبہ وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں وفد کی صورت میں حاضر ہوئے، عقبہ کہتے ہیں: میں نے ان موزوں سے بھی موٹے موزے پہنے ہوئے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے پوچھا: تم نے یہ کب سے پہنے ہوئے ہیں؟ میں نے کہا: جمعہ کے دن پہنے تھے اور آج جمعہ کا دن ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیرا عمل سنت کے مطابق ہے۔

✣✣ عبیداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی سند سے نافع کے حوالے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ عمل بھی درجہ صحت کو پہنچا ہوا ہے کہ وہ موزوں پر مسح کے لئے کوئی وقت مقرر نہیں کرتے تھے اور یہی حدیث اسناد صحیح کے ساتھ انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے، اس کے تمام راوی از اول تا آخر ثقہ ہیں البتہ مرہ کی وجہ سے یہ حدیث شاذ قرار پائی ہے۔

643- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ تَلِيدٍ الرُّعَيْنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، وَثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُكُمْ وَلَبِسَ خُفَّيْهِ فَلْيُصَلِّ فِيهِمَا، وَلْيَمْسَحْ عَلَيْهَا، ثُمَّ لَا يَخْلَعْهُمَا اِنْ شَاءَ اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَعَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ ثِقَةٌ غَيْرَ اَنَّهُ لَيْسَ عِنْدَ اَهْلِ الْبَصْرَةِ عَنْ حَمَّادٍ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی وضو کر کے موزے پہن لے تو ان میں نماز پڑھ سکتا ہے اور ان پر مسح کرسکتا ہے پھر اگر وہ چاہے تو جنابت کے سوا کسی حالت میں اسے نہ اتارے۔

✣✣ یہ اسناد امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے اور عبدالغفار بن عبدالداؤد ثقہ ہے۔ اِلّا یہ کہ اہل بصریٰ کے نزدیک ان کی روایت حماد سے ثابت نہیں ہے۔

644- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَكْرٍ الْعَدْلُ، وَاَبُوْ مَنْصُورٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْعَتَكِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ نَجْدَةَ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ

حدیث 643:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1242

بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: مَا بَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا مُنْذُ اُنْزِلَ عَلَيْهِ الْفُرْقَانُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ اتَّفَقَا عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: اَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا

✧✧ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن نازل ہونا شروع ہوا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کھڑے ہو کر پیشاب نہیں کیا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اعمش کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے ابووائل کے حوالے سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبیلہ کے کچرے کے ڈھیر کے پاس آئے اور کھڑے ہو کر پیشاب کیا۔ عبیداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نافع کے حوالے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ فرمان نقل کیا ہے ''میں جب سے اسلام لایا ہوں کبھی کھڑے ہو کر پیشاب نہیں کیا'' اور ابراہیم نے علقمہ کے حوالے سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا فرمان روایت کیا ہے کہ کھڑے ہو کر پیشاب کرنا بھی ظلم ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کے سلسلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے عذر بھی منقول ہے (جیسا کہ درج ذیل حدیث میں ہے)

645- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عِمْرَانَ مُوْسٰى بْنُ سَعِيْدٍ الْحَنْظَلِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَاهَانَ الْكَرَابِيسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ غَسَّانَ الْجُعْفِيُّ، حَدَّثَنَا مَعَنِ ابْنِ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ اَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ قَائِمًا مِّنْ جُرْحٍ كَانَ بِمَابِضِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ تَفَرَّدَ بِهٖ حَمَّادُ بْنُ غَسَّانَ وَرُوَاتُهٗ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس زخم کی وجہ سے کھڑے ہو کر پیشاب کیا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زانوں میں تھا۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے، اس کو روایت کرنے میں حماد بن غسان منفرد ہیں اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

646- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مِنْ كَفٍّ وَّاحِدٍ، فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَقَدْ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ

حدیث 645:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:492

يَعْقُوْبَ، عَنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الشَّافِعِيِّ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، قَالَ: اِنْ جَمَعَهُمَا مِنْ كَفٍّ وَّاحِدٍ فَهُوَ جَائِزٌ، وَاِنْ فَرَّقَهُمَا فَهُوَ اَحَبُّ اِلَيْنَا

✧✧ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک چلو سے کلی اور ناک میں پانی چڑھاتے دیکھا۔ یہ عمل آپ نے تین بار کیا۔

❖ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ "ایک چلو سے دونوں کام کرنا بھی جائز ہے لیکن اگر کلی کے لئے الگ اور ناک کے لئے الگ پانی لے تو زیادہ بہتر ہے"۔

647- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي هَاشِمٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ بْنِ صَبِرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا تَوَضَّاْتَ فَخَلِّلِ الْاَصَابِعَ

هٰذَا حَدِيْثٌ قَدِ احْتَجَّا بِاَكْثَرِ رُوَاتِهِ ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجَاهُ لِتَفَرُّدِ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ بْنِ عَامِرِ بْنِ صَبِرَةَ، عَنْ اَبِيهِ بِالرِّوَايَةِ، وَقَدْ قَدَّمْنَا الْقَوْلَ فِيهِ وَلَهُ شَاهِدٌ

✧✧ عاصم بن لقیط بن صبرہ اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب تم وضو کرو تو انگلیوں کا خلال کرلو۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے اکثر راویوں کی روایات نقل کی ہیں لیکن اس حدیث کو صرف اس لئے چھوڑ دیا کہ اس میں عاصم بن لقیط بن عامر بن صبرہ اپنے باپ سے روایت کرنے میں منفرد ہیں اور اس سلسلہ میں ہماری گفتگو پہلے گزر چکی ہے۔

648- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا تَوَضَّاْتَ فَخَلِّلْ اَصَابِعَ يَدَيْكَ وَرِجْلَيْكَ صَالِحٌ هٰذَا اَظُنُّهُ مَوْلَى التَّوْاَمَةِ، فَاِنْ كَانَ كَذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ، وَاِنَّمَا اَخْرَجْتُهُ شَاهِدًا

حدیث 647

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 38 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 448 اخرجه ابومحمد الدارمى فى "سننه" طبع دارالكتاب العربى بيروت لبنان 1407ه 1987ء رقم الحديث: 705 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 16428

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وضو کے دوران ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرو۔

✣✣ (ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرنے والے اس) صالح کے متعلق میرا خیال ہے کہ یہ تو ئمہ کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ اگر یہ بات درست ہے تو پھر یہ حدیث اس کتاب کے معیار کی نہیں ہے، میں نے اس کو شاہد کے طور پر نقل کیا ہے۔

649۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيُ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا عِيسٰى بْنُ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنا اَبُوْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْ دَارَ قَوْمٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَدُوْنَهُمْ دُوْرٌ لَّا يَاْتِيهَا، فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، تَاْتِيْ دَارَ فُلانٍ وَّلا تَاْتِيْ دَارَنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِيْ دَارِكُمْ كَلْبًا، قَالُوْا اِنَّ فِيْ دَارِهِمْ سِنَّوْرًا، فَقَالَ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلسِّنَّوْرُ سَبُعٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری کے گھر میں تشریف لایا کرتے تھے، ان کے قریب بھی کئی گھر تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں نہیں جاتے تھے، یہ بات ان کو ناگوار گزری اور کہنے لگے: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ فلاں کے گھر جاتے ہیں لیکن ہمارے گھر نہیں آتے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے گھر میں کتا ہے، وہ کہنے لگے: ان کے گھر میں بلی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلی گھریلو جانور ہے۔

650۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنا عِيسٰى بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَاَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْقَاضِيُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ السَّلامِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ عِيسٰى بْنِ الْمُسَيَّبِ، بِنَحْوِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَعِيسٰى بْنُ الْمُسَيَّبِ تَفَرَّدَ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ اِلَّا اَنَّهُ صَدُوْقٌ وَّلَمْ يُجْرَحْ قَطُّ

✧✧ عیسیٰ بن میب سے بھی اسی طرح کی حدیث منقول ہے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور ابوزرعہ سے صرف عیسیٰ بن میب نے روایت کی ہے مگر یہ کہ عیسیٰ صدوق ہیں اور کسی سے ان پر جرح ثابت نہیں ہے۔

651۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّوْرِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ

حدیث 649:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 8324 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث:1108

حدیث 651:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 426 اخرجه ابوبكر الكوفي ' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث:1100

حَدَّثَنَا أَبُو الاَحْوَصِ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ فِي سَفَرٍ فَقَضٰى حَاجَتَهُ فَقُلْنَا لَهُ تَوَضَّأْ حَتّٰى نَسْئَلُكَ عَنْ ايَةٍ مِّنَ الْقُرْآنِ فَقَالَ سَلُوْنِي إِنِّي لَسْتُ اَمَسُّهُ فَقَرَأَ عَلَيْنَا مَا أَرَدْنَا وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ مَاءٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِتَوْقِيْفِهِ وَقَدْ رَوَاهُ أَيْضاً جَمَاعَةٌ مِّنَ الثِّقَاتِ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَلْمَانَ

✧✧ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ہم ایک سفر میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ہمراہ تھے، انہوں نے قضائے حاجت کی۔ بعد میں ہم نے ان سے کہا: آپ وضو کرلیں، ہم آپ سے قرآن کی ایک آیت کے متعلق پوچھنا چاہتے ہیں۔ آپ نے کہا: میں قرآن کو چھوؤں گا نہیں۔ پھر انہوں نے ہماری مطلوبہ آیت پڑھ کر سنائی، اس وقت ہمارے پاس پانی نہیں تھا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے موقوف ہونے کی وجہ سے اس حدیث کو ترک کیا جبکہ اس حدیث کو ثقہ راویوں کی ایک پوری جماعت نے روایت کیا ہے، جس کی سند یوں ہے۔ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَلْمَانَ

652۔ حَدَّثَنَاهُ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ حَدَّثَنَا أَبُو بَدْرٍ شُجَاعٌ عَنِ الأَعْمَشِ وَأَخْبَرَنَا أَبُو الْوَلِيْدِ الْفَقِيْهُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي وَأَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَلْمَانَ فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهِ

✧✧ حضرت اعمش رضی اللہ عنہ کی سند سے سلمان کے حوالے سے بھی یہ روایت منقول ہے۔

653۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا وَلَقَبُهُ حَمْدَانُ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْثَرُ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنَ الْبَوْلِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَبِيْ يَحْيَى الْقَتَّاتِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عذاب قبر عموماً پیشاب (میں احتیاط نہ کرنے) کی وجہ سے ہوتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور

حدیث 653:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 348 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 8313 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرٰى' طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودى عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 3944

مجھے اس میں کوئی علت بھی نہ مل سکی۔

ابویحییٰ القتات کی سند کے ہمراہ مذکورہ حدیث کی شاہد حدیث موجود ہے

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

654ـ اَخْبَرْنَاهُ عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي يَحْيٰى، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: عَامَّةُ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنَ الْبَوْلِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قبر کا عذاب عام طور پر پیشاب (میں بے احتیاطی) کی وجہ سے ہوتا ہے۔

655ـ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِيهُ بِالرَّيِّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَاْخُذْ بِاَنْفِهِ ثُمَّ لِيَنْصَرِفْ قَالَ تَابَعَهُ عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ وَغَيْرُهُمَا، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، وَهُوَ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی کا دوران نماز وضو ٹوٹ جائے تو وہ اپنی ناک پکڑ کر پیچھے پلٹ جائے۔

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے روایت کرنے کے سلسلے میں عمر بن علی المقدمی اور محمد بن بشر العبدی اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے ابن جریج کی متابعت کی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

(متابع حدیث درج ذیل ہے)

656ـ وَحَدَّثَنَاهُ اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّي، حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث 655:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1114 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1222 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1141 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2238 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1019 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 3194

قَالَ: اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُکُمْ فِیْ صَلَاتِہٖ فَلْیَاْخُذْ بِاَنْفِہٖ وَلْیَنْصَرِفْ وَلْیَتَوَضَّاْ سَمِعْتُ عَلِیَّ بْنَ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِیَّ الْحَافِظَ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا بَکْرٍ الشَّافِعِیَّ الصَّیْرَفِیَّ، یَقُوْلُ: کُلُّ مَنْ اَفْتٰی مِنْ اَئِمَّۃِ الْمُسْلِمِیْنَ مِنَ الْحِیَلِ اِنَّمَا اَخَذَہٗ مِنْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ

❖ (امام حاکم علیہ الرحمہ کہتے ہیں) علی بن عمر الدار قطنی نے ابوبکر شافع صیر فی کا یہ بیان نقل کیا ہے ''مسلمان ائمہ میں سے جس نے بھی حیلہ کے متعلق فتویٰ دیا ہے، اس نے اسی حدیث کو بنیاد بنایا ہے''۔

657۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِیُّ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ زَیْدِ بْنِ وَھْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَسَنَۃَ، قَالَ: انْطَلَقْتُ اَنَا وَعَمْرُو بْنُ الْعَاصِ، فَخَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَبِیَدِہٖ دَرَقَۃٌ، اَوْ شِبْھُہٗ بِالدَّرَقَۃِ، فَاسْتَتَرَ بِھَا فَبَالَ وَھُوَ جَالِسٌ، فَقُلْتُ لِصَاحِبِیْ: اَلَا تَرٰی اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَیْفَ یَبُوْلُ کَمَا تَبُوْلُ الْمَرْاَۃُ، قَالَ: فَاَتَانَا، فَقَالَ: اَلَا تَدْرُوْنَ مَا لَقِیَ صَاحِبُ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ ؟ کَانَ اِذَا اَصَابَ اَحَدًا شَیْءٌ مِّنَ الْبَوْلِ قَرَضَہٗ بِالْمِقْرَاضِ، قَالَ: فَنَھَاھُمْ عَنْ ذٰلِکَ فَعُذِّبَ فِیْ قَبْرِہٖ

❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، حالانکہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔

691- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوْتِيُّ، أَخْبَرَنِي أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ الْأَوْزَاعِيَّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو النَّجَاشِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَافِعُ بْنُ خَدِيْجٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ ثُمَّ نَنْحَرُ الْجَزُوْرَ، فَنَقْسِمُ عَشْرَ قِسَمٍ، ثُمَّ نَطْبُخُ فَنَأْكُلُ لَحْمًا نَضِيْجًا قَبْلَ أَنْ تَغِيْبَ الشَّمْسُ قَدِ اتَّفَقَ الْبُخَارِيُّ، وَمُسْلِمٌ عَلٰى إِخْرَاجِ حَدِيْثِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ أَبِي النَّجَاشِيِّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي الْمَغْرِبَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَنْصَرِفُ وَأَحَدُنَا يُبْصِرُ مَوَاقِعَ نَبْلِهِ، وَلَهُ شَاهِدَانِ صَحِيْحَانِ فِي تَعْجِيْلِ الصَّلٰوةِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَالشَّاهِدُ الْأَوَّلُ مِنْهُمَا

✧✧ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز عصر ادا کیا کرتے تھے۔اس کے بعد اونٹ ذبح کرتے، اس کے گوشت کو دس حصوں میں تقسیم کرتے، پھر اس کو پکا کر سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے پکا ہوا گوشت کھا کر فارغ ہو جاتے تھے۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اوزاعی کی وہ حدیث نقل کی ہے جو انہوں نے ابونجاشی کے واسطے سے رافع بن خدیج سے روایت کی ہے (رافع بن خدیج کہتے ہیں) ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مغرب کی نماز پڑھا کرتے تھے، نماز سے فارغ ہونے کے بعد بھی ہم اپنے قدموں کے نشانات دیکھ سکتے تھے۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

نماز جلدی پڑھنے سے متعلق اس حدیث کی ۲ صحیح حدیثیں شاہد ہیں، جن کو شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل نہیں کیا۔

پہلی شاہد حدیث:

692- اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُوسٍ الْعُبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ بَشِيْرَ بْنَ اَبِي مَسْعُوْدٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ مُرْتَفِعَةٌ ثُمَّ يَسِيْرُ الرَّجُلُ حَتّٰى يَنْصَرِفَ مِنْهَا اِلٰى ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَهِيَ سِتَّةُ اَمْيَالٍ قَبْلَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ

قَدِ اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ بَشِيْرِ بْنِ اَبِي مَسْعُوْدٍ فِي اٰخِرِ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ، وَاَمَّا الشَّاهِدُ الثَّانِي

✧✧ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز، اتنی جلدی پڑھ لیتے تھے کہ سورج ابھی بہت بلند اور روشن ہوتا تھا۔ عصر کی نماز پڑھ کے کوئی شخص ذوالحلیفہ کی طرف جاتا تو وہ مغرب سے پہلے پہنچ جاتا حالانکہ وہاں سے ذوالحلیفہ چھ میل کی مسافت پر ہے۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے بشیر بن عبدالمسعود پر زہری کی اس حدیث کے آخر میں اتفاق کیا ہے جو انہوں نے عروہ سے روایت کی۔ تاہم الفاظ کچھ مختلف ہیں۔

دوسری شاہد حدیث

693- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، وَمُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِي رَبِيْعَةَ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اَمَّ جِبْرَائِيْلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْبَيْتِ

حدیث 692:

اخرجه ابوالحسن الدارقطني في "سننه" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' 1386ھ / 1966ء' رقم الحديث: 9 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/ 1983ء' رقم الحديث: 716

حدیث 693:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 393 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي' في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 149 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 3081 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء' رقم الحديث: 325 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/ 1994ء' رقم الحديث: 1590 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ- 1984ء' رقم الحديث: 2750 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/ 1983ء' رقم الحديث: 10752 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/ 1988ء' رقم الحديث: 703

مَرَّتَيْنِ فَصَلّٰى بِهِ الظُّهْرَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَكَانَتْ قَدْرَ الشِّرَاكِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ بِقَدْرِهٖ، وَصَلّٰى بِهِ الْمَغْرِبَ حِيْنَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْعِشَاءَ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْفَجْرَ حِيْنَ حَرُمَ الطَّعَامُ وَالشَّرَابُ عَلَى الصَّائِمِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الظُّهْرَ مِنَ الْغَدِ حِيْنَ كَانَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ بِقَدْرِهٖ كَوَقْتِ الْعَصْرِ بِالْاَمْسِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَيْهِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْمَغْرِبَ حِيْنَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْعِشَاءَ لِثُلُثِ اللَّيْلِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْفَجْرَ حِيْنَ اَسْفَرَ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، هٰذَا وَقْتُ الْاَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِكَ، وَالْوَقْتُ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ الْوَقْتَيْنِ

وَاَمَّا حَدِيْثُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ،

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت اللہ میں دو مرتبہ نمازیں پڑھائیں، ایک مرتبہ ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سورج ڈھل گیا اور دھوپ ایک تسمے کے برابر تھی اور عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہوگیا اور مغرب کی نماز اس وقت پڑھائی جب روزہ دار روزہ افطار کرتے ہیں اور عشاء اس وقت پڑھائی جب آسمان سے شفق غائب ہوگئی اور فجر اس وقت پڑھائی جب روزہ دار پر کھانا پینا حرام ہو جاتا ہے۔ پھر اگلے دن ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہوگیا۔ جس وقت گزشتہ روز عصر کی نماز پڑھی تھی۔ پھر عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ دوگنا ہوگیا، پھر مغرب کی نماز اس وقت پڑھائی جب روزہ دار روزہ افطار کرتے ہیں پھر عشاء کی نماز رات کا ایک تہائی حصہ گزرنے پر پڑھائی، پھر آپ نے فجر کی نماز اس وقت پڑھائی جب دن خوب روشن ہو چکا تھا۔ پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام کہنے لگے: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہ وقت آپ سے پہلے انبیاء کا ہے اور ان دونوں وقتوں کے درمیان (جتنا وقت ہے اس میں کسی بھی وقت نماز پڑھ سکتے ہیں)

عبدالعزیز بن محمد کی حدیث:

694- فَاَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِيْ رَبِيْعَةَ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ نَّافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسا ہی فرمان منقول ہے۔

695- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى الْبِرْنِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَعْلٰى مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ التُّوْزِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَمِرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ عَمِّهٖ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ

حدیث: 695

اخرجه ابوالحسن الدارقطني في "سننه" طبع دارالمعرفة ' بيروت' لبنان' 1966ء / 1386ھ' رقم الحديث: 16

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ مَّوَاقِيتِ الصَّلٰوةِ فَقَدَّمَ ثُمَّ اَخَّرَ، وَقَالَ: بَيْنَهُمَا وَقْتٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ هٰذَا هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِىْ صُعَيْرٍ الْعُذْرِيُّ

✧✧ حضرت مجمع بن جاریہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے نمازوں کے اوقات کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے نمازوں کے ابتدائی اور آخری اوقات بیان کرنے کے بعد فرمایا: ان کے درمیان پورا وقت نمازوں کا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس کی سند میں جو عبید اللہ ہے وہ عبداللہ بن ثعلبہ بن ابی صعیر العذری کے بیٹے ہیں۔

696۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اُسَيْدٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمُؤَذِّنِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يُخْبِرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ اَنَّ جِبْرَائِيْلَ اَتَاهُ فَصَلّٰى بِهِ الصَّلٰوةَ فِىْ وَقْتَيْنِ اِلَّا الْمَغْرِبَ، قَالَ: فَجَائَنِىْ فَصَلّٰى بِىْ سَاعَةَ غَابَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ جَائَنِىْ مِنَ الْغَدِ فَصَلّٰى بِىْ سَاعَةَ غَابَتِ الشَّمْسُ لَمْ يُغَيِّرْهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، وَقَدْ قَدَّمْتُ لَهُ شَاهِدَيْنِ وَوَجَدْتُ لَهُ شَاهِدًا اٰخَرَ صَحِيْحًا عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ان کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے اور مغرب کے علاوہ باقی تمام نمازیں دو وقتوں میں پڑھائیں جبکہ مغرب کی نماز دونوں دن غروب آفتاب کے وقت پڑھائی اس کے وقت میں کوئی تبدیلی نہ تھی۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے محمد بن عباد بن جعفر کی روایات نقل کی ہیں اور ان کی دو شاہد حدیثیں گزر چکی ہیں اور اس کی ایک مزید شاہد حدیث مجھے ملی ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے۔

697۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا جِبْرَائِيْلُ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ فَذَكَرَ مَوَاقِيْتَ الصَّلٰوةِ ثُمَّ ذَكَرَ اَنَّهُ صَلَّى الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ لَمَّا جَائَهُ مِنَ الْغَدِ صَلَّى الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ فِىْ وَقْتٍ وَّاحِدٍ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں، جو تمہیں دین کی تعلیم دیتے ہیں پھر نمازوں کے اوقات ذکر کیے اور بتایا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ایک دن مغرب کی نماز

غروب آفتاب کے بعد پڑھائی اور اگلے دن بھی اسی وقت میں مغرب کی نماز پڑھائی۔

698- اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: اِنِّيْ لَاَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ، صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ تَابَعَهُ رَقَبَةُ بْنُ مَصْقَلَةَ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ هٰكَذَا اتَّفَقَ رَقَبَةُ وَهُشَيْمٌ عَلٰى رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ وَّهُوَ اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ، وَخَالَفَهُمَا شُعْبَةُ وَاَبُوْ عَوَانَةَ. فَقَالَا عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اس نماز کا وقت سب سے زیادہ اچھے طریقے سے جانتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز تیسری رات کا چاند غروب ہو جانے کے بعد پڑھا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث ابوبشر سے روایت کرنے میں "رقبہ بن مصقلہ" نے "ہشیم" کی متابعت کی ہے اور رقبہ اور ہشیم اس حدیث کو ابوبشر کے واسطے سے حبیب بن سالم سے روایت کرنے میں متفق ہیں اور یہ اسناد صحیح ہے جبکہ شعبہ اور ابوعوانہ نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے ابوبشر کی روایت، بشر بن ثابت کے واسطے حبیب بن سالم سے نقل کی ہے۔

شعبہ کی حدیث:

699- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: اِنِّيْ لَاَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ، اَوْ رَابِعَةٍ شَكَّ شُعْبَةُ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' عشاء کی نماز کا وقت سب سے بہتر میں جانتا ہوں۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث 698:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 165 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 528 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 529 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 1211 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 18439 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1526 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/1991ء' رقم الحديث: 1510 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/1991ء' رقم الحديث: 1511 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 1624 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 1949 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 797

عشاء کی نماز تیسری یا چوتھی رات کا چاند غروب ہونے کے بعد پڑھا کرتے تھے۔اس میں شعبہ کو شک ہے۔

ابوعوانہ کی حدیث:

700۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ: اِنِّي لَاَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ، كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيهَا لِسُقُوطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ

✧✧ ابوعوانہ کی سند سے بھی نعمان بن بشیر کا یہ فرمان منقول ہے۔

701۔ وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحَارِثِ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنْتُ اُصَلِّي الظُّهْرَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰخُذُ قَبْضَةً مِّنَ الْحَصٰى لِيَبْرُدَ فِي كَفِّي اَضَعُهَا لِجَبْهَتِي اَسْجُدُ عَلَيْهَا لِشِدَّةِ الْحَرِّ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں ظہر کی نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ پڑھا کرتا تھا۔ایک مٹھی کنکریاں اپنے ہاتھ میں لے لیا کرتا تھا تاکہ وہ ٹھنڈی ہو جائے تو ان کو زمین پر رکھ کر ان کے اوپر سجدہ کروں کیونکہ ان دنوں گرمی بہت شدید ہوتی تھی۔

✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا:

702۔ اَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ اَعْيَنَ،

حدیث 701:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحدیث: 399 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1081 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 14546 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 14547 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 668 ذكره ابوبكر البیهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1906 ذكره ابوبكر البیهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2490 اخرجه ابویعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1916 اخرجه ابویعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 4196 اخرجه ابوبكر الكوفی فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 3275

عَنْ اَبِی النَّجَاشِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِیْجٍ، یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اَلا اُخْبِرُکُمْ بِصَلٰوۃِ الْمُنَافِقِ، اَنْ یُؤَخِّرَ الْعَصْرَ حَتّٰی کَانَتِ الشَّمْسُ کَثَرْبِ الْبَقَرَۃِ صَلاھَا اَخْرَجَ مُسْلِمٌ حَدِیْثَ الْعَلاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، قَالَ: تِلْکَ صَلٰوۃُ الْمُنَافِقِ یَجْلِسُ اَحَدُھُمْ حَتّٰی اِذَا اصْفَرَّتِ الشَّمْسُ اَلْحَدِیْثَ

✧✧ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں منافقوں کی نماز کے بارے میں بتاؤں؟ وہ عصر کی نماز اتنی لیٹ کرتے کہ سورج گائے کی چربی کی طرح ہوجاتا، تب وہ نماز پڑھتے۔

✣✣ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے العلاء بن عبدالرحمان کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: کہ یہ منافق کی نماز ہے کہ کوئی شخص بیٹھا رہے اور جب سورج زرد پڑ جائے (اس کے بعد پوری حدیث بیان کی)

703- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَۃَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَھْبِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَۃَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ، قَالَ: کَانَ اَبْعَدُ رَجُلَیْنِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَارًا اَبُوْ لُبَابَۃَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ وَاَھْلُہٗ بِقُبَاءَ، وَاَبُوْ عَبْسِ بْنِ جَبْرٍ وَّمَسْکَنُہٗ فِیْ بَنِیْ حَارِثَۃَ، فَکَانَا یُصَلِّیَانِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ، ثُمَّ یَاْتِیَانِ قَوْمَھُمَا وَمَا صَلَّوْا لِتَعْجِیلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِھَا

ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ابولبابہ بن عبدالمنذر اور ابوعبس بن جبر سب سے زیادہ دور کے رہنے والے تھے۔ ابولبابہ کا گھر قباء میں تھا اور ابوعبس کا بنی حارثہ میں۔ یہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ عصر کی نماز پڑھا کرتے تھے اور پھر اپنے گھر چلے جاتے تھے (یہ اس لئے ممکن تھا) کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جلدی نماز عصر جلدی پڑھادیا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

704- أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّیَّارِی وَأَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ الْحَلِیْمِ الْمَرْزُوْبَانِ بِمَرْوَ قَالا حَدَّثَنَا أَبُو الْمُوَجَّہِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْفَزَارِیّ أَنْبَا عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَکِ أَنْبَا الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ حَدَّثَنِی وَھْبُ بْنُ کَیْسَانَ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الْأَنْصَارِیُّ قَالَ جَاءَ جِبْرَائِیْلُ إِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ قُمْ یَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الظُّھْرَ فَقَامَ فَصَلَّی الظُّھْرَ حِیْنَ

حدیث: 703

اخرجہ ابو القاسم الطبرانی فی "معجمہ الاوسط" طبع دار الحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث: 7946 اخرجہ ابو القاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 4515

زَالَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ مَكَثَ حَتّٰى كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ لِلْعَصْرِ مِثْلَهُ فَجَاءَ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الْعَصْرَ فَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ مَكَثَ حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الْمَغْرِبَ فَقَامَ فَصَلَّاهَا حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ سَوَاءً ثُمَّ مَكَثَ حَتّٰى ذَهَبَ الشَّفَقُ فَجَاءَهُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الْعِشَاءَ فَقَامَ فَصَلَّاهَا ثُمَّ جَاءَهُ حِيْنَ صَدَعَ الْفَجْرُ بِالصُّبْحِ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ فَقَامَ فَصَلَّى الصُّبْحَ ثُمَّ جَاءَهُ مِنَ الْغَدِ حِيْنَ كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ مِثْلَهُ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الظُّهْرَ فَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ جَاءَهُ حِيْنَ كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ مِثْلَيْهِ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الْعَصْرَ فَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ جَاءَهُ الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَقْتاً وَاحِداً لَمْ يَزَلْ عَنْهُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الْمَغْرِبَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ جَاءَهُ الْعِشَاءَ حِيْنَ ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْأَوَّلِ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ فَصَلَّى الْعِشَاءَ ثُمَّ جَاءَهُ الصُّبْحَ حِيْنَ أَسْفَرَ جِدّاً فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الصُّبْحَ ثُمَّ قَالَ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ كُلُّهُ وَقْتٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مَشْهُوْرٌ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَالشَّيْخَانِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ لِعِلَّةِ حَدِيْثِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الْأَصْغَرِ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي الْمَوَالِ وَغَيْرُهُ وَقَدْ أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعُقَيْلِيُّ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنِي أَبِي وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِّنْ أَهْلِ بَيْتِنَا قَالُوْا كَانَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ أَشْبَهَ وَلَدِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِهِ فِي التَّأَلُّهِ وَالتَّعَبُّدِ قَالَ الْحَاكِمُ لِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدَانِ مِثْلُ أَلْفَاظِهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَمَّا الشَّاهِدُ الْأَوَّلُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس وقت تشریف لائے جب سورج ڈھل چکا تھا۔ کہنے لگے: اے محمد! ''اٹھیے اور نماز ظہر ادا کیجیے'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے اور زوال کے بعد نماز ظہر ادا کی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکے رہے یہاں تک کہ عصر کے وقت جبکہ آدمی کا سایہ اس کے برابر ہو گیا پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے اور کہا: ''اے محمد'' نماز عصر ادا کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عصر ادا کی۔ پھر غروب آفتاب تک رکے رہے، جب سورج غروب ہو گیا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: ''نماز مغرب ادا کیجیے'' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غروب آفتاب کے بعد نماز مغرب ادا کی۔ پھر ٹھہرے رہے یہاں تک کہ شفق غائب ہو گئی پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: ''نماز عشاء ادا کر لیجیے'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت عشاء کی نماز ادا کی۔ پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام اس وقت آئے جب صبح کی پو پھوٹی۔ انہوں نے کہا: ''اے محمد'' اٹھیے اور نماز ادا کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھی۔ پھر اگلے دن حضرت جبرائیل علیہ السلام اس وقت آئے جب آدمی کا سایہ اس کے برابر

حدیث: 704

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ 1986ء، رقم الحدیث: 526 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث: 14578 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 1472 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحدیث: 1508 ذكره ابوبكر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 1598

ہو گیا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: اے محمد! ظہر کی نماز ادا کیجئے۔ آپ ﷺ نے نماز ظہر ادا کی۔ اس کے بعد حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ ﷺ کے پاس اس وقت آئے جب آدمی کا سایہ دگنا ہو گیا اور کہا: اے محمد! اٹھ کر نماز عصر ادا کریں تو آپ ﷺ نے نماز عصر ادا کی، پھر مغرب کے وقت آئے جبکہ سورج غروب ہو چکا تھا۔ جس وقت پچھلے دن آئے تھے، کہنے لگے: مغرب کی نماز پڑھ لیجیے۔ آپ ﷺ نے مغرب کی نماز پڑھی پھر عشاء کے لئے اس وقت آئے جب رات کا ایک تہائی حصہ گزر چکا تھا اور کہا: نماز عشاء ادا کیجیے پھر اگلے دن صبح کے وقت جب آئے تو دن خوب روشن ہو چکا تھا۔ کہنے لگے: نماز فجر ادا کر لیجیے۔ پھر کہنے لگے: ان دونوں وقتوں کے درمیان تمام وقت نماز کا ہے۔

✣✣ یہ حدیث عبداللہ بن مبارک کی سند کے ہمراہ صحیح مشہور ہے، جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے حسین بن علی اصغر کے ضعف کی وجہ سے نقل نہیں کیا۔ حالانکہ عبدالرحمان بن ابی الموال اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے ان سے روایات نقل کی ہیں۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ موسیٰ بن عبداللہ بن حسن کے حوالے سے ان کے والد اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کا یہ قول نقل کرتے ہیں، کہ حسین بن علی بن حسین، علی بن حسین کی تمام اولاد میں عبادت اور پرہیز گاری میں اپنے والد کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت رکھتے ہیں۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اس حدیث کی دو شاہد حدیثیں بھی موجود ہیں جن کے الفاظ ملتے جلتے ہیں اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہیں۔

پہلی شاہد حدیث:

فَحَدَّثَنِی اَبُوعَلِیِّ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیِّ الْحَافِظُ اَنْبَاَ عَبْدَانُ الاهْوَازِی ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الصَّوَّافُ ثَنَا عَمْرُوبْنُ بَشْرِ الْحَارِثِی ثَنَا بَرْدُبْنُ سِنَانٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رِبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ جِبْرَئِیْلَ اَتَی النَّبِیَّ ﷺ یُعَلِّمُهُ الصَّلَاةَ فَسَاقَ الْمَتْنَ بِمِثْلِ حَدِیْثِ وَهْبِ بْنِ کَیْسَانَ سَوَاءً وَاَمَّا الشَّاهِدُ الثَّانِیُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام، نبی اکرم ﷺ کے پاس نماز کی تعلیم دینے کے لئے آئے (اس کے بعد وہب بن کیسان کی حدیث کی طرح روایت نقل کی)

دوسری شاہد حدیث:

706۔ فَاَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَکْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّیْرَفِیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ الْهَیْثَمِ الْقَاضِیُ، حَدَّثَنَا سُرَیْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ الْمَاجِشُونِ، عَنْ عَبْدِ الْکَرِیْمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّنِی جِبْرَائِیْلُ بِمَکَّةَ مَرَّتَیْنِ فَذَکَرَ الْحَدِیْثَ بِنَحْوِهٖ عَبْدُ الْکَرِیْمِ هٰذَا هُوَ ابْنُ اَبِی الْمُخَارِقِ بِلا شَكٍّ، وَاِنَّمَا خَرَّجْتُهٗ شَاهِدًا

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حضرت جبرائیل علیہ السلام نے مجھے مکہ میں دو مرتبہ نمازیں پڑھائیں (پھر اس کے بعد سابقہ حدیث کی طرح پوری حدیث روایت کی)

✣✣ اس حدیث کی سند میں جو عبدالکریم ہیں، یہ بلاشک وشبہ ابوالمخارق کے بیٹے ہیں۔ میں نے ان کی حدیث شاہد کے

طور پر نقل کی ہے۔

707۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ جِبْرَائِيلَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِهِ الصَّلَوَاتِ وَقْتَيْنِ، اِلَّا الْمَغْرِبَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ وَلَهُ شَاهِدٌ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بِطُولِهِ وَاخْتَصَرَ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ فَائِدَةَ الْحَدِيثِ بِهٰذَا اللَّفْظِ، فَاَمَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ فَاِنَّهُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَيَّاشِ بْنِ اَبِي رَبِيعَةَ الْمَخْزُومِيُّ مِنْ اَشْرَافِ قُرَيْشٍ وَّالْمَقْبُولِينَ فِي الرِّوَايَةِ، وَحَكِيمُ بْنُ حَكِيمٍ هُوَ ابْنُ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ الْاَنْصَارِيُّ وَكِلَاهُمَا مَدَنِيَّانِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور مغرب کے علاوہ بقیہ تمام نمازیں دو (الگ الگ) وقتوں میں پڑھائیں۔

✣✣ اس حدیث کی اسناد صحیح ہے اور اس کی ایک شاہد حدیث بھی ہے جو کہ سفیان ثوری رضی اللہ عنہ اور عبدالعزیز بن محمد دراوردی نے عبدالرحمان بن حارث سے روایت کی ہے۔ یہ طویل حدیث ہے جبکہ سلیمان بن بلال نے یہ حدیث اختصار کے ساتھ نقل کی ہے، اس کی سند میں عبدالرحمان بن حارث، عیاش بن ابی ربیعہ المخزومی کے بیٹے عبداللہ کے بیٹے ہیں، یہ قریش کے باعزت لوگوں میں شمار ہوتے ہیں اور یہ مقبول فی الروایت ہیں اور حکیم بن حکیم بن عباد بن حنیف کے بیٹے ہیں۔ انصاری ہیں اور یہ دونوں مدنی ہیں۔

ثوری کی حدیث:

708۔ فَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اللَّيْثِ، حَدَّثَنَا

حدیث 708:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 494 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 407 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1431 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 6689 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1002 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2086 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 6546 اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه مدینه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحدیث: 106 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 3482

الْاَشْجَعِیُّ، عَنْ سُفْیَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیْهُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰی، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، عَنْ سُفْیَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زَکَرِیَّا یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِیُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مِهْرَانَ الدَّقَّاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَکْرٍ السَّهْمِیُّ، حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ دَاوُدَ اَبُوْ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ شُعَیْبٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مُرُوا الصِّبْیَانَ بِالصَّلٰوةِ لِسَبْعِ سِنِیْنَ، وَاضْرِبُوْهُمْ عَلَیْهَا فِیْ عَشْرِ سِنِیْنَ، وَفَرِّقُوْا بَیْنَهُمْ فِی الْمَضَاجِعِ سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ مُحَمَّدَ بْنَ یَعْقُوْبَ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ یَحْیَی بْنَ مَعِیْنٍ، یَقُوْلُ: عَمْرُو بْنُ شُعَیْبٍ ثِقَةٌ، قَالَ الْحَاکِمُ: وَاِنَّمَا قَالُوْا فِیْ هٰذِهٖ لِلْاِرْسَالِ، فَاِنَّهٗ عَمْرُو بْنُ شُعَیْبِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَشُعَیْبٌ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو سَمِعْتُ الْاُسْتَاذَ اَبَا الْوَلِیْدِ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ سُفْیَانَ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ اِسْحَاقَ بْنَ اِبْرَاهِیْمَ الْحَنْظَلِیَّ، یَقُوْلُ: اِذَا کَانَ الرَّاوِیْ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ ثِقَةً فَهُوَ کَاَیُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

✧✧ عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے بچوں کو سات سال کی عمر میں نماز کا حکم دینے لگ جاؤ اور دس سال کی عمر میں اس حوالے سے ان پر سختی کرو اور ان کو الگ بستر پر سلاؤ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ) یحیٰی بن معین کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ امر بن شعیب ثقہ ہیں۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: بعض محدثین رحمۃ اللہ علیہم کو اس حدیث پر ارسال کی وجہ سے کلام ہے کیونکہ عمرو، شعیب کے بیٹے ہیں، شعیب محمد کے اور محمد عبداللہ بن عمرو کے بیٹے ہیں اور شعیب نے اپنے دادا عبداللہ بن عمرو سے حدیث کا سماع نہیں کیا اور میں نے اپنے استاد ابو ولید سے حسن بن سفیان کے حوالے سے اسحاق بن ابراہیم حنظلی کا یہ فرمان سنا ہے "جب عمرو بن شعیب سے کوئی ثقہ راوی روایت کرے تو اس سند کا درجہ اس سند جیسا ہو جاتا ہے جو ایوب سے نافع کے واسطے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچتی ہے۔

ومن ابواب الأذان والإقامة

اذان واقامت کا بیان

709۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوبِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِیسَی الطَّرَسُوسِیُّ، حَدَّثَنَا الرَّبِیعُ بْنُ یَحْیٰی، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُو بَکْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیهُ اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ بْنِ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَیْرَانَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ اَبِی نَصْرٍ الدَّارَبَرْدِیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَخْبَرَنِی اَبِی، عَنْ شُعْبَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُو بَکْرِ بْنُ بَالَوَیْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِیِّ، عَنْ مُسْلِمٍ اَبِی الْمُثَنّٰی الْقَارِءِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، یَقُولُ: کَانَ الْاَذَانُ عَلٰی عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَیْنِ مَرَّتَیْنِ، وَالْاِقَامَةُ مَرَّةً مَرَّةً، غَیْرَ اَنَّهُ یَقُولُ: قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ مَرَّتَیْنِ، فَاِذَا سَمِعْنَا الْاِقَامَةَ تَوَضَّاْنَا ثُمَّ خَرَجْنَا اِلَی الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِیثٌ صَحِیحُ الْاِسْنَادِ، فَاِنَّ اَبَا جَعْفَرٍ هٰذَا عُمَیْرُ بْنُ یَزِیدَ بْنِ حَبِیبٍ الْخَطْمِیُّ، وَقَدْ رَوٰی عَنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ، وَعُمَارَةَ بْنِ خُزَیْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، وَقَدْ رَوٰی عَنْهُ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، وَشُعْبَةُ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَغَیْرُهُمْ مِنْ اَئِمَّةِ الْمُسْلِمِینَ، وَاَمَّا اَبُو الْمُثَنّٰی الْقَارِءُ فَاِنَّهُ مِنْ اُسْتَاذِیِّ نَافِعِ بْنِ اَبِی نُعَیْمٍ وَاسْمُهُ مُسْلِمُ بْنُ الْمُثَنّٰی رَوٰی عَنْهُ اِسْمَاعِیلُ بْنُ اَبِی خَالِدٍ وَسُلَیْمَانُ التَّیْمِیُّ وَغَیْرُهُمَا مِنَ التَّابِعِینَ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اذان (کے الفاظ) دو دو مرتبہ اور اقامت (کے الفاظ) ایک ایک مرتبہ کہے جاتے تھے، تاہم اقامت میں قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ دو مرتبہ بولا جاتا تھا، ہم جب اقامت سنتے تو وضو کر کے نماز کیلئے نکل پڑتے۔

حدیث 709:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث: 628 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی، بیروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحدیث: 1193 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 1677 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحدیث: 1593 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 1813 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 1923

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور اس کے راوی ابوجعفر، یزید بن حبیب الخطمی کے بیٹے عمیر ہیں۔ انہوں نے سعید بن مسیب اور عمارہ بن خزیمہ بن ثابت سے بھی احادیث نقل کی ہیں اور ان سے روایت لینے والوں میں سفیان ثوری، شعبہ، حماد بن سلمہ اور دیگر آئمہ مسلمین کے نام شامل ہیں اور ابوالمثنیٰ القاری جو ہیں، یہ میرے استاد نافع بن ابی نعیم ہیں۔ ان کا نام مسلم بن المثنیٰ ہے۔ اسماعیل بن ابوخالد اور سلیمان تیمی اور دیگر تابعین نے ان سے احادیث روایت کی ہیں:

710۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِلَالًا اَنْ يَّشْفَعَ الْاَذَانَ، وَيُوْتِرَ الْاِقَامَةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ اَسْنَدَهُ اِمَامُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَمُزَكِّي الرُّوَاةِ بِلَا مُدَافَعَةٍ، وَقَدْ اَنَّ تَابَعَهُ عَلَيْهِ الثِّقَةُ الْمَاْمُوْنُ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ

❖❖ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اذان دو دو مرتبہ اور اقامت ایک ایک مرتبہ کہیں۔

❖❖ راویوں پر جرح اور طعن کرنے والوں کے اور محدثین رحمۃ اللہ علیہم کے امام نے اس حدیث کو مسند قرار دیا ہے اور کسی نے اس کی مخالفت نہیں کی۔

حدیث 710:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير يمامه بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 580 اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 378 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 508 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 193 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 627 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 730 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1194 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 12994 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1675 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 366 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1592 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1801 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 2792 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامی دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 1073 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث:2095

اس حدیث کو عبدالوہاب ثقفی سے روایت کرنے میں قتیبہ بن سعید جیسے ثقہ اور مامون راوی نے یحییٰ بن معین کی متابعت کی ہے۔(ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے۔)

711- كَمَا حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ الْخَضِرِ الشَّافِعِيُّ، وَاَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْهَرَوِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْحَافِظُ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِلَالًا اَنْ يَّشْفَعَ الْاَذَانَ، وَيُوتِرَ الْاِقَامَةَ وَالشَّيْخَانِ لَمْ يُخَرِّجَا بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ وَهُوَ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ قتیبہ بن سعید نے عبدالوہاب ثقفی، ایوب پھر ابوقلابہ کے حوالے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان دو دو مرتبہ اور اقامت ایک ایک بار کہنے کا حکم دیا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

712- اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَهْدَانَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو حَازِمٍ، اَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ اَوْ قَلَّمَا تُرَدَّانِ: الدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ، وَعِنْدَ الْبَاْسِ حِيْنَ يُلْحِمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا هٰذَا حَدِيثٌ يَنْفَرِدُ بِهِ مُوسٰى بْنُ يَعْقُوبَ، وَقَدْ يُرْوٰى عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، وَمُوسٰى بْنِ يَعْقُوبَ، مِمَّنْ يُوجَدُ عَنْهُ التَّفَرُّدُ، وَلَهُ شُهُودٌ مِنْهَا حَدِيثُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، وَحَدِيثُ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، وَحَدِيثُ يَزِيدَ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَنَسٍ

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دو دعائیں کبھی رد نہیں ہوتیں یا (شاید یہ فرمایا) بہت کم رد کی جاتی ہیں (۱) اذان کے وقت کی دعا (۲) جنگ کے وقت جب لوگ ایک دوسرے کو قتل کر رہے ہوں (اس وقت کی دعا)

✣✣ اس حدیث کو صرف موسیٰ بن یعقوب نے روایت کیا ہے اور مالک کی ابوحازم اور موسیٰ بن یعقوب کے حوالے سے ایسے روایات ملتی ہیں جن میں ان کی طرف سے تفرد پایا جاتا ہے۔ اس حدیث کے کئی شواہد موجود ہیں جن میں سلیمان تیمی کی انس سے روایت، معاویہ بن قرہ کی حدیث اور یزید بن ابومریم کی انس کے حوالے سے حدیث قابل ذکر ہیں۔

حدیث 712:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث:2540 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 1200 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 419 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 6251 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث:5756

713- وَقَدْ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُنْقِذٍ الْخَوْلانِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنِي اِدْرِيْسُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلدُّعَاءُ مُسْتَجَابٌ مَّا بَيْنَ النِّدَاءِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اذان کے وقت مانگی ہوئی دعا قبول ہوتی ہے۔

714- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْهِلالِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ الْعَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ الْمَسْعُوْدِيُّ، عَنْ اَبِیْ كَثِيْرٍ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُوْلَ عِنْدَ اَذَانِ الْمَغْرِبِ: اَللّٰهُمَّ هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِكَ، وَاِدْبَارُ نَهَارِكَ، وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ فَاغْفِرْ لِي

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالْقَاسِمُ بْنُ مَعْنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، مِنْ اَشْرَافِ الْكُوفِيِّيْنَ وَثِقَاتِهِمْ مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ، وَلَمْ اَكْتُبْهُ اِلَّا عَنْ شَيْخِنَا اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ رَحِمَهُ اللّٰهُ

✧✧ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تعلیم دی ہے کہ اذانِ مغرب کے وقت یوں دعا مانگو" یا اللہ یہ وقت تیری رات کے آنے کا ہے اور دن کے جانے کا اور تیرے منادیوں کی آواز کا ہے، یا اللہ تو میری مغفرت فرما"

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس کی سند میں قاسم بن معن، عبداللہ بن مسعود کے بیٹے عبدالرحمان کے بیٹے ہیں جو کہ اشرافِ کوفہ میں سے ہیں اور ثقہ لوگوں میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ ان کی احادیث کو جمع کیا جاتا ہے، میں نے ان کی احادیث اپنے شیخ ابوعبداللہ کے حوالے سے نقل کی ہے۔

715- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، قِرَائَةً عَلٰى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَاَنَا اَسْمَعُ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ، وَاَبُوْ رَبِيْعَةَ قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اِيَاسٍ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِی الْعَلاءِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی الْعَاصِ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ،

حدیث 714:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 530 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3589 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1792 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 680 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 1543 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 6896

اجْعَلْنِي إِمَامَ قَوْمِي، قَالَ: أَنْتَ إِمَامُهُمْ، وَاقْتَدِ بِأَضْعَفِهِمْ، وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَأْخُذُ عَلَى أَذَانِهِ أَجْرًا عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے میری قوم کا امام بنا دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اپنی قوم کا امام ہے۔ ان میں سے کمزور لوگوں کا لحاظ کرنا اور اذان کی ذمہ داری کسی ایسے شخص کو دینا جو اذان پر اجرت نہ لے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

716۔ أَخْبَرَنِي أَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَحِيْمِ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ أَبِي غَرْزَةَ، وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عِيسَى الْحِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ سَعِيدِ بْنِ طَارِقٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُدْرِكٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ قَدْرُ صَلٰوةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةَ أَقْدَامٍ، وَفِي الشِّتَاءِ خَمْسَةُ أَقْدَامٍ إِلَى سَبْعَةِ أَقْدَامٍ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِأَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ فِي الصَّيْفِ، وَكَثِيرِ بْنِ مُدْرِكٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی مقدار تین قدموں کے برابر اور سردیوں

حدیث 715:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 531 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 209 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 672 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 16314 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1636 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1865 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 8365

حدیث 716:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 400 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 503 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1492 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1588 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 10204

میں ۵ سے ۷ قدموں کی مقدار ہوا کرتی تھی۔

✥ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابو مالک اشجعی اور کثیر بن مدرک کی روایات نقل کی ہیں۔

717۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَنْصُورٍ يَّحْيَى بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، اَنْبَانَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، وَاَخْبَرَنِي اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ اَبِي حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ مِمَّا عَلَّمَنِي حَافِظْ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، فَقُلْتُ: اِنَّ هٰذِهِ سَاعَاتٌ لِّي فِيهَا اَشْغَالٌ فَمُرْنِي بِاَمْرٍ جَامِعٍ اِذَا اَنَا فَعَلْتُهُ اَجْزَاَ عَنِّي، فَقَالَ: حَافِظْ عَلَى الْعَصْرَيْنِ وَمَا كَانَتْ مِنْ لُغَتِنَا، فَقُلْتُ: وَمَا الْعَصْرَانِ؟ قَالَ: صَلٰوةٌ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَصَلٰوةٌ قَبْلَ غُرُوبِهَا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ وَّقَدْ خَرَّجَ لَهُ فِي الصَّحِيحِ حَدِيثَانِ

✧✧ عبداللہ بن فضالہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں تعلیم دی ہے، آپ کی تعلیمات میں یہ بات بھی تھی کہ پانچوں نمازیں پابندی سے ادا کرو، میں نے عرض کیا: یہ اوقات میری مصروفیت کے ہیں، اس لئے مجھے کوئی ایسا جامع حکم ارشاد فرمادیں کہ اس پر عمل کرنا ہی میرے لئے کافی ہو، آپ ﷺ نے فرمایا: عصرین کی حفاظت کرو۔(فضالہ کہتے ہیں) چونکہ یہ لفظ ''عصرین'' ہماری زبان کا لفظ نہیں تھا، اس لئے میں نے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ ''عصران'' کا کیا مطلب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب سے پہلے کی نمازیں۔

✥ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔اس کی سند میں موجود عبداللہ نامی راوی ''فضالہ بن عبید'' کے بیٹے ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں ان کی دو حدیثیں نقل کی ہیں۔

حدیث 717:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 428 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 15742 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 826 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دارالراية رياض سعودي عرب 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 939 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2020

بَابٌ: فِي فَضْلِ الصَّلَوةِ الْخَمْسِ

پانچ نمازوں کی فضیلت

718۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ ابْنُ اَخِي رِشْدِينَ، وَاَبُو الطَّاهِرِ، قَالَا: اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا، وَنَاسًا، مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُوْنَ: كَانَ رَجُلَانِ اَخَوَانِ فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اَحَدُهُمَا اَفْضَلَ مِنَ الْاٰخَرِ، فَتُوُفِّيَ الَّذِي هُوَ اَفْضَلُهُمَا ثُمَّ عُمِّرَ الْاٰخَرُ بَعْدَهُ اَرْبَعِينَ يَوْمًا، ثُمَّ تُوُفِّيَ فَذَكَرُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضِيلَةَ الْاَوَّلِ عَلَى الْاٰخَرِ، فَقَالَ: اَلَمْ يَكُنِ الْاٰخَرُ يُصَلِّي؟ قَالُوْا: بَلٰى، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَانَ لَا بَاْسَ بِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا يُدْرِيكُمْ مَاذَا بَلَغَتْ بِهِ صَلَوَاتُهُ، اِنَّمَا مَثَلُ الصَّلٰوةِ كَمَثَلِ نَهْرٍ جَارٍ بِبَابِ رَجُلٍ غَمْرٍ عَذْبٍ يَقْتَحِمُ فِيهِ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ فَمَاذَا تَرَوْنَ يَبْقَى مِنْ دَرَنِهِ؟ لَا تَدْرُوْنَ مَاذَا بَلَغَتْ بِهِ صَلَاتُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا مَخْرَمَةَ بْنَ بُكَيْرٍ وَالْعِلَّةُ فِيهِ اَنَّ طَائِفَةً مِنْ اَهْلِ مِصْرَ ذَكَرُوْا اَنَّهُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيهِ لِصِغَرِ سِنِّهِ، وَاَثْبَتَ بَعْضُهُمْ سَمَاعَهُ مِنْهُ

✧✧ حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ اور دیگر کئی اصحابِ رسول سے یہ بات سنی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں دو بھائی ہوتے تھے، ان میں سے ایک دوسرے سے افضل تھا۔ ان میں سے جو افضل تھا وہ مر گیا اور اس کے چالیس دن بعد دوسرا فوت ہو گیا، صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہلے کی دوسرے پر فضیلت کا ذکر کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا وہ دوسرا نماز نہیں پڑھتا تھا؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! لیکن اس کو کبھی آزمائش

حدیث 718:

اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "الموطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي) رقم الحديث: 420 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 1534 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 310 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 6476

نہیں آئی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا معلوم؟ اس کی نمازوں نے اس کو کہاں تک پہنچادیا، نماز کی مثال تو ایسی ہے جیسے کسی شخص کے دروازے کے قریب نہر بہتی ہو جو کہ صاف ستھرے پانی سے بھری ہو اور وہ بندہ روزانہ پانچ مرتبہ اس میں نہاتا ہو، تو تمہارا کیا خیال ہے اس کے جسم پر کوئی میل باقی رہ جائے گی؟ تم نہیں جانتے کہ اس کی نمازوں نے اسے کہاں تک پہنچادیا ہے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا۔ دراصل امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے مخرمہ بن بکیر کی روایات نقل نہیں کیں اور اس میں علت یہ ہے کہ اہل مصر کی ایک جماعت ہے جنہوں نے یہ بات کہی ہے کہ کیونکہ "مخرمہ" بہت چھوٹے تھے، اس لئے انہوں نے اپنے والد سے حدیث کا سماع نہیں کیا جبکہ بعض محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے مخرمہ کا ان کے والد سے سماع ثابت کیا ہے۔

719۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ بْنِ اَبِیْ هِلَالٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ نُعَيْمًا الْمُجْمِرَ، حَدَّثَهُ اَنَّ صُهَيْبًا مَوْلَى الْعُتْوَارِيِّينَ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ: وَاَبَا هُرَيْرَةَ يُخْبِرَانِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ سَكَتَ، فَاَكَبَّ كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا يَبْكِیْ حَزِينًا لِيَمِينِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَّاْتِی الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ، وَيَصُوْمُ رَمَضَانَ، وَيَجْتَنِبُ الْكَبَائِرَ السَّبْعَ، اِلَّا فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، حَتّٰى اَنَّهَا لَتَصْطَفِقُ ثُمَّ تَلَا اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالَّذِیْ عِنْدِیْ اَنَّهُمَا اَهْمَلَاهُ لِذِكْرِ صُهَيْبٍ مَوْلَى الْعُتْوَارِيِّ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ، فَاِنَّهُمَا قَدِ اتَّفَقَا عَلٰى صِحَّةِ رِوَايَةِ نُعَيْمٍ عَنِ الصَّحَابَةِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ منبر پر بیٹھے اور تین مرتبہ یوں قسم کھائی "اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے" پھر آپ ﷺ خاموش ہو گئے، رسول اللہ ﷺ کے اس طرح قسم کھانے پر ہم میں سے ہر شخص غمزدہ ہو کر رونے لگا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص پانچ وقت کی نماز ادا کرے، رمضان کے روزے رکھے اور سات بڑے کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے، اس کے لئے قیامت کے دن جنت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے حتیٰ کہ جنت خود اس کے لئے بے چین ہوگی۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: "اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ

حدیث 719:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ 1986ء' رقم الحديث: 2438 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1748 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 315 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 2218 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 20549

سَیِّئَاتِکُمْ"

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور میرا یہ خیال ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو اس لئے چھوڑ دیا ہے کیونکہ اس کی سند میں عتواری کے آزاد کردہ غلام صہیب نے نعیم بن عبداللہ کا ذکر کیا ہے۔ نعیم بن عبداللہ (......اصل کتاب میں یہاں پر جگہ خالی ہے......) اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہ وہ دونوں نعیم کی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے روایت کی صحت پر متفق ہیں۔ (......اصل کتاب میں یہاں پر جگہ خالی ہے......)

720۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَنْصُورٍ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ اَخِيهِ خَالِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَمِ افْتَرَضَ اللَّهُ عَلَى عِبَادِهِ مِنَ الصَّلَوَاتِ؟ قَالَ: خَمْسَ صَلَوَاتٍ، قَالَ: هَلْ قَبْلَهُنَّ اَوْ بَعْدَهُنَّ شَيْءٌ؟ قَالَ: افْتَرَضَ اللَّهُ عَلَى عِبَادِهِ صَلَوَاتٍ خَمْسًا فَحَلَفَ الرَّجُلُ بِاللَّهِ لَا يَزِيدُ عَلَيْهِنَّ وَلَا يَنْقُصُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ صَدَقَ دَخَلَ الْجَنَّةَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ حَدَّثَ مُسْلِمٌ فِي الصَّحِيحِ بِثَلَاثَةِ اُصُولٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

❖❖ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر کتنی نمازیں فرض کی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانچ نمازیں۔ اس نے پوچھا: کیا ان سے پہلے اور بعد میں بھی کچھ چیز ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے اپنے بندوں پر پانچ نمازیں ہی فرض کی ہیں۔ اس شخص نے اللہ کی قسم کھا کر کہا: میں ان میں کچھ بھی کمی وزیادتی نہ کروں گا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس شخص نے سچ کہا تو یہ جنتی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں تین اصول اسی سند کے ساتھ بیان کئے ہیں۔

721۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا بَلَغَ اَوْلَادُكُمْ سَبْعَ سِنِينَ فَفَرِّقُوا بَيْنَ فُرُشِهِمْ، وَاِذَا بَلَغُوا عَشْرَ سِنِينَ فَاضْرِبُوهُمْ عَلَى الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِعَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ آبَائِهِ، ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا هٰذَا الْحَدِيثَ

حدیث 720:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 459

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1447 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 2939

✧✧ عبدالملک بن ربیع بن سبرہ اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا کے حوالے سے نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں ''جب تمہاری اولاد سات سال کی عمر کو پہنچ جائے تو ان کے بستر الگ کر دو اور جب دس سال کی عمر کو پہنچے تو نماز کے حوالے سے ان پر سختی کرو''۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالملک بن ربیع بن سبرہ کی روایات ان کے باپ دادا کے حوالے سے نقل کی ہیں۔

722۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ وَّاَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اجْعَلْنِيْ اِمَامَ قَوْمِي، قَالَ: أَنْتَ اِمَامُهُمْ وَاقْتَدِ بِاَضْعَفِهِمْ وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَتَّخِذُ عَلٰى اَذَانِهِ اَجْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا وَاِنَّمَا اَخْرَجَ مُسْلِمٌ حَدِيْثَ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا اَمَمْتَ قَوْمًا الْحَدِيْثَ

✧✧ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ! مجھے میری قوم کا امام بنا دیں۔آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: تو ان کا امام ہے۔ان کے سب سے کمزور آدمی کا لحاظ رکھنا ہے اور موذن ایسے شخص کو بنانا، جو اذان کی مزدوری نہ مانگے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شعبہ کی وہ حدیث نقل کی ہے، جس میں انہوں نے عمرو بن مرہ پھر سعید بن مسیّب کے واسطے سے عثمان بن ابوالعاص کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جب تو کسی قوم کی امامت کرے (اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی)

723۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِي وَأَخْبَرَنَا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَحِيمٍ الشَّيْبَانِي بِالْكُوفَةِ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ أَبِي عَزْرَةَ حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ

حدیث 1723:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 537 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 202 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 20823 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ه/1970ء' رقم الحديث: 1525 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 1912

بِلَالٌ يُؤَذِّنُ ثُمَّ يَمْهَلُ فَإِذَا رَأَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ خَرَجَ فَأَقَامَ الصَّلَاةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ إِنَّمَا ذَكَرَ مُسْلِمٌ حَدِيْثَ زُهَيْرٍ عَنْ سِمَاكٍ كَانَ بِلَالٌ يُؤَذِّنُ إِذَا دَحَضَتِ الشَّمْسُ

✧✧ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان پڑھ کر انتظار کرتے رہتے تھے، جب وہ دیکھتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے ہیں، تو نماز کے لئے اقامت کہتے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے زہیر کے واسطے سے سماک کی یہ حدیث نقل کی ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اس وقت اذان دیتے تھے جب وہ دیکھتے کہ سورج ڈھل چکا ہے۔

724۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيُّ، وَدَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُوْسٰى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ مَسْعُوْدٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ فِي الْمَسْجِدِ حِيْنَ تُقَامُ الصَّلٰوةُ، فَإِذَا رَآهُمْ قَلِيْلًا جَلَسَ ثُمَّ صَلّٰى، وَإِذَا رَآهُمْ جَمَاعَةً صَلّٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَمَسْعُوْدٌ هٰذَا اَبُو الْحَكَمِ الزُّرَقِيُّ

✧✧ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے وقت مسجد میں ہوتے تھے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتے کہ لوگ کم ہیں، تو کچھ دیر انتظار کرتے پھر نماز پڑھتے اور جب دیکھتے کہ جماعت مکمل ہے (تو مزید انتظار کئے بغیر) نماز پڑھا دیتے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس کی سند میں جو مسعود (نامی راوی) ہیں یہ ابوالحکم زرقی ہیں۔

725۔ حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، إِمْلَاءً فِيْ شَهْرِ رَجَبٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَسِيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا وَاللَّفْظُ لَهُ، اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: رَاَيْتُ بِلَالًا يُؤَذِّنُ وَيَدُوْرُ وَيَتْبَعُ فَاهُ هَاهُنَا، وَهَاهُنَا، وَاُصْبُعَيْهِ فِيْ اُذُنَيْهِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قُبَّةٍ حَمْرَاءَ مِنْ اَدَمٍ، فَخَرَجَ بِلَالٌ بَيْنَ يَدَيْهِ بِالْعَنَزَةِ، فَرَكَزَهَا بِالْبَطْحَاءِ، فَصَلّٰى اِلَيْهَا اِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ الْكَلْبُ وَالْحِمَارُ، وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى بَرِيْقِ سَاقَيْهِ

حدیث 724:

اخرجه [illegible] بيروت لبنان رقم الحديث:545

✧✧ عون بن ابوجحیفہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ اذان دیتے ہوئے گھوما کرتے تھے اور اپنا چہرہ اِدھر اُدھر پھیرتے تھے اور اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال لیا کرتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چمڑے کے بنے ہوئے سرخ خیمے میں ہوتے تھے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بڑے کھالے میں کدال ڈال دیتے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے جانور گزر جایا کرتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سرخ رنگ کا جبہ ہوتا تھا، مجھے یوں محسوس ہوتا ہے گویا کہ آج بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پنڈلیوں کی چمک دیکھ رہا ہوں۔

726۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عُتْبَةَ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَمَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ بِالْاَبْطَحِ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِهٖ

قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، وَعُمَرَ بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيْهِ فِيْ ذِكْرِ نُزُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَبْطَحَ غَيْرَ اَنَّهُمَا لَمْ يَذْكُرَا فِيْهِ اِدْخَالَ الْاُصْبُعِ فِي الْاُذُنَيْنِ وَالْاِسْتِدَارَةِ فِي الْاَذَانِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا وَهُمَا سُنَّتَانِ مَسْنُوْنَتَانِ

✧✧ عون بن ابوجحیفہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو (مسجد نبوی کے قبلہ کی جانب واقع بارش کے) نالے میں اترتے دیکھا۔ اس کے بعد سابقہ حدیث کی طرح مکمل حدیث درج ہے۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے مالک بن مغول اور عمر بن ابوزائدہ کی حدیث عون بن ابوجحیفہ کے واسطے سے ان کے والد سے نقل کی ہے، جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نالے میں اترنے کا ذکر ہے، تاہم انہوں نے اس میں کانوں میں

حدیث: 725

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر، یمامه، بیروت، لبنان، 1407ھ 1987ء، رقم الحدیث: 5521 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 503 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 197 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث: 5378 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 2382 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی، بیروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحدیث: 388 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحدیث: 9827 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب، 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 1721 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة، ریاض، سعودی عرب، 1411ھ/1991ء، رقم الحدیث: 1459 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 307 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحدیث: 887

انگلیاں ڈالنے اوراذان کے دوران گھومنے کا ذکر نہیں کیا ہے، جبکہ یہ حدیث دونوں کے معیار پر صحیح ہے اور یہ دونوں عمل سنت ہیں۔

727۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجَرَّاحِ الْعَدْلُ بِمَرْوَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَاسَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّكَرِى قَالَ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ يَقُولُ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ إِذَا رَأَى الْمُؤَذِّنَ لا يُدْخِلُ إِصْبَعَيْهِ فِي أُذُنَيْهِ يَصِيحُ بِهِ أَنْفَسْتَ بِكُوشٍ أَنْفَسْتَ بِكُوشٍ

✧✧ حضرت علی بن حسن بن شقیق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن مبارک جب کسی موذن کو دیکھتے کہ اس نے کانوں میں انگلیاں نہیں ڈالیں تو چلا کر کہتے "أَنْفَسْتَ بِكُوشٍ أَنْفَسْتَ بِكُوشٍ" (کانوں میں انگلیاں ڈالو)

728۔ حَدَّثَنَا أَبُو زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْعَبْدِيُّ، وَحَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَسَّانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ، قَالُوا: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ الْمَدَائِنِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عن رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ قَالَ حِينَ سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ: وَأَنَا أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، وَبِالْإِسْلامِ دِينًا، غُفِرَ لَهُ ذَنْبُهُ صَحِيحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ. وَالْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ هُوَ أَخُو مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ الْقُرَشِيُّ وَفِي الثَّبْتِ فَوْقَ عَلِيِّ بْنِ عَبَّاسٍ الْحِمْصِيِّ

✧✧ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص موذن کی آواز سن کر کہے": وَأَنَا أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، وَبِالْإِسْلامِ دِينًا، (اور میں بھی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ میں اللہ کے رب ہونے پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوں) اس

حدیث 728:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 386 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 525 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 679 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 729 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 1565 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1693 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 421 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 1643 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1791 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 722 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 29249

کے تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور اس کی سند میں جو حکم بن عبداللہ ہیں، وہ عبداللہ بن قیس بن مخرمہ قرشی کے بیٹے، محمد کے بھائی ہیں اور قابل اعتماد ہونے میں علی بن عباس رضی اللہ عنہما حمصی سے بڑھ کر ہیں۔

729۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا سَمِعَ اَحَدُكُمُ النِّدَاءَ وَالْاِنَاءُ عَلٰى يَدِهِ فَلَا يَضَعُهُ حَتّٰى يَقْضِيَ حَاجَتَهُ مِنْهُ وَفِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمَّارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ بِمِثْلِهِ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی اذان سنے اور اس وقت وہ کچھ کھا پی رہا ہو تو اپنا ہاتھ نہ روکے، جب تک کہ سیر نہ ہو جائے۔

❖❖ ابوبکر بن اسحاق کی ایک حدیث کی سند حماد پھر عمار کے واسطے سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے، یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

730۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ جُمَيْعٍ، عَنْ لَيْلٰى بِنْتِ مَالِكٍ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَالِدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اُمِّ وَرَقَةَ الْاَنْصَارِيَّةِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: انْطَلِقُوا بِنَا اِلَى الشَّهِيْدَةِ فَنَزُوْرُهَا وَاَمَرَ اَنْ يُؤَذَّنَ لَهَا وَتُقَامَ، وَتَؤُمَّ اَهْلَ دَارِهَا فِي الْفَرَائِضِ قَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِالْوَلِيْدِ بْنِ جُمَيْعٍ وَّهٰذِهِ سُنَّةٌ غَرِيْبَةٌ لَّا اَعْرِفُ فِي الْبَابِ حَدِيْثًا مُسْنَدًا غَيْرَ هٰذَا، وَقَدْ رَوَيْنَا عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا كَانَتْ تُؤَذِّنُ، وَتُقِيْمُ، وَتَؤُمُّ النِّسَاءَ

حدیث 729:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 2350 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع مو سه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 9468 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 7809

حدیث 730:

اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1676 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1768 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 5137

✧✧ حضرت اُمّ ورقہ انصاریہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اپنے اصحاب سے) فرمایا کرتے تھے: ہمارے ساتھ چلو، شہداء کی زیارت کرنے چلیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم حکم دیتے کہ اذان دی جائے اور اقامت کہی جائے اور تمام گھر والوں کو شامل کر کے فرضی نمازوں کی جماعت کرائی جائے۔

✧✧ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ ولید بن جمیع کی روایات نقل کی ہیں، یہ سنت غریبہ ہے، اس موضوع پر اس ایک حدیث کے علاوہ اور کوئی مسند حدیث میرے علم میں نہیں اور ہم نے اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے کہ وہ اذان دیا کرتی تھیں اور عورتوں کی امامت بھی کرایا کرتی تھیں (جیسا کہ درج ذیل حدیث سے ظاہر ہے)

731۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْأَصَمُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْعُطَارِدِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ عَآئِشَةَ أَنَّهَا كَانَتْ تُؤَذِّنُ وَتُقِيمُ وَتَؤُمُّ النِّسَآءَ وَتَقُوْمُ وَسْطَهُنَّ

✧✧ حضرت عطاء رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ وہ اذان دیتی تھیں، اقامت کہتی تھیں اور عورتوں کو نماز پڑھاتی تھیں اور ان کے درمیان کھڑی ہوتی تھیں۔

732۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمَّادِ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ نُعَيْمٍ الرِّيَاحِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ فَائِدٍ الْاُسْوَارِيّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، وَعَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِبِلَالٍ: اِذَا اَذَّنْتَ فَتَرَسَّلْ فِيْ اَذَانِكَ، وَاِذَا اَقَمْتَ فَاحْدُرْ، وَاجْعَلْ بَيْنَ اَذَانِكَ وَاِقَامَتِكَ قَدْرَ مَا يَفْرُغُ الْآكِلُ مِنْ اَكْلِهِ، وَالشَّارِبُ مِنْ شُرْبِهِ وَالْمُعْتَصِرُ اِذَا دَخَلَ لِقَضَاءِ حَاجَتِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ لَّيْسَ فِيْ اِسْنَادِهِ مَطْعُوْنٌ فِيْهِ غَيْرُ عَمْرِو بْنِ فَائِدٍ وَّالْبَاقُوْنَ شُيُوْخُ الْبَصْرَةِ وَهٰذِهِ سُنَّةٌ غَرِيْبَةٌ لَّا اَعْرِفُ لَهَا اِسْنَادًا غَيْرَ هٰذَا، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا: جب اذان کہو، تو ٹھہر ٹھہر کر کہو اور جب اقامت کہو، تو جلدی کرو اور اذان اور اقامت کے درمیان اتنا وقفہ کرو کہ کھانا کھانے والا شخص کھانے پینے سے فارغ ہو جائے اور قضائے حاجت کرنے والا استنجا سے فارغ ہو جائے۔

حدیث: 731

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1781

حدیث: 732

اخرجہ ابو عیسٰی الترمذی فی "جامعہ" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 195 ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1858 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الاوسط" طبع دارالحرمین قاہرہ مصر 1415ھ رقم الحدیث: 1952 اخرجہ ابو محمد الکسی فی "مسندہ" طبع مکتبۃ السنۃ قاہرہ مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 1008

✣ اس حدیث کی اسناد میں عمرو بن فائد کے علاوہ اور کسی راوی پر طعن ثابت نہیں اور باقی راوی بصرہ کے شیخ ہیں اور یہ سنت غریبہ ہے، اس کی اسناد اس حدیث کے علاوہ میرے علم میں نہیں اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کو نقل نہیں کیا۔

733۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، وَاَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْاَسَدِیُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِیْ اِيَاسٍ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِیُّ، حَدَّثَنا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْمَلِيْحِ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ اِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ، قَالَ: كَمَا يَقُوْلُ حَتّٰى يَسْكُتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

✧ حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اذان سنتے تو وہی کچھ کہتے جو موذن کہتا حتیٰ کہ اذان ختم ہو جاتی۔

✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

مذکورہ حدیث کی ایک سند صحیح کے ساتھ شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

734۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ الْعَسْكَرِیُّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ، قَالَ: وَاَنَا وَاَنَا

✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اذان سنتے تو فرماتے اور میں اور میں۔

735۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ الْخَوْلَانِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ خَالِدٍ الدُّؤَلِیِّ، اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ بِلَالٌ يُنَادِیْ فَلَمَّا سَكَتَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ مِثْلَ هٰذَا يَقِيْنًا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حدیث: 723

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 121

حدیث: 735

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 674 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 8609 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 1667 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1641

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر اذان دی، جب وہ اذان سے فارغ ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص وہ ہی کچھ پڑھے، جو اِس نے پڑھا، یقیناً جنت میں داخل ہو گا۔

✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اس سند کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

736۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ يَحْيَى الْاَدَمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَذَّنَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً وَّجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، وَكُتِبَ لَهُ بِتَاْذِيْنِهِ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ سِتُّوْنَ حَسَنَةً، وَبِاِقَامَتِهِ ثَلَاثُوْنَ حَسَنَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ لَهِيْعَةَ، وَقَدِ اسْتَشْهَدَ بِهِ مُسْلِمٌ رَحِمَهُ اللّٰهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص بارہ سال اذان دے، وہ جنتی ہے اس کی ہر اذان کے عوض ساٹھ اور ہر اقامت کے عوض تیس نیکیاں لکھی جائیں گی۔

✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صحیح ہے، اور اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ عبداللہ بن لہیعہ سے مروی ہے۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ان کی حدیث شاہد کے طور پر نقل کی ہے۔ (وہ حدیث یہ ہے)

737۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، وَاَبُو الرَّبِيْعِ، قَالَا: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ جَعْفَرٍ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَذَّنَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، وَكُتِبَ لَهُ بِكُلِّ اَذَانٍ سِتُّوْنَ حَسَنَةً وَّبِكُلِّ اِقَامَةٍ ثَلَاثُوْنَ حَسَنَةً

✧✧ حضرت ابن لہیعہ کی سند کے ہمراہ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سابقہ فرمان منقول ہے۔

738۔ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يُؤَذِّنُ فِيْ شَيْءٍ مِّنَ الصَّلَوَاتِ فِي السَّفَرِ، وَلَا يُقِيْمُ اِلَّا لِلصُّبْحِ، فَاِنَّهُ كَانَ يُؤَذِّنُ وَيُقِيْمُ

حديث 736:

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 728 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1881 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 8733

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ فَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَاحْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِنُعَيْمِ بْنِ حَمَّادٍ، وَالْمَشْهُوْرُ مِنْ فِعْلِ ابْنِ عُمَرَ بِهِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر کے دوران فجر کے علاوہ اور کسی نماز کے لئے نہ اذان کہتے، نہ اقامت۔صرف فجر کے لئے خود اذان اور اقامت کہتے۔

✧✧ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالعزیز بن محمد اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے نعیم بن حماد کی روایات نقل کی ہیں اور اس سلسلے میں ابن عمر رضی اللہ عنہما کا فعل مشہور ہے (جیسا کہ درج ذیل ہے)

739- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَطَّةَ الْأَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَكَرِيَّا الْأَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا مِحْرَزُ بْنُ سَلَمَةَ الْعَدَنِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَّافِعٍ اَنَّ بْنَ عُمَرَ كَانَ لَا يُؤَذِّنُ فِي السَّفَرِ وَلَا يُقِيمُ فِي شَيْءٍ مِّنْ صَلَوَاتِهِ

✧✧ حضرت نافع رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سفر میں کسی نماز کے لئے نہ اذان دیتے، نہ اقامت کہتے۔

740- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَانَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ حَمَّادٌ وَّحَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ اَبِي عَمَّارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا سَمِعَ اَحَدُكُمُ النِّدَاءَ، وَالْاِنَاءُ عَلٰى يَدِهِ فَلَا يَضَعْهُ حَتّٰى يَقْضِيَ حَاجَتَهُ مِنْهُ هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص کھانا کھاتے ہوئے یا پانی پیتے ہوئے اذان کی آواز سنے تو وہ سیر ہونے تک اپنا عمل جاری رکھے۔

✧✧ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

741- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاِسْفَرَائِنِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ يَعْقُوْبُ بْنُ يُوْسُفَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ

حدیث 741

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 342 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 344 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1011 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2062 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 790

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فَإِنَّ شُعَيْبَ بْنَ اَيُّوْبَ ثِقَةٌ وَّقَدْ اَسْنَدَهُ، وَرَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحْبِرٍ وَّهُوَ ثِقَةٌ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مُسْنَدًا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مشرق سے لے کر مغرب تک (اہل مدینہ اور گرد ونواح کے لوگوں کے لئے) پوری سمت قبلہ ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور شعیب بن ایوب ثقہ راوی ہیں۔ انہوں نے اس کی سند کو متصل کیا ہے اور محمد بن عبدالرحمان بن محبر نے اس حدیث کو نافع کے واسطے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مسنداً روایت کیا ہے (ان کی روایت درج ذیل ہے)

742۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحْبِرٍ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ قَدْ اَوْقَفَهُ جَمَاعَةٌ مِّنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے اور محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی ایک جماعت نے اس کو عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے موقوفاً نقل کیا ہے۔

743۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَرَّازُ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيْرٍ، اَوْ سَيْرٍ فَاَظَلَّنَا غَيْمٌ، فَتَحَيَّرْنَا فَاخْتَلَفْنَا فِي الْقِبْلَةِ فَصَلّٰى كُلُّ وَاحِدٍ مِّنَّا عَلٰى حِدَةٍ، فَجَعَلَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنَّا يَخُطُّ بَيْنَ يَدَيْهِ لِنَعْلَمَ اَمْكِنَتَنَا فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَاْمُرْنَا بِالْاِعَادَةِ، وَقَالَ: قَدْ اَجْزَاَتْ صَلَاتُكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُّحْتَجٌّ بِرُوَاتِهٖ، كُلِّهِمْ غَيْرَ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ فَاِنِّيْ لَا اَعْرِفُهُ بِعَدَالَةٍ وَّلَا جَرْحٍ، وَقَدْ تَاَمَّلْتُ كِتَابَ الشَّيْخَيْنِ فَلَمْ يُخَرِّجَا فِيْ هٰذَا الْبَابِ شَيْئًا

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں نماز پڑھنے لگے تو بادل چھا جانے کی وجہ سے ہم پریشان ہو گئے اور سمت قبلہ کے حوالے سے ہمارا اختلاف ہو گیا، ہم میں سے ہر شخص نے (اپنی مرضی سے) ایک جانب رخ کر کے نماز پڑھی اور ہر شخص نے اپنے آگے ایک لکیر کھینچ لی تاکہ اپنی اپنی جگہ کی پہچان رہے، ہم نے اس بات کا تذکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نمازیں لوٹانے کا حکم نہیں دیا بلکہ فرمایا: یہ نماز تمہارے لئے کافی ہے۔

✣✣ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی جاتی ہیں۔ سوائے محمد بن سالم کے۔ کہ ان کے متعلق مجھے عدالت اور جرح کا کوئی علم نہیں۔ میں نے شیخین رحمۃ اللہ علیہما کی کتابوں میں بہت چھان بین کی لیکن انہوں نے اس موضوع پر کوئی حدیث نقل نہیں کی۔

حدیث 743

اخرجه ابن ابى اسامه فى "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه" مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث:136

ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث:2067

ومن كتاب الإمامة وصلوة الجماعة

امامت اور نماز باجماعت کا بیان

744- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ، وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ حَفْصٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُكُمْ فِيْ بَيْتِهٖ ثُمَّ اَتَى الْمَسْجِدَ كَانَ فِيْ صَلٰوةٍ حَتّٰى يَرْجِعَ، فَلَا يَقُلْ هٰكَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ تَابَعَهٗ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص اپنے گھر میں وضو کر لے اور پھر مسجد میں چلا آئے، وہ واپس آنے تک گویا کہ نماز میں ہے، لہٰذا اس طرح نہ کرو، یہ کہتے ہوئے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں ڈالیں۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کو مقبری سے روایت کرنے میں محمد بن عجلان نے عبدالوارث کی متابعت کی ہے

(متابع حدیث درج ذیل ہے)

745- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ،

حدیث: 745

اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی، بیروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحدیث: 1405 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 18128 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث: 18139 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 2036 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی، بیروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحدیث: 440 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 5677 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین، قاهره، مصر، 1415ھ، رقم الحدیث: 838 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 332 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 1063 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة، قاهره، مصر، 1408ھ/1988ء، رقم الحدیث: 369

وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلانَ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: اِذَا تَوَضَّاْتَ ثُمَّ دَخَلْتَ الْمَسْجِدَ فَلَا تُشَبِّكَنَّ بَيْنَ اَصَابِعِكَ

رَوَاهُ شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلانَ فَوَهِمَ فِي اِسْنَادِهِ

✧✧ ابن عجلان نے سعید کے واسطے سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جب تم وضو کرلو اور مسجد میں داخل ہو جاؤ تو اپنی انگلیوں میں تشبیک مت کرو (ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالنے کو تشبیک کہتے ہیں) اسی حدیث کو شریک بن عبداللہ نے محمد بن عجلان سے روایت کیا ہے لیکن ان کو اس کی سند میں غلطی لگی ہے (جیسے کہ درج ذیل حدیث ہے)

746- اَخْبَرَنَا اَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ اَبِي غَرْزَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو غَسَّانَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كُنْتَ فِي الْمَسْجِدِ فَلَا تَجْعَلْ اَصَابِعَكَ هٰكَذَا يَعْنِي شَبَّكَهَا

✧✧ شریک نے محمد بن عجلان کی یہ حدیث ان کے والد کے واسطے سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسجد میں ہوتے ہوئے اپنی انگلیوں کو یوں مت کرو یعنی ان میں تشبیک مت کرو۔

747- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِي سَعِيدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ اَجِرْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی مسجد میں داخل ہو تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اور کہے: "اللّٰهُمَّ اَجِرْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ"۔ (اے اللہ مجھے شیطان مردود کے شر سے بچا)

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

748- اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْلٍ الدَّبَّاسُ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ

حدیث 748:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 4640 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی، بیروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحدیث: 453 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبری" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحدیث: 9921 اخرجه ابویعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحدیث: 697

زَيْدٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيهِ سَعْدٍ، اَنَّ رَجُلا جَآءَ اِلَى الصَّلٰوةِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِنَا، فَقَالَ: حِينَ انْتَهَى اِلَى الصَّفِّ: اَللّٰهُمَّ اٰتِنِيْ اَفْضَلَ مَا تُؤْتِيْ عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ، فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ، قَالَ: مَنِ الْمُتَكَلِّمُ اٰنِفًا ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذًا يُّعْقَرُ جَوَادُكَ، وَتُسْتَشْهَدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنے والد سعد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نماز کے لئے آیا، اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا رہے تھے، اس نے صف میں شامل ہوتے ہوئے یہ دعا مانگی ''اے اللہ تو مجھے اس سے بھی بہتر اجر عطا فرما جو تو نے اپنے نیک بندوں کو عطا فرمایا'' جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو پوچھا: ابھی کس کی آواز آ رہی تھی؟ وہ شخص بولا ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ہوں'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (تو اس ثواب کا حقدار تب ہوگا) جب تو اپنے تیز رفتار گھوڑے کی کونچ کو کاٹ ڈالے گا اور اللہ کی راہ میں شہید ہو جائے گا۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

749- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ فِي الصَّلٰوةِ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، وَهَمْزِهِ، وَنَفْخِهِ، وَنَفْثِهِ، قَالَ: فَهَمْزُهُ: الْمُوْتَةُ، وَنَفْثُهُ: الشِّعْرُ، وَنَفْخُهُ: الْكِبْرِيَاءُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَقَدِ اسْتَشْهَدَ الْبُخَارِيُّ بِعَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ

✧ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز شروع کرتے تو یوں دعا مانگتے ''اے اللہ میں شیطان مردود سے، اس کی چوبھ، پھونک اور اس کی بلغم سے تیری پناہ مانگتا ہوں'' ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: شیطان کی چوبھ

حدیث 749:

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 808 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 3828 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1779 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 472 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2186 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 4994 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 9302 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 29123

(سے مراد) مرگی ہے۔اس کی پھونک (سے مراد) شعر ہے اور اس کی بلغم (سے مراد) تکبر ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عطاء بن سائب کی حدیث بطور شاہد نقل کی ہے۔

750۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْعَدْلُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ صَالِحٍ الْوَزَّانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَسَّانَ، حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْهَرُ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِسَالِمٍ هٰذَا وَهُوَ ابْنُ عَجْلَانَ الْاَفْطَسُ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِشَرِيْكٍ، وَ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ وَّلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ،

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز سے "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" پڑھا کرتے تھے۔

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس سند کے سالم (نامی راوی) کی احادیث نقل کی ہیں اور یہ عجلان افطس کے بیٹے ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شریک کی روایات نقل کی ہیں اور یہ اسناد صحیح ہے۔اس میں کوئی ضعف نہیں ہے لیکن اس کے باوجود امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

751۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَحِيْمٍ الشَّيْبَانِيُّ ______________

______________، هٰذَا صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......)

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

752۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى يَعْنِي ابْنَ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْاَبْعَدُ فَالْاَبْعَدُ مِنَ الْمَسْجِدِ اَعْظَمُ اَجْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ رُوَاتُهُ مَدَنِيُّوْنَ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ هُوَ الْاِمَامُ فِي انْتِقَادِ الرِّجَالِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ اِذْ لَمْ يُرْوَ بِغَيْرِ هٰذَا الْاِسْنَادِ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جتنی زیادہ دور سے مسجد میں آتا ہے

حدیث 752:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث:556 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 782 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث:9527 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث:4762 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث:1458 اخرجه ابوبكر الكوفي ' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث:6004

وہ اتنے ہی زیادہ ثواب کا مستحق ہے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح ہے، اس کے تمام راوی مدنی ہیں اور یحییٰ بن سعید راویوں پر جرح کرنے والوں کے امام ہیں، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا کیونکہ یہ حدیث اس کے علاوہ کسی اور سند سے مروی نہیں ہے۔

753۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِيْ مَيْمُوْنَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّلٰوةُ فِي الْجَمَاعَةِ تَعْدِلُ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ صَلٰوةً، فَاِذَا صَلَّاهَا فِي الْفَلَاةِ فَاَتَمَّ رُكُوْعَهَا وَسُجُوْدَهَا بَلَغَتْ خَمْسِيْنَ صَلٰوةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ اتَّفَقَا عَلَى الْحُجَّةِ بِرِوَايَاتِ هِلَالِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، وَيُقَالُ: ابْنُ اَبِيْ مَيْمُوْنَةَ، وَيُقَالُ: ابْنُ عَلِيٍّ، وَيُقَالُ: ابْنُ اُسَامَةَ، وَكُلُّهُ وَاحِدٌ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کا ثواب، ۲۵ نمازوں کے برابر ہے اور اگر کوئی شخص میدان و بیابان میں نماز ادا کرے اور اس کے رکوع و سجود مکمل کرے، اس کا ثواب بھی پچیس نمازوں کے برابر ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ہلال بن ابی ہلال کی روایات نقل کی ہیں۔ انہی کو ''ابن ابی میمونہ'' بھی کہتے ہیں اور انہی کو ''ابن علی'' بھی کہتے ہیں، ان ہی کو ''ابن اسامہ'' بھی کہتے ہیں، یہ تمام نام ایک ہی شخص کے ہیں۔

754۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ نَصْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ عِصْمَةَ سَهْلُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْبُخَارِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَحْلَاءَ، عَنْ مِحْصَنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ وُضُوْئَهُ، ثُمَّ رَاحَ فَوَجَدَ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا اَعْطَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِثْلَ اَجْرِ مَنْ صَلَّاهَا، وَحَضَرَهَا لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا

حدیث 753:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 560 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 788 اخرجه ابو عبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 11546 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحدیث: 1749 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ه/1994ء رقم الحدیث: 4742 اخرجه ابو یعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحدیث: 1011 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ه/1988ء رقم الحدیث: 976 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ه رقم الحدیث: 8390

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عوف بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اچھے طریقے سے وضو کرے اور خوشی محسوس کرے اور مسجد کی طرف چل پڑے لیکن اس سے پہلے جماعت ختم ہو چکی ہو، اللہ تعالیٰ اس کو اس شخص کے برابر اجر دے گا، جس نے جماعت کے ساتھ نماز پڑھی ہے اور ان کے اپنے اجر میں بھی کمی نہیں کرے گا۔

✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

755۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنِيْ حَبِيْبُ بْنُ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَمْنَعُوْا نِسَائَكُمُ الْمَسَاجِدَ، وَبُيُوْتُهُنَّ خَيْرٌ لَّهُنَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِالْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ، وَقَدْ صَحَّ سَمَاعُ حَبِيْبٍ مِّنِ ابْنِ عُمَرَ، وَلَمْ يُخَرِّجَا فِيْهِ الزِّيَادَةَ وَبُيُوْتُهُنَّ خَيْرٌ لَّهُنَّ وَشَاهِدُهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورتوں کو مسجد میں آنے سے منع مت کرو اور ان کے گھر ان کے لئے بہتر ہیں۔

✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صحیح ہے، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس میں ''اور ان کے گھر ان کے لئے بہتر ہیں'' کے الفاظ نقل نہیں کئے جبکہ دونوں نے عوام بن حوشب کی روایات نقل کی ہیں اور حبیب بن ابی ثابت کا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سماع ثابت ہے۔

756۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ

حدیث 754:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 564 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 855 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 8934 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 928 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4789 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 1455

حدیث 755:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 567 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 5468 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1684 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر بیروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحدیث: 1182

وَهْبٍ، اَنْبَاَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ دَرَّاجًا اَبَا السَّمْحِ، حَدَّثَهُ عَنِ السَّائِبِ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ مَسَاجِدِ النِّسَاءِ قَعْرُ بُيُوتِهِنَّ

✧✧ حضرت ام المومنین اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کے لئے ان کے اپنے گھر کے کمرے ہیں بہترین مسجد ہیں۔

757۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ الزَّاهِدُ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَهْدِيِّ بْنِ رُسْتُمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُوَرِّقٍ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: صَلٰوةُ الْمَرْاَةِ فِيْ بَيْتِهَا اَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِيْ حُجْرَتِهَا، وَصَلَاتُهَا فِيْ مَخْدَعِهَا اَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِيْ بَيْتِهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِالْمُوَرِّقِ بْنِ مُشَمْرِخٍ الْعِجْلِيِّ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت کا چھوٹے کمرے میں نماز پڑھنا بڑے کمرے میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور کوٹھڑی میں نماز پڑھنا چھوٹے کمرے میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

✢✢ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے مورق بن مشمرخ العجلی کی روایات نقل کی ہیں۔

758۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْصَرَ رَجُلًا يُصَلِّيْ وَحْدَهُ، فَقَالَ: اَلَا رَجُلٌ يَتَصَدَّقُ عَلٰى هٰذَا فَيُصَلِّيَ مَعَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، سُلَيْمَانُ الْاَسْوَدُ هٰذَا هُوَ سُلَيْمَانُ بْنُ سُحَيْمٍ قَدِ

حدیث 756:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 26584 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1683 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 5134 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بيروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء' رقم الحديث: 1252

حدیث 757:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 570 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1688 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 5144 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 9482

احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِهٖ، وَبِاَبِى الْمُتَوَكِّلِ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ اَصْلٌ فِىْ اِقَامَةِ الْجَمَاعَةِ فِى الْمَسَاجِدِ مَرَّتَيْنِ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو اکیلے نماز پڑھتے دیکھا تو فرمایا: کوئی شخص اس پر مہربانی کرے اور اس کے ساتھ جا کر نماز پڑھ لے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس سند میں جو سلیمان اسود ہیں، وہ سلیمان بن سحیم ہیں۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی اور ابوالمتوکل کی روایات نقل کی ہیں۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) یہ حدیث مسجد میں دوسری جماعت قائم کرنے کی اصل ہے۔

759- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، وَاَخْبَرَنِى اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَحْمَدَ التَّاجِرُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَسْقَلانِيُّ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِى يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ اَبِى عَلِيٍّ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ اَمَّ قَوْمًا فَاَصَابَ الْوَقْتَ فَلَهُ وَلَهُمْ، وَمَنِ انْتَقَصَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعَلَيْهِ وَلَا عَلَيْهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاه

حديث 758:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 574 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ه 1987ء رقم الحديث: 1369 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 11631 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 2397 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 1632 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 4791 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 1057 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ه 1985ء رقم الحديث: 606 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 6140

حديث 759:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 580 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 17343 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 2221 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 1513 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 5114 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 910 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1004

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کو کسی قوم کا امام بنایا جائے اور وہ بروقت نماز ادا کرائے تو یہ اس کے لئے اور قوم کے لئے بہتر ہے اور اگر اس میں کوتاہی کرے تو اس کا گناہ امام پر ہے، قوم پر نہیں۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

760۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّغَانِي حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ هُمَّامٍ أَنَّ حُذَيْفَةَ أَمَّ النَّاسَ بِالْمَدَائِنِ عَلَى دُكَّانٍ فَأَخَذَ أَبُو مَسْعُودٍ بِقَمِيصِهِ فَجَبَذَهُ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ قَالَ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّهُمْ كَانُوا يَنْهَوْنَ عَنْ ذٰلِكَ أَوْ قَالَ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّهُ كَانَ يَنْهٰى عَنْ ذٰلِكَ قَالَ بَلٰى قَدْ ذَكَرْتُ حِينَ مَدَدْتَنِي

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ ہمام روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو مدائن میں ایک دکان کی چھت پر نماز پڑھائی۔ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے ان کی قمیص پکڑ کر کھینچی، جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: تجھے معلوم نہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اس سے منع کیا گیا تھا؟ یا (شاید) یہ فرمایا: کیا تجھے معلوم نہیں کہ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) اس سے منع کیا کیا کرتے تھے؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں! جب آپ نے میری قمیص کھینچی تھی تو مجھے یاد آ گیا تھا۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

761۔ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامٍ، قَالَ: صَلّٰى حُذَيْفَةُ بِالنَّاسِ بِالْمَدَائِنِ فَتَقَدَّمَ فَوْقَ دُكَّانٍ، فَاَخَذَ اَبُو مَسْعُودٍ بِمَجَامِعِ ثِيَابِهِ فَمَدَّهُ فَرَجَعَ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلٰوةَ، قَالَ لَهُ اَبُو مَسْعُودٍ: اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَّقُومَ الْاِمَامُ فَوْقُ وَيَبْقَى النَّاسُ خَلْفَهُ؟ قَالَ: فَلِمَ تُرَانِيَ اَجَبْتُكَ حِينَ مَدَدْتَنِي؟

✧✧ ہمام کہتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے مدائن میں لوگوں کو دکان کے اوپر نماز پڑھائی، حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے ان کا دامن کھینچا، وہ (حذیفہ) واپس (پیچھے ہٹ) گئے۔ جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو ابومسعود رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ امام چھت پر کھڑا ہو اور اس کے مقتدی نیچے کھڑے ہوں۔ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: آپ نے دیکھا نہیں کہ جب آپ نے میرا دامن کھینچا تھا تو میں نے آپ کی بات مان لی تھی۔

762۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُعْشُمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُو

حدیث 760:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحدیث: 597 ذكره ابوبكر البیهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 5014

حُذَیْفَۃَ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ یَحْیَی بْنِ هَانِءِ بْنِ عُرْوَۃَ الْمُرَادِیِّ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِیْدِ بْنِ مَحْمُوْدٍ، قَالَ: صَلَّیْنَا خَلْفَ اَمِیْرٍ مِّنَ الْاُمَرَاءِ فَاضْطُرَّ النَّاسُ فَصَلَّیْنَا مَا بَیْنَ سَارِیَتَیْنِ، فَلَمَّا صَلَّیْنَا، قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِکٍ: کُنَّا نَتَّقِی هٰذَا عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ عبدالحمید بن محمود کا بیان ہے کہ ہم نے ایک امیر کے پیچھے نماز پڑھی۔ لوگوں کا رش بڑھ گیا، اس لئے ہم نے دو ستونوں کے درمیان کھڑے ہو کر نماز ادا کی۔ جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت انس بن مالک بولے: رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ہم اس عمل سے بچا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

763۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْخَلِیْلِ الْاَصْبَهَانِیُّ، حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ مُّحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُزَکِّیْ فِیْ اٰخَرِیْنَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ: اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْهُوْدًا، قَالَ: تَشْهَدُهٗ مَلَائِکَۃُ اللَّیْلِ، وَمَلَائِکَۃُ النَّهَارِ تَجْتَمِعُ فِیْهَا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے اس آیت 'اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْهُوْدًا' کے متعلق فرمایا: اس وقت دن اور رات کے فرشتے جمع ہوتے ہیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

764۔ أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِی حَدَّثَنَا

حدیث 762:

اخرجه ابو عیسٰی الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 229 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 12361 اخرجه ابوبکر الکوفی فی مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 7468

حدیث 763:

اخرجه ابو عیسٰی الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 3135 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 10137 اخرجه ابوبکر بن خزیمه النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1474 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 11293

سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ وَأَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ وَأَخْبَرَنَا أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْجَارُوْدِيُّ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ خَلْفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيٰى بْنَ سَعِيْدٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ نَافِعاً يُحَدِّثُ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ كُنَّا إِذَا فَقَدْنَا لِإِنْسَانَ فِي صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ وَالصُّبْحِ أَسَأْنَا بِهِ الظَّنَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہا کرتے تھے: عشاء اور فجر کی نماز میں غیر حاضر ہونے والے شخص کو ہم اچھا نہیں سمجھتے تھے۔

یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

765۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، حَدَّثَنَا السَّائِبُ بْنُ حُبَيْشٍ الْكَلَاعِيُّ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ الْيَعْمُرِيِّ، قَالَ: قَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ: اَيْنَ مَسْكَنُكَ ؟ قَالَ: قَرْيَةٌ دُوْنَ حِمْصٍ، قَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ ثَلَاثَةِ نَفَرٍ فِيْ قَرْيَةٍ وَّلَا بَدْوٍ لَا تُقَامُ فِيْهِمُ الصَّلٰوةُ اِلَّا اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ، فَعَلَيْكَ بِالْجَمَاعَةِ، فَاِنَّمَا يَاْكُلُ الذِّئْبُ مِنَ الْغَنَمِ الْقَاصِيَةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَدُوْقٌ رُوَاتُهُ، شَاهِدٌ لِّمَا تَقَدَّمَهُ، مُتَّفَقٌ عَلَى الْاحْتِجَاجِ بِرُوَاتِهِ اِلَّا السَّائِبَ بْنَ حُبَيْشٍ، وَقَدْ

حدیث: 764

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2099 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1485 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 3353

حدیث: 765

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 547 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 847 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 21758 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ 1993ء رقم الحدیث: 2101 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ 1970ء رقم الحدیث: 1486 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ 1991ء رقم الحدیث: 920 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4708 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث: 1329

عُرِفَ مِنْ مَّذْهَبِ زَائِدَةَ اَنَّهُ لَا يُحَدِّثُ اِلَّا عَنِ الثِّقَاتِ

✧✧ معدان بن ابوطلحہ یعمری کا بیان ہے: کہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: تمہارا گھر کہاں ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حمص کے قریب ایک علاقہ میں۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا ہے "کسی بھی شہر یا گاؤں میں ایسے تین آدمی رہتے ہوں، جو نماز جماعت کے بغیر پڑھتے ہوں، ان پر شیطان غلبہ کر لیتا ہے اس لئے تم پر لازم ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز ادا کرو، کیونکہ ریوڑ سے الگ رہنے والی بکری کو بھیڑیئے کھا جاتے ہیں۔

✣✣ اس حدیث کے تمام راوی صدوق ہیں اور یہ حدیث گزشتہ حدیث کی شاہد ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے سائب بن حبیش کے علاوہ اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور زائدہ کا یہ طریقہ مشہور ہے کہ وہ صرف ثقہ راویوں سے ہی روایت لیتے ہیں۔

766- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي عُشَّانَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اِذَا تَطَهَّرَ الرَّجُلُ، ثُمَّ مَرَّ اِلَى الْمَسْجِدِ فَيَرْعَى الصَّلٰوةَ كَتَبَ لَهُ كَاتِبُهُ، اَوْ كَاتِبَاهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوْهَا اِلَى الْمَسْجِدِ عَشْرَ حَسَنَاتٍ، وَالْقَاعِدُ يُرَاعِي الصَّلٰوةَ كَالْقَانِتِ، وَيُكْتَبُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ مِنْ حِيْنِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ حَتّٰى يَرْجِعَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص وضو کر کے مسجد میں آئے اور نماز کا انتظار کرے، اس کے فرشتے اس کے لئے ہر اس قدم کے بدلے جو اس نے مسجد کی طرف اٹھایا، دس نیکیاں لکھتے ہیں اور نماز کے انتظار میں بیٹھا ہوا شخص، نماز پڑھنے والے کی طرح ہے اور گھر سے نکلنے کے وقت سے لیکر واپس گھر جانے تک پورا وقت اس کو نمازی شمار کیا جاتا ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

767- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَعْقُوْبَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ رَافِعٍ الْقَيْسِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّهُ مَرَّ بِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَّهُوَ قَاعِدٌ عَلٰى بَابِهِ يُشِيْرُ بِيَدِهِ كَاَنَّهُ يُحَدِّثُ نَفْسَهُ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا

حدیث 766:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 17476 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2045 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1492 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4754

شَأْنُكَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ تُحَدِّثُ نَفْسَكَ ؟ قَالَ :وَمَا لِيْ يُرِيْدُ عَدُوُّ اللّٰهِ اَنْ يُّلْهِيَنِيْ عَنْ كَلَامٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ :لَا تُكَابِدْ وَهْرَكَ الْاٰدَمِيْ اَلَا تَخْرُجُ اِلَى الْمَسْجِدِ فَتُحَدِّثُ، وَاَنَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :مَنْ جَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ جَلَسَ فِيْ بَيْتِهٖ لَا يَغْتَابُ اَحَدًا بِسُوْءٍ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ عَادَ مَرِيْضًا كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ غَدَا اِلَى الْمَسْجِدِ، اَوْ رَاحَ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ دَخَلَ عَلٰى اِمَامٍ يُّعَزِّرُهٗ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ فَيُرِيْدُ عَدُوُّ اللّٰهِ اَنْ يُّخْرِجَنِيْ مِنْ بَيْتِيْ اِلَى الْمَجْلِسِ هٰذَا حَدِيْثٌ رُوَاتُهٗ مِصْرِيُّوْنَ ثِقَاتٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ وہ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے قریب سے گزرے تو حضرت معاذ اپنے دروازے پر بیٹھے ہوئے ہاتھوں کے ساتھ یوں اشارے کر رہے تھے، لگتا تھا جیسے اپنے آپ سے باتیں کر رہے ہوں، عبداللہ نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمان! تمہیں کیا ہو گیا ہے تم اپنے آپ سے باتیں کیوں کر رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: مجھے کیا ہونا ہے، اللہ کا دشمن مجھے اس کلام سے بے خبر کرنا چاہ رہا ہے، جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ عبداللہ نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا ہے ''جو شخص اللہ کے راستے میں جہاد کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کا ضامن ہوتا ہے اور جو شخص گھر میں بیٹھا رہے اور کسی کی برائی نہ کرے، اس کا بھی ضامن اللہ ہے۔ جو شخص کسی مریض کی عیادت کرے، اس کا بھی ضامن اللہ ہے اور جو شخص صبح یا شام کے وقت مسجد کی طرف آئے، اس کا ضامن بھی اللہ اور جو شخص امام کو اس کی ذمہ داریوں کا احساس دلائے، اس کا ضامن بھی اللہ ہے۔ تو اللہ کا دشمن مجھے گھر سے مجلس کی طرف نکالنا چاہتا ہے۔

✤ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں مصری ہیں لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

768۔ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِيُّ، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الشِّيْرَازِيُّ وَكَانَ ثِقَةً، وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ يُثْنِيْ عَلَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمِيْمِيُّ، وَاَبُوْ غَسَّانَ الْمَدَنِيُّ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرِ الْمَشَّائِيْنَ فِي الظُّلَمِ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّوْرِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ فِيْ رِوَايَةٍ مَجْهُوْلَةٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ

✧✧ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اندھیرے کے وقت مسجد کی

حدیث 767:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 18320 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 54 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الاوسط" طبع دارالحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث: 8659 اخرجہ ابوبکر بن خزیمۃ النیسابوری فی "صحیحہ" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1495

طرف چل کر جانے والوں کے لئے، قیامت کے دن ''کامل نور'' کی خوشخبری دیدو۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ ثابت نے انس سے روایت کی ہے

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

769۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مُسْلِمٍ، اَنْبَاَنَا اَبِيْ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ اَسْلَمَ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَشِّرِ الْمَشَّائِيْنَ فِيْ ظُلَمِ اللَّيْلِ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّوْرِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رات کے اندھیروں میں مسجد کی طرف جانے والوں کے لئے قیامت کے دن ''کامل نور'' کی خوشخبری ہے۔

770۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: قُرِءَ عَلَى ابْنِ وَهْبٍ، اَخْبَرَكَ

حدیث 768:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 561 اخرجه ابو عیسٰی الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 223 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 781 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1498 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4755 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1113 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 843 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 4662 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 2212 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بیروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحدیث: 751 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث: 1033

حدیث 770:

اخرجه ابو عیسٰی الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2617 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 802 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1223 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 11669 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1721 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1502 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4768 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 923

عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، حَدَّثَهُ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا رَاَيْتُمُ الرَّجُلَ يَعْتَادُ الْمَسْجِدَ، فَاشْهَدُوا عَلَيْهِ بِالْاِيمَانِ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ هٰذِهِ تَرْجَمَةٌ لِلْمِصْرِيِّينَ لَمْ يَخْتَلِفُوا فِي صِحَّتِهَا وَصِدْقِ رُوَاتِهَا غَيْرَ اَنَّ شَيْخَيِ الصَّحِيحِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ سُقْتُ الْقَوْلَ فِي صِحَّتِهِ فِيمَا تَقَدَّمَ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ اس کو مسجد میں جانے کی عادت ہوگئی ہے تو اس کے ایمان کی گواہی دیدو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اللہ کی مسجدوں کو صرف وہی آباد کرتا ہے جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے۔

✣✣ یہ عنوان اہل مصر کا ہے، اس کی صحت اور اس کے راویوں کے صدق کے متعلق کسی کو اختلاف نہیں ہے، اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا، اس سے پہلے کئی مرتبہ اس کی صحت کے متعلق گفتگو ہو چکی ہے۔

771- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ يَزِيدَ الدَّقَّاقُ بِهَمَدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُوطِنَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَسَاجِدَ لِلصَّلٰوةِ اِلَّا تَبَشْبَشَ اللّٰهُ بِهِ مِنْ حَيْثُ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ كَمَا يَتَبَشْبَشُ اَهْلُ الْغَائِبِ بِغَائِبِهِمْ اِذَا قَدِمَ عَلَيْهِمْ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ خَالَفَ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ ابْنَ اَبِي ذِئْبٍ، فَرَوَاهُ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَتَوَضَّاْ اَحَدُكُمْ فَيُحْسِنُ وُضُوئَهُ وَيُسْبِغُهُ، ثُمَّ يَاْتِي الْمَسْجِدَ لَا يُرِيدُ اِلَّا الصَّلٰوةَ فِيهِ اِلَّا تَبَشْبَشَ اللّٰهُ بِهِ كَمَا يَتَبَشْبَشُ اَهْلُ الْغَائِبِ بِغَائِبِهِمْ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص نماز کے لئے مسجد میں آتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے گھر سے نکلنے سے اس طرح خوشی کا اظہار کرتا ہے، جس طرح اس شخص کے گھر والے خوشی کا اظہار کرتے ہیں، جو کافی عرصہ کہیں غائب رہنے کے بعد آیا ہو،

حدیث 771:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 8332 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1607 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1503 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2334 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث 2838

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اس میں لیث بن سعد بن ابی ذئب نے اختلاف کیا ہے۔انہوں نے اس کو مقبری کی سند سے ابوعبیدہ کے واسطے سے سعید بن یسار سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے ذریعے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا ہے: کوئی شخص اچھے طریقے سے وضو کر کے مسجد میں آئے اور اس کا ارادہ صرف نماز کا ہو، اللہ تعالیٰ اس پہ یوں خوشی کا اظہار کرتا ہے جیسے اس شخص کے اہل خانہ خوشی کا اظہار کرتے ہیں جو کافی عرصہ کہیں غائب رہنے کے بعد گھر آیا ہو۔

772۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَرْمَلَةَ، وَاَخْبَرَنَا وَاللَّفْظُ لَهُ، اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُوسٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ اَبِي عَلِيٍّ الْهَمْدَانِيِّ، سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ اَمَّ النَّاسَ فَاَصَابَ الْوَقْتَ فَلَهُ وَلَهُمْ، وَمَنِ انْتَقَصَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعَلَيْهِ وَلَا عَلَيْهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، فَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، وَاحْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِيَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ، ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی قوم کا امام بنے اور وہ وقت پر نماز پڑھاتا رہے تو اس کا ثواب امام کو بھی ہے اور قوم کو بھی اور جو اس میں کچھ بھی کوتاہی کرے، اس کا گناہ امام پر ہے، لوگوں پر نہیں ہے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمان بن حرملہ کی روایات نقل کی ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یحییٰ بن ایوب کی روایات نقل کی ہیں۔

773۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِيُّ، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ مُؤَذِّنُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤَذِّنُ ثُمَّ يُمْهِلُ فَاِذَا رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَقْبَلَ اَخَذَ فِي الْاِقَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا موذن اذان دے کر انتظار کرتا رہتا تھا، جب وہ دیکھتا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے ہیں تو اقامت شروع کر دیتا۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

774۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ حَرْمَلَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ

السِّرَاجِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ مُعَاوِیَۃُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِی الزَّاھِرِیَّۃِ، عَنْ کَثِیْرِ بْنِ مُرَّۃَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ وَصَلَ صَفًّا وَصَلَہُ اللّٰہُ، وَمَنْ قَطَعَ صَفًّا قَطَعَہُ اللّٰہُ

ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص صفوں کو جوڑ کر رکھے، اللہ اسے جوڑے اور جو صفوں کو توڑے، اللہ اسے توڑے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

775- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا الرَّبِیْعُ بْنُ سُلَیْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ وَھْبٍ، اَخْبَرَنِیْ اُسَامَۃُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُرْوَۃَ بْنِ الزُّبَیْرِ، عَنْ اَبِیْہِ، عَنْ عَآئِشَۃَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰہَ وَمَلَائِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی الَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ الصُّفُوْفَ

ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ اور اس کے فرشتے ان لوگوں پر رحمتیں بھیجتے ہیں، جو صفوں کو جوڑ کر رکھتے ہیں۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

776- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَیْنِ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ الْاَدَمِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَۃَ، حَدَّثَنَا سَھْلُ بْنُ حَمَّادٍ، اَنْبَاَنَا ھِشَامُ بْنُ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ، عَنْ یَّحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاھِیْمَ التَّیْمِیِّ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِیَۃَ، قَالَ: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَسْتَغْفِرُ لِلصَّفِّ الْمُقَدَّمِ ثَلَاثًا، وَّلِلثَّانِیْ مَرَّۃً

وَھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ وَقَدِ اتَّفَقَا عَلَی الْاِحْتِجَاجِ بِرِوَایَۃِ غَیْرِ الصَّحَابِیِّ عَلٰی مَا تَقَدَّمَ ذِکْرِیْ لَہٗ

حدیث 774:

اخرجہ ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننہ" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیہ، حلب، شام، 1406ھ 1986ء، رقم الحدیث: 819
اخرجہ ابوبکر بن خزیمۃ النیسابوری فی "صحیحہ" طبع المکتب الاسلامی، بیروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحدیث: 1549
اخرجہ ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننہ الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحدیث: 893

حدیث 775:

اخرجہ ابوعبداللہ القزوینی فی "سننہ" طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 995 اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ، قاہرہ، مصر، رقم الحدیث: 24426 اخرجہ ابوحاتم البستی فی "صحیحہ" طبع موسسہ الرسالہ، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 2163 اخرجہ ابوبکر بن خزیمۃ النیسابوری فی "صحیحہ" طبع المکتب الاسلامی، بیروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحدیث: 1550 ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز، مکہ مکرمہ، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 4968 اخرجہ ابومحمد الکسی فی "مسندہ" طبع مکتبۃ السنۃ، قاہرہ، مصر، 1408ھ/1988ء، رقم الحدیث: 1513

مِنْ اِفْرَادِ التَّابِعِیْنَ

﴾ ﴿ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی صف والوں کے لئے تین مرتبہ اور دوسری صف والوں کے لئے دو مرتبہ مغفرت کی دعا کیا کرتے تھے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے غیر صحابی کی روایات نقل کی ہیں، جن میں تابعین منفرد ہیں، جیسا کہ کئی مرتبہ اس پر گفتگو گزر چکی ہے۔

777۔ أَخْبَرَنِی أَبُو الْحَسَنِ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَلْخِیُّ التَّاجِرُ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ الْحَکَمِ بْنِ أَبِی مَرْیَمَ أَخْبَرَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِی ابْنُ جُرَیْجٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِی رَبَاحٍ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَیْرِ عَلَی الْمِنبَرِ یَقُوْلُ لِلنَّاسِ إِذَا دَخَلَ أَحَدُکُمُ الْمَسْجِدَ وَالنَّاسُ رُکُوْعٌ فَلْیَرْکَعْ حِیْنَ یَدْخُلُ ثُمَّ لِیَدُبَّ رَاکِعاً حَتّٰی یَدْخُلَ فِی الصَّفِّ فَإِنَّ ذٰلِکَ السُّنَّةُ قَالَ عَطَاءٌ وَقَدْ رَاَیْتُهُ هُوَ یَفْعَلُ ذٰلِکَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

﴾ ﴿ حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، انہوں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کو منبر پر لوگوں سے یوں کہتے ہوئے سنا ہے، جب کوئی شخص مسجد میں پہنچے اور اس وقت جماعت حالتِ رکوع میں ہو تو وہ شخص مسجد میں داخل ہوتے ہی رکوع چلا جائے اور اسی رکوع کی حالت میں چلتے ہوئے صف میں شامل ہو جائے کیونکہ یہ سنت ہے۔ عطاء کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کو یوں کرتے ہوئے دیکھا بھی ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

778۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عِیْسَی الْحِیْرِیُّ حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَبَّانِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْمُقَدَّمِیُّ، ثَنَا یُوْسُفُ بْنُ یَعْقُوْبَ السُّدُوْسِیُّ، ثَنَا سُلَیْمَانُ التَّیْمِیُّ عَنْ اَبِی مِجْلَزٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ عَبَّادٍ قَالَ بَیْنَمَا أَنَا بِالْمَدِیْنَةِ فِی الْمَسْجِدِ فِی الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ قَائِمٌ أُصَلِّی فَجَبَذَنِی رَجُلٌ مِّنْ خَلْفِی جَبْذَةً فَنَحَّانِی وَقَامَ مَقَامِی قَالَ

حدیث 776:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث 996 اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء رقم الحدیث:1265 اخرجه ابوعبدالله [illegible] "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 17181 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع [illegible] بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1558 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه [illegible] 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4976 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع [illegible] 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 638 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بیروت' لبنان' رقم الحدیث [illegible] اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ' رقم الحدیث:2452

حدیث 777:

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع [illegible] قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث:7016

فَوَاللّٰهِ مَا عَقَلْتُ صَلَاتِي فَلَمَّا انْصَرَفَ فَإِذَا هُوَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ فَقَالَ يَا فَتًى لَا يَسُوْءُكَ اللّٰهُ إِنَّ هٰذَا عَهْدُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْنَا أَنْ نَلِيَهُ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَقَالَ هَلَكَ أَهْلُ الْعَقْدِ ثَلَاثًا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ ثُمَّ قَالَ وَاللّٰهِ مَا عَلَيْهِمْ آسِي وَلٰكِنِّي آسِي عَلٰى مَا أَضَلُّوا قَالَ قُلْتُ مَنْ تَعْنِي بِهٰذَا قَالَ الْأُمَرَآءُ

هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ فَقَدْ احْتَجَّ بِيُوْسُفَ بْنِ يَعْقُوْبَ السُّدُوْسِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

◇◇ قیس بن عباد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ میں مسجد نبوی میں اگلی صف میں کھڑا نماز پڑھ رہا تھا، ایک شخص نے مجھے پیچھے سے کھینچ کر ایک طرف ہٹا دیا اور میری جگہ پر کھڑا ہو گیا۔ (قیس کہتے ہیں): خدا کی قسم! مجھے سمجھ نہیں آئی کہ میں نے نماز میں کیا غلطی کی تھی، جب وہ نماز سے فارغ ہوئے (تو میں یہ دیکھ کر حیران رہ گیا) کہ وہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ تھے، انہوں نے مجھے کہا: اے نوجوان! اللہ تعالیٰ تجھے کبھی پریشانی نہ دکھائے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے یہ عہد لیا تھا کہ ہم صفوں میں مل کر کھڑے ہوں، پھر وہ قبلہ رو ہو کر کہنے لگے: رب کعبہ کی قسم! اہل عقد ہلاک ہو گئے، یہ لفظ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ دہرائے، پھر کہنے لگے: خدا کی قسم! مجھے ان پر اور کوئی دکھ نہیں ہے۔ مجھے دکھ اس بات کا ہے کہ یہ لوگ گمراہی پھیلا رہے ہیں ہیں (قیس کہتے ہیں) میں نے پوچھا: آپ یہ بات کن کے متعلق کہہ رہے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: امراء کے متعلق۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یوسف بن یعقوب سدوسی کی روایات نقل کی ہیں۔

779۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْحَنْظَلِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ قِلَابَةَ الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَالَ الْإِمَامُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ فَقُوْلُوْا: اللّٰهُ أَكْبَرُ، فَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فَقُوْلُوْا: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ وَفِيْهِ سُنَّةٌ عَزِيْزَةٌ، وَهُوَ أَنْ يَّقِفَ الْمَأْمُوْمُ حَتّٰى يُكَبِّرَ الْإِمَامُ، وَلَا يُكَبِّرَ مَعَهُ

◇◇ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب امام "اللہ اکبر" کہے، تو تم بھی "اللہ

حدیث 778:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 808 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 2181 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی، بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحديث: 1573 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحديث: 882

حدیث 779:

ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب، 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 2096

اکبر" کہو اور جب امام سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہے، تو تم کہو رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس میں ایک سنت عزیزہ ہے، وہ یہ کہ جب تک امام تکبیر کہتا رہے، مقتدی خاموش رہے، اس کے ساتھ تکبیر نہ کہے۔

780۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَّ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ، وَعِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ، تذاكرا فَحَدَّثَ سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ، اَنَّهٗ حَفِظَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكْتَتَيْنِ: سَكْتَةً اِذَا كَبَّرَ، وَسَكْتَةً اِذَا فَرَغَ مِنْ قِرَائَتِهٖ عِنْدَ رُكُوْعِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَبَّرَ سَكَتَ بَيْنَ التَّكْبِيْرِ وَالْقِرَائَةِ، وَحَدِيْثُ سَمُرَةَ لَا يَتَوَهَّمُ مُتَوَهِّمٌ اَنَّ الْحَسَنَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ سَمُرَةَ، فَاِنَّهٗ قَدْ سَمِعَ مِنْهُ وَلَهٗ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

✧✧ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ اور عمران بن حصین رضی اللہ عنہ آپس میں گفتگو کر رہے تھے، سمرہ بن جندب نے بتایا: کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دو سکتے سیکھے ہیں (۱) اس وقت کا سکتہ جب امام تکبیر کہے اور (۲) رکوع سے پہلے اس وقت کا سکتہ، جب امام قرات سے فارغ ہو جائے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے "عمارہ بن قعقاع" کی وہ حدیث نقل کی ہے، جس میں انہوں نے ابوزرعہ کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان روایت کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب تکبیر کہتے تو تکبیر اور قرات کے درمیان کچھ دیر وقفہ کرتے۔ سمرہ

حدیث 780:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 777 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 251 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 844 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1243 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 20258 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1807 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1578 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2899 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 6875 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث: 915

کی حدیث کے متعلق کسی کو یہ غلط فہمی نہ رہے کہ حسن نے سمرہ سے حدیث کا سماع نہیں کیا ہے (کیونکہ حقیقت بات یہ ہے کہ) انہوں نے سمرہ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

سابقہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ سند صحیح کے ساتھ مروی ہے۔ جیسا کہ درج ذیل ہے۔

781۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَمْعَانَ، قَالَ: اَتَانَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ فِي مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ، فَقَالَ: ثَلَاثٌ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُنَّ تَرَكَهُنَّ النَّاسُ، يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى جَاوَزَتَا اُذُنَيْهِ، وَيَسْكُتُ بَعْدَ الْقِرَائَةِ هُنَيْهَةً، يَسْاَلُ اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ

✧✧ سعید بن سمعان بیان کرتے ہیں، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بنی زریق کی مسجد میں ہمارے پاس تشریف لائے اور انہوں نے کہا: تین کام ایسے ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے اور لوگ انہیں چھوڑ چکے ہیں (۱) تکبیر اولیٰ کے وقت کانوں کے برابر ہاتھ اٹھایا کرتے تھے (۲) قرات کے بعد کچھ دیر ٹھہرتے تھے (۳) اللہ سے اس کا فضل مانگا کرتے تھے۔

782۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَهَضَ فِي الثَّانِيَةِ اسْتَفْتَحَ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَلَمْ يَسْكُتْ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوسری رکعت کے لئے کھڑے ہوتے تو سورۃ فاتحہ سے شروع کرتے اور وقفہ نہ کرتے۔

حدیث 781:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 473 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2897 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1777

حدیث 782:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 599 اخرجه ابوحاتم بستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1936 اخرجه ابوبكر بن خزيمة نيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1603 ذكره ابوبكر البيهقی فی سننه الكبرٰی طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2902

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

783- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ اَبِيْ عَتَّابٍ، وَسَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا جِئْتُمْ وَنَحْنُ سُجُوْدٌ فَاسْجُدُوْا وَلَا تَعُدُّوْهَا شَيْئًا، وَمَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً فَقَدْ اَدْرَكَ الصَّلٰوةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَيَحْيَى بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ مِنْ ثِقَاتِ الْمِصْرِيِّيْنَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم ہمارے ساتھ سجدہ کی حالت میں ملو تو سجدہ میں شامل ہو جاؤ لیکن اس کو کچھ شمار نہ کرو (یعنی یہ نہ سمجھو کہ تمہیں یہ رکعت مل گئی) اور جس شخص نے (جماعت کے ساتھ) ایک رکعت بھی پالی اس نے (جماعت کے ساتھ) نماز پالی۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اور اس [illegible] ابوسلیمان ہیں یہ مصری ہیں اور ثقہ ہیں۔

784- اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ فَرُّوْخٍ، اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حدیث 783:

976۔ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: سَاَلْتُ عَآئِشَةَ: هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ السُّوْرَةَ فِي الرَّكْعَةِ ؟ قَالَتْ: مِنَ الْمُفَصَّلِ، قَالَ: فَقُلْتُ: اَكَانَ يُصَلِّيْ قَاعِدًا ؟ قَالَتْ: حِيْنَ حَطَمَهُ السِّنُّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ عَآئِشَةَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ لَيْلًا طَوِيْلًا قَائِمًا، وَلَيْلًا طَوِيْلًا قَاعِدًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن شقیق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ ایک رکعت میں پوری سورت پڑھتے تھے؟ انہوں نے فرمایا: مفصل میں سے پڑھا کرتے تھے۔ عبداللہ کہتے ہیں: میں نے پوچھا: کیا بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! آخری عمر میں (آپ ﷺ بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ایوب کی حدیث عبداللہ بن شقیق کے واسطے سے اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ ''نبی اکرم ﷺ رات کا لمبا حصہ کھڑے ہو کر نماز پڑھا کرتے تھے اور یوں ہی بیٹھ کر بھی''۔

977۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ دَارِمٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوْسٰى بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا تَمِيْمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، حَدَّثَنَا جَامِعُ بْنُ اَبِيْ رَاشِدٍ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا لَا نَدْرِيْ مَا نَقُوْلُ اِذَا جَلَسْنَا فِي الصَّلٰوةِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عَلِمَ جَوَامِعَ الْكَلِمِ، وَخَوَاتِمَهُ، قَالَ: فَذَكَرَ التَّشَهُّدَ وَقَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا كَلِمَاتٍ، كَمَا يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ: اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا، وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ، وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا، وَمَا بَطَنَ، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ اَسْمَاعِنَا، وَاَبْصَارِنَا، وَقُلُوْبِنَا، وَاَزْوَاجِنَا،

وَذُرِّيَّاتِنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ، وَاجْعَلْنَا شَاكِرِينَ لِنِعَمِكَ، مُثْنِينَ بِهَا عَلَيْكَ، قَابِلِينَ لَهَا وَأَتِمَّهَا عَلَيْنَا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيثِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ جَامِعٍ،

✧✧ حضرت عبداللہ ﷜ فرماتے ہیں: ہمیں نہیں پتہ تھا کہ نماز میں جب ہم بیٹھیں تو کیا پڑھیں؟ اور رسول اللہ ﷺ بہترین کلام جانتے ہیں اور ان کا انجام بھی جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: پھر انہوں نے تشہد کا ذکر کیا اور کہا: رسول اللہ ﷺ ہمیں یہ کلمات بھی اسی طرح سکھاتے تھے جس طرح ہمیں تشہد سکھاتے تھے (وہ کلمات یہ ہیں) ''اے اللہ ہمارے دلوں میں الفت پیدا فرما'' ہماری اصلاح فرما اور ہمیں سلامتی کے راستوں کی ہدایت عطا فرما اور ہمیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نجات عطا فرما اور ہمیں ظاہری و باطنی گناہوں سے بچا اور ہمارے کانوں، ہماری آنکھوں، ہمارے دلوں، ہماری بیویوں اور اولادوں میں برکت عطا فرما، ہماری توبہ کو قبول فرما، بے شک تو توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گزار بنا۔ ان کی تعریفیں کرنے والا اور ان کے قابل بنا اور ہم پر اپنی نعمتیں مکمل فرما''۔

❖ یہ حدیث امام مسلم ﷫ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث موجود ہے جس کو ابن جریج نے جامع بن ابی راشد سے روایت کیا ہے (وہ حدیث درج ذیل ہے)

978- حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، أَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ يَحْيَى الْقُومَسَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ جَامِعِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا فَذَكَرَهُ مِثْلَهُ

✧✧ حضرت عبداللہ ﷜ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ہمیں تعلیم دیا کرتے تھے۔ اس کے بعد سابقہ حدیث کی مثل حدیث ہے۔

979- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ قُرِءَ عَلِيُّ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَكَ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ وَيُونُسُ بْنُ زَيْدٍ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِءِ أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يُعَلِّمُ النَّاسَ التَّشَهُّدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَيَقُولُ التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

حدیث 979

اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "الموطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي)، رقم الحديث: 203 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2662 اخرجه ابوجعفر الطحاوي في "شرح معاني الآثار" طبع دارالكتب العلميه بيروت الطبعة الاولىٰ 1399ھ رقم الحديث: 1440

✧✧ عبدالرحمان بن عبدالقاری بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو منبر پر لوگوں کو تشہد سکھاتے ہوئے سنا، وہ یہ پڑھا رہے تھے: اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

980- اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْخُزَاعِيُّ بِمَكَّةَ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهٖ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، كَانَ يُعَلِّمُ النَّاسَ التَّشَهُّدَ فِي الصَّلٰوةِ وَهُوَ يَخْطُبُ النَّاسَ عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُ: اِذَا تَشَهَّدَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ، التَّحِيَّاتُ الزَّاكِيَاتُ، الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، قَالَ عُمَرُ: ابْدَءُوْا بِاَنْفُسِكُمْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَلِّمُوْا عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَاِنَّمَا ذَكَرْتُهٗ لِاَنَّ لَهٗ شَوَاهِدَ عَلٰى مَا شَرَطْنَا فِي الشَّوَاهِدِ الَّتِيْ تَشْهَدُ عَلٰى سَنَدِهَا،

✧✧ حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ منبر رسول پر بیٹھے خطبہ دیتے ہوئے لوگوں کو نماز کا تشہد سکھا رہے تھے وہ فرما رہے تھے: جب کوئی تشہد میں بیٹھے تو یوں کہے "بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ، التَّحِيَّاتُ الزَّاكِيَاتُ، الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، قَالَ عُمَرُ: ابْدَءُوْا بِاَنْفُسِكُمْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَلِّمُوْا عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑھنے کے بعد اپنے اوپر اور اللہ کے تمام نیک بندوں پر سلام پڑھو۔

✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، میں نے اس حدیث کو اس لئے ذکر کیا ہے کہ اس کے شواہد ہمارے اس معیار پر پورے ہیں جو ہم نے شواہد کے متعلق مقرر کر رکھا ہے جن کے ذریعے کسی حدیث کی سند پر شاہد پیش کیا جا سکتا ہے۔

981- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، حَدَّثَنِيْ عَوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَخَذَ بِيَدِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ فَعَدَّ فِيْهَا التَّشَهُّدَ، فَقَالَ: اَخَذْتُ بِيَدِكَ كَمَا اَخَذَ بِيَدِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَقَالَ عُمَرُ: اَخَذْتُ بِيَدِكَ كَمَا اَخَذَ بِيَدِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَدَّ فِيْهَا التَّشَهُّدَ التَّحِيَّاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِهٖ، فَاَمَّا الزِّيَادَةُ فِيْ

اَوَّلِ التَّشَهُّدِ بِاسْمِ اللّٰهِ، وَبِاللّٰهِ فَاِنَّهُ صَحِيحٌ مِّنْ شَرْطِ الْبُخَارِيِّ،

✧✧ عون بن عبداللہ کہتے ہیں: عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے میرا ہاتھ پکڑا اور اس میں تشہد شمار کیا، پھر کہا: میں نے تیرا ہاتھ جس طرح پکڑا ہے، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اسی طرح میرا ہاتھ پکڑا تھا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا تھا کہ میں نے تیرا ہاتھ اسی طرح پکڑا ہے جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا تھا۔ پھر میرے ہاتھ میں تشہد شمار کرایا (جو کہ یہ تھا) اَلتَّحِيَّاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ۔ پھر اس کے بعد گزشتہ حدیث کی طرح حدیث بیان کی۔

✥✥ آئندہ احادیث میں تشہد کے شروع میں جو بسم اللہ اور باللہ کے الفاظ زائد ہیں یہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

982۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا اَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّورَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ، بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، قَالَ اَبُو الْعَبَّاسِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَفِي اٰخِرِهِ اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تشہد اس طرح سکھایا کرتے تھے جیسے قرآن کی کوئی سورت سکھاتے تھے (آپ تشہد یوں شروع کرتے) بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ ۔ ابو عباس کہتے ہیں: اس کے بعد پوری حدیث بیان کی گئی اور اس کے آخر میں یہ ہے "اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ" (اے اللہ میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور دوزخ سے تیری پناہ مانگتا ہوں)

983۔ اَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا اَبُو قِلَابَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ فِي اٰخَرِينَ، قَالُوا: حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا اَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّورَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ، التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، نَسْاَلُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ، وَنَعُوذُ بِهِ مِنَ النَّارِ

قَالَ الْحَاكِمُ: اَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ ثِقَةٌ قَدِ احْتَجَّ بِهِ الْبُخَارِيُّ، وَقَدْ سَمِعْتُ اَبَا الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حدیث 982:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ه' 1986ء' رقم الحديث: 1175 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1741 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 2653 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ه/ 1991ء' رقم الحديث: 763

سَلَمَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِيْنٍ، يَقُوْلُ: وَسَأَلْتُهُ عَنْ اَيْمَنَ بْنِ نَابِلٍ، فَقَالَ: ثِقَةٌ، فَاَمَّا صِحَّتُهُ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ،

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تشہد اس طرح سکھایا کرتے تھے جس طرح قرآن کی کوئی سورت سکھاتے تھے (وہ تشہد یہ ہے) بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ، التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، نَسْاَلُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ، وَنَعُوْذُ بِهِ مِنَ النَّارِ۔

❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ایمن بن نابل ثقہ راوی ہیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات نقل کی ہیں، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوالحسن احمد بن محمد بن سلمہ کے حوالے سے عثمان بن سعید دارمی کا یہ قول نقل کیا ہے (وہ کہتے ہیں) میں نے یحییٰ بن معین سے ایمن بن نابل کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا: وہ ثقہ ہیں:

نوٹ: اس کا امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہونا درج ذیل حدیث سے ثابت ہے۔

984۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ الصُّلَيْحِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، سَمِعْتُ اَبَا عَلِيٍّ الْحَافِظَ، يُوَثِّقُ ابْنَ قَحْطَبَةَ اِلَّا اَنَّهُ اَخْطَاَ فِيْهِ، فَاِنَّهُ عِنْدَ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ اَيْمَنَ بْنِ نَابِلٍ كَمَا تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ اَجْمَعِيْنَ

❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: میں نے ابوعلی حافظ کو ابن قحطبہ کی توثیق کرتے سنا لیکن انہوں نے اس میں خطا کی ہے کیونکہ معتمر کے نزدیک یہ سند ایمن بن نابل سے مروی ہے جیسا کہ ہم نے اس کا پہلے بھی ذکر کیا۔

985۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّازُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ مِحْجَنِ بْنِ الْاَدْرَعِ حَدَّثَهُ، قَالَ: دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ فَاِذَا هُوَ بِرَجُلٍ قَدْ صَلّٰى صَلَاتَهُ وَهُوَ يَتَشَهَّدُ وَيَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاللّٰهِ الْاَحَدِ الصَّمَدِ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ، وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا اَحَدٌ، اَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ، اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ، فَقَالَ: قَدْ غُفِرَ لَهُ، قَدْ غُفِرَ لَهُ، قَدْ غُفِرَ لَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ محجن ابن ادرع سے روایت ہے (ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) مسجد میں آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا جو نماز پڑھ چکا تھا اور تشہد میں تھا اور یہ دعا پڑھ رہا تھا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاللّٰهِ الْاَحَدِ الصَّمَدِ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ، وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا اَحَدٌ، اَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ، اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔ (اے اللہ! میں تجھ سے اس اللہ کے واسطے سے دعا مانگتا ہوں جو ایک ہے، بے نیاز ہے، نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ ہی وہ کسی سے جنا گیا اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے تو میرے گناہوں کو

معاف کردے، بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی مغفرت ہوگئی، اس کی مغفرت ہوگئی، اس کی مغفرت ہوگئی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

986۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ وَأَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ مَنْصُورٍ الْقَاضِي حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَسْوَدِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ تُخْفِيَ التَّشَهُّدَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آہستہ آواز سے تشہد پڑھنا سنت ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

987۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا الْاِمَامُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ، وَكَتَبْتُهُ مِنْ اَصْلِهِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا الْمَرْءُ الْمُسْلِمُ صَلّٰى عَلَيْهِ فِيْ صَلَاتِهِ

❖❖ حضرت ابن اسحاق نے کہا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے متعلق فرمایا کیونکہ مسلمان شخص اپنی نماز میں ان پر درود پڑھتا ہے۔

988۔ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهٖ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: اَقْبَلَ رَجُلٌ حَتّٰى جَلَسَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهٗ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَمَّا السَّلَامُ عَلَيْكَ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ، فَكَيْفَ نُصَلِّيْ عَلَيْكَ اِذَا نَحْنُ صَلَّيْنَا عَلَيْكَ فِيْ صَلَاتِنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ؟ قَالَ: فَصَمَتَ حَتّٰى اَحْبَبْنَا اَنَّ الرَّجُلَ لَمْ يَسْاَلْهُ، ثُمَّ قَالَ: اِذَا اَنْتُمْ صَلَّيْتُمْ عَلَيَّ، فَقُوْلُوْا: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ

حدیث 986:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 986 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 291 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 706 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2670

حدیث 987:

اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 17113 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3780

الاُمِّيِّ، وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الاُمِّيِّ، وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ فَذِكْرُ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَوَاتِ

✧✧ ابومسعود رضی اللہ عنہ عقبہ بن عمرو کہتے ہیں: ایک شخص آ کر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ گیا، ہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے، اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ پر سلام پڑھنا تو ہم سیکھ چکے ہیں۔ ہم اپنی نماز میں جب درود پڑھیں تو کس طرح پڑھیں؟ اللہ آپ پر رحمتیں نازل کرے۔ ابومسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے (آپ اتنی دیر خاموش رہے کہ) ہم یہ سوچنے لگے کہ کاش اس شخص نے آپ سے یہ سوال نہ کیا ہوتا۔ پھر آپ نے فرمایا: جب تم مجھ پر درود پڑھنا چاہو تو یوں کہو: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الاُمِّيِّ، وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الاُمِّيِّ، وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ پھر نمازوں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کا ذکر کیا۔

اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی ہے جو کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے (وہ شاہد حدیث درج ذیل ہے)

989- اَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، عَنْ اَبِيْ هَانِءٍ، عَنْ اَبِيْ عَلِيٍّ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا صَلّٰى لَمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ، وَلَمْ يُمَجِّدْهُ، وَلَمْ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَانْصَرَفَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجِلَ هٰذَا فَدَعَاهُ، فَقَالَ لَهُ وَلِغَيْرِهِ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَاْ بِتَحْمِيْدِ رَبِّهِ، وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ، ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَدْعُو بِمَا شَاءَ

حديث 988

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 981 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 17113 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 711 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1959 اخرجه ابوالحسن الدارقطني في "سننه" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' 1966ء / 1386ھ' رقم الحديث: 1 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 968 اخرجه ابوبكر الكوفي ' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 8635 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2672 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 9877 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث: 234

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَا تُعْرَفُ لَهُ عِلَّةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا کہ اس نے نماز پڑھی نہ اللہ کی حمد وثناء کی اور نہ ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا اور نماز ختم کرلی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص نے جلدی کی۔ پھر اس کو بلایا اور اس کے سمیت تمام حاضرین کو سمجھایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص نماز پڑھے تو اللہ کی حمد وثناء کرے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے پھر جو چاہے دعا مانگے۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔

990ـ أَخْبَرَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي دَارِمٍ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكِنْدِيّ حَدَّثَنَا عَوْنُ بْنُ سَلَامِ بْنِ سَلِيمٍ أَبُو جَعْفَرٍ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ وَأَبِي عُبَيْدَةَ قَالَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ يَتَشَهَّدُ الرَّجُلُ ثُمَّ يُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَدْعُو لِنَفْسِهِ وَقَدْ أُسْنِدَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ

✧✧ ابوالاحوص اور ابوعبیدہ کہتے ہیں: عبداللہ نے کہا: آدمی تشہد پڑھتا ہے پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا ہے پھر اپنے لئے دعا کرتا ہے۔

✧✧ اس حدیث کو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے سند صحیح کے ساتھ مسند کیا ہے۔

991ـ حَدَّثَنَا الشَّيْخُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ رَّجُلٍ، مِنْ بَنِي الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اِذَا تَشَهَّدَ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلٰوةِ، فَلْيَقُلْ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَارْحَمْ مُحَمَّدًا، وَآلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ، وَبَارَكْتَ، وَتَرَحَّمْتَ، عَلٰى اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حُمَيْدٌ مَّجِيْدٌ

وَاَكْثَرُ الشَّوَاهِدِ لِهٰذِهِ الْقَاعِدَةِ لِفُرُوْضِ الصَّلٰوةِ

✧✧ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص نماز میں تشہد پڑھ لے تو مجھ پر درود پڑھتے ہوئے یوں کہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَارْحَمْ مُحَمَّدًا، وَآلَ

حدیث 990:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 2699

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ، وَبَارَكْتَ، وَتَرَحَّمْتَ، عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

❖ فرضی نماز کے اس قعدہ کے متعلق اکثر شواہد موجود ہے۔

922- مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرِ بْنِ الْبُرِّيِّ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ السَّاعِدِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِيْ يُحَدِّثُ، عَنْ جَدِّيْ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّا وُضُوْءَ لَهٗ، وَلَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عَلَيْهِ، وَلَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ فِيْ صَلَاتِهٖ لَمْ يُخَرَّجْ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَلٰى شَرْطِهِمَا، فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا عَبْدَ الْمُهَيْمِنِ

❖ عبدالمہیمن بن عباس بن سہل ساعدی کہتے ہیں: میں نے اپنے والد کو اپنے دادا کے حوالے سے یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے، نبی اکرم ﷺ فرمایا کرتے تھے ''اس شخص کی نماز قبول نہیں جس کا وضو نہیں اور اس شخص کا وضو نہیں جس نے بسم اللہ پڑھی اور اس شخص کی نماز قبول نہیں جس نے اپنی نماز میں اللہ کے نبی پر درود نہیں پڑھا''

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ کیونکہ امام بخاری علیہ الرحمۃ اور امام مسلم علیہ الرحمۃ نے عبدالمہیمن کی روایت نقل نہیں کی۔

993- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْاَسَدِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ كَاَنَّهٗ عَلَى الرَّضْفِ، قَالَ: قُلْنَا حَتّٰى يَقُوْمَ، قَالَ: حَتّٰى يَقُوْمَ تَابَعَهٗ مِسْعَرٌ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ

❖ سعد بن ابراہیم روایت کرتے ہیں کہ ابوعبیدہ نے اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ عمل بیان کیا ہے کہ آپ پہلی دو رکعتوں میں یوں محسوس ہوتے گویا کہ گرم پتھر پر کھڑے ہیں: وہ کہتے ہیں، ہم نے پوچھا: جب تک آپ کھڑے رہتے؟

حدیث: 992

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/ 1994ء' رقم الحديث: 3781

حدیث: 993

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 995 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 1176 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 3656 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 764 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 5232 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 10285 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 1550

انہوں نے کہا (جی ہاں) جب تک آپ کھڑے رہتے۔

✥ یہ حدیث سعد بن ابراہیم سے روایت کرنے میں مسعر نے شعبہ کی متابعت کی ہے۔

994۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّبِيْعِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ اَبِى غَرْزَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمُرِّيُّ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهٖ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ اتَّفَقَا عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِى عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ مَّعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ

✧✧ سعد بن ابراہیم کی سند کے ہمراہ بھی اسی جیسی روایت منقول ہے۔

✥ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے شعبہ کی وہ حدیث عمرو بن مرہ، پھر ابوعبیدہ پھر عبداللہ کے حوالے سے روایت کی ہے جس میں یہ بیان ہے کہ وہ 'لیلۃ الجن' میں آپ کے ہمراہ نہیں تھا۔

995۔ حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْجُمَاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ التَّنُوخِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ بَشِيْرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: اَمَرَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَرُدَّ عَلَى الْاِمَامِ، وَاَنْ نَتَحَابَّ، وَاَنْ يُسَلِّمَ بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَسَعِيْدُ بْنُ بَشِيْرٍ اِمَامُ اَهْلِ الشَّامِ فِىْ عَصْرِهٖ اِلَّا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ بِمَا وَصَفَهُ اَبُوْ مُسْهِرٍ مِّنْ سُوْءِ حِفْظِهٖ، وَمِثْلُهٗ لَا يَنْزِلُ بِهٰذَا الْقَدْرِ

✧✧ سمرہ کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں امام کے پاس جانے کا، اس کے ساتھ محبت کرنے کا اور ایک دوسرے کو سلام کرنے کا حکم دیا۔

✥ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور سعید بن بشیر اپنے زمانے کے اہل شام کے امام ہیں لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی حدیث نقل نہیں کی، اس کی وجہ یہ ہے کہ ابومسہر نے ان کے متعلق حافظ نہ ہونے کا عیب لگایا ہے حالانکہ ان جیسے امام کی روایات اتنی سی بات سے نہیں چھوڑنی چاہئیں۔

حدیث 995:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1001 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 922 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1710 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2818 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 6907 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 2643

996- اَخْبَرَنَا جعفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيرٍ الْخُلْدِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَزَّارُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا اَشعَثُ بْنُ شُعْبَةَ، حَدَّثَنَا الْمِنْهَالُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنِ الْاَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: صَلّٰى بِنَا اِمَامٌ لَّنَا يُكْنٰى اَبَا رِمْثَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ اَوْ مِثْلَ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْمَانِ فِي الصَّفِّ الْمُتَقَدِّمِ، عَنْ يَّمِيْنِهِ، وَكَانَ رَجُلٌ قَدْ شَهِدَ التَّكْبِيْرَةَ الْاُوْلٰى مِنَ الصَّلٰوةِ فَصَلّٰى نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَلَّمَ، عَنْ يَّمِيْنِهِ وَعَنْ يَّسَارِهٖ، حَتّٰى رَاَيْنَا بَيَاضَ خَدِّهٖ، ثُمَّ انْفَتَلَ كَانْفِتَالِ اَبِيْ رِمْثَةَ يَعْنِيْ نَفْسَهٗ فَقَامَ الرَّجُلُ الَّذِيْ اَدْرَكَ مَعَهُ التَّكْبِيْرَةَ الْاُوْلٰى مِنَ الصَّلٰوةِ يَشْفَعُ فَوَثَبَ اِلَيْهِ عُمَرُ فَاَخَذَ بِمَنْكِبِهٖ فَهَزَّهٗ، ثُمَّ قَالَ: اجْلِسْ فَاِنَّهٗ لَمْ يَهْلِكْ اَهْلُ الْكِتَابِ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ بَيْنَ صَلَاتِهِمْ فَصْلٌ، فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهٗ، فَقَالَ: اَصَابَ اللّٰهُ بِكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

ازرق بن قیس کہتے ہیں: ہمیں ابورمثہ نے نماز پڑھائی اور کہا: میں نے یہ نماز یا (شاید یہ کہا) اس جیسی نماز رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ پڑھی (ابورمثہ) کہتے ہیں: (اس دن) ابوبکر اور عمر اگلی صف میں حضور ﷺ کے دائیں جانب کھڑے ہوئے تھے اور ایک شخص تکبیر اولیٰ سے جماعت کے ساتھ نماز میں شامل تھا جب حضور اکرم ﷺ نے نماز مکمل کر لی تو دائیں بائیں سلام پھیرا یہاں تک کہ ہم نے آپ کے رخساروں کی سفیدی دیکھ لی پھر آپ نے نوافل شروع کر دیئے جس طرح کے ابورمثہ نے نوافل پڑھے یعنی انہوں نے اپنے ہی متعلق کیا۔ پھر وہ شخص کھڑا ہوا جس نے تکبیر اولیٰ سے جماعت میں شرکت کی تھی اور نماز پڑھنے لگا (یہ دیکھ کر) حضرت عمر رضی اللہ عنہ اچھل کر اس کی طرف بڑھے اور اس کے کندھے کو پکڑ کر ہلایا اور کہا: بیٹھ جاؤ! اہل کتاب اس لئے ہلاک ہو گئے تھے کہ ان کی نماز کے درمیان وقفہ نہیں ہوتا تھا اس پر نبی اکرم ﷺ نے نگاہ اٹھا کر دیکھا اور فرمایا: اے ابن خطاب رضی اللہ عنہ! اللہ تعالیٰ نے تیری رائے کو درست فرمایا۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

997- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ الضَّرِيْرُ، حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يَمَسَّ اَنْفُهُ الْاَرْضَ

حدیث: 996

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1007 ذکرہ ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2867 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 728

حدیث: 997

ذکرہ ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2485

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ اَوْقَفَهُ شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اس شخص کی نماز قبول نہیں جس کی ناک (سجدے میں) زمین پر نہ لگے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔اس حدیث کو شعبہ نے عاصم کی سند سے موقوفاً بیان کیا ہے۔

998۔ أخبرنا أبو بكر بن إسحاق أنبأ إبراهيم بن عبد السلام حَدَّثَنَا الجراح بن مخلد حَدَّثَنَا أبو قتيبة حَدَّثَنَا شعبة عن عاصم الأحول عن عكرمة عَنِ ابْنِ عباس قال لا صلاة لمن لم يمس أنفه الأرض

999۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَبِيْ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مَعْنٌ، حَدَّثَنَا اَسَدٌ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضْعِ الْيَدَيْنِ، وَنَصْبِ الْقَدَمَيْنِ فِي الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ صَحَّ عَلٰى شَرْطٍ بِلَفْظٍ اَشْفٰى مِنْ هٰذَا

✧✧ عامر بن سعد اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں ہاتھ بچھانے اور قدموں کو کھڑا رکھنے کا حکم دیا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔اور یہ حدیث اس سے بھی زیادہ واضح الفاظ کے ساتھ صحیح کے معیار پر موجود ہے (جیسا کہ درج ذیل ہے)

1000۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلانَ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيُّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضْعِ الْكَفَّيْنِ، وَنَصْبِ الْقَدَمَيْنِ فِي الصَّلٰوةِ

✧✧ عامر بن سعد بن مالک اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں (سجدہ کے دوران) ہتھیلیاں رکھنے اور قدم کھڑا کرنے کا حکم دیا۔

1001۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ اُمِّ سَلَمَةَ فَدَخَلَ عَلَيْهَا ذُو قَرَابَةٍ لَّهَا شَابٌّ ذُو جُمَّةٍ فَقَامَ يُصَلِّيْ فَنَفَخَ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ، لَا تَنْفُخْ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث 999

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 277 ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 2499

وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ لِعَبْدٍ لَّنَا اَسْوَدَ: اَىْ رَبَاحُ، تَرِّبْ وَجْهَكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ ابوصالح کہتے ہیں: میں اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس موجود تھا کہ ان کا ایک قریبی رشتہ دار گھنے بالوں والا نوجوان آیا۔ وہ کھڑا ہو کر نماز پڑھنے لگا تو پھونک رہا تھا انہوں نے فرمایا: اے میرے بیٹے! مت پھونکو! کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے سیاہ غلام ''رباح'' کو اس بات پر ڈانٹتے دیکھا ہے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا ہے۔

1002۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّاجِرُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّسْتَوْفِزَ الرَّجُلُ فِىْ صَلَاتِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں جلد بازی سے منع کیا ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1003۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْقَاضِىْ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ السُّجُوْدِ: رَبِّ اغْفِرْ لِىْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدہ سے سر اٹھاتے تو کہتے ''رب اغفر لی'' (اے اللہ!

حدیث 1001:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 381 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 26614 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1913 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 548 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3180 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 6954 اخرجه ابوبكر الكوفى فى "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودى عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 6549

حدیث 1002:

ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3343

میری مغفرت فرما)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1004۔ اَخْبَرَنِی عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَیُّوْبَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ السَّلامِ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا زَیْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا کَامِلٌ اَبُو الْعَلاءِ، عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ بَیْنَ السَّجْدَتَیْنِ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ، وَاجْبُرْنِیْ، وَارْفَعْنِیْ، وَاهْدِنِیْ، وَارْزُقْنِیْ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَاَبُو الْعَلاءِ کَامِلُ بْنُ الْعَلاءِ مِمَّنْ یُجْمَعُ حَدِیْثُهُ فِی الْکُوْفِیِّیْنَ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوسجدوں کے درمیان یہ دعا مانگا کرتے تھے "اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ، وَاجْبُرْنِیْ، وَارْفَعْنِیْ، وَاهْدِنِیْ، وَارْزُقْنِیْ "(اے اللہ! میری مغفرت فرما، میرے اوپر رحم فرما، مجھے بلند فرما، مجھے ہدایت عطا فرما اور مجھے رزق عطا فرما)

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا ہے اور ابوالعلاء کامل بن العلاء ان لوگوں میں سے ہیں جن کی احادیث کوفیین میں جمع کی جاتی ہیں۔

1005۔ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ یَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، اَنْبَاَنَا سَعِیْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْاِقْعَاءِ فِی الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الْبُخَارِیِّ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ رِوَایَةٌ فِیْ اِبَاحَةِ الْاِقْعَاءِ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ

❖❖ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں چوتڑوں کے بل بیٹھنے سے منع فرمایا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور ان کی ایک روایت "اقعاء" (چوتڑوں کے بل بیٹھنا) کے جواز کے سلسلے میں مروی ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

1006۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ زَکَرِیَّا یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِیُّ وَعَلِیُّ بْنُ عِیْسٰی قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ

حدیث 1005:

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 6959 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2572

إِبْـرَاهِيمَ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ كَعْبٍ الْحَلَبِيُّ حَدَّثَنَا مُخَلَّدُ بْنُ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ طَاؤُسا يَقُولُ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْإِقْعَاءِ قَالَ نَهٰى سنَّة قُلْتُ إِنَّا نَرَاهُ جُفَاء فَقَالَ بْنُ عَبَّاسٍ إِنَّهَا السُّنَّةُ

✧✧ حضرت طاؤس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے "اقعاء" کے متعلق پوچھا تو انہوں نے اس کے سنت ہونے کا انکار کیا، میں نے کہا: میرا خیال ہے کہ آپ کا وہ عمل حالت مجبوری میں تھا تو ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: (ہاں) یہ سنت ہے۔

1007- حَـدَّثَـنَـا اَبُـوْ بَـكْـرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَـدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ مَّعْمَرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ الـنَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى رَجُلا وَهُوَ جَالِسٌ مُّعْتَمِدٌ عَلٰى يَدِهِ الْيُسْرٰى فِي الصَّلٰوةِ، فَقَالَ: اِنَّهَا صَلٰوةُ الْيَهُوْدِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایک شخص نماز میں الٹے ہاتھ سے ٹیک لگائے بیٹھا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو (اس طرح نماز پڑھنے سے) منع کیا اور فرمایا: یہ یہودیوں کی نماز ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1008- حَـدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عُتْبَةَ اَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خُطُوَتَانِ

حدیث 1006:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 536 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 845 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 283 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 2855 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 680 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2565 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 10998 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ھ رقم الحديث: 3035

حدیث 1007:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2636 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 692

حدیث 1008:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3384

اَحَدُهُمَا اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ، وَالْاُخْرٰى اَبْغَضُ الْخُطَا اِلَى اللّٰهِ، فَاَمَّا الْخُطْوَةُ الَّتِيْ يُحِبُّهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَرَجُلٌ نَظَرَ اِلٰى خَلَلٍ فِي الصَّفِّ فَسَدَّهُ، وَاَمَّا الَّتِيْ يُبْغِضُ اللّٰهُ، فَاِذَا اَرَادَ الرَّجُلُ اَنْ يَقُوْمَ مَدَّ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهَا، وَاَثْبَتَ الْيُسْرٰى، ثُمَّ قَامَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِبَقِيَّةَ فِي الشَّوَاهِدِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاَمَّا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ فَاِنَّهُ اِذَا رَوٰى عَنِ الْمَشْهُوْرِيْنَ فَاِنَّهُ مَامُوْنٌ مَّقْبُوْلٌ

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ۲ قدم ہیں، ان میں سے ایک قدم اللہ تعالیٰ کو پسند ہے اور دوسرا ناپسند۔ جو قدم پسند ہے وہ یہ ہے کہ آدمی صف میں خالی جگہ دیکھے تو اس کو پر کر دے اور جو ناپسند ہے وہ یہ ہے کہ آدمی جب (نماز میں) اٹھنے لگے تو دایاں پاؤں بچھا کر اس پر ہاتھ رکھ لے اور بایاں پاؤں کھڑا کر کے پھر کھڑا ہو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بقیہ کی روایات، شواہد میں نقل کی ہیں اور بقیہ بن ولید جب مشہور محدثین رحمۃ اللہ علیہم سے روایت کرتے ہیں تو یہ مقبول ہے، مامون ہے۔

1009۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، وَاَبُوْ عُمَرَ وَمُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، وَعَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، وَزُبَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَلَّمَ قَالَ: سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ ثَلَاثًا يَرْفَعُ صَوْتَهُ، عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبْزٰى مِمَّنْ صَحَّ عِنْدَنَا اَنَّهُ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَنَّ اَكْثَرَ رِوَايَتِهِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَّالصَّحَابَةِ، وَهٰذَا الْاِسْنَادُ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے تو تین مرتبہ بلند آواز سے "سبحان الملك القدوس" پڑھتے۔

❖ عبدالرحمٰن بن ابزیٰ ان لوگوں میں سے ہیں، ہمارے نزدیک اصح قول کے مطابق جنہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت پائی ہے۔ تاہم ان کی اکثر روایات ابی بن کعب اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں اور یہ اسناد "صحیح" کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا ہے۔

1010۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوْبَ الطُّوْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ مَسَرَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ مُسْلِمٍ التُّجِيْبِيَّ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيُّ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِيَدِيْ يَوْمًا ثُمَّ قَالَ: يَا مُعَاذُ، وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّكَ، فَقَالَ مُعَاذٌ: بِاَبِيْ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاَنَا وَاللّٰهِ اُحِبُّكَ، فَقَالَ: اُوْصِيْكَ يَا مُعَاذُ لَا تَدَعَنَّ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ اَنْ تَقُوْلَ: اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ،

وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ، قَالَ: وَاَوْصٰى بِذٰلِكَ مُعَاذٌ الصُّنَابِحِيَّ، وَاَوْصَى الصُّنَابِحِيُّ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ، وَاَوْصٰى اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عُقْبَةَ بْنَ مُسْلِمٍ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: اے معاذ! خدا کی قسم میں تجھ سے محبت کرتا ہوں۔ معاذ بولے: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں، خدا کی قسم! میں بھی آپ سے محبت کرتا ہوں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے معاذ! میں تجھے وصیت کرتا ہوں نماز کے بعد یہ دعا مانگنا ہرگز نہ چھوڑنا "اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ (یا اللہ! اپنے ذکر، شکر اور حسن عبادت پر میری مدد فرما) آپ نے معاذ صنابحی کو بھی یہی وصیت فرمائی تھی اور صنابحی نے ابوعبدالرحمٰن کو بھی یہی وصیت کی اور ابوعبدالرحمٰن نے عقبہ بن مسلم کو یہی وصیت کی۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1011- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلَاتِهِ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا، وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 1010:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1522 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1303 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 22179 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2020 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 751 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 690 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 120 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث: 1650 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 110 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 1226

حدیث 1011:

اخرجه ابوعبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامه بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1311

مَسْلَمَةَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ يَوْمَ الْفِطْرِ فَيُصَلِّيْ تِيْنِكَ الرَّكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يُسَلِّمُ، ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَسْتَقْبِلُ النَّاسَ وَهُمْ جُلُوْسٌ، فَيَقُوْلُ: تَصَدَّقُوْا تَصَدَّقُوْا فَكَانَ اَكْثَرَ مَنْ يَتَصَدَّقُ النِّسَاءُ بِالْقُرْطِ وَالْخَاتَمِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدالفطر کے دن نکلتے اور دو رکعتیں پڑھاتے پھر سلام پھیر دیتے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف رخ کر کے کھڑے ہو جاتے جبکہ لوگ بیٹھے ہوئے ہوتے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے: صدقہ کرو! صدقہ کرو، تو عورتیں اپنے ہار اور انگوٹھیاں کثرت سے صدقہ کرتیں۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1102- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ دَارِمٍ الْحَافِظُ بِالْكُوْفَةِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا جَنْدَلُ بْنُ وَالِقٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَجَعَ مِنَ الْمُصَلّٰى صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ هٰذِهٖ سُنَّةٌ عَزِيْزَةٌ، بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ سے لوٹ کر آتے تو دو رکعت ادا کیا کرتے۔

✤✤ یہ سنت عزیزہ ہے، صحیح اسناد کے ساتھ ثابت ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

1103- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ الْخُلْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الطَّالْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: اَصْبَحَ النَّاسُ صِيَامًا لِتَمَامِ ثَلَاثِيْنَ، فَجَآءَ رَجُلَانِ فَشَهِدَا اَنَّهُمَا رَاَيَا الْهِلَالَ بِالْاَمْسِ، فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ، فَاَفْطَرُوْا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: (ایک مرتبہ) لوگوں نے رمضان کی ۳۰ تاریخ کا روزہ رکھ لیا پھر دو آدمیوں نے آپ کی بارگاہ میں آکر یہ گواہی دی کہ انہوں نے گزشتہ کل چاند دیکھا تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو روزہ چھوڑنے کا حکم دیا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1104- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا

حدیث 1102:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 6022

حدیث 1103:

اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 663

مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَآءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَبْصَرْتُ الْهِلَالَ اللَّيْلَةَ، فَقَالَ: اَتَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، قَالَ: قُمْ يَا بِلَالُ، فَاَذِّنْ فِي النَّاسِ فَلْيَصُوْمُوْا قَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِعِكْرِمَةَ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِسِمَاكٍ،

وَهٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ مُتَدَاوَلٌ بَيْنَ الْفُقَهَاءِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا: میں نے گزشتہ رات چاند دیکھا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو اللہ کی توحید اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عبدیت اور رسالت کی گواہی دیتے ہوئے یہ بات کہتا ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: لوگوں میں اعلان کردو کہ (کل سے) روزہ رکھیں۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اور یہ حدیث فقہاء میں مشہور و معروف ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "عکرمہ" کی اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے "سماک" کی روایت نقل کی ہیں۔

1105- اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حُبَيْشٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَطَاءٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ يُكَبِّرُ يَوْمَ الْفِطْرِ مِنْ حِيْنِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ حَتّٰى يَاْتِيَ الْمُصَلّٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبُ الْاِسْنَادِ، وَالْمَتْنِ، غَيْرَ اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يَحْتَجَّا بِالْوَلِيْدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُوقَرِيِّ، وَلَا بِمُوْسٰى بْنِ عَطَاءٍ الْبَلْقَاوِيِّ، وَهٰذِهِ سُنَّةٌ تَدَاوَلَهَا اَئِمَّةُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ، وَصَحَّتْ بِهِ الرِّوَايَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَغَيْرِهِ مِنَ الصَّحَابَةِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدالفطر کے دن گھر سے نکل کر عیدگاہ تک پہنچنے تک مسلسل تکبیر پڑھتے رہے۔

❖ اس حدیث کی اسناد اور متن غریب ہے جبکہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ولید بن محمد الموقری اور موسیٰ بن عطاء بلقاوی کی روایت

حدیث 1104:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 2340 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 691 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی بيروت لبنان 1407ه 1987ء رقم الحديث: 1692 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/ 1991ء رقم الحديث: 2423 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 7762 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1652

نقل نہیں کی، یہ طریقہ کار ائمہ محدثین رحمۃ اللہ علیہم میں مسلسل چلا آ رہا ہے اور اس سلسلے میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی صحیح روایات منقول ہیں۔

1106۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَسَّانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَعِيْمٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ يَخْرُجُ فِي الْعِيْدَيْنِ مِنَ الْمَسْجِدِ فَيُكَبِّرُ حَتّٰى يَأْتِيَ الْمُصَلّٰى

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں مروی ہے کہ ''وہ دونوں عیدوں کے موقع پر مسجد سے نکل کر عید گاہ پہنچنے تک تکبیر کہا کرتے تھے''

1107۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ قَالَ كَانُوا فِي التَّكْبِيرِ فِي الْفِطْرِ أَشَدُّ مِنْهُمْ فِي الْاَضْحٰى

✧✧ حضرت ابوعبدالرحمان سلمی کہتے ہیں: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عید الاضحیٰ کے دن کی تکبیروں کی نسبت عید الفطر میں زیادہ تکبیریں کہا کرتے تھے۔

1108۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ فِي الْعِيْدَيْنِ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ سِوٰى تَكْبِيْرِ الافْتِتَاحِ، وَيَقْرَاُ بِ ق وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ وَاقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ

هٰذَا حَدِيْثٌ تَفَرَّدَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لَهِيعَةَ، وَقَدِ اسْتَشْهَدَ بِهٖ مُسْلِمٌ فِيْ مَوْضِعَيْنِ، وَفِي الْبَابِ عَنْ عَآئِشَةَ وَابْنِ عُمَرَ، وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَالطُّرُقُ اِلَيْهِمْ فَاسِدَةٌ، وَقَدْ قِيْلَ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ

✧✧ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں عیدوں میں تکبیر اولیٰ کے علاوہ بارہ تکبیریں کہا کرتے تھے اور سورۃ ق وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ اور سورۃ اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ پڑھا کرتے تھے۔

❖ اس حدیث کو روایت کرنے میں عبداللہ بن لہیعہ متفرد ہیں، جبکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے دو مقام پر ان کی حدیث بطور شاہد نقل کی ہے اور اس موضوع پر حضرت عائشہ، ابن عمر، ابوہریرہ اور عبداللہ بن عمرو (رضی اللہ عنہم) سے روایات منقول ہیں اور ان تک سند فاسد ہے اور اس حدیث کی سند ابن لہیعہ کے بعد عقیل سے بھی بیان کی گئی ہے۔ (جیسا کہ درج ذیل ہے)

1109۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

يُكَبِّرُ فِي الْعِيدَيْنِ فِي الْأُولٰى سَبْعَ تَكْبِيرَاتٍ، وَفِي الثَّانِيَةِ خَمْسَ تَكْبِيرَاتٍ قَبْلَ الْقِرَائَةِ

❖❖ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دونوں عیدوں میں پہلی رکعت میں سات اور دوسری رکعت میں آٹھ تکبیریں قرات سے پہلے کہا کرتے تھے۔

1110- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَاهَانَ، حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ حِزَامٍ التِّرْمِذِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ يُصَلُّونَ الْعِيدَيْنِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا خَرَّجَا حَدِيثَ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

❖❖ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ دونوں عیدوں کی نماز خطبہ سے پہلے پڑھتے تھے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، انہوں نے عطاء کی حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نقل کی ہے تاہم ان کے الفاظ یہ نہیں ہیں۔

1111- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي الْعَنْبَسِ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُثْمَانَ الْخَرَّازُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيدٍ الْمُؤَذِّنُ، حَدَّثَنَا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ عَلِيٍّ، وَعَمَّارٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْهَرُ فِي الْمَكْتُوبَاتِ بِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ، وَكَانَ يَقْنُتُ فِي صَلٰوةِ الْفَجْرِ، وَكَانَ يُكَبِّرُ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ صَلٰوةَ الْغَدَاةِ، وَيَقْطَعُهَا صَلٰوةَ الْعَصْرِ اٰخِرَ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَا اَعْلَمُ فِي رُوَاتِهِ مَنْسُوبًا اِلَى الْجَرْحِ، وَقَدْ رُوِيَ فِي الْبَابِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَغَيْرِهِ، فَاَمَّا مِنْ فِعْلِ عُمَرَ وَعَلِيٍّ وَّعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ وَّعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدٍ فَصَحِيحٌ عَنْهُمُ التَّكْبِيرُ مِنْ غَدَاةِ عَرَفَةَ اِلٰى اٰخِرِ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ، فَاَمَّا الرِّوَايَةُ فِيهِ عَنْ عُمَرَ

❖❖ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور عمار رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرضی نمازوں میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز سے پڑھا کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز میں دعائے قنوت پڑھتے اور عرفہ کے دن فجر کی نماز سے تکبیرات تشریق شروع کرتے اور

حدیث 1110:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 888 اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 531 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 5996 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 13208

ایام تشریق کے آخری دن عصر کی نماز میں ختم کر دیتے۔

✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور میں نہیں جانتا کہ اس کے راویوں میں سے کسی کو بھی جرح کی طرف منسوب کیا گیا ہو اور اس موضوع پر جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما اور دیگر اصحاب سے بھی روایت منقول ہے اور حضرت عمر، علی، عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن سعید (رضی اللہ عنہم) کا یہ عمل صحیح طور پر ثابت تھا کہ عرفہ کی فجر سے ایام تشریق کے آخری دن تک تکبیر کہتے تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت:

1112۔ فَأَخْبَرَنِی أَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنَ بَالَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ حَدَّثَنِی أَبِی حَدَّثَنَا مُحَمَّدُبْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً يُحَدِّثُ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يُكَبِّرُ بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ إِلٰى صَلَاةِ الظُّهْرِ مِنْ اٰخِرِ أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ

وأما حديث علي:

✧✧ حضرت عبید بن عمیر فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ عرفہ کے دن نماز فجر سے لے کر ایام تشریق کے آخری دن کی ظہر تک تکبیر کہا کرتے تھے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث:

1113۔ فَحَدَّثَنَاهُ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ أَنْبَأَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا هَنَّادُ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ شَقِيْقٍ قَالَ كَانَ عَلِيٌّ يُكَبِّرُ بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ غَدَاةَ عَرَفَةَ ثُمَّ لَا يُقْطِعُ حَتّٰى يُصَلِّيَ الْإِمَامُ مِنْ اٰخِرِ أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ ثُمَّ يُكَبِّرُ بَعْدَ الْعَصْرِ وَأَمَّا حَدِيْثُ بْنُ عَبَّاسٍ

✧✧ حضرت شقیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ عرفہ کے دن فجر کی نماز کے بعد تکبیر کہتے پھر یہ تکبیر مسلسل ہر نماز میں کہتے، یہاں تک کہ امام، ایام تشریق کے آخری دن کی نماز پڑھاتا، پھر آپ عصر کے بعد تکبیر کہتے۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث:

1114۔ فَحَدَّثَنِی أَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ حَدَّثَنِی أَبِی حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ فَرُّوْخَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ كَانَ يُكَبِّرُ عَنْ غَدَاةِ عَرَفَةَ إِلٰى صَلَاةِ الْعَصْرِ مِنْ اٰخِرِ أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ وَأَمَّا حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں مروی ہے کہ وہ عرفہ کی فجر سے لے کر ایام تشریق کے آخری دن کی عصر تک تکبیر کہا کرتے۔

عبداللہ بن ابی مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث:

1115۔ فَأَخْبَرَنَاهُ أَبُوْ يَحْيٰى أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدُ السَّمَرْقَنْدِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ يَحْيٰى أَنْبَأَ هُشَيْمٌ عَنْ أَبِی جَنَابٍ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ: قَدِمَ عَلَيْنَا بْنُ مَسْعُوْدٍ فَكَانَ يُكَبِّرُ مِنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ يَوْمَ

عَرَفَةَ إِلٰى صَلَاةِ الْعَصْرِ مِنْ اٰخِرِ أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ

✧✧ عمیر بن سعید فرماتے ہیں: ہمارے پاس ابن مسعود رضی اللہ عنہ آئے، انہوں نے عرفہ کی فجر سے لے کر ایام تشریق کے آخری دن کی عصر تک تکبیر کہی۔

1116۔ فَحَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ أَنْبَأَ الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدُ بْنُ مَزِيْدَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ الْأَوْزَاعِيَّ وَسُئِلَ عَنِ التَّكْبِيْرِ يَوْمَ عَرَفَةَ فَقَالَ يُكَبِّرُ مِنْ غَدَاةِ عَرَفَةَ إِلٰى اٰخِرِ أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ كَمَا كَبَّرَ عَلِيٌّ وَعَبْدُ اللّٰه

اٰخِرُ كِتَابِ الْعِيدَيْنِ

عیدین کے بارے میں آخری حدیث:

✧✧ ولید بن مزید کہتے ہیں: اوزاعی سے عرفہ کے دن کی تکبیر کے متعلق پوچھا گیا، تو انہوں نے جواباً فرمایا ''عرفہ کی فجر سے لے کر ایام تشریق کے آخر تک تکبیر کہی جائے گی جیسا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ و عبداللہ تکبیر کہا کرتے تھے''۔

كِتَابُ الْوِتْرِ

وتروں کا بیان

1117- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانِ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمْدَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ جَعْفَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ النَّجَّارِيِّ، اَنَّهُ سَاَلَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ عَنِ الْوِتْرِ، فَقَالَ: اَمْرٌ حَسَنٌ، عَمِلَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُوْنَ مِنْ بَعْدِهِ وَلَيْسَ بِوَاجِبٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَوَاهِدُ، فَمِنْهَا مَا

✧✧ عبدالرحمٰن ابن ابی عمرة البخاری نے عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے وتر کے متعلق پوچھا تو انہوں نے جواباً کہا: یہ اچھا عمل ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مسلمانوں کا اس پر عمل رہا ہے لیکن یہ واجب نہیں ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔
گزشتہ حدیث کی شاہد احادیث بھی موجود ہیں، ان میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

شاہد (۱)

1118- اَخْبَرَنَاهُ مَيْمُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَاشِمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، وَالْعَلاءُ بْنُ عَمْرٍو الْحَنَفِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الرِّفَاعِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اِنَّ الْوِتْرَ لَيْسَ بِحَتْمٍ كَصَلاتِكُمُ الْمَكْتُوبَةِ، وَلٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْتَرَ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَهْلَ الْقُرْاٰنِ اَوْتِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

حدیث 1117:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1068
ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4241

حدیث 1118:

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1169 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 786 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1067 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4243

وِتْرٌ، يُحِبُّ الْوِتْرَ وَمِنَ الشَّوَاهِدِ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ مَا

✧✧ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وتر فرضی نمازوں کی طرح ''فرض'' تو نہیں ہے البتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر پڑھے ہیں پھر فرمایا: اے اہل قرآن! وتر پڑھا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ وتر (تنہا) ہے اور وتر کو پسند کرتا ہے۔

شاہد (۲)

1119۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَدْرٍ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ حَيَّةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ هُنَّ عَلَيَّ فَرَائِضُ وَلَكُمْ تَطَوُّعٌ: النَّحْرُ، وَالْوِتْرُ، وَرَكْعَتَا الْفَجْرِ، قَالَ الْحَاكِمُ: اَلْاَصْلُ فِيْ هٰذَا حَدِيْثُ الْاِيْمَانِ وَسُؤَالُ الْاَعْرَابِيِّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، قَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ: لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ، وَحَدِيْثُ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ فِي الْوِتْرِ عَلَى الرَّاحِلَةِ، وَقَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِهَا فِي الصَّحِيْحِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین چیزیں ایسی ہیں جو مجھ پر فرض ہیں اور تمہارے لئے ''نفل'' ہیں (یعنی فرض نہیں ہیں) (۱) قربانی (۲) وتر (۳) فجر کی دو رکعتیں (یعنی فجر کی سنتیں)

✧✧ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں (ان تینوں کے فرض نہ ہونے کے سلسلے میں) دلیل (ایک تو) ''حدیث ایمان'' ہے اور (دوسری دلیل) ایک دیہاتی کا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پانچ نمازوں کے متعلق سوال کرنا ہے (جس کے جواب میں) اس نے پوچھا: کیا میرے اوپر اس کے علاوہ بھی کوئی چیز فرض ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً فرمایا: نہیں۔ اِلّا یہ کہ تم اپنی مرضی سے کچھ عمل کرو اور (تیسرے) سعید ابن یسار کی حدیث، جس میں ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سواری پر وتر پڑھنے کے متعلق سوال کیا گیا ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے یہ احادیث اپنی صحیح میں نقل کی ہیں۔

1120۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِيْنِيُّ،

حدیث 1119:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 2050 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث:4248

حدیث 1120:

اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت ' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث:2446 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1084 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 1821 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1671 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4617 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت لبنان' (طبع ثاني) 1403ھ' رقم الحديث:4617

حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِیْ بَكْرٍ: مَتٰی تُوتِرُ؟ قَالَ: اُوتِرُ قَبْلَ اَنْ اَنَامَ، وَقَالَ لِعُمَرَ: مَتٰی تُوتِرُ؟ قَالَ: اَنَامُ ثُمَّ اُوتِرُ، فَقَالَ لِاَبِیْ بَكْرٍ: اَخَذْتَ بِالْحَزْمِ اَوْ بِالْوَثِیْقَةِ، وَقَالَ لِعُمَرَ: اَخَذْتَ بِالْقُوَّةِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ

✧✧ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: تم ''وتر'' کب پڑھتے ہو؟ انہوں نے جواباً عرض کیا: سونے سے پہلے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: تم وتر کب پڑھتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: پہلے سوتا ہوں (سو کر اٹھنے کے بعد) پھر وتر پڑھتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تو نے یقین اور اعتماد پر عمل کیا ہے (یہاں راوی کو شک ہے کہ آپ نے ''حزم'' کا لفظ بولا یا ''وثیقہ'' کا) اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم نے قوت کو اپنایا ہے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

سند صحیح کے ہمراہ اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

1121- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِیءٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِیَادٍ، وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عِیْسٰی، حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِدْرِیْسَ الْاَنْصَارِیُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّیُّ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سُلَیْمَانَ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سُلَیْمٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِیْ بَكْرٍ: مَتٰی تُوتِرُ؟ قَالَ: اُوتِرُ ثُمَّ اَنَامُ، قَالَ: بِالْحَزْمِ اَخَذْتَ، وَسَاَلَ عُمَرَ، فَقَالَ: مَتٰی تُوتِرُ؟ قَالَ: اَنَامُ، ثُمَّ اَقُوْمُ مِنَ اللَّیْلِ فَاُوتِرُ، قَالَ: فِعْلَ الْقَوِیِّ فَعَلْتَ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر سے فرمایا: تم کس وقت وتر پڑھتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: میں پہلے وتر پڑھتا ہوں پھر سوتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے یقین کو اپنایا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: تم وتر کس وقت پڑھتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: میں پہلے سو جاتا ہوں پھر رات کے وقت اٹھ کر وتر پڑھتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا: تم نے طاقتور آدمی جیسا عمل کیا ہے۔

1122- اَخْبَرَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْعَقَبِیُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ كَثِیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبُوْ نَضْرَةَ، اَنَّ اَبَا سَعِیْدٍ الْخُدْرِیَّ،

حدیث 1122

اخرجه ابو الحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 754 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 1683 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 11112 اخرجه ابوبكر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المكتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1089 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1392

اَخْبَرَهُمْ اَنَّهُمْ سَاَلُوا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوِتْرِ، فَقَالَ: اَوْتِرُوْا قَبْلَ الصُّبْحِ تَابَعَهُ مَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِی کَثِیرٍ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے وتر کے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فجر سے پہلے وتر پڑھ لو۔

معمر بن راشد کی متابعت:

اس حدیث کو یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت کرنے میں معمر بن راشد نے علی بن مبارک کی متابعت کی ہے۔

1123۔اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ، عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوْتِرُوْا قَبْلَ اَنْ تُصْبِحُوْا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ وَلَهٗ شَاهِدٌ صَحِیْحٌ

✧✧ حضرت معمر کی سند کے ہمراہ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد منقول ہے: فجر سے پہلے پہلے وتر پڑھ لو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

ایک صحیح حدیث، مذکورہ حدیث کے لئے شاہد موجود ہے۔

1124۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِیُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ، حَدَّثَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: بَادِرُوْا بِالْوِتْرِ قَبْلَ الصُّبْحِ

حدیث 1123:

اخرجه ابو الحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 754 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 468 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 1683 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1189 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 11342 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1089 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ' رقم الحدیث: 4589 اخرجه ابوبکر الکوفی' فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحدیث: 6767 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 4298 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1392

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صبح صادق سے پہلے پہلے وتر پڑھ لیا کرو۔

1125۔ اَخْبَرَنِیْ عَبْدَانُ بْنُ یَزِیْدَ الدَّقَّاقُ بِھَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ الْحُسَیْنِ الْکِسَائِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ مُوْسٰی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ، حَدَّثَنَا ھِشَامُ بْنُ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَدْرَكَ الصُّبْحَ، وَلَمْ یُوْتِرْ فَلَا وِتْرَ لَهٗ وَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ

✧✧ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے صبح صادق کو پالیا لیکن اس وقت تک وتر نہ پڑھے تو اس کے وتر (ادا) نہیں (بلکہ اب قضا ہو چکے ہیں)

✧ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

صحیح سند کے ہمراہ سابقہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

1126۔ اَخْبَرَنِیْهِ اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ جُرَیْجٍ حَدَّثَنِیْ سُلَیْمَانُ بْنُ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا نَافِعٌ، اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، کَانَ یَقُوْلُ: مَنْ صَلَّی اللَّیْلَ فَلْیَجْعَلْ اٰخِرَ صَلَاتِهٖ وِتْرًا، فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِذٰلِكَ، فَاِذَا کَانَ الْفَجْرُ فَقَدْ ذَهَبَ کُلُّ صَلٰوةِ اللَّیْلِ، وَالْوِتْرُ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوْتِرُوْا قَبْلَ الْفَجْرِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے: جو شخص رات کے وقت نماز (نوافل وغیرہ) پڑھے اس کو چاہئے کہ وتر سب سے آخر میں پڑھے کیونکہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہے اور جب فجر کا وقت شروع ہو جائے تو رات کی تمام نمازوں اور وتروں کا وقت ختم ہو جاتا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فجر سے پہلے وتر پڑھ لو۔

1127۔ اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یُوْسُفَ الْفَقِیْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِیْدٍ الدَّارِمِیُّ، حَدَّثَنَا

حدیث 1125:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 2408 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1092 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2192

حدیث 1126:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 6372 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1091 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1188 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 11282 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 4310 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 1114

عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرِ بْنِ دِينَارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَامَ عَنْ وِتْرِهِ اَوْ نَسِيَهُ، فَلْيُصَلِّهِ اِذَا اَصْبَحَ اَوْ ذَكَرَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو وتر پڑھے بغیر سو جائے یا (وتر پڑھنا) بھول جائے، جب صبح کو اٹھے یا جب اس کو یاد آئے، اس وقت وتر پڑھ لے۔

✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1128- اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوِتْرُ حَقٌّ، فَمَنْ شَاءَ فَلْيُوْتِرْ بِخَمْسٍ، وَمَنْ شَاءَ فَلْيُوْتِرْ بِثَلَاثٍ، وَمَنْ شَاءَ فَلْيُوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الزُّبَيْدِيُّ، وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، وَسُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، وَمَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَبَكْرُ بْنُ وَائِلٍ عَلٰى رَفْعِهِ

أما حديث الزبيدى:

✧✧ حضرت ابوایوب فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "وتر حق ہے، جو چاہے پانچ وتر پڑھ لے، جو چاہے

حدیث 1127:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1431 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 465 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1188 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 11282 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4310 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1114

حدیث 1128

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1711 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1190 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2410 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 1401 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4554 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 3961

تین پڑھ لے اور جو چاہے ایک پڑھ لے''۔

✣✣ یہ حدیث شیخین کے معیار کے مطابق صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

اس حدیث کو زہری سے روایت کرنے میں محمد بن ولید الزبیدی، سفیان بن عیینہ، سفیان بن حسین، معمر بن راشد، محمد بن اسحاق اور بکر بن وائل نے مرفوع کرنے میں اوزاعی کی متابعت کی ہے۔

زبیدی کی روایت کردہ حدیث:

1129 - فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ النَّحْوِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى بْنِ الطَّبَّاعِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ يُوْسُفَ الْحِمْيَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوِتْرُ خَمْسٌ، اَوْ ثَلَاثٌ، اَوْ وَاحِدَةٌ "

وأما حديث سفيان بن عيينة

زبیدی کی سند کے ہمراہ ابوایوب کے حوالے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان منقول ہے: وتر پانچ یا تین یا ایک ہے۔

سفیان بن عیینہ کی حدیث:

1130 - فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ الْعَبَّاسِ الْمُسْتَمْلِيْ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوِتْرُ حَقٌّ، فَمَنْ شَاءَ اَوْتَرَ بِثَلَاثٍ، وَمَنْ شَاءَ اَوْتَرَ بِخَمْسٍ، وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يُوْتِرَ بِوَاحِدَةٍ فَلْيُوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ

وأما حديث سفيان بن حسين

✧✧ حضرت سفیان بن عیینہ نے بھی اس سند کے ہمراہ ابوایوب کے حوالے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: وتر حق ہے، جو چاہے تین وتر پڑھ لے، جو چاہے پانچ پڑھ لے اور جو چاہے ایک پڑھ لے۔

سفیان بن حسین کی حدیث:

1131 - فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَانَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوِتْرُ بِخَمْسٍ، فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَبِثَلَاثٍ، فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَبِوَاحِدَةٍ، فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَاَوْمِ اِيْمَاءً "

وأما حديث معمر بن راشد

✧✧ حضرت سفیان بن حسین نے بھی اسی سند کے ہمراہ حضرت ابوایوب کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد

فرمایا: وتر ''پانچ'' ہیں۔ اگر ان کی استطاعت نہ ہو تو تین، اگر ان کی بھی استطاعت نہ ہو تو ایک اور اگر اس کی بھی ہمت نہ ہو تو اشارے سے ادا کر لے۔

معمر بن راشد کی حدیث:

1132۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْوَرْدِ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مَّعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْوِتْرُ حَقٌّ فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهِ

وأما حديث محمد بن إسحاق

✧✧ حضرت معمر بن راشد نے اسی سند کے ہمراہ حضرت ابوایوب کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے: وتر حق ہے، اس کے آگے گزشتہ حدیث کی طرح حدیث بیان کی۔

محمد بن اسحاق کی حدیث:

1133۔ فَحَدَّثَنَاهُ أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خَلِيٍّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ الْوِتْرُ حَقٌّ فَذَكَرَهُ مَوْقُوْفًا عَلٰى أَبِي أَيُّوْبَ

وَأَمَّا حَدِيْثُ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ

✧✧ حضرت محمد بن اسحاق نے بھی اسی سند کے ہمراہ حضرت ابوایوب کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ: وتر حق ہے۔

✣✣ محمد بن اسحاق نے یہ حدیث ''ابوایوب'' تک موقوف رکھی ہے۔

بکر بن وائل کی حدیث:

1134۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا قُرَيْشُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْوِتْرُ حَقٌّ، فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهِ قَالَ الْحَاكِمُ: لَسْتُ اَشُكُّ اَنَّ الشَّيْخَيْنِ تَرَكَا هٰذَا الْحَدِيْثَ لِتَوْقِيفِ بَعْضِ اَصْحَابِ الزُّهْرِيِّ اِيَّاهُ، هٰذَا مِمَّا لَا يُعَلِّلُ مِثْلَ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

✧✧ حضرت بکر بن وائل نے بھی اسی سند کے ہمراہ حضرت ابوایوب کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان نقل کیا ہے: وتر حق ہیں۔ پھر اس کے آگے سابقہ حدیث جیسی حدیث بیان کی ہے۔

✣✣ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: مجھے اس بارے میں شک نہیں ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو صرف اس لئے ترک کیا ہے کہ اس کی سند کو زہری کے ایک شاگرد نے موقوفاً بیان کیا ہے حالانکہ اس نوعیت کے اختلاف کی وجہ سے اس طرح کی حدیث کو

معلل قرار نہیں دیا جا سکتا (واللہ اعلم)

1135۔ حَدَّثَنَا الشَّيْخُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ سَالِمٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: رُبَّمَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْتِرُ، وَقَدْ قَامَ النَّاسُ لِصَلٰوةِ الصُّبْحِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے کئی مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس وقت وتر پڑھتے دیکھا جس وقت لوگ نمازِ فجر کے لئے تیار ہوتے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا

1136۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ الْخَلِيْلِ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَصْبَحَ اَحَدُكُمْ وَلَمْ يُوْتِرْ فَلْيُوْتِرْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص صبح کرے لیکن اس نے وتر نہ پڑھے ہوں تو وہ (اس وقت) وتر پڑھ لے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1137۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الرَّبِيْعِ بْنِ طَارِقٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ يَحْيٰى اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّمَرْقَنْدِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الرَّبِيْعِ بْنِ طَارِقٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُوْتِرُوْا بِثَلَاثٍ تَشَبَّهُوا بِصَلٰوةِ الْمَغْرِبِ، وَلٰكِنْ اَوْتِرُوْا بِخَمْسٍ، اَوْ بِسَبْعٍ، اَوْ بِتِسْعٍ، اَوْ بِاِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً، اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وتر تین رکعت مت پڑھو کہ اس کی نمازِ مغرب

حدیث 1135:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4299

حدیث 1136:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 4297

حدیث 1137:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4594

کے ساتھ مشابہت ہے بلکہ پانچ، سات، نو، گیارہ یا اس سے زائد رکعات پڑھو۔

1138- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُوْتِرُوْا بِثَلَاثٍ، وَلَا تَشَبَّهُوا بِصَلٰوةِ الْمَغْرِبِ، اَوْتِرُوْا بِخَمْسٍ، اَوْ بِسَبْعٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین رکعت وتر مت پڑھو اور نماز مغرب کے ساتھ مشابہت نہ کرو (بلکہ) پانچ یا سات (رکعتیں) وتر پڑھو۔

✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1139- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ يُوْسُفَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، اَنْبَاَنَا سَعِيْدٌ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُسَلِّمُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ مِنَ الْوِتْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَوَاهِدُ، فَمِنْهَا

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی پہلی دو رکعتوں کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے۔

✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ مذکورہ حدیث کے شواہد

شاہد (۱)

1140- مَا اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ نَصْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيْبٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ لَا يُسَلِّمُ اِلَّا فِيْ اٰخِرِهِنَّ وَهٰذَا وِتْرُ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَعَنْهُ اَخَذَهُ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ

حدیث 1139:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4592 اخرجہ ابن راھویہ الحنظلی فی "مسندہ" طبع مکتبہ الایمان مدینہ منورہ (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحدیث: 1310

✧✧ اُمّ المومنین حضرت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی تین رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور تیسری رکعت کے بعد سلام پھیرتے تھے اور یہی (طریقہ) امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے وتر (کا) ہے اور اہل مدینہ کا بھی اسی عمل پر ہے۔

شاہد (۲)

1141۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحِ السَّمَرْقَنْدِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرَ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا حَبِيْبُ الْمُعَلِّمُ قَالَ قِيْلَ لِلْحَسَنِ أَنَّ بْنَ عُمَرَ كَانَ يُسَلِّمُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ مِنَ الْوِتْرِ فَقَالَ كَانَ عُمَرُ أَفْقَهُ مِنْهُ كَانَ يَنْهَضُ فِي الثَّالِثَةِ بِالتَّكْبِيْرِ

✧✧ حضرت حبیب المعلم کہتے ہیں: حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: ابن عمر رضی اللہ عنہما وتر کی دو رکعتیں پڑھنے کے بعد سلام پھیرتے تھے تو (حضرت حسن رضی اللہ عنہ) نے جواب دیا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی فقہی بصیرت ان سے زیادہ تھی اور وہ (دوسری رکعت کے بعد) تکبیر کہتے ہوئے تیسری رکعت کے لئے اٹھ جاتے تھے۔

شاہد (۳)

1142۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ وَسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَطَاءٍ أَنَّهُ كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ لَا يَجْلِسُ فِيْهِنَّ وَلَا يَتَشَهَّدُ إِلَّا فِي اٰخِرِهِنَّ

✧✧ حضرت عطاء فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعت وتر پڑھا کرتے تھے، ان کے درمیان بیٹھتے نہیں تھے اور تشہد بھی آخری رکعت میں پڑھتے۔

1143۔ اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ يَقْرَاُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الَّتِيْ يُوْتِرُ بَعْدَهُمَا بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَقُلْ يَاَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ وَيَقْرَاُ فِي الْوِتْرِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَّقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اَنَّ تَابَعَهُ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ

✧✧ اُمّ المومنین حضرت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی پہلی دو رکعتوں میں "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى" اور "قُلْ يَاَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ" پڑھا کرتے اور تیسری رکعت میں "وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ"، "قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ" اور "قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ" پڑھا کرتے تھے۔

حدیث 1143:

اخرجه ابو الحسن الدارقطني في "سننه" طبع دار المعرفة "بيروت" لبنان" 1966ء / 1386ھ رقم الحديث: 17

سعید بن ابی مریم کی متابعت:

اس حدیث کو یحییٰ بن ایوب سے روایت کرنے میں سعید بن ابی مریم نے سعید بن عفیر کی متابعت کی ہے (ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

1144- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ السُّلَمِيُّ، وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ يَقْرَاُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى، وَفِي الثَّانِيَةِ قُلْ يَاَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَفِي الثَّالِثَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَسَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ اِمَامُ اَهْلِ مِصْرَ بِلَا مُدَافَعَةٍ، وَقَدْ اَتٰى بِالْحَدِيْثِ مُفَسَّرًا مُصَحَّحًا دَالًّا عَلٰى اَنَّ الرَّكْعَةَ الَّتِيْ هِيَ الْوِتْرُ ثَالِثَةٌ غَيْرَ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ قَبْلَهَا

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی تین رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔ پہلی رکعت میں "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى" دوسری میں "قُلْ يَاَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ" اور تیسری میں "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ" پڑھا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور سعید بن عفیر بلاشک وشبہ اہل مصر کے امام ہیں۔ اور یہ حدیث مفسر ہے اور اس کو اس بات کی دلیل بنایا جا سکتا ہے کہ وہ رکعت جس کو وتر کہتے ہیں وہ تیسری ہی ہے اور پہلی دو رکعتوں کا غیر ہے۔

1145- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ عُمَرَ، اَنْبَاَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، اَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ يُوْتِرُ بِخَمْسِ رَكَعَاتٍ، وَلَا يَجْلِسُ اِلَّا فِي الْخَامِسَةِ، وَلَا يُسَلِّمُ اِلَّا فِي الْخَامِسَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پانچ رکعتیں وتر پڑھا کرتے تھے اور پانچویں میں ہی بیٹھتے اور اسی کے بعد سلام پھیرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1146- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ

حدیث 1144:

اخرجه ابو الحسن الدارقطني في "سننه" طبع دار المعرفة 'بيروت' لبنان' 1386ھ/ 1966ء رقم الحديث:18

الْحُبَاب، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُنِيبِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْوِتْرُ حَقٌّ، فَمَنْ لَمْ يُوتِرْ فَلَيْسَ مِنَّا،

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: وتر برحق ہے، جس نے وتر نہیں پڑھے، وہ ہم میں سے نہیں۔

1147۔ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَلِيمٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَتَكِيُّ، فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ، وَاَبُو الْمُنِيبِ الْعَتَكِيُّ مَرْوَزِيٌّ ثِقَةٌ يُجْمَعُ حَدِيثُهُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عبداللہ عتکی کے حوالے سے بھی اسی طرح کی حدیث منقول ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے اور ابومنیب عتکی، مروزی، ثقہ ہیں، ان کی احادیث کو جمع کیا جاتا ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس روایت کو نقل نہیں کیا ہے۔

1148۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ اُنَيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَاشِدٍ الزَّوْفِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي مُرَّةَ الزَّوْفِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ حُذَافَةَ الْعَدَوِيِّ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَمَدَّكُمْ بِصَلٰوةٍ خَيْرٌ لَّكُمْ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ، وَهِيَ الْوِتْرُ، فَجَعَلَهَا لَكُمْ فِيمَا بَيْنَ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ اِلٰى صَلٰوةِ الْفَجْرِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، رُوَاتُهُ مَدَنِيُّونَ وَمِصْرِيُّونَ، وَلَمْ يَتْرُكَاهُ اِلَّا لِمَا قَدَّمْتُ ذِكْرَهُ مِنْ تَفَرُّدِ التَّابِعِيِّ عَنِ الصَّحَابِيِّ

حدیث 1146:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1419 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 23069 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' (طبع ثاني) 1403ه' رقم الحديث: 4579 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ه' رقم الحديث: 6863 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 4251

حدیث 1148:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1418 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 452 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1168 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ه' 1987ء' رقم الحديث: 1576 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 4249

✧✧ حضرت خارجہ بن حذافہ العدوی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: (ایک مرتبہ) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی نماز کے ذریعے تمہاری مدد فرمائی ہے جو تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بھی بہتر ہے (فرمایا) وہ ''وتر'' ہے، اللہ تعالیٰ نے نماز عشاء اور فجر کے درمیان تمہارے لئے اس کا وقت رکھا ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں، مصری ہیں اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کو (جیسا کہ ہم نے پہلے بھی عرض کیا) صرف اس لئے ترک کردیا کہ صحابی سے روایت کرنے والا تابعی ''متفرد'' ہے۔

1149- اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰہِ مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ قُتَیْبَۃَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ، عَنْ یَحْیَی بْنِ الْجَزَّارِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ، قَالَتْ: کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُوْتِرُ بِثَلَاثَ عَشْرَۃَ، فَلَمَّا کَبِرَ وَضَعُفَ اَوْتَرَ بِسَبْعٍ

ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ، وَقَدْ صَحَّ وِتْرُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثَ عَشْرَۃَ، وَاِحْدٰی عَشْرَۃَ، وَتِسْعٍ، وَسَبْعٍ، وَخَمْسٍ، وَثَلَاثٍ، وَوَاحِدَۃٍ، وَاَصَحُّھَا وِتْرُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِرَکْعَۃٍ وَّاحِدَۃٍ

✧✧ اُمّ المومنین سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تیرہ رکعتیں وتر پڑھتے تھے اور آخری عمر میں جب ضعف طاری ہوگیا تھا تو سات رکعتیں پڑھتے تھے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وتر کی ۱۳، ۱۱، ۹، ۷، ۵، ۳، ۱، رکعتیں صحیح احادیث سے ثابت ہیں تاہم ان تمام احادیث میں سب سے زیادہ صحیح حدیث ایک رکعت والی ہے۔

1150- وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَۃَ الْعَنَزِیُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِیْدٍ الدَّارِمِیُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ھِشَامِ بْنِ عَمْرٍو الْفَزَارِیِّ، قَالَ الدَّارِمِیُّ وَھُوَ اَقْدَمُ شَیْخٍ لِحَمَّادِ بْنِ سَلَمَۃَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ ھِشَامٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ فِیْ اٰخِرِ وِتْرِہٖ: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ، وَبِمُعَافَاتِکَ مِنْ عُقُوْبَتِکَ، وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْکَ اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ

حدیث 1149:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 26781 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 741 اخرجه ابوبکر الکوفی' فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحدیث: 6819 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان' مدینه منوره' (طبع اول) 1412ھ/1991ء' رقم الحدیث: 1892

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت علی بن ابی طالب فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ وتر کی آخری رکعت میں یہ دعا مانگا کرتے تھے "اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَأَعُوْذُبِكَ مِنْكَ لَا أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ "(اے اللہ! میں تیری ناراضگی سے تیری رضا کی پناہ مانگتا ہوں اور تیری سزا سے تیری معافی کی پناہ مانگتا ہوں اور تجھ سے تیری پناہ مانگتا ہوں میں تیری حمد وثناء کا حق ادا نہیں کرسکتا ہوں جس طرح کہ تو نے خود اپنی ثناء کی ہے)

✧✧ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

حدیث 1150:

اخرجه ابو داؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1427 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3566 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 751 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 7753 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 275 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 123 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 81

من کتاب صلوۃ التطوع

نوافل کا بیان

1151- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ يُوسُفَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، اَنْبَاَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، وَاَخْبَرَنَا ابْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَكْعَتَا الْفَجْرِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا جَمِيعًا وَفِي حَدِيثِ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ: خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فجر کی دو رکعتیں (سنتیں) ساری دنیا (کی دولت) سے بہتر ہے۔

✧✧ یزید بن زریع کی حدیث میں (خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا جَمِيعًا کی بجائے) خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا کے الفاظ ہیں۔ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1152- حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اَكْثَرُ مَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ: قُولُوا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَا اُنْزِلَ اِلٰى اِبْرَاهِيمَ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ: قُلْ يَا اَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِلٰى قَوْلِهٖ

حدیث 1151:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 26329 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1107 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/1991ء' رقم الحديث: 1452

وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی دو رکعتوں (سنتوں) میں سے پہلی رکعت میں 'قُوْلُوْا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَا اُنْزِلَ اِلٰى اِبْرَاهِيْمَ آخر آیت تک پڑھتے (بقرہ ۱۳۶) اور دوسری رکعت میں قُلْ يَاَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِلٰى قَوْلِهٖ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ تک پڑھا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1153- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَسِيَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ فَلْيُصَلِّهِمَا اِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص فجر کی دو رکعتیں (دو سنتیں) پڑھنا بھول گیا ہو (اور فرض پڑھ لے) تو وہ طلوع آفتاب کے بعد پڑھ لے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1154- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ رُسْتُمٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، وَاللَّفْظُ لَهٗ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَحْمُوْدٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، عَنْ اَبِيْ عَامِرٍ الْخَزَّازِ، عَنْ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَقُمْتُ اُصَلِّي الرَّكْعَتَيْنِ فَجَذَبَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَتُصَلِّي الصُّبْحَ اَرْبَعًا ؟

حدیث 1152:

اخرجه ابو الحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 727 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1259 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 2045 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1115 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب' 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 4655 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحدیث: 706

حدیث 1153:

اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1117

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: (ایک مرتبہ) نماز ہو چکی تو میں دو رکعتیں (سنتیں) پڑھنے کے لئے کھڑا ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ڈانٹ کر فرمایا: کیا تم فجر کی چار رکعتیں پڑھو گے؟

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1155 - اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُزَكِّي، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، يَرْفَعُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ: اَيُّ الصَّلٰوةِ اَفْضَلُ بَعْدَ الْمَكْتُوبَةِ؟ وَاَيُّ الصِّيَامِ اَفْضَلُ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ؟ فَقَالَ: اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْمَكْتُوبَةِ الصَّلٰوةُ فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ، وَاَفْضَلُ

حدیث 1154:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 711 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 867 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 2130 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1449 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2469 اخرجه ابوبكر الكوفی فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 6432 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4322

حدیث 1155:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 1163 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 2429 اخرجه ابو عيسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 438 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1613 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1476 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 8013 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2563 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1134 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1312 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4437 اخرجه ابن راهويه الحنظلی فی "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحديث: 276 اخرجه ابومحمد الكسی فی "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 1423 اخرجه ابويعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 6395

الصِّيَامِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: فرضی نمازوں کے بعد کون سی نماز سب سے افضل ہے؟ اور رمضان المبارک کے روزوں کے بعد کون سے روزے سب سے افضل ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فرضی نمازوں کے بعد سب سے افضل نماز وہ ہے جو رات میں پڑھی جائے اور رمضان المبارک کے روزوں کے بعد اللہ کے مہینے محرم کے روزے سب سے افضل ہیں۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1156۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ فَاِنَّهٗ دَاْبُ الصَّالِحِيْنَ قَبْلَكُمْ، وَهُوَ قُرْبَةٌ لَّكُمْ اِلٰى رَبِّكُمْ، وَمُكَفِّرٌ لِّلسَّيِّئَاتِ، وَمَنْهَاةٌ عَنِ الاِثْمِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم پر رات کا قیام لازم ہے کیونکہ یہ تم سے پہلے صالحین کا معمول ہے اور یہ تمہارے لئے رب کے قریب ہونے کا ذریعہ ہے، گناہوں کو مٹانے والا ہے اور برائیوں سے بچانے والا ہے۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1157۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ تُرَابٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُذَكِّرُ بِالنُّوْقَانِ، حَدَّثَنَا تَمِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَسْلَمَ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: وَجَدَ

حدیث 1156:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 3549 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1135 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4423 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 6154

حدیث 1157:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 319 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث، 1136 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 344

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ شَيْئًا، فَلَمَّا اَصْبَحَ قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اَثَرَ الْوَجَعِ عَلَيْكَ يَتَبَيَّنُ، قَالَ: اِنِّیْ اِنَّمَا عَلٰی مَا تَرَوْنَ بِحَمْدِ اللّٰهِ، قَدْ قَرَاْتُ السَّبْعَ الطِّوَالَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں (ایک مرتبہ) رات کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو درد رہا، صبح کے وقت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درد کا اثر آپ پر بالکل واضح محسوس ہو رہا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جیسا کہ تم مجھے دیکھ رہے ہو (میں نے اسی حالت میں) رات کو 'طوال' میں سے سات سورتوں کی تلاوت کی ہے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1158۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ يَزِيْدَ بْنَ خُمَيْرٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِیْ قَيْسٍ، يَقُوْلُ: قَالَتْ لِیْ عَائِشَةُ لَا تَدَعْ قِيَامَ اللَّيْلِ، فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَذَرُهُ، وَكَانَ اِذَا مَرِضَ اَوْ كَسِلَ صَلّٰی قَاعِدًا،

✧✧ حضرت عبداللہ ابن ابی قیس کہتے ہیں: مجھے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رات کی عبادت مت چھوڑنا، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو نہیں چھوڑتے تھے حتی کہ جب آپ بیمار یا کمزور ہوئے تو بیٹھ کر نماز پڑھ لیتے تھے۔

1159۔ وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِیٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، فَذَكَرَهُ بِمِثْلِهِ الْاِسْنَادَ وَالْمَتْنَ جَمِيْعًا،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت شعبہ کی مذکورہ سند کے ہمراہ بھی سابقہ سند اور متن منقول ہے۔

1160۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السُّنِّیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَافَظَ

حدیث 1158:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحديث: 1307 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 26157 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1137 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4498 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحديث: 1519 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحديث: 800

حدیث 1160:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1142

عَلٰی هٰؤُلاءِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِينَ، وَمَنْ قَرَأَ فِي لَيْلَةٍ مِئَةَ آيَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِينَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص پنجگانہ نماز میں باقاعدگی اختیار کرتا ہے، اس کو غافلین میں نہیں لکھا جاتا اور جو شخص رات میں (کم از کم) ۱۰۰ آیتیں پڑھے، اس کا نام عبادت گزاروں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1161- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُوسٰى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ سَلْمَانَ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلّٰى فِي لَيْلَةٍ بِمِئَةِ آيَةٍ لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِينَ، وَمَنْ صَلّٰى فِي لَيْلَةٍ بِمِئَتَيْ آيَةٍ فَاِنَّهُ يُكْتَبُ مِنَ الْقَانِتِينَ الْمُخْلَصِينَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص رات میں ایک سو آیتیں تلاوت کرتا ہو، اس کو غافلین میں نہیں لکھا جاتا اور جو شخص رات میں دو سو آیات پڑھتا ہو اس کو مخلص عبادت گزاروں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1162- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سَابِقٍ الْخَوْلَانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ، وَضَمْرَةُ بْنُ حَبِيبٍ، وَنُعَيْمُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ نَازِلٌ بِعُكَاظٍ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ مِنْ دَعْوَةٍ اَقْرَبُ مِنْ اُخْرٰى، اَوْ سَاعَةٌ تَبْقٰى، اَوْ يَنْبَغِي ذِكْرُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ اِنَّ اَقْرَبَ مَا يَكُونُ الرَّبُّ مِنَ الْعَبْدِ جَوْفُ اللَّيْلِ الْآخِرِ، فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَكُونَ مِمَّنْ يَذْكُرُ اللّٰهَ فِي تِلْكَ السَّاعَةِ فَكُنْ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عمرو بن عبسہ فرماتے ہیں: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اس وقت آپ عکاظ میں موجود تھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کوئی ایسی دعا ہے جو (تمام دعاؤں کی بہ نسبت) مجھے اللہ کے زیادہ قریب کر دے یا کوئی ساعت جو باقی رہنے والی ہو یا کون ساذکر زیادہ مناسب ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! بندہ رات کے آخری حصہ میں اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے، اگر اس ساعت میں ذکر الٰہی کر سکو تو (لازمی) کرو۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1163- حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ

الْقُدُّوسِ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ مَرْيَمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ قَيْسٍ، عَنْ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ، اَنَّهُنَّ حَدَّثْنَهُ، اَنَّ اللّٰهَ دَلَّ نَبِيَّهُ عَلٰى دَلِيلٍ، فَقَالَ لَهُنَّ: اَدْلُلْنَنِی عَلٰى مَا دَلَّ عَلَيْهِ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَ: اِنَّ اللّٰهَ دَلَّهُ عَلٰى قِيَامِ اللَّيْلِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن ابی قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انہیں امہات المومنین رضی اللہ عنہن نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی ایک دلیل کی طرف راہنمائی فرمائی ہے۔ (عبداللہ) نے ان سے کہا: آپ مجھے بھی اس بات کی راہنمائی کریں جس کی راہنمائی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمائی۔ انہوں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے رات کی عبادت پران کی راہنمائی کی ہے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1164۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰی، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنِ ابْنِ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلًا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلّٰى وَاَيْقَظَ امْرَاَتَهُ، فَاِنْ اَبَتْ نَضَحَ فِی وَجْهِهَا الْمَاءَ، رَحِمَ اللّٰهُ امْرَاَةً قَامَتْ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلَّتْ وَاَيْقَظَتْ زَوْجَهَا فَاِنْ اَبٰى نَضَحَتْ فِی وَجْهِهِ الْمَاءَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے جورات کو اٹھ کر نماز پڑھتا ہے اور اپنی بیوی کو بھی اٹھاتا ہے اور اگر اس کی بیوی انکار کرے تو اس کے چہرے پر پانی کے چھینٹے مار دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس خاتون پر رحم فرمائے جورات کو عبادت کرتی ہے اور اپنے شوہر کو اٹھاتی ہے اگر شوہر اٹھنے سے انکار کرے تو اس کے چہرے پر پانی کے چھینٹے مارتی ہے۔

حدیث 1163:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری، فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1138

حدیث 1164:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1308 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1610 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1336 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 7404 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2567 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1148 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1300 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4419

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1165 – حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ، اَنَّهُ سَاَلَ اُمَّ سَلَمَةَ عَنْ قِرَائَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ، فَقَالَتْ: وَمَا لَكُمْ وَصَلَاتُهُ ؟ كَانَ يُصَلِّيْ، ثُمَّ يَنَامُ قَدْرَ مَا صَلَّى، ثُمَّ يُصَلِّيْ بِقَدْرِ مَا نَامَ، ثُمَّ يَنَامُ قَدْرَ مَا صَلَّى حَتَّى يُصْبِحَ، وَنَعَتَتْ لَهُ قِرَائَتَهُ، فَإِذَا هِيَ تَنْعَتُ قِرَائَةً مُفَسَّرَةً حَرْفًا حَرْفًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت یعلیٰ بن مملک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کے وقت کی قرات کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کیا معلوم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے متعلق؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے، پھر اتنی دیر آرام کرتے جتنی دیر نماز پڑھی، پھر جتنی دیر آرام کیا اتنی دیر نماز پڑھتے، پھر جتنی دیر نماز پڑھی، اتنی دیر آرام کرتے۔ صبح صادق تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی معمول رہتا اور اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح قرات کر کے سنائی تو ایک ایک حرف الگ الگ کر کے واضح طور پر پڑھا۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1166 – اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ زَائِدَةَ بْنِ نَشِيْطٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ كَانَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ رَفَعَ صَوْتَهُ طَوْرًا، وَخَفَضَهُ طَوْرًا، وَكَانَ يَذْكُرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوخالد الوالبی کہتے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جب رات کو قیام کرتے تو کبھی بلند آواز سے تلاوت کیا

حدیث 1165:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1466 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2923 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1629 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 26569 اخرجه ابوبكر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المكتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1158 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1375 ذكره ابوبكر البیهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4489

حدیث 1166:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1328

کرتے اور کبھی آہستہ آواز سے اور آپ بتایا کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ بھی ایسے ہی کیا کرتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1167 - حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِي قَيْسٍ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ كَيْفَ كَانَتْ قِرَائَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّيْلِ كَانَ يَجْهَرُ اَمْ يُسِرُّ ؟ قَالَتْ: كُلَّ ذٰلِكَ كَانَ يَفْعَلُ، رُبَّمَا يَجْهَرُ، وَرُبَّمَا يُسِرُّ، قَالَ: قُلْتُ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، شَاهِدٌ لِّحَدِيثِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

❖❖ حضرت عبداللہ بن ابی قیس کہتے ہیں: انہوں نے اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ رات کے وقت قرات بلند آواز سے کرتے تھے یا آہستہ؟ اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: دونوں طرح ہی کیا کرتے تھے، کبھی بلند آواز سے اور کبھی آہستہ (عبداللہ) کہتے ہیں: میں نے کہا: شکر ہے اس پروردگار کا، جس نے احکام میں وسعت رکھی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے اور یہ ابوخالد کی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ حدیث کی شاہد ہے۔

1168 - اَخْبَرَنِي اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيمٍ الْقَنْطَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ،

حدیث 1167:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 449 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1662 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1354 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2582 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1160 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1373 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4486 اخرجه ابن راهويه الحنظلى فى "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحديث: 1677

حدیث 1168:

اخرجه ابوداؤد السجستانى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1329 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 447 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 733 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1161 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4476

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِيْنِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِاَبِيْ بَكْرٍ، وَهُوَ يُصَلِّيْ يَخْفِضُ مِنْ صَوْتِهِ، وَمَرَّ بِعُمَرَ وَهُوَ يُصَلِّيْ رَافِعًا صَوْتَهُ، قَالَ: فَلَمَّا اجْتَمَعَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِيْ بَكْرٍ: يَا اَبَا بَكْرٍ مَرَرْتُ بِكَ وَاَنْتَ تُصَلِّيْ تَخْفِضُ مِنْ صَوْتِكَ؟ فَقَالَ: قَدْ اَسْمَعْتُ مَنْ نَاجَيْتُ، فَقَالَ: مَرَرْتُ بِكَ يَا عُمَرُ وَاَنْتَ تَرْفَعُ صَوْتَكَ؟ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَحْتَسِبُ بِهِ اُوقِظُ الْوَسْنَانَ، قَالَ: فَقَالَ لِاَبِيْ بَكْرٍ: ارْفَعْ صَوْتَكَ شَيْئًا، وَقَالَ لِعُمَرَ: اخْفِضْ مِنْ صَوْتِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوقتادہ سے روایت ہے کہ (ایک مرتبہ) نبی اکرم ﷺ ابوبکر کے پاس سے گزرے تو وہ بہت آہستہ آواز میں تلاوت کررہے تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے (تو دیکھا کہ) وہ بہت بلند آواز سے نماز پڑھ رہے تھے (حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں: جب یہ دونوں رسول اکرم ﷺ کے پاس جمع ہوئے تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابوبکر! میں تیرے پاس سے گزرا تو تم بہت پست آواز میں نماز پڑھ رہے تھے (اتنی آہستہ کیوں پڑھتے ہو؟) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواباً عرض کیا: (اس لئے کہ) میں اُسی کو سنا رہا ہوتا ہوں جس کی بارگاہ میں مناجات کررہا ہوتا ہوں (اور اس کو سنانے کے لئے بلند آواز میں پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے) پھر آپ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: میں تیرے قریب سے گزرا تو تم بہت بلند آواز سے نماز پڑھ رہے تھے (کیوں؟) انہوں نے جواباً عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ ثواب کی نیت سے اور اونگھنے والوں کو بیدار کرنے کے لئے (ایسا کرتا ہوں) حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم اپنی آواز ذرا بلند کرلو اور عمر سے فرمایا: تم اپنی آواز کچھ پست کرلو۔

✧✧ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1169- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: اعْتَكَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَسَمِعَهُمْ يَجْهَرُوْنَ بِالْقِرَائَةِ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ فَكَشَفَ السُّتُوْرَ وَقَالَ: اَلَا كُلُّكُمْ يُنَاجِيْ رَبَّهُ فَلَا يُؤْذِيَنَّ بَعْضُكُمْ بَعْضًا، وَلَا يَرْفَعَنَّ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الْقِرَائَةِ فِي الصَّلٰوةِ

حدیث 1169:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1332 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 8092 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4479 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 883

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں اعتکاف کیا تو لوگوں کو سنا کہ وہ بلند آواز سے قراءت کررہے تھے، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے حجرہ میں تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پردہ اٹھا کر فرمایا: خبردار! تم میں سے ہر شخص اپنے رب سے مناجات کررہا ہوتا ہے، اس لئے ایک دوسرے کو تکلیف مت دو اور نماز میں بلند آواز سے قرات مت کرو۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1170۔ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْقَاضِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ رَجَاءِ بْنِ السَّنَدِيِّ حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ وَمُوْسٰى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَسْرُوْقِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ عَبْدَةَ بْنِ أَبِي لُبَابَةَ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ يُبْلِغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَتٰى فِرَاشَهُ وَهُوَ يَنْوِي أَنْ يَقُوْمَ بِاللَّيْلِ فَغَلَبَتْهُ عَيْنُهُ حَتّٰى يُصْبِحَ كُتِبَ لَهُ مَا نَوٰى وَكَانَ نَوْمُهُ صَدَقَةً عَلَيْهِ صَدَقَةً مِنْ رَبِّهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ على شرط الشيخين ولم يخرجاه والذى عندى أنهما علّلاه بتوقيف روى عن زائدة

✧✧ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص سونے سے پہلے یہ ارادہ رکھتا ہو کہ وہ رات میں اٹھ کر عبادت کرے گا، لیکن پھر اس پر نیند کا غلبہ ہو جائے (اور وہ اٹھ نہ سکے) حتیٰ کہ صبح ہو جائے، اس کو وہ ثواب دے دیا جائے گا جس کی اس نے (سونے سے پہلے) نیت کی تھی اور اس کی نیند اللہ کی طرف سے اس کے لئے تحفہ شمار ہوگی اور وہ نیند کے عوض صدقہ کا ثواب پائے گا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور میرا یہ خیال ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو اس وجہ سے معلل قرار دیا ہے کہ اس کو ایک سند میں زائدتک موقوف رکھا گیا ہے (جیسا کہ درج ذیل حدیث میں ہے)

1171۔ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ رَجَاءِ بْنِ السِّنْدِيِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، وَمُوْسٰى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَسْرُوْقِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِيْ لُبَابَةَ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ

حدیث 1170:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1787 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1344 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1172 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1459 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4500

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَتٰى فِرَاشَهُ وَهُوَ يَنْوِىْ اَنْ يَّقُوْمَ بِاللَّيْلِ فَغَلَبَتْهُ عَيْنُهُ حَتّٰى يُصْبِحَ كُتِبَ لَهُ مَا نَوٰى، وَكَانَ نَوْمُهُ صَدَقَةً عَلَيْهِ صَدَقَةً مِّنْ رَّبِّهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالَّذِىْ عِنْدِىْ اَنَّهُمَا عَلَّلَاهُ بِتَوْقِيْفٍ رُوِىَ عَنْ زَائِدَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، فَذَكَرَهُ بِاِسْنَادِهِ مِنْ قَوْلِ اَبِى الدَّرْدَاءِ، وَهٰذَا مِمَّا لَا يُوْهِنُ، فَاِنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيِّ الْجُعْفِيَّ اَقْدَمُ وَاَحْفَظُ وَاَعْرَفُ بِحَدِيْثِ زَائِدَةَ مِنْ غَيْرِهٖ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

✧✧ حضرت زائدہ نے اپنی سند کے ہمراہ مذکورہ قول حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بیان کیا ہے۔

❖ اس طرح کا اتفاق، حدیث کوضعیف نہیں کرتا کیونکہ حسین بن علی الجعفی ،زائدہ کی احادیث کو دوسرے راویوں کی بہ نسبت زیادہ جانتے تھے اور زیادہ حافظ اور دوسروں سے مقدم تھے (واللہ اعلم)

1172- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْقَاضِىْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَخُصُّوْا يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِصِيَامٍ مِّنْ بَيْنِ الْاَيَّامِ، وَلَا تَخُصُّوْا لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ بِقِيَامٍ مِّنْ بَيْنِ اللَّيَالِىْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صرف جمعہ کا دن روزے کے لئے خاص مت کرو اور دیگر راتوں کو چھوڑ کر شب جمعہ کو عبادت کے لئے خاص مت کرو۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1173- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا

حدیث 1172:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث:3613 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث:1176

حدیث 1173:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 1802
اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1189
اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1471
ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 4262 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث:433

اللَّيْثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلانَ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اُوَيْسٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ، عَنْ اُخْتِهِ اُمِّ حَبِيْبَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلّٰى اثْنَتَىْ عَشْرَةَ رَكْعَةً فِىْ يَوْمٍ بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِى الْجَنَّةِ، اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، وَاثْنَتَيْنِ بَعْدَهَا، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ كِلا الاِسْنَادَيْنِ صَحِيْحَانِ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَشَوَاهِدُهَا كُلُّهَا صَحِيْحَةٌ: فَمِنْهَا مُتَابَعَةُ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ وَّمَكْحُوْلٍ الْفَقِيْهِ وَالْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ

أما حديث النعمان بن سالم

✧✧ اُمّ المومنین حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص ایک دن میں بارہ رکعتیں پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنائے گا، چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور دو بعد میں، دو رکعتیں عصر سے پہلے، دو رکعتیں مغرب کے بعد اور دو رکعتیں صبح سے پہلے۔

✤✤ دو اسنادیں امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے ان کو نقل نہیں کیا اور ان کی تمام شاہد حدیثیں بھی صحیح ہیں، شاہد حدیثوں میں نعمان بن سالم، مکحول الفقیہ اور مسیب بن رافع کی مرویات قابل ذکر ہیں۔

نعمان بن سالم کی حدیث:

1174- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِىْ هِنْدٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِىْ هِنْدٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ، عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ بِنْتِ اَبِىْ سُفْيَانَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلّٰى اثْنَتَىْ عَشْرَةَ سَجْدَةً تَطَوُّعًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِى الْجَنَّةِ

وأما حديث مكحول:

✧✧ حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا بنت ابوسفیان بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص بارہ سجدے نفلی پڑھے (یعنی بارہ رکعتیں ادا کرے) اللہ اس کے لئے جنت میں گھر بنائے گا۔

مکحول کی حدیث:

1175- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ التِّنِّيْسِيُّ، حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ مَّكْحُوْلٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ،

حدیث 1174:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1187

اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 5980

عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَافَظَ عَلٰى اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ وَاَرْبَعٍ بَعْدَهَا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ

✧✧ حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ظہر سے پہلے چار اور اس کے بعد چار رکعتوں پر استقامت اختیار کرے، اللہ تعالیٰ اس کو جہنم پر حرام کر دے گا۔

1176۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنَّى الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ وَهُوَ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ بُرَيْدَةُ: خَرَجْتُ ذَاتَ يَوْمٍ اَمْشِيْ فِيْ حَاجَةٍ، فَاِذَا اَنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ فَظَنَنْتُهُ يُرِيْدُ حَاجَةً، فَجَعَلْتُ اَكُفُّ عَنْهُ، فَلَمْ اَزَلْ اَفْعَلُ ذٰلِكَ حَتّٰى رَآنِيْ، فَاَشَارَ اِلَيَّ فَاَتَيْتُهُ فَاَخَذَ بِيَدِيْ، فَانْطَلَقْنَا نَمْشِيْ جَمِيْعًا، فَاِذَا اَنَا بِرَجُلٍ بَيْنَ اَيْدِيْنَا يُصَلِّيْ يُكْثِرُ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُرٰى هٰذَا يُرَائِيْ ؟ فَقُلْتُ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: فَاَرْسَلَ يَدَهُ وَطَبَّقَ بَيْنَ يَدَيْهِ ثَلَاثَ مِرَارٍ يَرْفَعُ يَدَيْهِ وَيُصَوِّبُهُمَا، وَيَقُوْلُ: عَلَيْكُمْ هَدْيًا قَاصِدًا، عَلَيْكُمْ هَدْيًا قَاصِدًا، فَاِنَّهُ مَنْ يُشَادَّ هٰذَا الدِّيْنَ يَغْلِبْهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ایک دن کسی کام سے باہر نکلا تو میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی چلے آ رہے ہیں۔ میں یہ سمجھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام سے جا رہے ہیں، میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کی نیت سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چل دیا۔ میں مسلسل یونہی چلتا رہا حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دیکھ لیا (جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دیکھا تو) میری طرف اشارہ کیا، میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ لیا پھر ہم دونوں اکٹھے چل دیئے۔ ہم نے اپنے سامنے ایک شخص کو نماز پڑھتے دیکھا جو بہت زیادہ رکوع و سجود کر رہا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس ریاکار کو دیکھ رہے ہو؟ میں نے کہا: اللہ اور اس کا رسول بہتر

حدیث 1175:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1269 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1812 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 26807 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1191 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1481 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4264 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 7130 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 441 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث:1263

جانتے ہیں۔ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ چھوڑا اور اپنے دونوں ہاتھوں کو ملا کر تین مرتبہ اوپر کی طرف اٹھایا اور نیچے کیا، پھر فرمایا: متوسط راستہ اختیار کرو کیونکہ جو شخص دین پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے، دین اس پر غالب آ جاتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1177- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَدْلُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، اَنَّهُ صَلّٰى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ، ثُمَّ صَلّٰى حَتّٰى صَلَّى الْعِشَاءَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں مروی ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مغرب کی نماز پڑھی اور پھر عشاء تک نوافل پڑھتے رہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1178- اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ فَرُّوْخٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْرِمُوْا بُيُوْتَكُمْ بِبَعْضِ صَلَاتِكُمْ،

قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: صَلُّوْا فِيْ بُيُوْتِكُمْ، وَلَا تَتَّخِذُوْهَا قُبُوْرًا فَاَمَّا حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَرُّوْخٍ فَاِنَّ لَفْظَهُ عَجَبٌ وَّهُوَ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ مَكَّةَ صَدُوْقٌ سَكَنَ مِصْرَ وَبِهَا مَاتَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کچھ نمازیں گھر میں پڑھ کر اپنے گھروں کو عزت بخشو۔

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے عبداللہ کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے نافع کے واسطے سے حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے "اپنے گھروں میں نماز پڑھا کرو اور ان کو قبرستان نہ بناؤ"۔ عبداللہ بن فروخ کی اس حدیث کے الفاظ پسندیدہ ہیں، یہ اہل مکہ کے شیخ ہیں، صدوق ہیں۔ مصر میں رہائش پذیر رہے اور وہیں وفات پائی۔

1179- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيٍّ الْغَزَّالُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَدَعَا بِلَالًا فَقَالَ: يَا بِلَالُ بِمَ سَبَقْتَنِيْ اِلَى الْجَنَّةِ؟ اِنِّيْ دَخَلْتُ الْبَارِحَةَ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ خَشْخَشَتَكَ اَمَامِيْ، فَقَالَ بِلَالٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا اَذَّنْتُ قَطُّ اِلَّا صَلَّيْتُ رَكْعَتَيْنِ، وَمَا اَصَابَنِيْ حَدَثٌ قَطُّ اِلَّا

تَوَضَّأْتُ عِنْدَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِهٰذَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کے وقت حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بلایا اور فرمایا: اے بلال! تم کس عمل کے سبب جنت میں مجھ سے آگے ہو؟ میں گزشتہ رات جنت میں گیا تو اپنے آگے تیرے قدموں کی آہٹ سنی ۔حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جب بھی اذان دیتا ہوں تو دو رکعت نوافل پڑھتا ہوں اور میں جب بھی بے وضو ہوتا ہوں تو وضو کر لیتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بس اسی وجہ سے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1180- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الْمَدِينِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَارَةَ بْنَ خُزَيْمَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّ رَجُلا ضَرِيْرًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يُعَافِيَنِي، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ اَخَّرْتَ ذٰلِكَ وَهُوَ خَيْرٌ، وَاِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ، قَالَ: فَادْعُهُ، قَالَ: فَاَمَرَهُ اَنْ يَتَوَضَّاَ فَيُحْسِنَ وُضُوئَهُ، وَيُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ وَيَدْعُوَ بِهٰذَا الدُّعَاءِ، فَيَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ، وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، يَا مُحَمَّدُ اِنِّي تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّي فِي حَاجَتِي هٰذِهِ فَتُقْضٰى لِي، اللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيَّ وَشَفِّعْنِي فِيهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک نابینا شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے تندرستی دے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو چاہے تو اس کو موخر کر لے کیونکہ یہی بہتر ہے اور اگر تم چاہو تو میں دعا کر دیتا ہوں۔اس نے کہا: آپ دعا کر دیجیے، راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو حکم دیا کہ اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نوافل پڑھ کر یوں دعا مانگا کرو 'اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ، وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، يَا مُحَمَّدُ اِنِّي تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّي فِي حَاجَتِي هٰذِهِ فَتُقْضٰى لِي، اللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيَّ وَشَفِّعْنِي فِيهِ (یا اللہ میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں اور تیرے نبی رحمت، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں، اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! میں آپ کے ذریعے سے اپنے رب کی طرف اپنی

حدیث 1180:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/ 1991ء رقم الحديث: 10495 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3578 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1385 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 17279 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/ 1970ء رقم الحديث: 1219 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ه/ 1988ء رقم الحديث: 379 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 17280

اس حاجت میں متوجہ ہوں، آپ میری حاجت پوری کر دیں۔ اے اللہ! تو ان کے حق میں میری دعا قبول فرما اور انہیں میرا شفیع بنا)

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1181- اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيسَى الْحِيرِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبِ بْنِ مُسْلِمٍ الْقُرَشِيُّ، اَخْبَرَنِي حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، اَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ اَبِي الْوَلِيدِ، اَخْبَرَهُ اَنَّ اَيُّوبَ بْنَ خَالِدِ بْنِ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيَّ، حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اكْتُمِ الْخِطْبَةَ، ثُمَّ تَوَضَّأْ فَاَحْسِنْ وُضُوئَكَ، ثُمَّ صَلِّ مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكَ، ثُمَّ احْمَدْ رَبَّكَ وَمَجِّدْهُ، ثُمَّ قُلِ: اللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ، وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، فَاِنْ رَاَيْتَ لِي فِي فُلَانَةَ تُسَمِّيهَا بِاسْمِهَا خَيْرًا لِي فِي دِينِي وَدُنْيَايَ وَآخِرَتِي، فَاقْدُرْهَا لِي، وَاِنْ كَانَ غَيْرُهَا خَيْرًا لِي مِنْهَا فِي دِينِي وَدُنْيَايَ وَآخِرَتِي، فَاقْضِ لِي بِهَا، اَوْ قُلْ: فَاقْدُرْهَا لِي هٰذِهِ سُنَّةُ صَلٰوةِ الاسْتِخَارَةِ عَزِيزَةٌ تَفَرَّدَ بِهَا اَهْلُ مِصْرَ، وَرُوَاتُهُ عَنْ آخِرِهِمْ ثِقَاتٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ایوب بن خالد بن ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خطبہ خاموشی سے سنو، پھر اچھی طرح وضو کرو، پھر وہ نمازیں جو اللہ نے تم پر فرض کی ہیں وہ پڑھو، پھر اس کی حمد اور بزرگی بیان کرو، پھر یوں دعا مانگو (اے اللہ تو قادر ہے، میں قادر نہیں، تو جانتا ہے اور میں جانتا نہیں اور تو غیب جانتا ہے اگر فلاں چیز ۔۔۔۔(یہاں پر تم اس چیز کا نام ذکر کرو) میرے حق میں تیری بارگاہ میں میرے دین، دنیا اور آخرت کے حوالے سے بہتر ہے تو وہ میرے لئے مقدر کر دے اور اگر اس کے علاوہ (کوئی دوسری چیز) میرے دین، دنیا اور آخرت کے حوالے سے میرے لئے بہتر ہے تو میرے لئے اس کا فیصلہ کر دے یا (کہا کہ) وہ میرے مقدر میں کر دے۔

✣✣ یہ نماز استخارہ کی سنت عزیزہ ہے، اس کو فقط اہل مصر نے روایت کیا ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

1182- اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُحَافِظُ عَلَى صَلٰوةِ الضُّحَى اِلَّا اَوَّابٌ، قَالَ: وَهِيَ صَلٰوةُ الْاَوَّابِينَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صلاۃ الضحیٰ پر استقامت صرف توبہ کرنے والے اختیار کرتے ہیں (ابوہریرہ) کہتے ہیں: یہ صلاۃ الاوابین ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا گیا۔

1183- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

الْقُرَشِيِّ، حَدَّثَهُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ صَلّٰى سُبْحَةَ الضُّحٰى ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: اِنِّيْ صَلَّيْتُ صَلٰوةَ رَغْبَةٍ وَّرَهْبَةٍ، فَسَاَلْتُ رَبِّيْ ثَلَاثًا فَاَعْطَانِيْ اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِيْ وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَّا يَقْتُلَ اُمَّتِيْ بِالسِّنِيْنَ فَفَعَلَ، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَّا يُظْهِرَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا فَفَعَلَ، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَّا يَلْبِسَهُمْ شِيَعًا فَاَبٰى عَلَيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ اُمِّ هَانِءٍ فِيْ ثَمَانِ رَكَعَاتِ الضُّحٰى فَقَطْ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک سفر میں آٹھ رکعت نوافل پڑھتے دیکھا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم فارغ ہوئے تو فرمایا: میں نے شوق اور خوف کی نماز پڑھی ہے اور میں نے اپنے رب سے تین چیزیں مانگیں جن میں سے اللہ تعالیٰ نے مجھے دو عطا کر دی ہیں اور ایک سے منع کر دیا ہے۔ میں نے یہ دعا مانگی ''میری امت قحط کے ساتھ قتل نہ ہو'' تو قبول کر لی گئی اور میں نے یہ دعا مانگی ''ان پر دشمن غالب نہ ہو'' تو یہ قبول ہوگئی اور میں نے یہ دعا مانگی ''یہ آپس میں نہ لڑیں'' تو مجھے اس سے منع کر دیا۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری اور امام مسلم نے اس کو ان لفظوں کے ہمراہ بیان نہیں کیا، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ضحیٰ کی آٹھ رکعتیں پڑھنے کے متعلق اُمّ ہانی کی حدیث نقل کی ہے۔

1184 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ، اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَمُتْ حَتّٰى كَانَ اَكْثَرُ صَلَاتِهِ جَالِسًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: وفات سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اکثر نمازیں بیٹھ کر پڑھا کرتے تھے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1185 - حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْكِسَائِيُّ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التُّسْتَرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ قَائِمًا وَّقَاعِدًا، فَاِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ قَائِمًا رَكَعَ قَائِمًا، وَاِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ قَاعِدًا رَكَعَ قَاعِدًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَقَدْ خَرَّجْتُهُ قَبْلَ هٰذَا مِنْ حَدِيْثِ حُمَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، وَهٰذَا مَوْضِعُهُ، وَحَدِيْثُ ابْنِ سِيْرِيْنَ، هٰذَا شَاهِدٌ صَحِيْحٌ لِمَا تَقَدَّمَ

✧✧ حضرت ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر بھی نماز پڑھتے تھے اور بیٹھ کر بھی

جب کھڑے ہوکر نماز شروع کرتے تو رکوع بھی کھڑے ہوکر کرتے اور جب بیٹھ کر نماز شروع کرتے تو رکوع بھی بیٹھ کر کرتے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔ اور میں نے اس سے پہلے حمید کی روایت، عبداللہ بن شقیق کے حوالے سے نقل کی ہے اور یہ مقام اسی حدیث کا ہے اور ابن سیرین کی یہ حدیث گزشتہ حدیث کی شاہد ہے۔

1186۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَانَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَانَا وَكِيعٌ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، اَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ، قَالَ: كَانَ بِي النَّاصُورُ، فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: صَلِّ قَائِمًا، فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَجَالِسًا، فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَعَلٰى جَنْبٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ مِنْ حَدِيْثِ يَزِيْدَ بْنِ زُرَيْعٍ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ مُخْتَصَرًا

✧✧ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے ناسور کا عارضہ تھا (یعنی ایک گہرا زخم تھا جو ہر وقت رستا رہتا تھا) تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (اس کے بارے میں پوچھا) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھڑے ہوکر نماز پڑھا کرو، اگر ایسا نہ ہوسکے تو بیٹھ کر پڑھ لو اور اگر اس کی بھی استطاعت نہ ہو تو کروٹ کے بل پڑھ لو۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اسی واقعہ کو یزید بن زریع کی حسین المعلم کی حدیث میں مختصراً نقل کیا ہے۔

1187۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، وَشُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِيْ بُسْرَةَ الْغِفَارِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّهُ قَالَ: سَافَرْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَفَرًا، فَلَمْ اَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ الرَّكْعَتَيْنِ حِيْنَ تَزِيْغُ الشَّمْسُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

وَقَدْ رَوَاهُ فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِيْ بُسْرَةَ الْغِفَارِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: سَافَرْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَةَ عَشَرَ سَفَرًا لَمْ اَرَهُ تَرَكَ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ

✧✧ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ اٹھارہ سفر کئے ہیں۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی نہیں دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج ڈھلنے کے وقت دو رکعتیں ترک کی ہوں۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور فلیح بن سلیمان نے صفوان بن سلیم پھر ابوبسرہ الغفاری کے حوالے سے براء بن عازب کا یہ قول نقل کیا ہے "میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ انیس سفر

کئے ہیں میں نے آپ ﷺ کوظہر کی پہلی دو رکعتیں ترک کرتے کبھی نہیں دیکھا''۔

1188۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاِمَامُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ هَاشِمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعْدٍ الْكَاتِبُ، وَكَانَتْ لَهُ مُرُوَّةٌ وَّعَقْلٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْزِلُ مَنْزِلًا اِلَّا وَدَّعَهُ بِرَكْعَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَعُثْمَانُ بْنُ سَعْدٍ الْكَاتِبُ مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ فِي الْبَصْرِيِّيْنَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جس مقام پر بھی ٹھہرتے وہاں سے روانہ ہونے سے قبل دو رکعتیں ادا کرتے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری اور امام مسلم نے اس کو نقل نہیں کیا اور عثمان بن سعد الکاتب ان راویوں میں سے ہیں جن کی احادیث بصریوں میں جمع کی جاتی ہیں۔

1189 ...۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مِهْرَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا شَيْبَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ، عَنِ الْاَغَرِّ اَبِي مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ، قَالَا: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَيْقَظَ مِنَ اللَّيْلِ وَاَيْقَظَ اَهْلَهُ، فَصَلَّيَا رَكْعَتَيْنِ جَمِيْعًا كُتِبَا مِنَ الذَّاكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَالذَّاكِرَاتِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص رات کے وقت اٹھے اور اپنی بیوی کو اٹھائے اور وہ دونوں ۲ رکعت نوافل پڑھیں، ان کا نام اللہ کا کثرت سے ذکر کرنے والوں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1190۔ اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِيْهُ، وَاَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، وَحَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُزَكِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَبْدِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ اَيُّوْبَ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، وَعِكْرِمَةَ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَائَهُ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، فَقَالَ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، تَفَلَّتَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ مِنْ صَدْرِي، فَمَا اَجِدُنِي اَقْدِرُ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا الْحَسَنِ، اَفَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُكَ

حدیث 1189:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1451 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1310 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء رقم الحدیث: 4420

اللّٰهُ بِهِنَّ، وَيَنْفَعُ بِهِنَّ مَنْ عَلَّمْتَهُ، وَيُثَبِّتُ مَا عَلِمْتَهُ فِي صَدْرِكَ ؟ قَالَ: أَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَعَلِّمْنِي، قَالَ: إِذَا كَانَتْ لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَقُومَ فِي ثُلُثِ اللَّيْلِ الْآخِرِ، فَإِنَّهَا سَاعَةٌ مَّشْهُودَةٌ، وَالدُّعَاءُ فِيهَا مُسْتَجَابٌ، وَهِيَ قَوْلُ أَخِي يَعْقُوبَ لِبَنِيهِ سَوْفَ أَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّي حَتّٰى تَأْتِيَ لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ، فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَقُمْ فِي وَسَطِهَا، فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَقُمْ فِي أَوَّلِهَا، فَصَلِّ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ تَقْرَأُ فِي الْأُولٰى بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَسُورَةِ يس، وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَالٓمٓ تَنْزِيلُ السَّجْدَةَ، وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّالِثَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وحم، الدُّخَانَ، وَفِي الرَّكْعَةِ الرَّابِعَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَ تَبَارَكَ الْمُفَصَّلَ، فَإِذَا فَرَغْتَ مِنَ التَّشَهُّدِ فَاحْمَدِ اللّٰهَ، وَأَحْسِنِ الثَّنَاءَ عَلَى اللّٰهِ، وَصَلِّ عَلَيَّ، وَعَلٰى سَائِرِ النَّبِيِّينَ وَأَحْسِنْ، وَاسْتَغْفِرْ لِإِخْوَانِكَ الَّذِينَ سَبَقُوكَ بِالْإِيمَانِ، وَاسْتَغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِينَ وَلِلْمُؤْمِنَاتِ، ثُمَّ قُلْ آخِرَ ذٰلِكَ: اللّٰهُمَّ ارْحَمْنِي بِتَرْكِ الْمَعَاصِي أَبَدًا مَا أَبْقَيْتَنِي، وَارْحَمْنِي أَنْ أَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْنِينِي، وَارْزُقْنِي حُسْنَ النَّظَرِ فِيمَا يُرْضِيكَ عَنِّي، اللّٰهُمَّ بَدِيعَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِي لَا تُرَامُ، أَسْأَلُكَ يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ، وَنُورِ وَجْهِكَ أَنْ تُلْزِمَ قَلْبِي حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِي، وَارْزُقْنِي أَنْ أَتْلُوَهُ عَلَى النَّحْوِ الَّذِي يُرْضِيكَ عَنِّي، اللّٰهُمَّ بَدِيعَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِي لَا تُرَامُ أَسْأَلُكَ يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُورِ وَجْهِكَ، أَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِي، وَأَنْ تُطْلِقَ بِهِ لِسَانِي، وَأَنْ تُفَرِّجَ بِهِ عَنْ قَلْبِي، وَأَنْ تَشْرَحَ بِهِ صَدْرِي، وَأَنْ تَشْغَلَ بِهِ بَدَنِي، فَإِنَّهُ لَا يُعِينُنِي عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ، وَلَا يُؤْتِيهِ إِلَّا أَنْتَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ أَبَا الْحَسَنِ، تَفْعَلُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ جُمَعٍ، أَوْ خَمْسًا، أَوْ سَبْعًا، يُجَابُ بِإِذْنِ اللّٰهِ فَوَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ مَا أَخْطَأَ مُؤْمِنًا قَطُّ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ فَوَاللّٰهِ مَا لَبِثَ عَلِيٌّ إِلَّا خَمْسًا، أَوْ سَبْعًا حَتّٰى جَاءَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مِثْلِ ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي كُنْتُ فِيمَا خَلَا لَا أَتَعَلَّمُ أَرْبَعَ آيَاتٍ أَوْ نَحْوَهُنَّ، فَإِذَا قَرَأْتُهُنَّ عَلٰى نَفْسِي يَتَفَلَّتْنَ، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَأَتَعَلَّمُ الْأَرْبَعِينَ آيَةً وَّنَحْوَهَا، فَإِذَا قَرَأْتُهُنَّ عَلٰى نَفْسِي، فَكَأَنَّمَا كِتَابُ اللّٰهِ نُصْبَ عَيْنِي، وَلَقَدْ كُنْتُ أَسْمَعُ الْحَدِيثَ فَإِذَا أَرَدْتُهُ تَفَلَّتَ، وَأَنَا الْيَوْمَ أَسْمَعُ الْأَحَادِيثَ فَإِذَا حَدَّثْتُ بِهَا لَمْ أَخْرِمْ مِنْهَا حَرْفًا، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ: مُؤْمِنٌ وَّرَبِّ الْكَعْبَةِ أَبَا الْحَسَنِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: کہ ایک مرتبہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ اسی دوران حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ وہاں آئے اور بولے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ یہ قرآن میرے سینے سے نکل جاتا ہے اور میں اس کو یاد نہیں رکھ پاتا ہوں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا: اے ابوالحسن! کیا میں تجھے ایسے کلمات نہ سکھا دوں جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ تجھے نفع دے اور ان لوگوں کو بھی نفع دے جن کو تو سکھائے اور جو کچھ تو سکھائے وہ تیرے سینے میں بھی قائم رہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں: آپ مجھے سکھایئے!

آپ ﷺ نے فرمایا: جب جمعہ کی رات ہوتو اگر اس کے آخری حصے میں عبادت کر سکے (تو کرو) کیونکہ وہ وقت مشہود ہے اور اس میں دعا قبول ہوتی ہے اور یہی بات میرے بھائی یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے کہی تھی کہ میں عنقریب تمہارے لئے اپنے رب سے مغفرت کی دعا کروں گا۔ یہاں تک کہ جمعہ کی رات آ گئی۔ اگر اس کی استطاعت نہ ہو تو رات کے درمیانی حصے میں عبادت کرو اور اگر اس کی بھی استطاعت نہ ہو تو رات کے پہلے حصے میں عبادت کرو (اور عبادت کا طریقہ کار یہ ہے)

چار رکعت نوافل پڑھو، پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ یٰسین، دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد الم تنزیل السجدہ، تیسری رکعت میں فاتحہ کے بعد حم الدخان اور چوتھی رکعت میں فاتحہ کے بعد تبارک المفصل پڑھو، جب تشہد سے فارغ ہو تو اللہ کی حمد وثناء کرو اور میرے اوپر اور تمام انبیاء پر احسن طریقے سے درود بھیجو اور اپنے ان بھائیوں کے لئے مغفرت کی دعا کرو جو اس سے پہلے ایمان لائے اور تمام مومن مرد اور عورتوں کے لئے مغفرت کی دعا کرو پھر سب سے آخر میں یہ دعا کرو ''اے اللہ! مجھ پر رحم کر، جب تک تو مجھے زندہ رکھے، میں گناہوں سے بچا رہوں اور میں فضولیات کو چھوڑے رکھوں اور یا اللہ! مجھے وہ حسن نظر عطا کر جو تجھے مجھ سے راضی کر دے۔ اے اللہ! زمین و آسمانوں کے پیدا کرنے والے، اے بزرگ اور ایسی بزرگی اور عزت والے جو کبھی ختم نہ ہو، اے اللہ! اے رحمان! میں تیرے جلال اور نور کے واسطے سے تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میرے دل کو اپنی کتاب یاد کرنے کے قابل کر دے جیسا کہ تو نے مجھے سکھایا ہے اور تو مجھے اس کی تلاوت اس طریقے سے کرنے کی توفیق دے جو تجھے مجھ سے راضی کر دے، اے اللہ! زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے! ایسی بزرگی اور عزت والے جو کبھی کم نہ ہو، اے اللہ! اے رحمان! تیرے جلال اور نور کے صدقے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ اپنی کتاب کے ساتھ میری آنکھوں کو روشن کر دے اور اس کے ساتھ میری زبان کو روانی دے دے اور میرے دل کو کشادہ کر دے اور میرے سینے کو کھول دے اور میرے بدن کو صاف کر دے کیونکہ تیرے سوا حق پر میری مدد کرنے والا کوئی نہیں اور تیرے سوا مجھے یہ چیز کوئی نہیں دے گا اور ہر طاقت اور قوت اس اللہ کے لئے ہے، جو بڑا ہے عظمت والا ہے (پھر آپ ﷺ نے فرمایا) اے ابوالحسن یہ عمل تین جمعہ یا پانچ یا سات جمعہ تک کرو، اللہ کے حکم سے دعا قبول ہو گی۔ اس ذات کی قسم! جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے، کوئی شخص مومن ہوتے ہوئے کبھی خطا نہیں کرتا۔

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: خدا کی قسم! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پانچ یا سات جمعہ یہ عمل نہیں کیا تھا کہ اسی طرح کی مجلس میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ میں اس سے پہلے چار یا اس کے قریب کچھ آیات بھی سیکھ نہیں پاتا تھا، جب میں ان کو پڑھتا تھا تو بھول جاتا تھا لیکن آج کل میں چالیس کے قریب آیتیں سیکھ لیتا ہوں اور جب ان کو پڑھتا ہوں تو یوں لگتا ہے گویا کہ کتاب اللہ میری آنکھوں کے سامنے ہے اور میں کوئی حدیث سنا کرتا تھا اور جب اس کو میں دہراتا، تو بھول چکا ہوتا اور اب میں کئی احادیث سنتا ہوں تو جب ان کو بیان کرتا ہوں تو کوئی ایک حرف بھی نہیں بھولتا، ان کو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رب کعبہ کی قسم! ابوالحسن مومن ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1191 ...۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ

اللّٰهِ، اَنْبَانَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، اَخْبَرَنِیْ اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ، غَدَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: عَلِّمْنِیْ كَلِمَاتٍ اَقُوْلُهُنَّ فِیْ صَلَاتِیْ، فَقَالَ: كَبِّرِی اللّٰهَ عَشْرًا، وَسَبِّحِي اللّٰهَ عَشْرًا، اَوِ احْمَدِيهِ عَشْرًا، ثُمَّ سَلِیْ مَا شِئْتِ، يَقُوْلُ: نَعَمْ، نَعَمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَشَاهِدُهُ حَدِيْثُ الْيَمَانِيِّينَ فِیْ صَلٰوةِ التَّسْبِيحِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) اُمّ سلیم صبح کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں اور کہا: مجھے کچھ ایسے کلمات سکھا دیں جن کو میں اپنی نمازوں میں پڑھ سکوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، دس مرتبہ اللہ اکبر، دس مرتبہ سبحان اللہ یا دس مرتبہ الحمد للہ پڑھا کرو اور پھر جو چاہو دعا مانگو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! ہاں۔

✥✥ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور اس کی شاہد صلوٰۃ تسبیح کے حوالے سے یمنی راویوں کی حدیث ہے۔

1192 ..... اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُلَيْمَانَ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْقِنْبَارِيُّ بِعَدَنَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَانَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ حَبِيْبٍ الْهِلَالِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَبُوْ شُعَيْبٍ الَّذِیْ يُقَالُ لَهٗ: الْقِنْبَارِيُّ بِعَدَنَ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ اَبَانَ، حَدَّثَنِیْ عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ: يَا عَبَّاسُ، يَا عَمَّاهُ اَلَا اُعْطِيكَ، اَلَا اَحْبُوكَ، اَلَا اَفْعَلُ بِكَ عَشْرُ خِصَالٍ، اِذَا اَنْتَ فَعَلْتَ ذٰلِكَ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ ذَنْبَكَ اَوَّلَهُ وَاٰخِرَهُ، قَدِيمَهُ وَحَدِيثَهُ، خَطَاَهُ وَعَمْدَهُ، صَغِيْرَهُ وَكَبِيْرَهُ، سِرَّهُ وَعَلَانِيَتَهُ: اَنْ تُصَلِّيَ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ تَقْرَاُ فِیْ كُلِّ رَكْعَةٍ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُورَةٍ، فَاِذَا فَرَغْتَ مِنَ الْقِرَاءَةِ فِیْ اَوَّلِ رَكْعَةٍ قُلْتَ وَاَنْتَ قَائِمٌ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ خَمْسَ عَشْرَةَ مَرَّةً، ثُمَّ تَرْكَعُ فَتَقُوْلُ وَاَنْتَ رَاكِعٌ عَشْرًا، ثُمَّ تَرْفَعُ رَاْسَكَ فَتَقُوْلُهَا عَشْرًا، ثُمَّ تَسْجُدُ فَتَقُوْلُهَا عَشْرًا، ثُمَّ تَرْفَعُ رَاْسَكَ فَتَقُوْلُهَا عَشْرًا، ثُمَّ تَسْجُدُ فَتَقُوْلُهَا عَشْرًا، ثُمَّ تَرْفَعُ رَاْسَكَ فَتَقُوْلُهَا عَشْرًا، فَذٰلِكَ خَمْسَةٌ وَّسَبْعُونَ فِیْ كُلِّ رَكْعَةٍ تَفْعَلُ فِیْ اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ، اِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تُصَلِّيَهَا فِیْ كُلِّ يَوْمٍ فَافْعَلْ، فَاِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَفِیْ كُلِّ جُمُعَةٍ مَرَّةً، فَاِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَفِیْ كُلِّ شَهْرٍ مَرَّةً، فَاِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَفِیْ كُلِّ سَنَةٍ مَرَّةً، فَاِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَفِیْ عُمُرِكَ مَرَّةً هٰذَا حَدِيْثٌ وَّصَلَهُ مُوْسٰى بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ اَبَانَ وَقَدْ خَرَّجَهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ الْاَشْعَثِ، وَاَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ فِی الصَّحِيحِ، فَرَوَوْهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ بِشْرٍ، وَقَدْ رَوَاهُ اِسْحَاقُ بْنُ اِسْرَائِيلَ، عَنْ مُّوسٰى بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْقِنْبَارِيِّ،

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے

عباس! اے چچا! کیا میں آپ کو ایسی دس خصلتیں نہ بتاؤں کہ اگر آپ ان پر عمل کر لیں تو اللہ تعالیٰ آپ کے چھوٹے بڑے، ظاہر باطن، نئے، پرانے، اول، آخر، دانستہ اور نادانستہ تمام گناہوں کو معاف کر دے گا۔ (وہ عمل یہ ہے) تم چار رکعتیں ادا کرو ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد (اپنی مرضی سے) کوئی سورۃ پڑھو، جب پہلی رکعت میں قرأت سے فارغ ہو تو کھڑے کھڑے پندرہ مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَر "پڑھو پھر رکوع کرو اور رکوع کی حالت میں (یہی تسبیح) دس مرتبہ پڑھو۔ پھر اپنے سر کو اٹھاؤ اور (قومہ میں) دس مرتبہ (یہی تسبیح) پڑھو پھر سجدہ کرو اور دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو پھر اپنے سر کو اٹھاؤ اور (جلسہ کی حالت میں) دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو پھر سجدہ کرو اور دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو پھر سر کو اٹھاؤ اور دس مرتبہ تسبیح پڑھو اس طرح ایک رکعت میں ۷۵ تسبیحات بنتی ہیں اور تم چاروں رکعتوں میں اسی طرح تسبیحات پڑھو۔ اگر ہو سکے تو یہ نماز روزانہ پڑھو اگر روزانہ نہیں پڑھ سکتے (تو کم از کم) ہفتہ میں ایک مرتبہ پڑھو اور اگر یہ بھی نہیں کر سکتے تو ہر مہینے میں ایک مرتبہ پڑھ لو اگر یہ بھی نہیں کر سکتے تو سال بھر میں ایک مرتبہ پڑھ لو اور اگر یہ بھی نہ کر سکو تو (کم از کم) ساری زندگی میں ایک مرتبہ پڑھ لو۔

❖❖ اس حدیث کو موسیٰ بن عبدالعزیز نے حکم بن ابان کے واسطے سے متصل کیا ہے۔ اس حدیث کو ابو بکر محمد بن اسحاق، ابوداؤد سلیمان بن اشعث اور ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نے صحیح میں نقل کیا ہے اور ان سب نے یہ روایت عبدالرحمان بن بشر کے حوالے سے نقل کی ہے جبکہ اسی حدیث کو اسحاق بن اسرائیل نے موسیٰ بن عبدالعزیز قنباری کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

1193- حَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَبُوْ شُعَيْبٍ الْقِنْبَارِيُّ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِمِثْلِهِ لَفْظًا وَاحِدًا، فَاَمَّا حَالُ مُوْسٰى بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فَحَدَّثَنِىْ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّزَّاقِ، وَسُئِلَ عَنْ اَبِىْ شُعَيْبٍ الْقِنْبَارِيِّ فَاَحْسَنَ عَلَيْهِ الثَّنَاءَ حَدَّثَنَا اَبِىْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، قَالَ: سَاَلْتُ يُوْسُفَ بْنَ يَعْقُوْبَ: كَيْفَ كَانَ الْحَكَمُ بْنُ اَبَانَ، قَالَ: ذَاكَ سَيِّدُنَا، قَالَ: ذٰلِكَ سَيِّدُنَا

وَاَمَّا اِرْسَالُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ اَبَانَ هٰذَا الْحَدِيْثَ، عَنْ اَبِيْهِ،

✧✧ یہ حدیث موسیٰ بن عبدالعزیز سے اسحاق بن اسرائیل کی روایت کردہ ہے۔

❖❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ہمراہ محمد بن سہل بن عسکر کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ ابوشعیب قنباری کے متعلق عبدالرزاق سے پوچھا گیا تو انہوں نے ان کی تعریف کی۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ہمراہ ابن عیینہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ میں نے یوسف بن یعقوب سے پوچھا: کہ حکم بن ابان کیسے آدمی تھے؟ انہوں نے فرمایا: وہ ہمارے سردار تھے۔ ابراہیم بن حکم بن ابان نے اپنے والد کے حوالے سے اس حدیث میں جو ارسال کیا ہے وہ درج ذیل ہے۔

1194- فَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ

بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبَانَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِعَمِّهِ الْعَبَّاسِ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ هٰذَا الْاِرْسَالُ لَا يُوهِنُ وَصْلَ الْحَدِيْثِ، فَاِنَّ الزِّيَادَةَ مِنَ الثِّقَةِ اَوْلٰى مِنَ الْاِرْسَالِ عَلٰى اَنَّ اِمَامَ عَصْرِهِ فِي الْحَدِيْثِ اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ قَدْ اَقَامَ هٰذَا الْاِسْنَادَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ اَبَانَ وَوَصَلَهُ،

✣ یہ ارسال حدیث کے وصل میں ضعف پیدا نہیں کرتا۔ اس لئے کہ ثقہ کی زیادتی ارسال سے اولیٰ ہے، مزید برآں یہ کہ اپنے زمانے کے امام الحدیث اسحاق بن ابراہیم حنظلی نے اس اسناد کو ابراہیم بن حکم بن ابان کے واسطے سے قائم رکھا ہے اور متصل کیا ہے (جیسا کہ ان کی حدیث درج ذیل ہے)

1195۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ قُرَيْشٍ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، اَنْبَاَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيْثِ مُوْسَى بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنِ الْحَكَمِ، وَقَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَّمَ ابْنَ عَمِّهِ جَعْفَرَ بْنَ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ كَمَا عَلَّمَهَا عَمَّهُ الْعَبَّاسَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

✣ عبداللہ بن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت بھی صحیح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچازاد بھائی حضرت جعفر بن ابی طالب کو بھی یہ نماز سکھائی، جس طرح اپنے چچا عباس کو سکھائی تھی۔

1196 ... حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً مِّنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ الْغَفَّارِ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ كَامِلٍ، حَدَّثَنَا اِدْرِيْسُ بْنُ يَحْيٰى، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: وَجَّهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعْفَرَ بْنَ اَبِي طَالِبٍ اِلٰى بِلَادِ الْحَبَشَةِ، فَلَمَّا قَدِمَ اعْتَنَقَهُ وَقَبَّلَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا اَهَبُ لَكَ، اَلَا اُبَشِّرُكَ، اَلَا اَمْنَحُكَ، اَلَا اُتْحِفُكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: تُصَلِّي اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ تَقْرَاُ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ بِالْحَمْدِ وَسُوْرَةٍ، ثُمَّ تَقُوْلُ بَعْدَ الْقِرَائَةِ وَاَنْتَ قَائِمٌ قَبْلَ الرُّكُوْعِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ خَمْسَ عَشْرَةَ مَرَّةً، ثُمَّ تَرْكَعُ فَتَقُوْلُهُنَّ عَشْرًا تَمَامَ هٰذِهِ الرَّكْعَةِ قَبْلَ اَنْ تَبْتَدِءَ بِالرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ، تَفْعَلُ فِي الثَّلَاثِ رَكَعَاتٍ كَمَا وَصَفْتُ حَتّٰى تُتِمَّ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ لَّا غُبَارَ عَلَيْهِ، وَمِمَّا يُسْتَدَلُّ بِهِ عَلٰى صِحَّةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ اسْتِعْمَالُ الْاَئِمَّةِ مِنْ اَتْبَاعِ التَّابِعِيْنَ اِلٰى عَصْرِنَا هٰذَا اِيَّاهُ وَمُوَاظَبَتُهُمْ عَلَيْهِ وَتَعْلِيْمُهُنَّ النَّاسَ، مِنْهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جعفر بن ابی طالب کو مملکت حبشہ کی طرف بھیجا، جب وہ وہاں سے واپس آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے معانقہ کیا اور ان کی پیشانی پر بوسہ دیا۔ پھر فرمایا: کیا میں تجھے کچھ دوں؟ کیا میں تجھے کچھ

خوشخبری دوں؟ کیا میں تمہیں کوئی تحفہ دوں؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے فرمایا: چار رکعت (نوافل) پڑھا کرو۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ اور کوئی دوسری سورۃ پڑھا کرو اور قرات کے بعد رکوع سے پہلے قیام کی حالت میں پندرہ دفعہ سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَر پڑھا کرو پھر رکوع کرو اور یہی تسبیح دس بار پڑھو، دوسری رکعت شروع کرنے سے پہلے قومہ، سجدہ اور جلسہ میں یہی تسبیح پڑھتے ہوئے اس رکعت کو پورا کرو۔ باقی تین رکعتوں میں بھی اسی طرح کرو اور چار رکعتیں مکمل کرو۔

❖ یہ اسناد صحیح ہے، اس پر کوئی غبار نہیں ہے اور اس حدیث کے صحیح ہونے پر یہ دلیل بھی ہے کہ تبع تابعین سے لیکر ہمارے آج کے زمانے تک ائمہ حدیث نے اس پر عمل کیا ہے اور اس پر انتہائی پابندی کی ہے اور لوگوں کو اس کی تعلیم بھی دی ہے۔ ان میں سے عبداللہ بن مبارک کا نام سرفہرست ہے (جیسا کہ درج ذیل حدیث میں واضح ہے)

1197 - أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجَرَّاحِ الْعَدْلُ بِمَرْوَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَاسَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السُّكَّرِي حَدَّثَنَا أَبُو وَهْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُزَاحِمٍ قَالَ سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْمُبَارَكِ عَنِ الصَّلَاةِ الَّتِي يُسَبَّحُ فِيهَا فَقَالَ تُكَبِّرُ ثُمَّ تَقُولُ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ ثُمَّ تَقُولُ خَمْسَ عَشْرَةَ مَرَّةً سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ ثُمَّ تَتَعَوَّذُ وَتَقْرَأُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ وَفَاتِحَةَ الْكِتَابِ وَسُورَةً ثُمَّ تَقُولُ عَشْرَ مَرَّاتٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ ثُمَّ تَرْكَعُ فَتَقُولُهَا عَشْرًا ثُمَّ تَرْفَعُ رَأْسَكَ فَتَقُولُهَا عَشْرًا ثُمَّ تَسْجُدُ فَتَقُولُهَا عَشْرًا ثُمَّ تَرْفَعُ رَأْسَكَ فَتَقُولُهَا عَشْرًا ثُمَّ تَسْجُدُ الثَّانِيَةَ فَتَقُولُهَا عَشْرًا ثُمَّ تَرْفَعُ رَأْسَكَ فَتَقُولُهَا عَشْرًا تُصَلِّي أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ عَلٰى هٰذَا فَذٰلِكَ خَمْسٌ وَسَبْعُونَ تَسْبِيحَةً فِي كُلِّ رَكْعَةٍ وَذٰلِكَ تَمَامُ الثَّلَاثِ مِائَةٍ فَإِنْ صَلَّاهَا لَيْلًا فَأَحَبُّ إِلَيَّ أَنْ يُسَلِّمَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ فَإِنْ صَلّٰى نَهَارًا فَإِنْ شَاءَ سَلَّمَ وَإِنْ شَاءَ لَمْ يُسَلِّمْ رُوَاةُ هٰذَا الْحَدِيثِ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ أَثْبَاتٌ وَلَا يُتَّهَمُ عَبْدُ اللّٰهِ أَنْ يُعَلِّمَهُ مَا لَمْ يَصِحَّ عِنْدَهُ سَنَدُهُ

❖ حضرت ابووہب محمد بن مزاحم فرماتے ہیں: میں نے عبداللہ بن مبارک سے اس نماز کے متعلق پوچھا: جس میں تسبیحات پڑھی جاتی ہیں تو انہوں نے فرمایا: تکبیر پڑھو، پھر ثناء پڑھو، پھر پندرہ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَر پڑھو، پھر تعوذ پڑھو، پھر تسمیہ، پھر سورۃ فاتحہ اور کوئی دوسری سورۃ، پھر دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَر پڑھو، پھر رکوع کرو، پھر دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو، پھر سر اٹھاؤ اور دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو، پھر سجدہ کرو اور دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو، پھر سجدہ سے سر اٹھا کر دس بار یہی تسبیح کرو، پھر دوسرا سجدہ کرو اور دس بار یہی تسبیح پڑھو، پھر سر اٹھاؤ اور دس بار یہی تسبیح پڑھو، چار رکعتیں اسی طرح ادا کرو، اس طرح ہر رکعت میں ۷۵ اور پوری نماز میں ۳۰۰ تسبیحات ہیں، اگر یہی نماز رات میں پڑھیں تو میں اس بات کو زیادہ پسند کرتا ہوں کہ دو رکعتوں کے بعد سلام پھیرا جائے اور اگر دن میں پڑھیں تو جس کا دل چاہے (دو رکعتوں کے بعد) سلام پھیر لے اور جو چاہے نہ پھیرے۔

✤✤ اس حدیث کو ابن مبارک سے روایت کرنے والے تمام راوی ثقہ ہیں، قابل اعتماد ہیں اور عبداللہ بن مبارک پر یہ تہمت نہیں لگائی جاسکتی کہ وہ اس چیز کی تعلیم دیتے رہے جس کی سند ان کے اپنے نزدیک صحیح نہیں ہے۔

1198 ..... حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ هَارُوْنَ الْعُوْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِیْ سَمِيْنَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا رِشْدِيْنُ بْنُ كُرَيْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الرَّكْعَتَانِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ اِدْبَارَ النُّجُوْمِ، وَالرَّكْعَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ اِدْبَارَ السُّحُوْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نماز فجر سے پہلے دو رکعتیں پڑھنا 'اِدْبَارَ النُّجُوْمِ' (پر عمل کرنا) ہے اور مغرب کے بعد دو رکعتیں پڑھنا "اِدْبَارَ السُّحُوْرِ" (پر عمل کرنا) ہے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ حماد بن سلمہ نے علی بن زید پھر اوس بن خالد کے واسطے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے لیکن یہ حدیث اس کتاب کے معیار کی نہیں ہے۔

1199 ..... اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدِ الدَّارِمِيُّ، وَاَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا فَائِدٌ اَبُو الْوَرْقَاءِ الْعَطَّارُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَعَدَ فَقَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهٗ حَاجَةٌ اِلَى اللّٰهِ، اَوْ اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ بَنِیْ اٰدَمَ فَلْيَتَوَضَّأْ وَلْيُحْسِنْ وُضُوْئَهٗ، ثُمَّ لِيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يُثْنِیْ عَلَى اللّٰهِ، وَيُصَلِّیْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلْيَقُلْ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَسْاَلُكَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ

فَائِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُو الْوَرْقَاءِ كُوْفِيٌّ عِدَادُهٗ فِی التَّابِعِيْنَ، وَقَدْ رَاَيْتُ جَمَاعَةً مِّنْ اَعْقَابِهٖ، وَهُوَ مُسْتَقِيْمُ الْحَدِيْثِ اِلَّا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يُخَرِّجَا عَنْهُ، وَاِنَّمَا جَعَلْتُ حَدِيْثَهٗ هٰذَا شَاهِدًا لِمَا تَقَدَّمَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن ابی اوفی فرماتے ہیں: ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور بیٹھ گئے پھر فرمایا: جس شخص کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ یا کسی انسان کے ساتھ کوئی حاجت ہو تو وہ اچھی طرح وضو کر کے دو رکعتیں ادا کرے پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اور یوں دعا مانگے "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَسْاَلُكَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ"
(اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ حلیم اور کریم ہے، پاک ہے، وہ اللہ عرش عظیم کا مالک ہے، تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں

جو سارے جہان کا پالنے والا ہے، میں تجھ سے تیری مغفرت مانگتا ہوں اور ہر گناہ سے حفاظت مانگتا ہوں اور ہر برائی سے سلامتی مانگتا ہوں۔

❖❖ فائد بن عبدالرحمان ابوالورقاء کوفی ہیں۔ ان کا شمار تابعین میں ہوتا ہے اور میں نے (محدثین ؒ کی) ایک جماعت کو ان کے پیچھے دیکھا ہے (یعنی ان سے روایت کرتے ہیں) لیکن شیخین ؒ نے ان کی روایات نقل نہیں کیں اور میں نے اس حدیث کو گزشتہ حدیث کے شاہد کے طور بنایا ہے۔

1200۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الْهِسِنْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ حُيَيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يُرٰى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا، وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا، قَالَ اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ: لِمَنْ هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِمَنْ اَطَابَ الْكَلَامَ، وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَبَاتَ قَائِمًا وَالنَّاسُ نِيَامٌ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک محل ہے (جو اتنا نفیس ہے کہ) اس کے اندر سے باہر اور باہر سے اندر دیکھا جا سکتا ہے۔ حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یا رسول اللہ ﷺ یہ محل کس کے لئے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس شخص کے لئے جو اچھی گفتگو کرے، اور کھانا کھلائے اور رات عبادت میں گزارے جس وقت لوگ سو رہے ہوتے ہیں۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم ؒ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1201۔ حَدَّثَنِی اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً مِّنْ رَّمَضَانَ فِي حُجْرَةٍ مِّنْ جَرِيدِ النَّخْلِ، قَالَ: فَقَامَ فَكَبَّرَ، فَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ ذُو الْجَبَرُوتِ وَالْمَلَكُوتِ، وَذُو الْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ، ثُمَّ افْتَتَحَ الْبَقَرَةَ فَقَرَاَ، فَقُلْتُ: يَبْلُغُ رَاْسَ الْمِائَةِ، ثُمَّ قُلْتُ: يَبْلُغُ رَاْسَ الْمِائَتَيْنِ، قَالَ: ثُمَّ افْتَتَحَ اٰلَ عِمْرَانَ فَقَرَاَهَا، ثُمَّ افْتَتَحَ النِّسَاءَ فَقَرَاَهَا لَا يَمُرُّ بِاٰيَةِ التَّخْوِيفِ اِلَّا وَقَفَ فَتَعَوَّذَ، ثُمَّ رَكَعَ مِثْلَ مَا قَامَ، يَقُوْلُ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ يُرَدِّدُهُنَّ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ، فَقَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِثْلَ مَا رَكَعَ، ثُمَّ سَجَدَ مِثْلَ مَا قَامَ، يَقُوْلُ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى، وَيَقُوْلُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ: رَبِّ اغْفِرْ لِي فَمَا صَلّٰى اِلَّا اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ مِّنْ صَلٰوةِ الْعَتَمَةِ مِنْ

حدیث 1200:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 6615

اَوَّلِ اللَّيْلِ اِلٰى اٰخِرِهٖ، حَتّٰى جَآءَ بِلَالٌ فَاٰذَنَهٗ بِصَلٰوةِ الْغَدَاةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رمضان المبارک کی رات میں کھجوروں کی ٹہنیوں سے (بنے ہوئے ایک) حجرے میں نماز پڑھی (حذیفہ) فرماتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہوکر تکبیر کہی: پھر کہا: "اَللّٰهُ اَكْبَرُ ذُو الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَكُوْتِ، وَذُو الْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَة " پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ بقرہ شروع کی، میں نے سوچا (کہ شاید) آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سو آیتیں پڑھیں گے (لیکن آپ اس سے بھی زیادہ تلاوت کرتے رہے) میں نے سوچا (کہ شاید) دوسو آیتیں پڑھیں گے (لیکن آپ اس سے بھی آگے پڑھتے رہے یہاں تک کہ) حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ آل عمران شروع کی یہ بھی پوری پڑھ لی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ النساء شروع کی یہ بھی پوری پڑھ لی (آپ تلاوت کے دوران) کسی ایسی آیت کو پڑھتے جس میں عذاب وغیرہ کا ذکر ہوتا تو وہاں تلاوت موقوف کر کے اللہ کی پناہ مانگتے۔ پھر اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنی دیر رکوع کیا، جتنی دیر قیام کیا تھا، اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم بار بار سبحان ربی العظیم پڑھتے رہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ، اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ پڑھا (اور اتنی دیر کھڑے رہے) جتنی دیر رکوع کیا تھا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنی ہی دیر سجدہ کیا جتنی دیر کھڑے رہے اور سجدہ میں سبحان ربی الاعلیٰ پڑھتے رہے اور دو سجدوں کے درمیان آپ کہتے "رب اغفرلی" (یا اللہ مجھے بخش دے) حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ نماز اتنی لمبی پڑھی کہ) رات کے شروع سے آخر تک عشاء کی یہی چار رکعتیں پوری کیں تھیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ علیہ السلام کو نماز فجر کے لئے بلانے آگئے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

کِتَابُ السَّھْو

سجدہ سہو کا بیان

1202- حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، اِمْلاءً فِیْ رَجَبٍ سَنَةَ خَمْسٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلاثِ مِائَةٍ، اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَتَكِیُّ، حَدَّثَنَا وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ الْجُرْجَانِیُّ، وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ السُّلَمِیُّ، قَالاَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ عَجْلانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِیْ صَلاتِهٖ فَلْيُلْقِ الشَّكَّ، وَلْيَبْنِ عَلَى الْيَقِيْنِ، فَاِنِ اسْتَيْقَنَ التَّمَامَ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، فَاِنْ كَانَتْ صَلاتُهٗ تَامَّةً كَانَتِ الرَّكْعَةُ نَافِلَةً وَّالسَّجْدَتَانِ، وَاِنْ كَانَتْ نَاقِصَةً كَانَتِ الرَّكْعَةُ تَمَامًا لِصَلاتِهٖ، وَالسَّجْدَتَانِ يُرْغِمَانِ اَنْفَ الشَّيْطَانِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہیں نماز میں شک پڑے تو وہ شک کو پھینک دے اور یقین پر اعتماد کرے، اگر نماز کے پورا ہونے کا یقین ہو تو دو سجدے کر لے (یعنی ایک رکعت پڑھ لینے کے بعد) کیونکہ اگر (حقیقت میں) اس کی نماز پوری ہو چکی تھی تو یہ رکعت اور دو سجدے اس کے نفل ہو جائیں گے اور اگر ناقص تھی تو اس رکعت

حدیث: 1202

✧✧ حضرت ثعلبہ بن عباد عبدی رضی اللہ عنہ کا تعلق کا بصرہ سے ہے، وہ فرماتے ہیں: ایک دن وہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کے خطبہ میں حاضر ہوئے تو انہوں نے اپنے خطبہ میں درجہ ذیل واقعہ سنایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک مرتبہ میں اور ایک انصاری لڑکا نشانہ بازی کر رہے تھے، جب سورج لوگوں کی نگاہوں میں آسمان میں دو یا تین نیزوں کی مقدار میں رہ گیا تو کالا ہو گیا اور اتنا اندھیرا ہو گیا، لگتا تھا کہ رات ہو گئی، تو ہم میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا: میرے ساتھ مسجد میں چلو، خدا کی قسم! ہم اس سورج کی حالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیان کریں گے، تو ہم مسجد میں آ گئے، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم میدان کی طرف نکل چکے تھے، ہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہو لئے۔ حضرت سمرہ کہتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے اور ہمیں نماز پڑھائی، اس نماز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنا لمبا قیام کیا کہ اس سے پہلے کبھی کسی نماز میں اتنا لمبا قیام نہیں کیا تھا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز ہمیں سنائی نہیں دے رہی تھی۔ حضرت سمرہ کہتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری رکعت میں بھی ایسے ہی کیا اور دوسری رکعت کے قعدے میں تھے کہ سورج روشن ہو گیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا، اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی اور یہ گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور یہ کہ وہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو: میں انسان ہوں اور اللہ کا رسول ہوں، میں تمہیں اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔ اگر تم سمجھتے ہو کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے احکام تم تک پہنچانے میں کوتاہی کی ہے تو مجھے بتاؤ تاکہ میں اللہ کے احکام اس طرح پہنچاؤں جس طرح پہنچانے کا حق ہے۔ اور اگر تم سمجھتے ہو کہ میں نے اللہ کے احکام پہنچا دیئے ہیں تو بھی مجھے بتا دو (سمرہ) کہتے ہیں: لوگ کھڑے ہو کر کہنے لگے: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ نے اپنے رب کے احکام پہنچا دیئے ہیں اور اپنی امت کو نصیحت دی ہے اور اپنی ذمہ داری ادا کی ہے۔ (سمرہ) کہتے ہیں: پھر سب لوگ خاموش ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کے بعد فرمایا: کچھ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ سورج اور چاند کا گرہن اور ان ستاروں کا اپنے مقام سے ہٹنا، بڑے بڑے لوگوں کے مرنے کی وجہ سے ہوتا ہے، یہ جھوٹ بولتے ہیں (جبکہ حقیقت یہ ہے کہ) یہ اللہ کی ایک نشانی ہے، جسکے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو آزماتا

ہے کہ ان میں سے کون کون توبہ کرتا ہے۔

خدا کی قسم! میں نے اس نماز کے دوران وہ تمام حالات دیکھ لئے ہیں جو تم پر دنیا اور آخرت میں آنیوالے ہیں، خدا کی قسم! قیامت سے پہلے تیس جھوٹے لوگ آئیں گے، ان میں سے سب سے آخری کا نام دجال ہوگا، اس کی بائیں آنکھ، ابویحییٰ کی طرح ضائع ہوگی (ابویحییٰ بوڑھے انصاری آدمی تھے) جب وہ ظاہر ہوگا تو وہ اپنے آپ کو خدا سمجھے گا، اس پر جو ایمان لائے گا، اسکو سچا سمجھے گا اور اسکی اتباع کریگا، اس کے پچھلے تمام نیک عمل ضائع ہو جائیں گے اور جو اس کا انکار کریگا اور اسکو جھٹلائے گا تو اس کے گزشتہ اعمال میں سے کسی کی وجہ سے بھی اس کو سزا نہ دی جائے گی اور وہ ساری زمین پر پھرے گا، سوائے حرم اور بیت المقدس کے۔ تمام مومنین بیت المقدس میں محصور ہو جائیں گے پھر بہت شدید زلزلے آئیں گے پھر ان میں عیسیٰ بن مریم تشریف لائیں گے، تو اللہ تعالیٰ دجال اور اس کے لشکر کو شکست دیگا، یہاں تک کہ دیواریں اور درخت بھی مومنوں کو پکار کر کہیں گے کہ یہ کافر میرے پیچھے چھپا ہوا ہے، آؤ، اس کو قتل کرو، آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تم کچھ ایسے امور دیکھو گے جنہیں تم بہت بڑا سمجھ رہے ہو گے تم ایک دوسرے سے پوچھو گے: کیا تمہارے نبی ﷺ نے ان میں سے کوئی بات نہیں بتائی؟ پھر پہاڑ اپنی جگہوں سے سرک جائیں گے پھر اس کے بعد قیامت آ جائے گی اور آپ ﷺ نے ہاتھ سے اشارہ بھی کیا۔

حضرت ثعلبہ فرماتے ہیں: میں سمرہ کے دوسرے خطبہ میں حاضر ہوا تو انہوں نے یہ حدیث ذکر کی اور اس میں کوئی لفظ آگے پیچھے نہیں تھا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1231۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ دَرَسْتَوَيْهِ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُوَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ الشَّمْسَ كَسَفَتْ يَوْمَ مَاتَ اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ ابْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَظَنَّ النَّاسُ اَنَّمَا انْكَسَفَتْ لِمَوْتِهِ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّمَا الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيَاتِهِ، فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَقُوْمُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ وَاِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ، وَادْعُوْا وَتَصَدَّقُوْا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖ حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جس دن رسول اللہ ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا، اس دن سورج کو گرہن لگا، لوگ سمجھے کہ شاید ان کی وفات کی وجہ سے سورج گرہن ہوا ہے۔ تو نبی اکرم ﷺ کھڑے

حدیث 1231:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاري في "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير يمامه بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 995 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1400 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2828 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 13095

ہوئے اور ارشاد فرمایا: اے لوگو! چاند اور سورج اللہ کی نشانیاں ہیں، ان کو کسی کی موت اور حیات کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا، جب تم گرہن کو دیکھو تو نماز پڑھو، اللہ کا ذکر کرو، دعائیں مانگو اور صدقہ کرو۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1232۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَتَّابٍ الْعَبْدِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ مُوْسٰى بْنُ مَسْعُوْدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ، عَنْ اَسْمَاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَتَاقَةِ فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

❖❖ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سورج گرہن کے وقت غلام آزاد کرنے کا حکم دیا کرتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

گزشتہ حدیث کی ایک شاہد حدیث موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

1233۔ اَخْبَرَنَاهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ، وَمُحَمَّدُ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَتْ: اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَتَاقَةٍ حِيْنَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ

❖❖ حضرت عبدالعزیز بن محمد رضی اللہ عنہ اپنی سند کے ہمراہ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ سورج گرہن کے وقت غلام آزاد کرو۔

1234 ...۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَدْلُ، وَاَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، وَقَالَ فِيْهِ: فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَادْعُوا اللّٰهَ وَصَلُّوْا، وَتَصَدَّقُوْا، وَاَعْتِقُوْا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ

❖❖ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج گرہن ہوا، پھر اس کے بعد پوری

حدیث 1232:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر، یمامه، بیروت، لبنان، 1407ھ 1987ء، رقم الحدیث: 2384 اخرجه ابو عبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 26969 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبری" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 6159 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 319

حدیث ہےاوراس کے اندر یہ ارشاد بھی موجود ہے۔''جب تم سورج گرہن دیکھوتو اللہ سے دعائیں مانگو، نماز پڑھو، صدقہ کرو، اور غلام آزاد کرو۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اورامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

1235۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ دَاوُدَ اَبُوْ يَحْيَى الْخَفَّافُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، اَنَّ الشَّمْسَ انْكَسَفَتْ، فَصَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى انْجَلَتْ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ، وَلٰكِنَّهُمَا خَلْقَانِ مِنْ خَلْقِهِ، وَيُحْدِثُ اللّٰهُ فِيْ خَلْقِهِ مَا شَاءَ، ثُمَّ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِذَا تَجَلّٰى لِشَيْءٍ مِّنْ خَلْقِهِ خَشَعَ لَهٗ، فَاَيُّهُمَا انْخَسَفَ، فَصَلُّوْا حَتّٰى يَنْجَلِيَ، اَوْ يُحْدِثَ اللّٰهُ اَمْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (ایک مرتبہ) سورج گرہن ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں ادا کیں یہاں تک کہ سورج روشن ہو گیا، پھر فرمایا: چاند اور سورج کو کسی کی موت کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا بلکہ یہ تو اللہ تعالیٰ اپنی تخلیق میں سے کسی کو روشن کرتا ہے تو وہ اس کے سامنے عاجزی کرتی ہے، اس لئے جب ان دونوں میں سے کسی ایک کو بھی گرہن لگے تو نماز میں مشغول ہو جاؤ یہاں تک کہ سورج روشن ہو جائے یا اللہ تعالیٰ کا کوئی اور امر ظاہر ہو۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اورامام رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ بیان نہیں کیا

1236۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسَى الْحِيْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ مَنْ اُصَدِّقُ يُرِيْدُ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيَامًا شَدِيْدًا يَقُوْمُ بِالنَّاسِ، ثُمَّ يَرْكَعُ، ثُمَّ يَقُوْمُ، ثُمَّ يَرْكَعُ، ثُمَّ يَقُوْمُ، ثُمَّ يَرْكَعُ، فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ ثَلَاثُ رَكَعَاتٍ، فَرَكَعَ الثَّالِثَةَ، ثُمَّ سَجَدَ حَتّٰى اَنَّ رِجَالًا يَوْمَئِذٍ لَيُغْشٰى عَلَيْهِمْ مِمَّا قَامَ بِهِمْ حَتّٰى اَنَّ سِجَالَ الْمَاءِ لَتُصَبُّ عَلَيْهِمْ يَقُوْلُ: اِذَا رَكَعَ، قَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ، وَاِذَا رَفَعَ، قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ حَتّٰى تَجَلَّتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيَاتِهٖ، وَلٰكِنَّهُمَا اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهِمَا عِبَادَهٗ، فَاِذَا كَسَفَا فَافْزَعُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَهٗ مُسْلِمٌ، مِنْ حَدِيْثِ مُعَاذِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج کو گرہن لگا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت لمبا قیام کیا، تمام لوگ بھی ساتھ قیام کر رہے تھے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا، پھر کھڑے ہوئے پھر رکوع کیا، پھر کھڑے ہوئے، پھر رکوع کیا، اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں پڑھیں اور ہر رکعت میں تین رکوع کیے، پھر تیسری مرتبہ رکوع کیا، پھر سجدہ کیا، اس دن جو لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے، ان میں سے کئی لوگوں پر غشی طاری ہوگئی اور ان پر ڈول بھر بھر پانی بہایا گیا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع کرتے تو ''اللہ اکبر'' کہتے اور جب رکوع سے اٹھاتے تو ''سمع اللہ لمن حمدہ'' کہتے۔ (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلسل نماز جاری رکھی) یہاں تک کہ سورج روشن ہوگیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چاند اور سورج کو کسی کی موت وحیات کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا، یہ تو اللہ کی نشانیاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے اپنے بندوں کو خوف دلاتا ہے۔ اس لئے جب ان کو گرہن لگے تو نماز میں مشغول ہو جاؤ۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہی حدیث معاذ بن ہشام پھر ان کے والد پھر قتادہ پھر عطاء اور پھر عبیدہ بن عمیر سے روایت کی ہے۔ تاہم اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں۔

1237۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى الْقَاضِيْ بِبُخَارٰى، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِهِمْ فَقَرَاَ سُوْرَةً مِّنَ الطِّوَالِ، وَرَكَعَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ قَامَ الثَّانِيَةَ، فَقَرَاَ مِنَ الطِّوَالِ، ثُمَّ رَكَعَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ جَلَسَ كَمَا هُوَ مُسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةِ يَدْعُو حَتّٰى تَجَلّٰى كُسُوْفُهَا الشَّيْخَانِ قَدْ هَجَرَا اَبَا جَعْفَرٍ الرَّازِيَّ، وَلَمْ يُخَرِّجَا عَنْهُ وَحَالُهُ عِنْدَ سَائِرِ الْاَئِمَّةِ اَحْسَنُ الْحَالِ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ فِيْهِ اَلْفَاظٌ وَرُوَاتُهُ صَادِقُوْنَ

✧✧ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج گرہن ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نمازِ کسوف پڑھائی اور طوال میں سے ایک سورۃ پڑھی اور پانچ مرتبہ رکوع کیا اور دو سجدے کیے پھر دوسری رکعت میں کھڑے ہوئے اور طوال میں سے ایک سورۃ پڑھی پھر پانچ مرتبہ رکوع کیا اور دو سجدے کیے پھر قبلہ رو ہو کر بیٹھے دعا مانگتے رہے یہاں تک کہ گرہن ختم ہوگیا......

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوجعفر راضی کی روایات نقل نہیں کیں حالانکہ تمام آئمہ ان کے بارے میں اچھے خیالات رکھتے ہیں۔ اور اس حدیث میں کچھ مزید الفاظ بھی ہیں۔ اور اسکے تمام راوی صادق ہیں۔

1238۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ قَبِيْصَةَ الْهِلَالِيِّ، قَالَ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ فَزِعًا يَجُرُّ ثَوْبَهُ، وَاَنَا مَعَهُ يَوْمَئِذٍ بِالْمَدِيْنَةِ، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، فَاَطَالَ فِيْهِمَا الْقِيَامَ، ثُمَّ انْصَرَفَ وَانْجَلَتْ، فَقَالَ: اِنَّمَا هٰذِهِ الْآيَاتُ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهَا فَاِذَا رَاَيْتُمُوْهَا يَعْنِىْ فَصَلُّوْا كَاَحْدَثِ صَلٰوةٍ صَلَّيْتُمُوْهَا مِنَ الْمَكْتُوْبَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالَّذِىْ عِنْدِىْ اَنَّهُمَا عَلَّلَاهُ بِحَدِيْثِ رَيْحَانَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ قَبِيْصَةَ، وَحَدِيْثٍ يَّرْوِيْهِ مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ وُهَيْبٍ لَا يُعَلِّلُهُ حَدِيْثُ رَيْحَانَ، وَعَبَّادٍ

✧✧ حضرت قبیصہ ہلالی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج گرہن ہوا، آپ گھبرائے ہوئے، اپنی چادر کو گھسیٹتے ہوئے باہر تشریف لائے، میں اس دن مدینہ میں آپ کے ہمراہ تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں پڑھائیں، ان میں بہت لمبا قیام کیا پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے اور گرہن ختم ہو گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ خوف دلاتا ہے۔ جب تم ان کو دیکھو تو اس طرح نماز پڑھو جیسے تم نے ابھی ابھی فرضی نماز پڑھی ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور جہاں تک میرا خیال ہے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کو ریحان بن سعید کی اس حدیث کی وجہ سے معلل قرار دیا ہے۔ جس کی سند عباد بن منصور پھر ایوب پھر ابوقلابہ پھر ہلال بن عامر سے ہوتی ہوئی قبیصہ تک پہنچتی ہے اور وہ حدیث جس کو موسیٰ بن اسماعیل نے وہیب سے روایت کیا ہے اس کو ریحان اور عباد کی حدیث معلل نہیں کرتی۔

1239 ۔ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِىُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اللَّيْثِ الرَّازِىُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا عَمِّىْ، حَدَّثَنَا اَبِىْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِىْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، كُلٌّ قَدْ حَدَّثَنِىْ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ، قَالَ: فَحَزَرْتُ

حدیث 1238:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1185 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 20626 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6131 اخرجه ابوجعفر الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" طبع دارالکتب العلمیه بیروت الطبعة الاولیٰ 1399ھ رقم الحدیث: 1800

حدیث 1239:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1481 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 24714 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6136 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1866

قِـرَائَتَهُ، فَرَاَيْنَا اَنَّهُ قَرَاَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: فَاَطَالَ الْقِرَائَةَ فَحَزَرْتُ قِرَائَتَهُ، فَرَاَيْتُ اَنَّهُ قَرَاَ سُورَةَ اٰلِ عِمْرَانَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، وَهِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بِلَفْظٍ اٰخَرَ

✧✧ ام المومنین حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج گرہن ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور لوگوں کو نمازِ کسوف پڑھائی میں نے آپ علیہ السلام کی قراءت کا اندازہ لگایا، میرا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ بقرہ پڑھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو سجدے کیے پھر دوسری رکعت میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لمبی قرأت کی، میرے اندازے کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس رکعت میں) سورۃ آل عمران کی تلاوت کی تھی۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1240 ـ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، اَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ، اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَرَاَ قِرَائَةً طَوِيلَةً يُجْهَرُ بِهَا فِي صَلٰوةِ الْكُسُوفِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا

✧✧ اُمّ المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ کسوف میں بلند آواز سے لمبی قرأت کی۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا

1241 ـ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي صَفْوَانَ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: كَانَتْ ظُلْمَةٌ عَلٰى عَهْدِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: فَاَتَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا حَمْزَةَ، هَلْ كَانَ يُصِيبُكُمْ مِثْلُ هٰذَا عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَعَاذَ اللّٰهِ، اِنْ كَانَ الرِّيْحُ لَيَشْتَدُّ فَيُبَادِرُ اِلَى الْمَسْجِدِ مَخَافَةَ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ هٰذَا هُوَ ابْنُ النَّضْرِ بْنِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَقَدِ احْتَجَّا بِالنَّضْرِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن نضر رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ انس بن مالک کے زمانے میں اندھیرا چھا گیا تو میں انس بن مالک کے پاس آیا اور ان سے پوچھا: اے ابوحمزہ! کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تمہیں کبھی ایسا واقعہ پیش آیا؟ تو

حدیث 1241:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1196

(انس نے) کہا: خدا کی پناہ! اگر کبھی شدید آندھی چلتی تو رسول اللہ ﷺ قیامت کے خوف سے جلدی سے مسجد میں آجاتے۔

✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور یہ عبیداللہ نضر بن انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے بیٹے ہیں۔ اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نضر کی روایات نقل کی ہیں۔

1242۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: صَلّٰى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ كُسُوْفٍ لَا نَسْمَعُ لَهُ صَوْتًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہمیں نمازِ کسوف پڑھائی اور ہمیں آپ ﷺ کی (قرأت کی) آواز سنائی نہیں دے رہی تھی۔

✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1243۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ الْجَلَّابُ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَنْخَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيَاتِهٖ، فَاِذَا رَاَيْتُمُوْهَا فَتَصَدَّقُوْا وَصَلُّوْا، وَكَبِّرُوْا، وَادْعُوا اللّٰهَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں سورج گرہن ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: سورج اور چاند اللہ کی نشانیاں ہیں، ان کو کسی شخص کی موت کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا، جب تم گرہن دیکھو تو صدقہ کرو، نماز پڑھو، تکبیر پڑھو اور اللہ سے دعائیں کرو۔

✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا

1244۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ

حدیث 1242:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 562 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1264 اخرجه ابو عبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 20172 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2851 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 6796

بَکرٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ بِمِثْلِ صَلاتِکُمْ ھٰذَا فِیْ کُسُوْفِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ

وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ، وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ، وَآلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاند اور سورج کے گرہن کے موقع پر تمہاری اس نماز جیسی دو رکعتیں پڑھائی۔

✥✥ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اُس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

کتاب الصلوٰة الخوف

نمازخوف کا بیان

1245۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا اَبِی، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِي الْاَشْعَثُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ زَهْدَمٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ بِطَبَرِسْتَانَ، فَقَالَ: اَيُّكُمْ صَلّٰى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ؟ فَقَامَ حُذَيْفَةُ فَصَفَّ النَّاسَ خَلْفَهُ صَفًّا، وَصَفًّا مُوَازِيَ الْعَدُوِّ، فَصَلّٰى بِالَّذِينَ خَلْفَهُ رَكْعَةً، ثُمَّ انْصَرَفَ هٰؤُلَاءِ مَكَانَ هٰؤُلَاءِ، وَجَآءَ اُولٰئِكَ فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَةً وَّلَمْ يَقْضُوا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا

✧✧ حضرت ثعلبہ بن زہدم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم سعید بن عاص کے ہمراہ طبرستان میں تھے، انہوں نے فرمایا: تم میں سے کس شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ صلوٰۃ الخوف پڑھی ہے؟ تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے۔لوگوں نے ایک صف انکے پیچھے بنائی اور ایک صف دشمن کے مقابلے میں کھڑی رہی، انہوں نے اپنے پیچھے کھڑے ہوؤں کو ایک رکعت پڑھائی، پھر یہ نماز چھوڑ کر ان کی جگہ پر جا کر کھڑے ہو گئے اور وہ ان کے پیچھے آ گئے، آپ نے ان کو بھی ایک رکعت پڑھائی اور کسی نے بھی (امام کے

حدیث 1245:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1246 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 23437 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1343 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1452 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول 1409ھ رقم الحدیث: 8273 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 5843 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1918 اخرجه ابوجعفر الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" طبع دارالکتب العلمیه بیروت الطبعة الاولی 1399ھ رقم الحدیث: 1713

پیچھے پوری) نماز نہیں پڑھی۔

یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اس طرح نقل نہیں کیا

1246۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الزَّاهِدُ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُعْشُمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي الْجَهْمِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلّٰى بِذِي قَرَدٍ صَلٰوةَ الْخَوْفِ رَكْعَةً رَكْعَةً، وَلَمْ يَقْضُوا هٰذَا شَاهِدٌ لِلْحَدِيْثِ الَّذِي قَبْلَهُ، وَهُوَ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذی قرد میں صلوٰۃ الخوف کی ایک ایک رکعت پڑھائی۔ اور لوگوں نے نماز قضا نہیں کی۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور یہ گزشتہ حدیث کی شاہد ہے۔

1247۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَانَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي الْجَهْمِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ بِذِي قَرَدٍ، فَصَفَّ خَلْفَهُ صَفًّا وَصَفًّا مُوَازِيَ الْعَدُوِّ فَصَلّٰى مَعَهُ رَكْعَةً، ثُمَّ ذَهَبُوْا اِلٰى مَصَافِّ اُولٰئِكَ، وَجَآءَ اُولٰئِكَ اِلٰى مَصَافِّ هٰؤُلَاءِ، وَصَلَّوْا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً، ثُمَّ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ الْاَلْفَاظِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذی قرد میں (اس طریقے سے) نماز خوف پڑھائی کہ ایک صف آپ کے پیچھے تھی اور دوسری صف دشمن کے مقابلے میں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ایک رکعت پڑھا دی، پھر یہ لوگ (ایک رکعت پڑھنے کے بعد) ان کی جگہ پر چلے گئے اور وہ ان کی جگہ پر آ گئے اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک رکعت پڑھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیر دیا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا

1248۔ اَخْبَرَنِي اَبُوْ عَمْرِو بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ

حدیث 1248:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دار الباز، مکہ مکرمہ، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 5816 اخرجہ ابو القاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 6277

اِبْرَاهِيمَ، اَنْبَانَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ السَّكُوْنِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، اَنَّهُ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الصَّلٰوةِ فِي الْقَوْسِ، فَقَالَ: صَلِّ فِي الْقَوْسِ، وَاطْرَحِ الْقَرْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ اِنْ كَانَ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ سَمِعَ مِنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، اَنَّهُ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلٰوةِ فِي الْقَوْسِ فَقَالَ: صَلِّ فِي الْقَوْسِ، وَاطْرَحِ الْقَرْنَ، هٰذَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہودیوں کے عبادت خانے میں نماز پڑھنے کے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہاں نماز پڑھ لو اور جو (بت وغیرہ) سامنے ہو اسکو گرادو۔

✣•✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے، اگر محمد بن ابراہیم تیمی نے سلمہ بن اکوع کا یہ بیان سن رکھا ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہودیوں کے عبادت خانے میں نماز پڑھنے کے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہاں نماز پڑھ لو اور سامنے جو بت وغیرہ ہو، اس کو گرادو اس حدیث کو شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل نہیں کیا۔

1249۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمْدَانَ الْجَلَّابُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَنْبَانَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ الْهَادِ، حَدَّثَنِيْ شُرَحْبِيْلُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلٰوةِ الْخَوْفِ قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَائِفَةٌ مِّنْ خَلْفِهِ، وَطَائِفَةٌ مِّنْ وَرَاءِ الطَّائِفَةِ الَّتِيْ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُعُوْدٌ وُجُوْهُهُمْ كُلُّهُمْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرَتِ الطَّائِفَتَانِ فَرَكَعَ فَرَكَعَتْ مَعَهُ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ خَلْفَهُ وَالْاٰخَرُوْنَ قُعُوْدٌ، ثُمَّ سَجَدَ فَسَجَدُوْا اَيْضًا وَالْاٰخَرُوْنَ قُعُوْدٌ، ثُمَّ قَامَ فَقَامُوْا وَنَكَصُوْا خَلْفَهُ حَتّٰى كَانُوْا مَكَانَ اَصْحَابِهِمْ قُعُوْدًا، وَاَتَتِ الطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى، فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَةً وَّسَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ وَالْاٰخَرُوْنَ قُعُوْدٌ، ثُمَّ سَلَّمَ فَقَامَتِ الطَّائِفَتَانِ كِلْتَاهُمَا فَصَلَّوْا لِاَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً وَّسَجْدَتَيْنِ رَكْعَةً وَّسَجْدَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهِ غَيْرِ شُرَحْبِيْلَ وَهُوَ تَابِعِيٌّ مَّدَنِيٌّ غَيْرُ مُتَّهَمٍ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز خوف کے متعلق روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے تو ایک جماعت آپ کے پیچھے کھڑی ہوئی۔ اور ایک جماعت ان کے پیچھے بیٹھ گئی، ان سب کے چہرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہی: تو دونوں جماعتوں نے تکبیر کہی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا تو جو جماعت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تھی، انہوں نے رکوع کرلیا اور جو ان کے بھی پیچھے تھے، وہ بیٹھے رہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے والوں نے بھی سجدہ کیا۔ اور ان کے پیچھے والے بیٹھے رہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے والے بھی

کھڑے ہو گئے۔ پھر یہ لوگ پیچھے کھسکتے ہوئے ان لوگوں کی صف تک چلے گئے جو بیٹھے ہوئے تھے اور وہ دوسری جماعت (جو پہلے بیٹھی رہی انہوں) نے آ کر رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ ایک رکعت پڑھی اور دو سجدے کیے۔ پھر حضور علیہ السلام نے سلام پھیر دیا اور دوسرے بیٹھے رہے۔ پھر جب آپ علیہ السلام نے سلام پھیر دیا تو دونوں جماعتیں اٹھ کر کھڑی ہوئیں اور انہوں نے خود بخود ایک رکعت اور دو سجدے ادا کیے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں سوائے شرحبیل کے، حالانکہ یہ مدنی، تابعی غیر متہم ہیں۔

1250- حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ يَحْيَى الْمُقْرِءُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ، قَالَتْ: فَصَدَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ صَدْعَتَيْنِ، فَصُفَّتْ طَائِفَةٌ وَّرَائَهُ، وَقَامَتْ طَائِفَةٌ، وِجَاءَ الْعَدُوُّ، قَالَتْ: فَكَبَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَبَّرَتِ الطَّائِفَةُ الَّذِيْنَ صَفُّوا خَلْفَهُ، ثُمَّ رَكَعَ وَرَكَعُوْا، ثُمَّ سَجَدَ وَسَجَدُوْا، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَرَفَعُوْا، ثُمَّ مَكَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا وَسَجَدُوْا لِاَنْفُسِهِمِ السَّجْدَةَ الثَّانِيَةَ، ثُمَّ قَامُوا، ثُمَّ نَكَصُوا عَلٰى اَعْقَابِهِمْ يَمْشُونَ الْقَهْقَرٰى حَتّٰى قَامُوا مِنْ وَّرَائِهِمْ، وَاَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى فَصَفُّوا خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَبَّرُوْا، ثُمَّ رَكَعُوْا لِاَنْفُسِهِمْ، ثُمَّ سَجَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجْدَتَهُ الثَّانِيَةَ فَسَجَدُوْا مَعَهُ، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَكْعَتِهٖ وَسَجَدُوْا لِاَنْفُسِهِمِ السَّجْدَةَ الثَّانِيَةَ، ثُمَّ قَامَتِ الطَّائِفَتَانِ جَمِيْعًا فَصَفُّوا خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَكَعَ بِهِمْ رَكْعَةً فَرَكَعُوْا جَمِيْعًا، ثُمَّ سَجَدَ فَسَجَدُوْا جَمِيْعًا، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ وَرَفَعُوْا مَعَهُ، كُلُّ ذٰلِكَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيْعًا جِدًّا لَا يَاْلُو اَنْ يُّخَفِّفَ مَا اسْتَطَاعَ، ثُمَّ سَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمُوا، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ شَرَكَهُ النَّاسُ فِيْ صَلَاتِهٖ كُلِّهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُوَ اَتَمُّ حَدِيْثٍ، وَاَشْفَاهُ فِيْ صَلٰوةِ الْخَوْفِ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے صلوٰۃ الخوف پڑھائی، آپ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا، ان میں سے ایک جماعت آپ ﷺ کے پیچھے کھڑی ہوگئی اور دوسری دشمن کے آگے کھڑی ہوگئی، اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے تکبیر کہی تو آپ ﷺ کے ہمراہ اس جماعت نے بھی تکبیر کہی جو آپ ﷺ کے پیچھے صف بستہ تھے پھر آپ ﷺ نے رکوع کیا، انہوں نے بھی رکوع کیا پھر آپ ﷺ نے سجدہ کیا، انہوں نے بھی سجدہ کیا پھر آپ ﷺ نے سر اٹھایا انہوں نے بھی سر اٹھا لیا پھر رسول اللہ ﷺ بیٹھ گئے اور انہوں نے دوسرا سجدہ خود ہی کیا پھر وہ لوگ کھڑے ہوئے اور اپنی ایڑیوں کے بل الٹے پاؤں چلتے ہوئے پیچھے لوٹ گئے، یہاں تک کہ یہ لوگ دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم سے پیچھے جا کر

کھڑے ہو گئے، پھر دوسری جماعت آئی اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے صف بنائی پھر انہوں نے تکبیر کہی پھر خود ہی سجدہ کیا، پھر رسول اللہ ﷺ نے دوسرا سجدہ کیا، تو انہوں نے بھی آپ کے ہمراہ سجدہ کیا، پھر رسول اللہ ﷺ (اگلی) رکعت میں کھڑے ہو گئے اور ان لوگوں نے دوسرا سجدہ خود ہی کیا، پھر دونوں جماعتیں اکٹھی رسول اللہ ﷺ کے پیچھے صف بنا کر کھڑی ہو گئیں، آپ ﷺ نے ان کو رکوع کروایا، ان سب نے رکوع کیا، پھر آپ ﷺ نے سجدہ کیا اور آپ ﷺ کے ہمراہ ان سب نے بھی سجدہ کیا، پھر آپ ﷺ نے سجدہ سے سر اٹھالیا، اور انہوں نے بھی اپنا سر اٹھالیا۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ تمام عمل بہت تیزی سے کیا اور انہوں نے نماز کے مختصر کرنے میں ذرا کوتاہی نہ کی، پھر رسول اللہ ﷺ نے سلام پھیرا، انہوں نے بھی سلام پھیرا، پھر رسول اللہ ﷺ (نماز سے فارغ ہو کر جب) کھڑے ہوئے تو تمام لوگ آپ کی تمام نماز میں شرکت کر چکے تھے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور نماز خوف کے حوالے سے یہ حدیث سب سے جامع ہے۔

1251 – اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ عَلِیِّ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیِّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ الْاَهْوَازِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرِ بْنِ رِبْعِیِّ الْقَیْسِیُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَلِیْفَةَ الْبَکْرَاوِیُّ، حَدَّثَنَا اَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْحُمْرَانِیُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِیْ بَکْرَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰی بِالْقَوْمِ فِیْ صَلٰوةِ الْخَوْفِ صَلٰوةَ الْمَغْرِبِ ثَلَاثَ رَکَعَاتٍ، ثُمَّ انْصَرَفَ، وَجَآءَ الْاٰخَرُوْنَ فَصَلّٰی بِهِمْ ثَلَاثَ رَکَعَاتٍ

سَمِعْتُ اَبَا عَلِیِّ الْحَافِظَ، یَقُوْلُ: هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ اَشْعَثُ الْحُمْرَانِیُّ لَمْ یَکْتُبْهُ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، قَالَ الْحَاکِمُ: وَاِنَّهٗ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ

❖ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو نمازِ خوف کے طور پر مغرب کی نماز کی تین رکعتیں پڑھائیں، یہ لوگ نماز سے فارغ ہوئے (اور چلے گئے) اور دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم (جنہوں نے ابھی تک نماز نہیں پڑھی تھی) آ گئے۔ حضور علیہ السلام نے ان کو بھی تین رکعتیں پڑھائیں۔

❖ (امام حاکم کہتے ہیں) میں نے ابوعلی الحافظ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اشعث الحمرانی نے اس حدیث کو اسی اسناد کے ہمراہ نقل کیا ہے، امام حاکم کہتے ہیں: یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

1252 – اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْلٍ الدَّبَّاسُ بِمَکَّةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ زَیْدٍ الصَّآئِغُ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ، عَنْ مَّنْصُوْرٍ، عَنْ مُّجَاهِدٍ، عَنْ اَبِیْ عَیَّاشٍ الزُّرَقِیِّ، قَالَ: کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِعُسْفَانَ، وَعَلَی الْمُشْرِکِیْنَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ

حدیث 1251

اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث:1638

فَصَلَّيْنَا الظُّهْرَ، فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: لَقَدْ اَصَبْنَا غِرَّةً، لَقَدْ اَصَبْنَا غَفْلَةً، لَوْ كُنَّا حَمَلْنَا عَلَيْهِمْ وَهُمْ فِي الصَّلٰوةِ، فَنَزَلَتْ اٰيَةُ الْقَصْرِ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، فَلَمَّا حَضَرَتِ الْعَصْرُ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ وَالْمُشْرِكُوْنَ اَمَامَهُ، فَصَفَّ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفٌّ، وَصَفَّ بَعْدَ ذٰلِكَ الصَّفِّ صَفٌّ اٰخَرُ، فَرَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَكَعُوْا جَمِيْعًا، ثُمَّ سَجَدَ وَسَجَدَ الصَّفُّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُ، وَقَامَ الْاٰخَرُوْنَ يَحْرُسُوْنَهُمْ، فَلَمَّا صَلّٰى هٰؤُلَاءِ السَّجْدَتَيْنِ، وَقَامُوا سَجَدَ الْاٰخَرُوْنَ الَّذِيْنَ كَانُوْا خَلْفَهُمْ، ثُمَّ تَاَخَّرَ الصَّفُّ الَّذِيْ يَلِيْهِ اِلٰى مَقَامِ الْاٰخَرِيْنَ، وَرَكَعُوْا جَمِيْعًا، ثُمَّ سَجَدَ الصَّفُّ الَّذِيْ يَلِيْهِ وَقَامَ الْاٰخَرُوْنَ يَحْرُسُوْنَهُمْ، فَلَمَّا جَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالصَّفُّ الَّذِيْ يَلِيْهِ سَجَدَ الْاٰخَرُوْنَ، ثُمَّ جَلَسُوا جَمِيْعًا فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ، فَصَلَّاهَا بِعُسْفَانَ وَصَلَّاهَا يَوْمَ بَنِيْ سُلَيْمٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوعیاش الزرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ عسفان میں تھے اور مشرکوں کے سپہ سالار خالد بن ولید تھے، ہم نے نماز ظہر ادا کی، مشرکوں نے پروگرام بنایا کہ ہمارے پاس بہت اچھا موقع ہے کہ مسلمان نماز میں (جنگ کی طرف) متوجہ نہیں ہوتے، اگر ہم ان پر اس وقت حملہ کریں جب یہ نماز کی حالت میں ہوتے ہیں (تو ہمیں کامیابی مل سکتی ہے) تو ظہر اور عصر کے درمیان ''نمازِ قصر'' کی آیت نازل ہوگئی، جب نماز عصر کا وقت ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبلہ رو ہو کر کھڑے ہوئے اور مشرکین آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تھے۔ چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ایک صف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بنائی اور اس صف کے پیچھے ایک اور صف بنالی، پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا تو دونوں صفوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رکوع کیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا تو جو صف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تھی انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سجدہ کیا اور ان سے پیچھے والی صف والے صحابہ رضی اللہ عنہم ان کی حفاظت کی غرض سے کھڑے رہے پھر جب اگلی صف والوں نے دو سجدہ کر لئے اور کھڑے ہو گئے تو پچھلی صف والوں نے سجدے کر لئے پھر اگلی صف والے پیچھے کھسک گئے اور پچھلی صف میں جا کر کھڑے ہو گئے (اور پیچھے والے آگے ہو گئے) پھر دونوں صفوں والوں نے رکوع کیا اور اگلی صف والوں نے سجدہ کیا جبکہ پیچھے والے ان کی حفاظت کی غرض سے کھڑے رہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ گئے اور اگلی صف والے بھی بیٹھ گئے اور پیچھے والوں نے سجدہ کر لیا۔ پھر یہ سب لوگ بیٹھ گئے اور پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کا سلام پھیرا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز ''عسفان'' میں پڑھی اور بنی سلیم کے دن پڑھی۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1253- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَنَسٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، اَنَّهُ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، يُحَدِّثُ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا هُرَيْرَةَ، هَلْ صَلَّيْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ؟ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: نَعَمْ، قَالَ مَرْوَانُ: مَتٰى؟ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: عَامَ غَزْوَةِ نَجْدٍ، قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الصَّلٰوةِ

صَلٰوۃِ الْعَصْرِ فَقَامَتْ مَعَهُ طَائِفَةٌ وَّطَائِفَةٌ اُخْرٰی مُقَابِلَ الْعَدُوِّ، وَظُهُوْرُهُمْ اِلَی الْقِبْلَةِ، فَكَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرُوْا جَمِيْعًا الَّذِيْنَ مَعَهُ وَالَّذِيْنَ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ، ثُمَّ رَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً وَّاحِدَةً، وَرَكَعَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ خَلْفَهُ، ثُمَّ سَجَدَ فَسَجَدَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ تَلِيْهِ وَالْاٰخَرُوْنَ قِيَامٌ مُّقَابِلَ الْعَدُوِّ، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَامَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ مَعَهُ، وَذَهَبُوْا اِلَی الْعَدُوِّ فَقَابَلُوْهُمْ وَاَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ فَرَكَعُوْا وَسَجَدُوْا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ كَمَا هُوَ، ثُمَّ قَامُوْا فَرَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً اُخْرٰی وَرَكَعُوْا مَعَهُ وَسَجَدُوْا مَعَهُ، ثُمَّ اَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ كَانَتْ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ فَرَكَعُوْا وَسَجَدُوْا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ وَّمَنْ مَّعَهُ، ثُمَّ كَانَ السَّلَامُ، فَسَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَلَّمُوْا جَمِيْعًا، فَكَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَانِ، وَلِكُلِّ رَجُلٍ مِّنَ الطَّائِفَتَيْنِ رَكْعَةٌ رَكْعَةٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ مروان بن حکم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ نے (کبھی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ''صلوٰۃ الخوف'' پڑھی ہے؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں۔ مروان نے پوچھا: کب؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: غزوۂ نجد کے سال رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نمازِ عصر کے لئے کھڑے ہوئے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت آپ کے ہمراہ کھڑی ہوگئی اور دوسری جماعت دشمنوں کے مقابلے میں کھڑی رہی، ان کی پشت قبلہ کی طرف تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہی تو جتنے لوگ آپ کے ہمراہ جماعت میں شریک تھے ان سب نے تکبیر کہی اور جو دشمن کے مقابلے میں کھڑے ہوئے تھے، انہوں نے بھی تکبیر کہی۔ پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رکوع کیا تو آپ کے ہمراہ جو جماعت تھی، انہوں نے بھی رکوع کیا، جبکہ دوسری جماعت دشمن کے مقابلے میں کھڑی رہی پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوگئے اور آپ کے ہمراہ جو جماعت تھی وہ اٹھے اور جا کر دشمن کے مقابلے میں کھڑے ہوگئے اور یہ جماعت جو کہ دشمن کے مقابلے میں تھی آئی، انہوں نے آ کر خود ہی رکوع بھی کیا اور سجدہ بھی کیا اور اس دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بدستور کھڑے رہے۔ پھر یہ لوگ (دو سجدے کرنے کے بعد) کھڑے ہو گئے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری رکعت کا رکوع کیا تو ان لوگوں نے بھی آپ کے ہمراہ رکوع کیا، آپ نے سجدہ کیا تو انہوں نے بھی آپ کے ہمراہ سجدہ کیا۔ پھر وہ جماعت بھی آ گئی جو دشمن کے مقابلے میں کھڑی تھی انہوں نے آ کر خود ہی رکوع اور سجدہ کیا اور اس دوران رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھ نماز پڑھنے والی پہلی جماعت کے لوگ بیٹھے رہے، اس کے بعد سلام کا موقع تھا، تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا اور آپ کے ہمراہ تمام لوگوں نے سلام پھیرا، اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دو رکعتیں اور دونوں جماعتوں کی ایک ایک ہوئی۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

کتاب الجنائز

نماز جنازہ کا بیان

1254۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا اَبِي، وَشُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ، قَالَا: اَنْبَانَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ هِنْدِ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهِمْ وَعَبَّاسٌ عَمُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْتَكِي، فَتَمَنّٰى عَبَّاسٌ الْمَوْتَ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَمِّ، لَا تَتَمَنَّ الْمَوْتَ، فَاِنَّكَ اِنْ كُنْتَ مُحْسِنًا، فَاِنْ تُؤَخَّرْ تَزْدَدْ اِحْسَانًا اِلٰى اِحْسَانِكَ خَيْرٌ لَّكَ، وَاِنْ كُنْتَ مُسِيئًا فَاِنْ تُؤَخَّرْ فَتُسْتَعْتَبْ مِنْ اِسَائَتِكَ خَيْرٌ لَّكَ، فَلَا تَتَمَنَّ الْمَوْتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ قَيْسٍ، عَنْ خَبَّابٍ، لَوْلَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَتَمَنَّى الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

✧✧ حضرت اُمّ فضل رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے تو آپ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ بہت شدید بیمار تھے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے موت کی تمنا کی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے چچا! موت کی تمنا مت کرو، کیونکہ اگر تم نیک ہو تو موت جتنی دیر سے آئے گی، آپ کی نیکیوں پر نیکیاں بڑھتی جائیں گی اور یہ آپ کے لئے بہت بہتر ہے۔ اور اگر تم گنہگار ہو تو موت جتنی دیر سے آئے گی، تمہیں گناہوں کی معافی مانگنے کا اتنا ہی زیادہ موقع مل جائے گا، اس لئے موت کی تمنا مت کرو۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے قیس کے حوالے سے خباب کا یہ بیان نقل کیا ہے "اگر رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث 1254:

اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث:7076 اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه' مدینه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحدیث: 1082 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث:26916 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث:44

نے موت کی تمنا کرنے سے منع نہ کیا ہوتا تو میں موت کی تمنا کرتا''۔

1255- اَخْبَرَنَا مُكْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ بِلَالِ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، قَالَ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ مِنْ شِرَارِكُمْ؟ قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: خِيَارُكُمْ اَطْوَلُكُمْ اَعْمَارًا، وَاَحْسَنُكُمْ عَمَلًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں خبر دوں کہ تم میں سب سے بہترین شخص کون ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: جی ہاں یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جس کی عمر لمبی ہو اور اس کے اعمال اچھے ہوں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

1256- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكَاتِبُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، وَيُوْنُسَ، وَثَابِتٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَحَسُنَ عَمَلُهٗ، قَالَ: فَاَيُّ النَّاسِ شَرٌّ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَسَاءَ عَمَلُهٗ

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ لوگوں میں سے سب سے بہتر کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جس کی عمر طویل ہو اور عمل نیک ہوں''۔ اس نے پوچھا: سب سے برا شخص کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور اعمال برے ہوں۔

1257- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا

حدیث 1255:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 6319

حدیث 1257:

اخرجہ ابو عیسٰی الترمذی' فی "جامعہ" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2142 اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر' رقم الحدیث: 13432 اخرجہ ابوحاتم البستی فی "صحیحہ" طبع موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 341 اخرجہ ابویعلٰی الموصلی فی "مسندہ" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 3821 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الاوسط" طبع دارالحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ رقم الحدیث: 1941 اخرجہ ابوعبداللہ القضاعی فی "مسندہ" طبع موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء' رقم الحدیث: 1390

مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، جَمِيعًا، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهُ، قَالَ: فَقِيلَ: كَيْفَ يَسْتَعْمِلُهُ ؟ قَالَ: يُوَفِّقُهُ لِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس سے عمل کرواتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: اللہ تعالیٰ اس سے کیسے عمل کرواتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس بندے کو موت سے پہلے نیک عمل کی توفیق عطا فرمادیتا ہے۔

✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اسنادِ صحیح کے ہمراہ گزشتہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے۔ (جو کہ درج ذیل ہے)

1258- اَخْبَرْنَاهُ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا عَسَلَهُ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا عَسَلُهُ ؟ قَالَ: يُوَفِّقُ لَهُ عَمَلًا صَالِحًا بَيْنَ يَدَيْ اَجَلِهِ حَتّٰى يَرْضٰى عَنْهُ جِيرَانُهُ، اَوْ قَالَ: مَنْ حَوْلَهُ

✧✧ حضرت عمر بن حمق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ اپنے کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کو شہد کھلاتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: کیسے شہد کھلاتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی موت سے پہلے اس کو نیک عمل کی توفیق دیتا ہے حتیٰ کہ اس کے پڑوسی اس سے خوش ہوجاتے ہیں۔ یا (شاید فرمایا) اس کے اردگرد والے لوگ خوش ہوجاتے ہیں۔

1259- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرُ

حدیث 1258:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 342 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 3298 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث: 183 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 489

حدیث 1259:

اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2878 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 14583 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 7319 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1901 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 1013

بْنُ الْمُوَرِّعِ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، وَاَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ عِيسَى الْحِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلٰى مَا مَاتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجْهُ الْبُخَارِيُّ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بندے کو اسی حالت پر اٹھایا جائے گا جس حالت پر وہ مرے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اسے نقل نہیں کیا۔

1260۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْخُرَاسَانِيُّ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّهُ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ دَعَا بِثِيَابٍ جُدُدٍ فَلَبِسَهَا، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ الْمَيِّتَ يُبْعَثُ فِي ثِيَابِهِ الَّتِي يَمُوْتُ فِيْهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: جب حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے نئے کپڑے منگوا کر پہنے، پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ میت کو انہی کپڑوں میں اٹھایا جائے گا جن میں وہ مرے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1260أ۔ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَنَا اَبُوْ هَانِءٍ الْخَوْلَانِيُّ، وَعَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَّاتَ عَلٰى مَرْتَبَةٍ مِّنْ هٰذِهِ الْمَرَاتِبِ بُعِثَ عَلَيْهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ان مراتب میں سے کسی مرتبے پر مرے گا، قیامت کے دن اسی پر اٹھایا جائے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

حدیث 1260:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3114 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 7316 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6395 اخرجه ابو... الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ھ رقم الحديث: 6203

1261- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّكْسَكِيِّ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ وَّلا مَرَّتَيْنِ يَقُوْلُ: اِذَا كَانَ الْعَبْدُ يَعْمَلُ عَمَلا صَالِحًا فَشَغَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ مَرَضٌ، اَوْ سَفَرٌ، كُتِبَ لَهُ كَصَالِحِ مَا كَانَ يَعْمَلُ، وَهُوَ صَحِيْحٌ مُّقِيْمٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک دو مرتبہ نہیں (بلکہ کئی مرتبہ) فرماتے سنا ہے کہ بندہ نیک عمل کرتا ہو پھر وہ بیماری یا سفر کی وجہ سے وہ عمل نہ کر پائے تو اس کے نامہ اعمال میں بدستور وہ ثواب لکھا جاتا رہے گا جو وہ حالت صحت و اقامت میں کیا کرتا تھا۔

یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

1262- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُلاعِبِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءِ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ عَرَفَ فِيْهِ الْمَوْتَ، قَالَ: قَدْ كُنْتُ اَنْهَاكَ عَنْ حُبِّ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ: قَدْ اَبْغَضَهُمْ سَعْدُ بْنُ زُرَارَةَ فَمَهْ، فَلَمَّا مَاتَ اَتَاهُ ابْنُهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ قَدْ مَاتَ فَاَعْطِنِيْ قَمِيْصَكَ اُكَفِّنْهُ فِيْهِ، فَنَزَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيْصَهُ، فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ ابن ابی کی مرض الموت میں عیادت کرنے تشریف لے گئے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس پہنچے تو اس میں موت کے آثار پہچان لئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے یہودیوں کی محبت سے منع کیا کرتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مزید) فرمایا: ان میں سے بدترین دشمن "سعد بن زرارہ" ہے، اس کو چھوڑ دے، جب

حدیث 1261:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 3091 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 19694 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ه/1994ء' رقم الحدیث: 6339

حدیث 1262:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 3094 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحدیث: 390

وہ مرگیا تو اس کا بیٹا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر کہنے لگا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ ابن ابی مرگیا ہے، آپ مجھے اپنی قمیص عطا فرمائیں تاکہ میں اس میں اس کو کفن دوں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قمیض اتار کر اس کو دے دی۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1263 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِي لَيْسَ بِرَاكِبِ بَغْلٍ، وَلَا بِرْذَوْنٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لئے نہ تو خچر پر سوار ہو کر تشریف لاتے اور نہ گھوڑے پر۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1264 - حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّعُوْدُ مَرِيْضًا مُمْسِيًا اِلَّا خَرَجَ مَعَهُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يَّسْتَغْفِرُوْنَ لَهُ حَتّٰى يُصْبِحَ، وَكَانَ لَهُ خَرِيْفٌ فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْ اَتَاهُ مُصْبِحًا خَرَجَ مَعَهُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يَّسْتَغْفِرُوْنَ لَهُ حَتّٰى يُمْسِيَ، وَكَانَ لَهُ خَرِيْفٌ فِي الْجَنَّةِ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِاَنَّ جَمَاعَةً مِّنَ الرُّوَاةِ اَوْقَفُوْهُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، وَمَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ عَنْهُمَا، وَاَنَا عَلٰى

حدیث 1263:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر، یمامه، بیروت، لبنان، 1407ھ 1987ء، رقم الحدیث: 5340 اخرجه ابو داؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 3096 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 3851 اخرجه ابو عبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 15053 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ / 1991ء، رقم الحدیث: 7501 اخرجه ابو یعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحدیث: 2140

حدیث 1264:

اخرجه ابو داؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 3098 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 969 اخرجه ابو عبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 975

اَصْلِي فِي الْحُكْمِ لِرَاوِي الزِّيَادَةِ

✧✧ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص شام کے وقت کسی مریض کی عیادت کے لئے جاتا ہے، اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے دعائے مغفرت کرتے ہوئے نکلتے ہیں اور صبح تک دعا کرتے رہتے ہیں اور اس شخص کے لئے جنت میں ایک باغ ہے اور جو شخص صبح کے وقت کسی مریض کی عیادت کرنے نکلے اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے نکلتے ہیں جو کہ شام تک اس کے لئے مغفرت کی دعا کرتے رہتے ہیں اور اس کے لئے جنت میں ایک باغ ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین نے اسے نقل نہیں کیا کیونکہ راویوں کی ایک جماعت ہے جنہوں نے اس حدیث کو حکم بن عتیبہ اور منصور بن المعتمر سے ابن ابی لیلی کے واسطے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ تک موقوف رکھا ہے۔ جس کو شعبہ نے روایت کیا ہے اور میں راوی کی زیادتی کے سلسلے میں اپنی اصل پر قائم ہوں۔

1265 ـ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ النُّفَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: عَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَجَعٍ كَانَ بِعَيْنَيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

✧✧ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میری آنکھوں میں درد تھا جس کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کیلئے تشریف لائے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی درج ذیل حدیث، مذکورہ حدیث کی شاہد ہے۔

1266 ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ كَثِيْرٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفّٰى، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: عَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ مِنْ رَّمَدٍ كَانَ بِهٖ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن ارقم کی آشوبِ چشم کی وجہ سے عیادت کی۔

1267 ـ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْجُعَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، اَنَّ اَبَاهَا، قَالَ: اشْتَكَيْتُ بِمَكَّةَ فَجَائَنِيْ

حدیث 1265:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3102 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6380 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبوية مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 247

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِي، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى جَبْهَتِي، ثُمَّ مَسَحَ صَدْرِي وَبَطْنِي، ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْدًا، وَاَتْمِمْ لَهُ هِجْرَتَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بنت سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتی ہیں کہ میں مکہ میں بیمار پڑ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کیلئے تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ میری پیشانی پہ رکھا، پھر میرے سینے اور پیٹ کو ملا پھر یوں دعا مانگی "یا اللہ سعد کو شفاء دے اور اسکی ہجرت کو پورا کر دے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

1268 ـ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الْعَدْلُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ اَبُوْ خَالِدٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ عَادَ مَرِيْضًا لَّمْ يَحْضُرْ اَجَلُهُ، فَقَالَ عِنْدَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ اِلَّا عَافَاهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ الْمَرَضِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 1267:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3104 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 2355 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 7504 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6381

حدیث 1268:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3106 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2083 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 2137 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 10883 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 2483 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 35 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 12272 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 718 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 23572

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی کی عیادت کو جائے اور اس کے پاس سات مرتبہ یہ دعا مانگے": اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ "(میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے) اگر اس کو موت نہ آئی ہوئی ہو، اللہ اس مرض سے اس کو شفاء دے دے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1269- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ فَقَعَدَ عِنْدَ رَاْسِهٖ، ثُمَّ قَالَ سَبْعَ مَرَّاتٍ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ عُوْفِيَ اِنْ لَمْ يَكُنْ اَجَلُهٗ حَضَرَ

هٰذَا حَدِيْثٌ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِّنْ رِوَايَةِ الْمِصْرِيِّيْنَ، عَنِ الْمَدَنِيِّيْنَ، عَنِ الْكُوْفِيِّيْنَ لَمْ نَكْتُبْهُ عَالِيًا اِلَّا عَنْهُ، وَقَدْ خَالَفَ الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ الثِّقَاتِ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو

ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی مسلمان بھائی کی عیادت کو جائے اور اسکے سر کے پاس بیٹھ کر سات مرتبہ یہ دعا مانگے "اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ" (میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے) اسے شفاء دے دی جائے گی بشرطیکہ اس کی موت کا وقت نہ آ گیا ہو۔

یہ حدیث شاہد ہے، صحیح ہے اور مصریوں کی مدنیوں سے روایت کے معاملے میں غریب ہے۔ ہم سند عالی انہی کے حوالے سے لکھتے ہیں۔ یہ حدیث منہال بن عمرو سے روایت کرنے میں حجاج بن ارطاۃ نے ثقہ راویوں کی مخالفت کی ہے (جیسا کہ درجہ ذیل حدیث میں ہے)

1270- اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ عَادَ اَخَاهُ فَدَخَلَ عَلَيْهِ، وَلَمْ يَحْضُرْ اَجَلُهٗ، فَقَالَ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَ فُلَانًا مِّنْ مَّرَضِهٖ سَبْعَ مَرَّاتٍ اِلَّا شَفَاهُ اللّٰهُ مِنْهُ هٰذَا مِمَّا لَا يُعَدُّ خِلَافًا فَاِنَّ الْحَجَّاجَ بْنَ اَرْطَاةَ دُوْنَ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِيْدٍ وَّاَبِيْ خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ فِي الْحِفْظِ وَالْاِتْقَانِ، فَاِنْ ثَبَتَ حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ مِنْ هٰذِهِ الرِّوَايَةِ، فَاِنَّهٗ شَاهِدٌ لِّسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ

✧✧ حجاج بن ارطاۃ نے منہال بن عمرو کے بعد عبداللہ بن الحارث کے واسطے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی عیادت کو جائے اور سر کے پاس بیٹھ کر سات مرتبہ یہ دعا مانگے: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَ فُلَانًا مِّنْ مَّرَضِهٖ" میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے۔ اگر اس کی موت کا وقت نہ آ گیا ہو تو اسے شفاء دے دی جائے گی۔

❖ اس طرح کے اختلاف کو اختلاف شمار نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ حجاج بن ارطاۃ، عبدربہ بن سعید اور ابوخالد دالانی سے حفظ اور اتقان میں کم درجہ رکھتے ہیں۔ اوران روایات میں سے اگر عبداللہ بن حارث کی روایت ثابت ہوتو یہ سعید بن جبیر کی حدیث کی شاہد قرار دی جاسکتی ہے۔

1271- اَخْبَرَنِی اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَرِیءُ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ، فِیْمَا قُرِءَ عَلٰی مَالِكٍ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُزَكِّیْ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خُصَيْفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ السُّلَمِیِّ، اَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ اَبِی الْعَاصِ قَدِمَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ اَخَذَهُ وَجَعٌ قَدْ كَادَ يُبْطِلُهُ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَعَمَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ضَعْ يَمِيْنَكَ عَلٰی مَكَانِكَ الَّذِیْ تَشْتَكِی، وَامْسَحْ بِهٖ سَبْعَ مَرَّاتٍ، وَقُلْ: اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ فِیْ كُلِّ مَسْحَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ اِنَّمَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ، مِنْ حَدِيْثِ الْجُرَيْرِیِّ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی الْعَاصِ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

❖ حضرت نافع بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اس قدر شدید درد میں مبتلا تھے قریب تھا کہ اس کی وجہ سے ان کی موت واقع ہوجاتی، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کا تذکرہ کیا تو ان کا گمان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھ کر سات مرتبہ ملو اور ہر دفعہ ملتے ہوئے پڑھو ''اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ'' میں اللہ کی عزت اور قدرت کی پناہ مانگتا ہوں اس چیز کے شر سے جو میں پاتا ہوں۔

یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس سلسلہ میں جریری کی وہ حدیث نقل کی ہے جس کی سند یزید بن عبداللہ بن شخیر کے واسطے عثمان بن ابی العاص تک پہنچی ہے تاہم اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں۔

1272- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِی اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زِيَادَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِیِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِیِّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ،

حدیث 1271:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2202 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 17937 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 2964 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ه/ 1991ء' رقم الحديث: 10839 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 8342

اَنَّ رَجُلَيْنِ اَقْبَلَا يَلْتَمِسَانِ الشِّفَاءَ مِنَ الْبَوْلِ، فَانْطَلَقَ بِهِمَا اِلٰى اَبِى الدَّرْدَاءِ فَذَكَرَا وَجَعَ اُنْثَيَيْهِمَا لَهُ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنِ اشْتَكٰى مِنْكُمْ شَيْئًا، اَوِ اشْتَكَاهُ اَخٌ لَّهُ فَلْيَقُلْ: رَبَّنَا اللّٰهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ، فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِى الْاَرْضِ، وَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَخَطَايَانَا، اِنَّكَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ، فَاَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ، وَشِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْهِ فَيَبْرَاُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى قَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِجَمِيْعِ رُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ غَيْرِ زِيَادَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَهُوَ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ قَلِيْلُ الْحَدِيْثِ

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ان کی ایسے دو آدمیوں سے ملاقات ہوئی جو پیشاب سے شفاء ڈھونڈ رہے تھے۔ (یعنی ان کو پیشاب کا کوئی عارضہ لاحق تھا) فضالہ فرماتے ہیں: میں ان کو حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے پاس لے گیا، انہوں نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کو اپنی تکلیف کے بارے میں بتایا، تو حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بولے: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تم میں سے کسی شخص کو تکلیف ہو یا تمہارے کسی بھائی کو تکلیف ہو تو اس کو چاہیے کہ یوں دعا مانگے: ”رَبَّنَا اللّٰهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ، فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِى الْاَرْضِ، وَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَخَطَايَانَا، اِنَّكَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ، فَاَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ، وَشِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْهِ فَيَبْرَاُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى“

(”اے وہ اللہ! جس کی حکومت آسمانوں میں بھی ہے، تیرا نام مقدس ہے، تیری حکومت آسمانوں اور زمینوں میں ہے جس طرح تیری رحمت آسمانوں میں ہے، اسی طرح اپنی رحمت زمین پر بھی عطا فرما اور ہمارے گناہوں اور خطاؤں کو معاف فرما، بے شک تو طیبین کا رب ہے، ہم پر تو اپنی رحمت اور شفاء نازل فرما“۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی تکلیف جاتی رہے گی)۔

✤ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے زیاد بن محمد کے علاوہ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور ”زیاد“ اہل مصر کے شیوخ میں سے ہیں، ان کی روایت کردہ احادیث کی تعداد بہت کم ہے۔

1273۔ اَخْبَرَنِىْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِىِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا عَادَ اَحَدُكُمْ مَرِيْضًا فَلْيَقُلِ: اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَاُ لَكَ عَدُوًّا اَوْ يَمْشِىْ لَكَ اِلٰى صَلٰوةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 1272:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3892 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 10876 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 8636

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شخص کسی مریض کی عیادت کو جائے تو یوں دعا مانگے "اَللّٰھُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَيَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا اَوْيَمْشِي لَكَ اِلَى الصَّلٰوةِ" ۔ "اے اللہ: اپنے بندے کو شفاء عطاء فرما تا کہ یہ تیرے دشمنوں سے لڑ سکے یا نماز کے لئے چل کر جاسکے"۔

✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1274- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْبَجَلِيُّ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ تَكُوْنُ لَهُ الْمَنْزِلَةُ عِنْدَ اللّٰهِ فَمَا يَبْلُغُهَا بِعَمَلٍ فَلَا يَزَالُ يَبْتَلِيْهِ بِمَا يَكْرَهُ حَتّٰى يُبْلِغَهُ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی شخص کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایک مقام لکھا ہوا ہوتا ہے لیکن وہ اپنے عمل کے سبب اس مقام تک نہیں پہنچتا تو اس کو مسلسل آزمائشوں میں مبتلا کیا جاتا ہے حتیٰ کہ وہ ان کے سبب اس مقام کو پالیتا ہے۔

✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1275- اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ نَصْرٍ الدَّارَبَرْدِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، اَنْبَاَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيٍّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا حُضِرَ اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لِبَنِيْهِ: انْطَلِقُوا فَاجْنُوْا لِيْ ثِمَارَ الْجَنَّةِ، قَالَ: فَخَرَجَ بَنُوْهُ فَاسْتَقْبَلَتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ، فَقَالُوْا: اَيْنَ تُرِيْدُوْنَ يَا بَنِيْ اٰدَمَ ؟ قَالُوْا: بَعَثَنَا اَبُوْنَا لِنَجْنِيَ لَهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ، قَالَ: ارْجِعُوْا فَقَدْ كُفِيتُمْ، قَالَ: فَرَجَعُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى دَخَلُوْا عَلٰى اٰدَمَ، فَلَمَّا رَاَتْهُمْ حَوَّاءُ ذُعِرَتْ مِنْهُمْ وَجَعَلَتْ

حدیث 1273:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3107 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 6600 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2974 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 344

حدیث 1274:

اخرجه ابویعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 6095 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2908

تَدْنُو اِلٰی اٰدَمَ وَتَلْتَصِقُ بِه، فَقَالَ لَهَا اٰدَمُ: اِلَيْكِ عَنِّیْ اِلَيْكِ عَنِّیْ، فَمِنْ قِبَلِكِ اُتِيتُ خَلِّ بَيْنِیْ وَبَيْنَ مَلَائِكَةِ رَبِّیْ، قَالَ: فَقَبَضُوا رُوْحَهُ، ثُمَّ غَسَّلُوْهُ وَحَنَّطُوْهُ وَكَفَّنُوْهُ، ثُمَّ صَلَّوْا عَلَيْهِ، ثُمَّ حَفَرُوْا لَهُ ثُمَّ دَفَنُوْهُ، ثُمَّ قَالُوْا: يَا بَنِیْ اٰدَمَ هٰذِهِ سُنَّتُكُمْ فِیْ مَوْتَاكُمْ، فَكَذَاكُمْ فَافْعَلُوا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُوَ مِنَ النَّوْعِ الَّذِیْ لَا يُوْجَدُ لِلتَّابِعِیِّ اِلَّا الرَّاوِیْ الْوَاحِدُ، فَاِنَّ عُتَیَّ بْنَ ضَمْرَةَ السَّعْدِیَّ لَيْسَ لَهُ رَاوٍ غَيْرُ الْحَسَنِ، وَعِنْدِیْ اَنَّ الشَّيْخَيْنِ عَلَّلَاهُ بِعِلَّةٍ اُخْرٰی، وَهُوَ اَنَّهُ رُوِیَ عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُبَیٍّ دُوْنَ ذِكْرِ عُتَیٍّ

✧✧ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدم علیہ السلام کا آخری وقت آیا تو آپ علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے کہا: جاؤ میرے لئے جنت کے کچھ پھل لے کر آؤ۔ آپ علیہ السلام کے بیٹے (پھل لینے) چل دیئے۔ آگے سے فرشتوں سے ملاقات ہوگئی، فرشتوں نے پوچھا: اے آدم علیہ السلام کے بیٹو! تم کہاں جا رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہمارے والد نے ہمیں جنت کے پھل لینے کے لئے بھیجا ہے، فرشتوں نے کہا: تم لوٹ جاؤ، کیونکہ جتنے پھل تم نے کھانے تھے، کھا لئے ہیں (حضور علیہ السلام) فرماتے ہیں: یہ لوگ فرشتوں کے ہمراہ واپس لوٹ آئے اور آدم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو گئے، جب حضرت حواء رضی اللہ عنہا نے ان کو دیکھا تو ان سے خوفزدہ ہو کر آدم علیہ السلام کے قریب آ گئیں اور ان کے ساتھ چپکنے لگیں، آدم علیہ السلام نے ان سے فرمایا: میرے اور میرے رب کے فرشتوں کے درمیان راستہ چھوڑ دو، آپ فرماتے ہیں: پھر فرشتوں نے آپ علیہ السلام کی روح کو قبض کیا پھر ان کو غسل دیا، ان کو خوشبو لگائی اور ان کو کفن پہنایا پھر ان کی نماز جنازہ پڑھی پھر ان کے لئے قبر کھود کر آپ علیہ السلام کو اس میں دفن کر دیا۔ پھر فرمایا: اے بنی آدم! مردوں کے متعلق تمہارا یہ طریقہ ہے لہٰذا اسی طریقے پر تم عمل کرتے رہنا۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور اس حدیث کا تعلق اس نوع کے ساتھ ہے کہ جب تابعی سے روایت کرنے والا صرف ایک شخص ہو، کیونکہ اس کی سند میں عتی بن ضمرہ السعدی کا ''حسن'' کے علاوہ اور کوئی راوی نہیں ہے جبکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو ایک دوسری وجہ سے معلل قرار دیا ہے اور وہ وجہ یہ ہے کہ یہ حدیث حسن کے واسطے سے ان کے والد سے روایت کی گئی ہے۔ اس میں ''عتی'' کا ذکر نہیں ہے۔

1276۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِیُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عُمَرُ بْنُ مَالِكٍ الْمَعَافِرِیُّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ اٰدَمُ رَجُلًا طُوَالًا فَذَكَرَ حَدِيْثًا طَوِيْلًا وَفِیْ اٰخِرِهٖ، اَنَّهُ قَالَ: خَلُّوْا بَيْنِیْ وَبَيْنَ رُسُلِ رَبِّیْ، فَاِنَّكِ اَدْخَلْتِ عَلَیَّ هٰذَا، فَقَبَضُوْا نَفْسَهُ وَغَسَّلُوْهُ بِالْمَاءِ وَالسِّدْرِ ثَلَاثًا، وَكَفَّنُوْهُ وَصَلَّوْا عَلَيْهِ وَدَفَنُوْهُ، ثُمَّ قَالُوْا: هٰذِهِ سُنَّةُ بَنِيْكَ مِنْ بَعْدِكَ هٰذَا لَا يُعَلِّلُ حَدِيْثَ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، فَاِنَّهُ اَعْرَفُ بِحَدِيْثِ الْحَسَنِ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمِصْرَ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

✧✧ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدم علیہ السلام بہت لمبے قد والے تھے پھراس کے بعد آپ نے طویل حدیث ذکر فرمائی اوراس کے آخر میں فرمایا: میرے اور میرے رب کے فرشتوں کے بیچ میں سے ہٹ جاؤ کیونکہ تو نے اس کو میرے اوپر داخل کر دیا ہے۔ پھرانہوں نے آپ کی روح کو قبض کیا، آپ کو پانی اور بیری کے پتوں کے ساتھ تین مرتبہ غسل دیا، آپ کو کفن پہنایا، نماز جنازہ پڑھی اور دفنا دیا۔ پھر بولے! تمہارے بعد یہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔(اسی پر عمل کرتے رہنا)

✣✣ یہ حدیث یونس بن عبید کی حدیث کو معلل نہیں کرتی کیونکہ اہل مدینہ اور اہل مصر میں سے حسن کی احادیث کے سب سے زیادہ واقف یہی تھے۔(واللہ علم)

1277۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَانَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي صَالِحِ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: عَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرِيضًا مِّنْ وَعَكٍ كَانَ بِهِ، وَمَعَهُ اَبُو هُرَيْرَةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: هِيَ نَارِي اُسَلِّطُهَا عَلٰى عَبْدِي الْمُؤْمِنِ فِي الدُّنْيَا لِتَكُونَ حَظَّهُ مِنَ النَّارِ فِي الْاٰخِرَةِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مریض کی عیادت فرمائی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خوش ہو جاؤ، کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یہ میری آگ ہے، اس کو میں اپنے کسی بندے پر دنیا میں اس لئے مسلط کرتا ہوں تاکہ وہ آخرت میں آگ سے بچ جائے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1278۔ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، قَالَا: اَنْبَانَا هِشَامُ بْنُ عَلِيٍّ السِّيرَافِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، اَنَّ يَحْيَى بْنَ اَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا قِلَابَةَ، حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: طَرَقَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعٌ، فَجَعَلَ يَتَقَلَّبُ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَوْ صَنَعَ هٰذَا بَعْضُنَا لَخَشِيَ اَنْ تَجِدَ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُشَدَّدُ عَلَيْهِ، وَلَيْسَ مِنْ مُؤْمِنٍ يُصِيبُهُ نَكْبَةٌ، اَوْ وَجَعٌ اِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ خَطِيئَةً وَّرَفَعَ لَهُ دَرَجَةً

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شدید درد اٹھا جس کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بستر پر لوٹ پوٹ ہو رہے تھے، میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسی تکلیف اگر ہم میں سے کسی کو ہوتی تو آپ اس کو بھی اسی حال

پر پاتے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک مومن پر سختی آتی ہے اور کسی بھی مومن کو کوئی درد یا تکلیف پہنچے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں اس کے گناہ معاف فرماتا ہے اور اس کے درجات بلند فرماتا ہے

❖❖ یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1279۔ اَخْبَرَنِیْ اِسْمَاعِیْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِیْهُ بِالرَّیِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِیُّ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ کَثِیْرِ بْنِ عُفَیْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ یَزِیْدَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: عَادَ امْرَاَةً مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ لَهَا: اَهِیَ اُمُّ مِلْدَمٍ ؟ قَالَتْ: نَعَمْ فَلَعَنَهَا اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبِّیْهَا، فَاِنَّهَا تَغْسِلُ ذُنُوْبَ الْعَبْدِ کَمَا یُذْهِبُ الْکِیْرُ خَبَثَ الْحَدِیْدِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ، بِغَیْرِ هٰذَا اللَّفْظِ مِنْ حَدِیْثِ حَجَّاجِ بْنِ اَبِیْ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ

❖❖ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک انصاری خاتون کی عیادت کو تشریف لے گئے۔ آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: کیا اس کو بخار ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! وہ بخار کو گالیاں دینے لگی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بخار کو گالیاں مت دو، کیوں کہ یہ بندے کے گناہوں کو ایسے ختم کر دیتا ہے جیسے آگ لوہے کے زنگ کو ختم کر دیتی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث حجاج بن ابی عثمان کے واسطے ابوالزبیر سے نقل کی ہے تاہم اس کے الفاظ مختلف ہیں۔

1280۔ اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِیْهُ، حَدَّثَنَا تَمِیْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ الْمُغِیْرَةِ، حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: اَتَتِ الْحُمّٰی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَتْ عَلَیْهِ فَقَالَ: مَنْ اَنْتِ ؟ قَالَتْ: اَنَا اُمُّ مِلْدَمٍ، فَقَالَ: اَتُهْدَیْنَ اِلٰی اَهْلِ قُبَاءَ ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: فَاْتِیهِمْ فَحَمُّوا، وَلَقُوا مِنْهَا شِدَّةً فَاشْتَکُوا اِلَیْهِ، فَقَالُوْا: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا لَقِیْنَا مِنَ الْحُمّٰی، قَالَ: اِنْ شِئْتُمْ دَعَوْتُ اللّٰهَ فَکَشَفَهَا عَنْکُمْ، وَاِنْ شِئْتُمْ کَانَتْ لَکُمْ طُهُوْرًا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں بخار حاضر ہوا اور (آنے کی) اجازت مانگی، آپ ﷺ نے پوچھا: تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا: میں بخار ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اہلِ قباء کے پاس جاؤ گے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو جاؤ ان کے پاس۔ چنانچہ وہ لوگ بہت شدید بخار میں مبتلا ہوئے۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اس کی شکایت کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو میں اللہ سے دعا کرتا ہوں اور تم لوگ (فوراً) شفا یاب ہو جاؤ گے لیکن اگر تم چاہو تو (کچھ دن رہنے دو کیونکہ) یہ تمہارے لیے طہارت دہندہ ہے۔

✜ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1281۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ فِیْ نَفْسِهٖ وَمَالِهٖ وَوَلَدِهٖ حَتّٰی يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيئَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ

✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن اپنے جان، مال اور اولاد کے حوالے سے مسلسل آزمائش میں رہتا ہے، حتیٰ کہ جب وہ اللہ تعالیٰ سے ملتا ہے تو اس کے ذمہ کوئی گناہ نہیں ہوتا۔

✜ یہ حدیث امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا مذکورہ حدیث کی ایک صحیح شاہد حدیث بھی موجود ہے۔ (جو کہ درج ذیل ہے)

1282۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخْتَارِ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وَصَبُ الْمُؤْمِنِ كَفَّارَةٌ لِّخَطَايَاهُ

✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی بیماری اس کے لیے گناہوں کا کفارہ ہے۔

1283۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِیْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِیْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَعْرَابِيٍّ: هَلْ اَخَذَتْكَ اُمُّ مِلْدَمٍ قَطُّ؟ قَالَ: وَمَا اُمُّ مِلْدَمٍ؟ قَالَ: حَرٌّ بَيْنَ الْجِلْدِ وَاللَّحْمِ، قَالَ: مَا وَجَدْتُ هٰذَا قَطُّ، قَالَ: فَهَلْ اَخَذَكَ الصُّدَاعُ قَطُّ؟ قَالَ: وَمَا الصُّدَاعُ؟ قَالَ: عِرْقٌ يَضْرِبُ عَلَى الْاِنْسَانِ فِیْ رَاْسِهٖ، قَالَ: مَا وَجَدْتُ هٰذَا قَطُّ، فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دیہاتی سے فرمایا: تجھے کبھی "ام ملدم" نے پکڑا ہے؟ اس نے پوچھا: "ام ملدم" کیا ہوتی ہے۔؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جلد اور گوشت کے درمیان "حرارت" ہوتی ہے۔ اس نے کہا: میں نے یہ کبھی محسوس نہیں کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: تجھے کبھی صداع نے پکڑا ہے؟ اس نے پوچھا: "صداع" کیا ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک رگ ہے، جو انسان کے سر میں درد کیا کرتی ہے۔ اس نے کہا: میں نے کبھی بھی یہ محسوس نہیں کیا۔ جب وہ پلٹ کر گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی جہنمی کو دیکھنا چاہتا ہو اس کو دیکھ لے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا

1284- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ زَيْدٍ التَّغْلِبِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا ضَرَبَ مِنْ مُؤْمِنٍ عِرْقٌ اِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ بِهٖ خَطِيئَةً، وَكَتَبَ لَهٗ بِهٖ حَسَنَةً، وَرَفَعَ لَهٗ بِهٖ دَرَجَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَعِمْرَانُ بْنُ زَيْدٍ التَّغْلِبِيُّ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ الْكُوفَةِ

❖❖ ام المؤمنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی جب بھی آگ بھڑکتی ہے (یا کوئی بھی تکلیف آتی ہے تو) اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ اس کا ایک گناہ معاف کرتا ہے اور اس کے لئے ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور اس کا درجہ بلند کر دیا جاتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور عمران بن زید تغلبی اہل مکہ میں سے ہیں اور شیخ ہیں۔

1285- حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، اَنْبَاَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيٰى، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ شَيْءٍ يُصِيبُ الْمُؤْمِنَ فِيْ جَسَدِهٖ يُؤْذِيهِ اِلَّا كَفَّرَ عَنْهُ مِنْ سَيِّئَاتِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کے جسم میں کوئی تکلیف پہنچے تو اس کے بدلے میں اس کے گناہوں کو معاف کر دیا جاتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا ہے۔

1286- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلْمَانَ الْحَجْرِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ لَيَبْتَلِيْ عَبْدَهٗ بِالسَّقَمِ حَتّٰى يُكَفِّرَ ذٰلِكَ عَنْهُ كُلَّ

حدیث 1285:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 16954 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ه' رقم الحديث: 10809 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ه/1988ء' رقم الحديث:415

حدیث 1286:

اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ه' رقم الحديث: 8745 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث:1548

ذَنْبٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو بیماری دے کر آزماتا رہتا ہے حتیٰ کہ اس کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1287- اَخْبَرَنِیْ اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصَابُ بِبَلَاءٍ فِیْ جَسَدِهٖ اِلَّا اَمَرَ اللّٰهُ الْحَفَظَةَ الَّذِيْنَ يَحْفَظُوْنَهٗ اَنِ اكْتُبُوْا لِعَبْدِیْ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ مِّنَ الْخَيْرِ عَلٰى مَا كَانَ يَعْمَلُ، مَا دَامَ مَحْبُوْسًا فِیْ وَثَاقِیْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان کو کوئی بھی جسمانی تکلیف پہنچے تو اللہ تعالیٰ اُس کے محافظ فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ جب تک یہ اس تکلیف میں مبتلا ہے اس وقت تک اس کے سابقہ معمولات کے مطابق روزانہ نیکیاں لکھتے رہو۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1288- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْيَمَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِیْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ السَّائِبِ، اَنَّ عَبْدَ الْحَمِيْدِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ حَدَّثَهٗ، عَنْ اَبِيْهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّمَا مَثَلُ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ حِيْنَ يُصِيْبُهُ الْوَعْكُ، اَوِ الْحُمّٰى كَمَثَلِ حَدِيْدَةٍ تَدْخُلُ النَّارَ فَيَذْهَبُ خَبَثُهَا وَيَبْقٰى طِيْبُهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ رُوَاتُهٗ مَدَنِيُّوْنَ وَمِصْرِيُّوْنَ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبدالرحمن بن ازہر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندۂ مومن کو جب بخار یا کوئی اور تکلیف آتی ہے تو اس کی مثال یہ ہے کہ جیسے لوہے کو آگ میں ڈال دیا جائے، جس سے اس کا زنگ ختم ہو جائے اور صاف ستھرا لوہا باقی بچ جائے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس کے تمام راوی مدنی ہیں ''مصری'' ہیں۔

1289- حَدَّثَنِیْ اَبُوْ مَنْصُوْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَتَكِیُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ سَهْلٍ اللَّبَّادُ،

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ حَلْبَسٍ يَزِيْدَ بْنِ مَيْسَرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اُمَّ الدَّرْدَاءِ، تَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ قَالَ: يَا عِيْسٰى اِنِّیْ بَاعِثٌ مِّنْ بَعْدِكَ اُمَّةً، اِنْ اَصَابَهُمْ مَا يُحِبُّوْنَ حَمِدُوا اللّٰهَ، وَاِنْ اَصَابَهُمْ مَا يَكْرَهُوْنَ احْتَسَبُوْا وَصَبَرُوْا، وَلَا حِلْمَ وَلَا عِلْمَ، فَقَالَ: يَا رَبِّ، كَيْفَ يَكُوْنُ هٰذَا لَهُمْ وَلَا حِلْمَ وَلَا عِلْمَ؟ قَالَ: اُعْطِيْهِمْ مِنْ حِلْمِیْ وَعِلْمِیْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے عیسیٰ علیہ السلام! میں تمہارے بعد ایک ایسی امت پیدا کرنے والا ہوں کہ ان کو اگر ایسی چیز پہنچے جوان کو پسند ہو تو وہ اللہ کی حمد کریں گے اور شکر کریں گے اور اگر ان کو کوئی ایسی چیز پہنچے جوان کو ناپسند ہو تو وہ اس پر شکر کریں گے، حالانکہ ان میں نہ علم ہوگا نہ حلم۔ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے) عرض کی! اے میرے رب! جب ان میں علم وحلم نہیں ہوگا تو پھر وہ اتنے صابر وشکر کیسے ہوں گے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں ان کو اپنے حلم اور علم میں سے (حصہ) عطا کروں گا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے نقل نہیں کیا۔

1290- حَدَّثَنِیْ بُكَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: اِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدِیَ الْمُؤْمِنَ، وَلَمْ يَشْكُنِیْ اِلٰى عُوَّادِهِ اَطْلَقْتُهُ مِنْ اَسَارِیْ، ثُمَّ اَبْدَلْتُهُ لَحْمًا خَيْرًا مِّنْ لَحْمِهِ، وَدَمًا خَيْرًا مِّنْ دَمِهِ، ثُمَّ يُسْتَاْنَفُ الْعَمَلَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جب میں اپنے بندۂ مومن کو آزماتا ہوں اور وہ اپنی تکالیف کی شکایت نہیں کرتا تو میں اس کو قید سے آزاد کر دیتا ہوں پھر اس کا گوشت اچھے گوشت میں بدل دیتا ہوں اور اس کا خون اچھے خون میں بدل دیتا ہوں پھر وہ نئے سرے عمل شروع کر دیتا ہے، عبدالرحمٰن بن ازھر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندۂ مومن کو جب بخار یا کوئی اور تکلیف آتی ہے تو اس کی مثال یہ ہے کہ جیسے لوہے کو آگ میں ڈال دیا جاتا ہے جس سے اس کا زنگ ختم ہو جائے اور صاف ستھرا لوہا باقی بچ جائے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

حدیث 1289:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 27585 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 3252

1291- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مَيْمُوْنٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، اَنَّ امْرَاَةً كَانَتْ بَغِيًّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَمَرَّ بِهَا رَجُلٌ، اَوْ مَرَّتْ بِهِ فَبَسَطَ يَدَهُ اِلَيْهَا، فَقَالَتْ: مَهْ اِنَّ اللّٰهَ اَذْهَبَ بِالشِّرْكِ، وَجَآءَ بِالْاِسْلَامِ، فَتَرَكَهَا وَوَلّٰى، وَجَعَلَ يَنْظُرُ اِلَيْهَا حَتّٰى اَصَابَ وَجْهُهُ الْحَائِطُ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: اَنْتَ عَبْدٌ اَرَادَ اللّٰهُ بِكَ خَيْرًا، اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا عَجَّلَ لَهُ عُقُوْبَةَ ذَنْبِهٖ حَتّٰى يُوَافِي بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: زمانہ جاہلیت میں ایک بدکار عورت تھی، اس کے پاس سے ایک شخص گزرا یا (شاید یہ فرمایا کہ) وہ کسی مرد کے پاس سے گزری تو اس مرد نے اس عورت کی جانب ہاتھ بڑھایا، وہ آگے سے بولی: چھوڑو! کیونکہ اللہ تعالیٰ نے شرک ختم فرما دیا ہے اور اسلام بھیج دیا ہے۔ اس مرد نے عورت کو چھوڑ دیا اور پلٹ گیا اور اس عورت کی طرف دیکھنا شروع کر دیا تو چلتے چلتے وہ ایک دیوار سے ٹکرا گیا، وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور سارا ماجرا کہہ سنایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تیرے ساتھ بھلائی کا ارادہ رکھتا ہے۔ کیونکہ جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کے گناہ کی سزا فوراً دنیا ہی میں دیتا ہے جس کی وجہ سے قیامت کے دن وہ عذاب سے بچ جائے گا۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1292- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ اَرْبَعُ خِلَالٍ: يُجِيْبُهُ اِذَا دَعَاهُ، وَيَعُوْدُهُ اِذَا مَرِضَ، وَيُشَمِّتُهُ اِذَا عَطَسَ، وَيُشَيِّعُهُ اِذَا مَاتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ اِنَّمَا اَخْرَجَاهُ مِنْ حَدِيْثِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ

✧✧ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر ۴ حق ہیں۔ (۱) جب اس کو دعوت دے تو اس کی دعوت کو قبول کرے۔ (۲) جب بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرے۔ (۳) جب اس کو چھینک آئے تو اس کی چھینک کا جواب دے۔ (۴) جب مر جائے تو اس کے (جنازے کے) ساتھ جائے۔

حدیث 1291:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 16852 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2911

یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اوزاعی کی وہ حدیث نقل کی ہے، جس میں انہوں نے زہری، پھر سعید کے واسطے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بیان نقل کیا ہے کہ ''مسلم کے مسلم پر پانچ حق ہیں''۔

1293- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، وَاَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، قَالَ: جَآءَ اَبُوْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ يَعُوْدُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: اَجِئْتَ عَائِدًا، اَمْ شَامِتًا؟ فَقَالَ: بَلْ جِئْتُ عَائِدًا، فَقَالَ عَلِيٌّ: اِنْ جِئْتَ عَائِدًا، فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ اَتٰى اَخَاهُ عَائِدًا فَهُوَ فِيْ خُرَافَةِ الْجَنَّةِ، فَاِذَا جَلَسَ غَمَرَتْهُ الرَّحْمَةُ، وَاِنْ كَانَ غُدْوَةً صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُمْسِيَ، وَاِنْ كَانَ مُمْسِيًا صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُصْبِحَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِخِلَافٍ عَلَى الْحُكْمِ فِيْهِ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن ابن ابی لیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے گئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: تم عیادت کرنے آئے ہو یا ان کی تکلیف پر خوش ہونے آئے ہو؟ انہوں نے کہا: میں عیادت کی غرض سے آیا ہوں۔ اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم (واقعی) عیادت کے لئے آئے ہو تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے: جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی عیادت کرنے آئے تو وہ جنت کے پھل چنتا ہے پھر جب وہ بیٹھ جاتا ہے تو اللہ کی رحمت اس کو ڈھانپ لیتی ہے۔ اگر وہ صبح کے وقت عیادت کرے تو ستر ہزار فرشتے شام تک اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں۔ اور اگر شام کے وقت عیادت کرے تو ستر ہزار فرشتے صبح ہونے تک اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں۔

✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اس لیے نقل نہیں کیا کہ اس کی سند میں ''حکم'' (نامی راوی) سے اختلاف موجود ہے۔

1294- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ، قَالَ: عَادَ اَبُوْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَّعِنْدَهُ عَلِيٌّ، فَقَالَ عَلِيٌّ: اَزَائِرًا جِئْتَ اَمْ عَائِدًا؟ قَالَ: بَلْ عَائِدًا، فَقَالَ عَلِيٌّ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مَرِيْضًا اِلَّا خَرَجَ مَعَهُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يُشَيِّعُوْنَهُ، اِنْ كَانَ مُصْبِحًا حَتّٰى يُمْسِيَ، وَكَانَ لَهُ خَرِيْفٌ مِّنَ الْجَنَّةِ، وَاِنْ كَانَ مُمْسِيًا شَيَّعَهُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُصْبِحَ، وَكَانَ لَهُ خَرِيْفٌ مِّنَ الْجَنَّةِ

هٰذَا مِنَ النَّوْعِ الَّذِيْ ذَكَرْتُهُ غَيْرَ مَرَّةٍ اَنَّ هٰذَا لَا يُعَلِّلُ ذٰلِكَ، فَاِنَّ اَبَا مُعَاوِيَةَ اَحْفَظُ اَصْحَابِ الْاَعْمَشِ،

وَالْاَعْمَشُ اَعْرَفُ بِحَدِيْثِ الْحَكَمِ مِنْ غَيْرِهِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے گئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی وہاں پر موجود تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوموسیٰ سے کہا: صرف دیکھنے آئے ہو یا عیادت کرنے؟ انہوں نے کہا: عیادت کرنے آیا ہوں۔ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو کوئی مسلمان کسی مریض کی عیادت کے لیے نکلتا ہے تو ستر ہزار فرشتے اس کے ہمراہ چلتے ہیں۔ اگر وہ صبح کے وقت عیادت کے لئے نکلتا ہے تو شام تک (فرشتے اس کے ہمراہ رہتے ہیں) اور اس کے لئے جنتی پھل ہیں۔ اور شام کے وقت وہ عیادت کو جائے تو صبح ہونے تک ستر ہزار فرشتے اس کے ہمراہ رہتے ہیں اور اس کے لئے جنتی پھل ہیں۔

❖ یہ حدیث اس قسم سے تعلق رکھتی ہے جس کا متعدد بار ہم نے ذکر کیا ہے کہ اس طرح کی حدیث ان وجوہات سے معلل نہیں ہوتی۔ کیونکہ ابومعاویہ اعمش کے اصحاب میں سے سب سے زیادہ حافظے والے ہیں۔ اور اعمش دوسروں کی بہ نسبت "حکم" کی روایات سے زیادہ واقف ہیں۔

1295- اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْقَارِءُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدِ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، اَنْبَانَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَادَ مَرِيْضًا لَّمْ يَزَلْ يَخُوْضُ الرَّحْمَةَ حَتّٰى يَجْلِسَ، فَاِذَا جَلَسَ اغْتَمَسَ فِيْهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی مریض کی عیادت کرتا ہے تو وہ اللہ کی رحمت میں داخل ہو جاتا ہے یہاں تک کہ وہ (مریض کے پاس) بیٹھ جاتا ہے اور جب وہ بیٹھ جاتا ہے تو رحمت الٰہی میں غوطہ لگاتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1296- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنِيْ

حدیث 1295:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 14299 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 2956 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 6375 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي، دارعمار، بيروت، لبنان/عمان، 1405ھ 1985ء، رقم الحديث: 6375 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي، دارعمار، بيروت، لبنان/عمان، 1405ھ 1985ء، رقم الحديث: 519 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 11481

يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَلِيّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ تُكْرِهُوا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ، فَإِنَّ اللّهَ يُطْعِمُهُمْ وَيَسْقِيهِمْ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے مریضوں کو کھانے پر ناپسند مت کرو کیونکہ انہیں اللہ تعالیٰ کھلاتا اور پلاتا ہے۔

✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1297 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَلِيلِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ الْحَارِثِيّ، عَنِ الشَّعْبِيّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّهِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ عُمَرَ رَآهُ كَئِيبًا، فَقَالَ لَهُ: مَا لَكَ لَعَلَّهُ سَائَتْكَ اِمْرَةُ ابْنِ عَمِّكَ، قَالَ: لاَ، وَاَثْنَى عَلَى اَبِي بَكْرٍ، وَلٰكِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كَلِمَةً لاَ يَقُولُهَا عَبْدٌ عِنْدَ مَوْتِهِ اِلَّا فَرَّجَ اللّهُ عَنْهُ كُرْبَتَهُ، وَاَشْرَقَ لَوْنُهُ، فَمَا مَنَعَنِي اَنْ اَسْاَلَهُ عَنْهَا اِلَّا الْقُدْرَةَ عَلَيْهَا حَتّٰى مَاتَ، فَقَالَ عُمَرُ: اِنِّي لَاَعْرِفُهَا، فَقَالَ لَهُ طَلْحَةُ: وَمَا هِيَ؟ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: هَلْ تَعْلَمُ كَلِمَةً هِيَ اَعْظَمُ مِنْ كَلِمَةٍ اَمَرَ بِهَا عَمَّهُ، لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّهُ، فَقَالَ لَهُ طَلْحَةُ: هِيَ وَاللّهِ هِيَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجْهُ مُسْلِمٌ، فَاَمَّا الْوَهْمُ الَّذِي اَتٰى بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، عَنْ مِسْعَرٍ

✧✧ حضرت یحییٰ بن طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو رنجیدہ خاطر اور پریشان دیکھا تو کہنے لگے: تجھے کیا ہوا ہے؟ شاید کہ تیرے چچا کے بیٹے کی بیوی نے تیرے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا۔ انہوں نے جواباً کہا: نہیں اور پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تعریف وتوصیف کی، پھر کہنے لگے: لیکن میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

حدیث 1296:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث:2040 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3444 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 19367 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 1741 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث:807

حدیث 1297:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث:136 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث:10939 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث:641

ایک ''کلمہ'' بولتے سنا تھا، اگر کوئی شخص موت کے وقت اس کو پڑھ لے تو موت کی سختی ختم ہو جاتی ہے۔ اور اس کا رنگ نکھر جاتا ہے اور میں حضور علیہ السلام سے وہ کلمہ پوچھنے پر قادر بھی تھا لیکن پوچھ نہ سکا۔ حتیٰ کہ آپ ﷺ کا انتقال ہو گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے اس کلمہ کا پتہ ہے، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: وہ کیا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو بتایا: کیا تمہیں اس سے بڑھ کر کسی کلمہ کے متعلق معلوم ہے جو کلمہ حضور علیہ السلام نے اپنے چچا کو پڑھنے کا حکم دیا تھا۔ '' لا الـه الا الله'' کی گواہی دینا حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''خدا کی قسم یہی وہ کلمہ ہے''

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن امام مسلم نے اسے نقل نہیں کیا۔

1298۔ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِي اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَبَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، حَدَّثَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنِّيْ لَاَعْلَمُ كَلِمَةً لَا يَقُوْلُهَا عَبْدٌ حَقًّا مِّنْ قَلْبِهٖ فَيَمُوْتُ اِلَّا حُرِّمَ عَلَى النَّارِ فَقُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُخْبِرْهَا، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: اَنَا اُخْبِرُكَ بِهَا، هِيَ كَلِمَةُ الْاِخْلَاصِ الَّتِيْ اَمَرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّهُ اَبَا طَالِبٍ عِنْدَ الْمَوْتِ: شَهَادَةُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَهِيَ الْكَلِمَةُ الَّتِيْ اَكْرَمَ اللّٰهُ بِهَا مُحَمَّدًا وَاَصْحَابَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ، اِنَّمَا انْفَرَدَ مُسْلِمٌ بِاِخْرَاجِهٖ، حَدِيْثِ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ

عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ حُمْرَانَ، عَنْ عُثْمَانَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَّاتَ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ انسان نے اس کو خلوص دل سے پڑھا ہو پھر اس کا انتقال ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس پر جہنم کی آگ حرام فرما دیتا ہے، پھر رسول اللہ ﷺ کا انتقال ہو گیا لیکن اس کلمہ کے بارے میں آپ علیہ السلام نے کوئی وضاحت نہیں فرمائی تھی۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں بتاتا ہوں کہ وہ کلمہ کیا ہے۔ وہ کلمہ اخلاص ہے جس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے اپنے چچا ابوطالب کو ان کی وفات کے وقت تلقین کی تھی، اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔ اسی کلمے کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ

حدیث 1299:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3116 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 22810 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 574 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 221

اوران کے اصحاب کوعزت بخشی ہے

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، تاہم صرف امام مسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص موت کے وقت جانتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے، وہ جنتی ہے۔

1299 ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَهْدِيِّ بْنِ رُسْتُمٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ اَبِيْ عَرِيْبٍ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ اٰخِرُ كَلَامِهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ كُنْتُ اَمْلَيْتُ حِكَايَةَ اَبِيْ زُرْعَةَ، وَاٰخِرَ كَلَامِهِ كَانَ سِيَاقَةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کا آخری کلام " لا الـــــه الا الله'' ہوگا اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرے گا۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، میں ابوزرعہ کی حکایات املاء کیا کرتا تھا، ان کا آخری کلام اسی حدیث کے مطابق تھا۔

1300 ـ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ نَصْرٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، فِيْمَا قُرِءَ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيْكٍ، اَنَّ عَتِيْكَ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ عَتِيْكٍ، وَهُوَ جَدُّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ اُمِّهِ اَخْبَرَهُ، اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَتِيْكٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَآءَ يَعُوْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ ثَابِتٍ فَوَجَدَهُ قَدْ غُلِبَ فَصَاحَ بِهِ فَلَمْ يُجِبْهُ، فَاسْتَرْجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: غُلِبْنَا عَلَيْكَ يَا اَبَا الرَّبِيْعِ، فَصَاحَ النِّسْوَةُ وَبَكَيْنَ، فَجَعَلَ ابْنُ عَتِيْكٍ يُسَكِّتُهُنَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُنَّ فَاِذَا وَجَبَ فَلَا تَبْكِيَنَّ بَاكِيَةٌ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الْوُجُوْبُ ؟ قَالَ: اِذَا مَاتَ، فَقَالَتِ ابْنَتُهُ: وَاللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ اَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ شَهِيْدًا، فَاِنَّكَ قَدْ كُنْتَ قَضَيْتَ جِهَازَكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اَوْقَعَ اللّٰهُ اَجْرَهُ عَلٰى قَدْرِ نِيَّتِهِ، وَمَا تَعُدُّوْنَ الشَّهَادَةَ ؟ قَالُوْا: اَلْقَتْلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوَى الْقَتْلِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ: اَلْمَطْعُوْنُ شَهِيْدٌ، وَالْغَرِيْقُ شَهِيْدٌ، وَصَاحِبُ ذَاتِ الْجَنْبِ شَهِيْدٌ، وَالْمَبْطُوْنُ شَهِيْدٌ، وَصَاحِبُ الْحَرِيْقِ شَهِيْدٌ، وَالَّذِيْ يَمُوْتُ تَحْتَ الْهَدْمِ شَهِيْدٌ، وَالْمَرْاَةُ تَمُوْتُ بِجَمْعٍ شَهِيْدَةٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، رُوَاتُهُ مَدَنِيُّوْنَ قُرَشِيُّوْنَ، وَعِنْدَ حَدِيْثِ مَالِكٍ جَمْعُ مُسْلِمِ بْنِ

الْحَجَّاجِ بَدَاَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ مِنْ شُيُوْخِ مَالِكٍ

✧✧ حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کی عیادت کیلئے تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ ان پر موت کا غلبہ ہو چکا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو آواز دی، لیکن ان کی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "اِنَّـا لِلّٰـهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ" پڑھا۔ اور فرمایا: اے ابوالربیع! ہمیں تجھ پر غلبہ دیا گیا۔ تو عورتیں رونے اور چیخنے لگیں اور ابن عتیک ان کو خاموش کرانے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کو چھوڑ دو! کیونکہ جب واجب ہو جائے گا تو کوئی رونے والی نہیں روئے گی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا! وجوب کیا ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب وہ مر جائے گا۔ اس کی بیٹی اپنے باپ کو مخاطب کر کے بولی: خدا کی قسم! میں تو آپ کے شہید ہونے کی آرزو رکھتی تھی کیونکہ آپ نے اپنی مکمل تیاری کر رکھی تھی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نیت کے مطابق اجر و ثواب عطا فرماتا ہے (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا) تم شہادت کس کو شمار کرتے ہو؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی!" قتل في سبيل الله " (یعنی اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل ہونا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قتل فی سبیل اللہ کے علاوہ بھی سات قسم کی شہادت ہے (۱) طاعون زدہ شہید ہے۔ (۲) ڈوب کر مرنے والا (۳) ذات الجنب کی بیماری میں مرنے والا (۴) پیٹ کی بیماری میں مرنے والا (۵) جل کر مرنے والا (۶) دب کر مرنے والا (۷) اور وہ عورت جو بچہ پیدا کرتے ہوئے مر جائے۔ (سب شہید ہیں)

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس کے تمام راوی مدنی ہیں قریشی ہیں۔ مسلم بن حجاج نے مالک کی حدیث جمع کی ہے اور یہ حدیث انہوں نے مالک کے شیوخ سے شروع کی ہے۔

1301۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَّحْمُوْدِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا حَضَرْتُمُ الْمَيِّتَ فَغَمِّضُوا الْبَصَرَ، فَاِنَّ الْبَصَرَ يَتْبَعُ الرُّوحَ وَقُوْلُوْا خَيْرًا، فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُؤَمِّنُ عَلٰى دُعَاءِ اَهْلِ الْبَيْتِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم کسی میت کے پاس حاضر ہو تو اس کی آنکھیں بند کر دیا کرو کیونکہ میت کے گھر والے میت کے لئے جو دعا کرتے ہیں اس پر ملائکہ آمین کہتے ہیں۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

حدیث 1301:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1455 اخرجه ابو عبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 17176 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 1015 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 7168

1302- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْآدَمِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا احْتُضِرَ اَتَتْهُ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ بِحَرِيْرَةٍ بَيْضَاءَ، فَيَقُوْلُوْنَ: اخْرُجِي رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً عَنْكِ اِلٰى رَوْحِ اللّٰهِ، وَرَيْحَانٍ، وَرَبٍّ غَيْرِ غَضْبَانَ فَتَخْرُجُ كَاَطْيَبِ رِيحِ الْمِسْكِ حَتّٰى اَنَّهُمْ لِيُنَاوِلُهُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا يَشُمُّونَهُ حَتّٰى يَاْتُوْا بِهٖ بَابَ السَّمَآءِ، فَيَقُوْلُوْنَ: مَا اَطْيَبَ هٰذِهِ الرِّيْحُ الَّتِيْ جَائَتْكُمْ مِنَ الْاَرْضِ ؟ فَكُلَّمَا اَتَوْا سَمَاءً قَالُوْا ذٰلِكَ حَتّٰى يَاْتُوْا بِهٖ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَ: فَلَهُمْ اَفْرَحُ بِهٖ مِنْ اَحَدِكُمْ بِغَائِبِهٖ اِذَا قَدِمَ عَلَيْهِ، قَالَ: فَيَسْاَلُوْنَهُ مَا فَعَلَ فُلَانٌ ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: دَعُوْهُ حَتّٰى يَسْتَرِيحَ فَاِنَّهُ كَانَ فِيْ غَمِّ الدُّنْيَا، فَاِذَا قَالَ لَهُمْ: اَمَا اَتَاكُمْ ؟ فَاِنَّهُ قَدْ مَاتَ، قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ ذُهِبَ بِهٖ اِلٰى اُمِّهِ الْهَاوِيَةِ، قَالَ: وَاَمَّا الْكَافِرُ، فَاِنَّ مَلَائِكَةَ الْعَذَابِ تَاْتِيهِ، فَتَقُوْلُ: اخْرُجِي سَاخِطَةً مَّسْخُوْطٌ عَلَيْكِ اِلٰى عَذَابِ اللّٰهِ، وَسَخَطِهٖ فَيَخْرُجُ كَاَنْتَنِ رِيحِ جِيفَةٍ فَيَنْطَلِقُوْنَ بِهٖ اِلٰى بَابِ الْاَرْضِ، فَيَقُوْلُوْنَ: مَا اَنْتَنَ هٰذِهِ الرِّيْحَ كُلَّمَا اَتَوْا عَلَى الْاَرْضِ قَالُوْا ذٰلِكَ حَتّٰى يَاْتُوْا بِهٖ اَرْوَاحَ الْكُفَّارِ وَقَدْ تَابَعَ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّسْتُوَائِيُّ مَعْمَرَ بْنَ رَاشِدٍ فِيْ رِوَايَتِهٖ، عَنْ قَتَادَةَ: عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ،

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کا جب آخری وقت آتا ہے تو رحمت کے فرشتے سفید رنگ کا ریشمی لباس لے کر آتے ہیں اور کہتے ہیں: تجھ پر اللہ راضی ہے، تو برضا وخوشی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف چل۔ تو (اس کی روح) انتہائی عمدہ مشک کی خوشبو کی طرح نکلتی ہے یہاںتک کہ ملائکہ ایک دوسرے سے لے کر اس کی خوشبو سونگھتے ہیں۔ پھر اس کو آسمان کے دروازے پر لے جایا جاتا ہے۔ تو آسمان کے ملائکہ کہتے ہیں: یہ کتنی اچھی خوشبو ہے جو زمین سے آئی ہے پھر جس بھی آسمان تک یہ روح پہنچتی ہے، اس کو اچھے کلمات سے نوازا جاتا ہے حتیٰ کہ اس روح کو ارواح مومنین میں شامل کر دیا جاتا ہے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا: ارواحِ مومنین اس کی آمد پر اس سے بھی زیادہ خوش ہوتی ہیں جتنا کہ تم اپنے کسی عزیز کے بہت عرصہ کے بعد ملنے پر خوش ہوتے ہو۔ پھر مومنین کی روحیں اس سے دنیا کے حالات پوچھنے لگ جاتی ہیں تو ملائکہ ان کو کہتے ہیں: اس کو چھوڑ دو! اس کو آرام کرنے دو، کیونکہ یہ ابھی دنیا کے غموں سے چھوٹ کر آیا ہے، مومن روح بھی ارواحِ مومنین سے پوچھتی ہے: فلاں شخص مرگیا تھا، کیا وہ تمہارے پاس نہیں پہنچا؟ تو وہ اس کو جواب دیتے ہیں: وہ جہنم میں جا چکا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کافر کا آخری وقت آتا ہے تو اس کے پاس عذاب کے فرشتے آتے ہیں اور کہتے ہیں: تجھ پر اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہے تو ناراضگی کے عالم ہی میں اپنے رب کے غصے اور عذاب کی طرف نکل، جب وہ نکلتی ہے تو مردار کی طرح اس سے بدبو نکلتی ہے، پھر فرشتے اس کو لے کر زمین کی طرف چلتے ہیں تو جس زمین تک بھی پہنچتے ہیں، ملائکہ کہتے ہیں: یہ کتنی گندی بدبو ہے، فرشتے اس کو لے کر چلتے رہتے ہیں اور اس پر اسی طرح کی آوازیں کسی جاتی ہیں یہاںتک کہ اس کو کفار کی ارواح میں شامل کر دیا جاتا ہے۔

✣✣ یہ حدیث قتادہ سے روایت کرنے میں ہشام بن عبداللہ دستوائی نے معمر بن راشد کی متابعت کی ہے۔

1303- اَخْبَرَنِيْهِ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ،

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، وَقَالَ هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى: عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

✧✧ ہشام رضی اللہ عنہ کی سند کے ہمراہ بھی مذکورہ حدیث مروی ہے۔

تبصرہ ہمام بن یحییٰ نے اس کی سند میں قتادہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ''قسامہ'' کی بجائے ''ابوالجوزاء'' کا واسطہ بیان کیا ہے۔

1304۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ حَضَرَهُ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِهِ، هٰذِهِ الْاَسَانِيدُ كُلُّهَا صَحِيحَةٌ، وَشَاهِدُهَا حَدِيثُ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، وَقَدْ اَمْلَيْتُهُ فِي كِتَابِ الْاِيمَانِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب مومن کی موت کا وقت آتا ہے تو رحمت کے فرشتے اس کے پاس آتے ہیں، پھر اس کے بعد سابقہ حدیث جیسی حدیث بیان کی ہے۔

❖ یہ تمام اسانید ''صحیح'' ہیں اور ان کی شاہد حدیث حضرت براء بن عازب کی (وہ) روایت ہے جس کو میں نے ''کتاب الایمان'' میں درج کر دیا ہے۔

1305۔ اَخْبَرَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّي، حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَدِمَ الْمَدِينَةَ سَاَلَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ، فَقَالُوا: تُوُفِّيَ وَاَوْصَى بِثُلُثِهِ لَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاَوْصَى اَنْ يُوَجَّهَ اِلَى الْقِبْلَةِ لَمَّا احْتُضِرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَصَابَ الْفِطْرَةَ وَقَدْ رَدَدْتُ ثُلُثَهُ عَلَى وَلَدِهِ، ثُمَّ ذَهَبَ فَصَلَّى عَلَيْهِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَاَدْخِلْهُ جَنَّتَكَ، وَقَدْ فَعَلْتَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ، فَقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِنُعَيْمِ بْنِ حَمَّادٍ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ بِالدَّرَاوَرْدِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيثَ، وَلَا اَعْلَمُ فِي تَوَجُّهِ الْمُحْتَضَرِ اِلَى الْقِبْلَةِ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيثِ

✧✧ حضرت یحییٰ بن عبداللہ بن ابی قتادہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں: جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو حضرت براء بن معرور رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا: تو لوگوں نے بتایا کہ وہ وفات پا چکے ہیں اور یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! انہوں نے آپ کے لئے اپنے ایک تہائی مال کی وصیت بھی کی ہے اور انہوں نے یہ بھی وصیت کی تھی کہ جب ان کا انتقال ہو جائے تو ان کا چہرہ قبلہ کی جانب کر دیا جائے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کا عمل فطرت کے عین مطابق ہے۔ اور میں اس کا ثلث (تیسرا حصہ

حدیث 1305

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6396

جواس نے میرے لئے وصیت کیا ہے)اس کے بچوں کو دیتا ہوں، پھر آپ ﷺ نے ان کی نمازِ جنازہ پڑھی اور یوں دعا مانگی "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَادْخِلْهُ جَنَّتَكَ" اے اللہ: اس کی مغفرت فرما اور اس کو اپنی جنت میں داخل فرما۔ اور بے شک تو نے ایسا کر دیا۔

❖ یہ حدیث "صحیح" ہے کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "نعیم بن حماد" کی روایات نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ بن حجاج نے "دراوردی" کی روایات نقل کی ہیں۔ لیکن یہ حدیث نقل نہیں کی۔ اور میری نظر میں اس حدیث کے علاوہ اور کوئی حدیث ایسی نہیں ہے، جس سے موت کے وقت چہرہ قبلہ کی طرف کرنا ثابت ہوتا ہو۔

1306 - اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَالِمُ بْنُ الْفَضْلِ الْآدَمِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بُرْدَةَ بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا اَخَذُوْا فِيْ غَسْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا هُمْ بِمُنَادٍ مِّنَ الدَّاخِلِ لَا تَنْزِعُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيْصَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رسول اکرم ﷺ کو غسل دینے لگے تو ایک نداء آئی (وہ نداء یہ تھی) "رسول اللہ ﷺ کی قمیص مت اتارو"۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1307 - اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ شَرِيْكٍ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ اللَّخْمِيِّ، عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَكَتَمَ عَلَيْهِ غُفِرَ لَهُ اَرْبَعِيْنَ مَرَّةً، وَمَنْ كَفَّنَ مَيِّتًا كَسَاهُ اللّٰهُ مِنَ السُّنْدُسِ، وَاِسْتَبْرَقِ الْجَنَّةِ، وَمَنْ حَفَرَ لِمَيِّتٍ قَبْرًا فَاَجَنَّهُ فِيْهِ اُجْرِيَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ كَاَجْرِ مَسْكَنٍ اُسْكِنَهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص میت کو غسل دے اور اس کی عیب پوشی کرے، اس کی چالیس مرتبہ مغفرت کر دی جاتی ہے اور جو کسی میت کو کفن پہنائے، اللہ تعالیٰ اس کو جنت کا ریشمی لباس پہنائے گا، اور جو شخص کسی میت کے لئے قبر کھودے اور اس کو دفنائے تو اللہ تعالیٰ اس کو قیامت تک اس شخص کے برابر ثواب دے گا جس نے

حدیث 1306:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1466 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 6415

مکان بنا کر کسی (ضرورت مند) کو اس میں ٹھہرایا ہو)

✦✦ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1308۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْفَرَّاءُ، اَنْبَانَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَسْعُوْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَانَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضُ، فَالْبِسُوْهَا اَحْيَائَكُمْ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَاهِدُهُ صَحِيْحٌ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے لئے بہترین لباس "سفید" ہے، اپنے زندوں کو بھی یہی لباس پہناؤ اور اپنے مردوں کو بھی اسی میں کفن دو۔

✦✦ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ایک صحیح حدیث مذکورہ حدیث کی شاہد ہے (جو کہ درج ذیل ہے۔)

1309۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ اَبِيْ شَبِيْبٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَسُوا الثِّيَابَ الْبَيَاضَ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ، فَاِنَّهَا اَطْهَرُ وَاَطْيَبُ

✧✧ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سفید لباس پہنا کرو اور اسی میں اپنے مردوں کو کفن دیا کرو کیونکہ (دوسرے رنگوں کی بہ نسبت) یہ زیادہ عمدہ اور پاکیزہ ہوتا ہے۔

حدیث 1308:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 3342 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي، دارعمار، بيروت، لبنان/عمان، 1405ه 1985ء رقم الحديث: 388 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ه/1983ء رقم الحديث: 12487

حدیث 1309:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 20166 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ه/ 1991ء رقم الحديث: 9642 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 6482 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ه/1983ء رقم الحديث: 6760 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت لبنان، (طبع ثاني) 1403ه، رقم الحديث: 6199

1310- حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا قُطْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَجْمَرْتُمُ الْمَيِّتَ فَاَوْتِرُوْا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاه

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب میت کو لے کر چلو تو تیر تیر قدم اٹھاؤ اور باری باری کندھا دو۔

✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1311- وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ إِسْحَاقَ الْفَقِيهُ اَنْبَاَ إِسْمَاعِيلُ بْنُ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَنْبَاَ هُشَيْمٌ أَنْبَاَ عُيَيْنَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ لَقَدْ رَأَيْتُنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّا لَنَكَادُ أَنْ نَرْمِلَ بِالْجَنَازَةِ رَمْلًا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَشَاهِدُهُ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ الطَّيَّارِ

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ وقت گذارا ہے، ہم "جنازہ" کو بہت تیزی کے ساتھ لے کر چلا کرتے تھے۔

✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، عبداللہ بن جعفر طیار کی سند کے ہمراہ ایک "صحیح" حدیث گذشتہ حدیث کی شاہد موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

1312- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي بْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ بِالْبَقِيعِ فَاطَّلَعَ عَلَيْنَا بِجَنَازَةٍ فَأَقْبَلَ عَلَيْنَا بْنُ جَعْفَرٍ فَتَعَجَّبَ مِنْ إِبْطَاءِ مَشْيِهِمْ بِهَا فَقَالَ عَجَبًا لِمَا تَغَيَّرَ مِنْ حَالِ النَّاسِ وَاللّٰهِ إِنْ كَانَ إِلَّا الْجَمْزُ وَإِنْ

حدیث 1310:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:14580 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 3031 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 6494 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ه-1984ء' رقم الحديث:2300

حدیث 1311:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ه' 1986ء' رقم الحديث: 1913 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:20391 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 3044 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ه/ 1991ء' رقم الحديث:2040

كَانَ الرَّجُلُ لَيُلَاحِي الرَّجُلَ فَيَقُولُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اتَّقِ اللّٰهَ لَكَأَنَّهُ قَدْ جَمَزَ بِكَ مُتَعَجِّبًا لِإِبْطَاءِ مَشْيِهِمْ

✧✧ حضرت ابن ابی زناد رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ میں عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب کے ہمراہ بقیع میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک جنازہ آ گیا، ابن جعفر کو ان لوگوں کی سست روی پر بہت حیرانگی ہوئی اور کہنے لگے: مجھے تعجب ہے، کہ لوگوں کے احوال اس قدر بدل چکے ہیں، خدا کی قسم (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں) جنازہ کو بہت تیز لے جایا جاتا تھا۔ اور ایک شخص دوسرے کی سست روی پر متعجب ہو کر کہتا تھا: اے اللہ کے بندے خدا سے ڈرو، لگتا ہے تم دوڑ لگا رہے ہو۔

1313- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، عَنْ اَبِيهِ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَاشِي اَمَامَ الْجِنَازَةِ، وَالرَّاكِبُ خَلْفَهَا، وَالطِّفْلُ يُصَلّٰى عَلَيْهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پیدل چلنے والا، جنازہ کے آگے ہو اور سوار پیچھے ہو اور بچے کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے۔

✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1314- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيَّعَ جِنَازَةً، فَاُتِيَ بِدَابَّةٍ، فَاَبٰى اَنْ يَّرْكَبَهَا، فَلَمَّا انْصَرَفَ اُتِيَ بِدَابَّةٍ فَرَكِبَهَا، فَقِيلَ لَهُ: فَقَالَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ كَانَتْ تَمْشِي فَلَمْ اَكُنْ لِاَرْكَبَ وَهُمْ يَمْشُونَ، فَلَمَّا ذَهَبُوا، اَوْ قَالَ: عَرَجُوا رَكِبْتُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِلَفْظٍ اَشْفٰى مِنْ هٰذَا

✧✧ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازہ کے ہمراہ چلے تو آپ کی خدمت میں سواری پیش

حدیث 1313:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 1031 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1942 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1481 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 18187 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 3049 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 2069 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6572 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 1044

کی گئی، لیکن آپ نے اس پر سوار ہونے سے انکار کر دیا پھر جب جنازہ سے فارغ ہو کر واپس پلٹے تو دوبارہ سواری پیش کی گئی تو آپ ﷺ اس پر سوار ہو گئے، آپ ﷺ سے اس کی وجہ دریافت کی گئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: (جنازہ کے ہمراہ) فرشتے چل رہے تھے۔ میں نے مناسب نہیں سمجھا کہ ملائکہ چل رہے ہوں اور میں سواری پر بیٹھوں پھر جب فرشتے چلے گئے تو میں سوار ہو گیا۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس سے بھی زیادہ جامع الفاظ میں اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے (وہ شاہد حدیث درج ذیل ہے)

1315۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُزَكِّيْ، وَاَبُوْ نَصْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْخَفَّافُ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَنْبَاَنَا عِيْسٰى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ رَّاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةٍ فَرَاٰى نَاسًا رُكْبَانًا، فَقَالَ: اَلا تَسْتَحْيُوْنَ اِنَّ مَلَائِكَةَ اللّٰهِ عَلٰى اَقْدَامِهِمْ، وَاَنْتُمْ عَلٰى ظُهُوْرِ الدَّوَابِّ

✧✧ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ایک جنازے کے ہمراہ تشریف لے جا رہے تھے کہ کچھ لوگوں کو دیکھا کہ وہ سواریوں پر سوار تھے آپ ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا تمہیں حیا نہیں ہے؟ اللہ کے فرشتے تمہارے قدموں کے برابر ہیں اور تم جانوروں کی پیٹھ پر چڑھے ہوئے ہو۔

1316۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحُوشِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ مَعَ الْجِنَازَةِ لَمْ يَجْلِسْ حَتّٰى يُرْفَعَ اَوْ يُوضَعَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِمِثْلِ هٰذَا الْاِسْنَادِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ جب کسی جنازہ کے ہمراہ جاتے تو جب تک اس کو کندھوں سے اتار کر رکھ نہیں دیا جاتا تھا، آپ بیٹھتے نہیں تھے۔

✧✧ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1317۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا عَارِمُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اتَّبَعْتُمْ جِنَازَةً فَلَا تَقْعُدُوْا حَتّٰى تُوضَعَ قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ مَنْ تَبِعَهَا فَلَا يَجْلِسْ حَتّٰى تُوضَعَ،

وَهٰذَا حَدِيْثٌ غَيْرُ ذَاكَ الزِّيَادَةُ الدَّفْنُ وَغَيْرُهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم کسی جنازہ کے ساتھ جاؤ تو اس وقت تک مت بیٹھو، جب تک جنازہ (کندھوں سے اتار کر نیچے) نہ رکھ دیا جائے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کی عامر بن ربیعہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: جو شخص جنازہ کے ہمراہ چلے وہ اس وقت تک مت بیٹھے جب تک جنازہ رکھ نہ دیا جائے۔

اور ذیل میں ایک حدیث پیش کی جارہی ہے، جس میں دفن وغیرہ کے الفاظ بھی موجود ہیں جو کہ گزشتہ حدیث کے الفاظ سے زائد ہیں۔

1318- اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ اَبِی الْحَسَنِ الدَّارِمِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ فَارِسٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ فُدَيْكٍ، اَنْبَاَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ اِذَا مَرَّتْ بِهٖ جَنَازَةٌ وَّقَفَ حَتّٰى تَمُرَّ بِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَيْسَ هٰذَا مَتْنُ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، فَاِنَّ ذٰلِكَ الْمَتْنَ فِیْ تَشْيِيْعِ الْجَنَازَةِ، وَهٰذَا فِی الْقِيَامِ لِلْجَنَازَةِ عَلٰى كَثْرَةِ اخْتِلَافِ الرِّوَايَاتِ فِيْهِ

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے جب کوئی جنازہ گزرتا تو جب تک وہ گزرتا رہتا آپ کھڑے رہتے۔

یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کی عامر بن ربیعہ سے روایت کی گئی حدیث کا متن یہ نہیں ہے۔ کیونکہ وہ متن جنازہ کے ہمراہ چلنے کے متعلق ہے اور یہ جنازہ کیلئے قیام کا ہے اور اس میں روایات کا بہت زیادہ اختلاف ہے۔

1319- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مِهْرَانَ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِیُّ الزَّاهِدُ، وَاَبُوْ مُصْعَبٍ اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهٗ شَهِدَ جَنَازَةً صَلّٰى عَلَيْهَا مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ، فَذَهَبَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَعَ مَرْوَانَ حَتّٰى جَلَسَا فِی الْمَقْبَرَةِ فَجَآءَ اَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیُّ، فَقَالَ لِمَرْوَانَ: اَرِنِیْ يَدَكَ فَاَعْطَاهُ يَدَهٗ، فَقَالَ: قُمْ، فَقَامَ، ثُمَّ قَالَ مَرْوَانُ: لِمَ اَقَمْتَنِیْ؟ فَقَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاٰی جَنَازَةً قَامَ حَتّٰى يُمَرَّ بِهَا وَيَقُوْلُ: اِنَّ الْمَوْتَ فَزَعٌ، فَقَالَ مَرْوَانُ: اَصَدَقَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا مَنَعَكَ اَنْ تُخْبِرَنِیْ؟ قَالَ: كُنْتَ اِمَامًا فَجَلَسْتَ فَجَلَسْتُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ

حضرت علاء بن عبدالرحمن رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان روایت کرتے ہیں: وہ ایک ایسے جنازہ میں شریک ہوئے جس کی نماز مروان بن حکم نے پڑھائی تھی پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ مروان کے ہمراہ قبرستان میں آ کر بیٹھ گئے۔ ان کے پاس ابوسعید خدری آئے اور مروان سے کہنے لگے: اپنا ہاتھ مجھے دیجئے: مروان نے اپنا ہاتھ ابوسعید کے ہاتھ میں دیا، تو ابوسعید (ان کا ہاتھ پکڑ کر بولے) اٹھئے! تو مروان کھڑا ہو گیا۔ پھر مروان نے پوچھا: آپ نے مجھے کیوں اٹھایا ہے؟ تو حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بولے: جب رسول

اللہ ﷺ کوئی جنازہ دیکھتے تو کھڑے ہو جاتے (اور) جب تک جنازہ گزر نہیں جاتا تھا (اس وقت تک آپ کھڑے رہتے تھے) مروان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو مخاطب کرتے ہوئے پوچھا: اے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کیا یہ سچ کہہ رہے ہیں؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں۔ مروان نے کہا: آپ نے مجھے کیوں نہیں بتایا؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ میرے امام ہیں، آپ بیٹھے تو میں بھی بیٹھ گیا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے اس سند کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

1320۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّرَسُوسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِي اَيُّوْبَ، حَدَّثَنِي رَبِيْعَةُ بْنُ سَيْفٍ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّهُ قَالَ: سَالَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، تَمُرُّ بِنَا جَنَازَةُ الْكُفَّارِ فَنَقُومُ لَهَا ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُوْمُوا لَهَا فَاِنَّكُمْ لَسْتُمْ تَقُوْمُوْنَ لَهَا، اِنَّمَا تَقُوْمُوْنَ اِعْظَامًا لِلَّذِي يَقْبِضُ النُّفُوسَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ اگر ہمارے قریب سے کفار کا جنازہ گزرے تو کیا ہمیں کھڑے ہونا چاہیے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ اس کے لئے بھی کھڑے ہوں، کیونکہ تمہارا کھڑا ہونا، اس کافر میت کے لئے نہیں بلکہ ان ملائکہ کے احترام کے لئے ہوگا جنہوں نے اس کی روح قبض کی ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1321۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنِي النَّضْرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ جَنَازَةَ يَهُوْدِيٍّ مَرَّتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهَا جَنَازَةُ يَهُودِيٍّ، فَقَالَ: اِنَّمَا قُمْتُ لِلْمَلَائِكَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ غَيْرَ اَنَّهُمَا قَدِ اتَّفَقَا عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِقْسَمٍ، عَنْ جَابِرٍ فِي الْقِيَامِ لِجَنَازَةِ الْيَهُوْدِيِّ

❖❖ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس سے ایک یہودی کا جنازہ گزرا تو آپ ﷺ کھڑے ہو گئے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! یہ تو یہودی کا جنازہ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تو ملائکہ کے احترام میں کھڑا ہوا تھا۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا، تاہم امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبیداللہ بن مقسم کی جابر سے یہودی کے جنازے کے لئے قیام سے متعلقہ روایت کردہ حدیث

نقل کی ہے۔

1322۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كُنَّا مُقْدَمَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حُضِرَ مِنَّا الْمَيِّتُ اٰذَنَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَضَرَهُ، وَاسْتَغْفَرَ لَهُ حَتّٰى اِذَا قَدِمْنَا انْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ مَّعَهُ، وَرُبَّمَا قَعَدُوا حَتّٰى يُدْفَنَ، وَرُبَّمَا طَالَ حَبْسُ ذٰلِكَ عَلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا خَشِينَا مَشَقَّةَ ذٰلِكَ، قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ لِبَعْضٍ: لَوْ كُنَّا لَا نُؤْذِنُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَحَدٍ حَتّٰى يُقْبَضَ، فَاِذَا قُبِضَ اٰذَنَّاهُ، فَلَمْ يَكُنْ فِي ذٰلِكَ مَشَقَّةٌ وَّلَا حَبْسٌ، فَكُنَّا نُؤْذِنُهُ بِالْمَيِّتِ بَعْدَ اَنْ يَّمُوتَ فَيَاْتِيهِ فَيُصَلِّي عَلَيْهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نمائندے ہوا کرتے تھے۔ چنانچہ جب کسی کا آخری وقت آتا تو ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع کرتے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا کر اس کے لئے دعائے مغفرت فرماتے اور جب ہم لوگ وہاں پہنچتے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جو لوگ آپ کے ہمراہ ہوتے وہ واپس آ رہے ہوتے تھے۔ کئی مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تدفین تک وہیں رُکے رہتے اور کئی مرتبہ (آپ کو جانکنی کے انتظار میں) بہت دیر تک وہاں رکنا پڑتا، ہمیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس مشقت کا بہت احساس ہوا، ہم نے آپس میں مشورہ کیا کہ ہمیں کسی کی روح قبض ہونے سے پہلے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں بلانا چاہئے، بلکہ جب روح قبض ہو جائے تب آپ کو بلایا جائے، اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مشقت نہیں ہوگی۔ اور انتظار بھی نہیں کرنا پڑے گا (اس کے بعد ہم نے یہی طریقہ اپنا لیا کہ) ہم کسی کے فوت ہو جانے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلاتے تھے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا کر نماز جنازہ پڑھا دیا کرتے تھے۔

•✣• یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1323۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ حَدَّثَنَا بْنُ اَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا بْنُ عَجْلَانَ اَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ اَبِي سَعِيدٍ يَقُولُ صَلَّى بْنُ عَبَّاسٍ عَلٰى جَنَازَةٍ فَجَهَرَ بِالْحَمْدِ لِلّٰهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّمَا جَهَرْتُ لِتَعْلَمُوا اَنَّهَا سُنَّةٌ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَقَدْ اَجْمَعُوا عَلٰى اَنَّ قَوْلَ الصَّحَابِيِّ سُنَّةٌ حَدِيثٌ مُسْنَدٌ وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيحٍ اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ

✧✧ حضرت سعید ابن ابی سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک جنازہ پڑھایا، اس میں بلند آواز سے سورۂ فاتحہ پڑھی۔ پھر (جنازہ سے فارغ ہو کر) فرمایا: میں نے بلند آواز سے سورۂ فاتحہ اس لئے پڑھی ہے تاکہ تمہیں پتہ چل جائے کہ یہ ''سنت'' ہے۔

✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔اور اس بات پر اجماع ہے کہ صحابی کا قول سنت ہے، حدیث ہے مسند ہے۔

✣ اس حدیث کی ایک سند صحیح کے ہمراہ مشاہد حدیث بھی موجود ہے جس کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے (شاہد حدیث درج ذیل ہے)۔

1324۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِي حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ بْنَ عَبَّاسٍ عَلٰى جَنَازَةٍ فَسَمِعْتُهُ يَقْرَأُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَلَمَّا انْصَرَفَ أَخَذْتُ بِيَدِهِ فَسَأَلْتُهُ فَقُلْتُ أَتَقْرَأُ فَقَالَ نَعَمْ إِنَّهُ حَقٌّ وَسُنَّةٌ وَلَهُ شَاهِدٌ مُفَسَّرٌ مِّنْ حَدِيثِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي يَحْيٰى

✧ حضرت طلحہ بن عبداللہ بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پیچھے ایک نماز جنازہ پڑھی تو میں نے ان کو سورہ فاتحہ پڑھتے سنا، جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے ان کا ہاتھ پکڑ کر ان سے پوچھا: کیا آپ قرات کرتے ہیں؟ انہوں نے جواباً کہا: جی ہاں۔ یہ حق ہے اور یہ "سنت" ہے۔

ابراہیم بن ابویحییٰ کی سند کے ہمراہ اس حدیث کی ایک مفسر حدیث شاہد موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)۔

1325۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، أَنْبَأَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، أَنْبَأَنَا الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي يَحْيٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ عَلٰى جَنَائِزِنَا أَرْبَعًا، وَيَقْرَأُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِي التَّكْبِيرَةِ الْأُولٰى

✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز جنازہ میں چار تکبیریں پڑھا کرتے تھے، ان میں سے پہلی تکبیر کے بعد سورہ فاتحہ پڑھا کرتے تھے۔

1326۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَبِيبٍ الْمَعْمَرِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا هِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ، عَنْ

حدیث 1324:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3198 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1987 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 3071 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 2114 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6745 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 2661 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 10809 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 2741

اَبِیْ هُرَیْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا صَلّٰی عَلٰی جِنَازَةٍ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا، وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا، وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا، وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا، اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَی الْاِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَی الْاِیْمَانِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی نماز جنازہ پڑھاتے تو اس میں یوں دعا مانگا کرتے تھے۔

''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا، وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا، وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا، وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا، اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَی الْاِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَی الْاِیْمَانِ'' ۔

''اے اللہ ہمارے زندوں، مردوں حاضر و غائب، چھوٹے، بڑے اور مردوں اور عورتوں کی مغفرت فرما''۔ یا اللہ! تو ہم میں سے جس کو زندہ رکھے اس کو اسلام پر زندہ رکھ اور جس کو موت دے اسے ایمان پر موت عطا کر۔

✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔
مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث موجود ہے۔ جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

1327۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ یُوْنُسَ بْنِ الْقَاسِمِ الْیَمَامِیُّ، حَدَّثَنَا عِکْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ، حَدَّثَنِیْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ اُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ: کَیْفَ کَانَتْ صَلٰوةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الْمَیِّتِ قَالَتْ کَانَ یَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا، وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا، وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا، وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا، اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَی الْاِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَی الْاِیْمَانِ

✧✧ حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نمازِ جنازہ کیسے پڑھا کرتے تھے؟ انہوں نے جواباً فرمایا: آپ یوں دعا مانگا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا، وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا، وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا، وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا، اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَی الْاِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَی الْاِیْمَانِ'' ۔

1328۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْخَلَّالُ بِمَکَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ الْکَاتِبُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِیُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ زَیْدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُکَانَةَ بْنِ الْمُطَّلِبِ، قَالَ: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ لِلْجِنَازَةِ لِیُصَلِّیَ عَلَیْهَا قَالَ: اَللّٰهُمَّ عَبْدُكَ، وَابْنُ اَمَتِكَ احْتَاجَ اِلٰی رَحْمَتِكَ، وَاَنْتَ غَنِیٌّ عَنْ عَذَابِهٖ اِنْ کَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِیْ اِحْسَانِهٖ، وَاِنْ کَانَ مُسِیْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ، وَيَزِيْدُ بْنُ رُكَانَةَ وَاَبُوْهُ رُكَانَةُ بْنُ عَبْدِ يَزِيْدَ صَحَابِيَّانِ مِنْ بَنِي الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت یزید بن عبداللہ بن رُکانہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنازہ پڑھتے تو اس میں یوں دعا مانگتے "اَللّٰهُمَّ عَبْدُكَ، وَابْنُ اَمَتِكَ احْتَاجَ اِلٰى رَحْمَتِكَ، وَاَنْتَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِهِ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهِ، وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ" ۔

''اے اللہ! یہ تیرا بندہ ہے اور تیری بندی کا بیٹا ہے۔(یا اللہ) یہ تیری رحمت کا محتاج ہے اور تو اس کے عذاب سے بے نیاز ہے، اگر یہ نیک ہے تو اس کی نیکیوں میں اضافہ فرما اور اگر یہ گنہگار ہے تو اس کو معاف فرما''۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اور یزید بن رکانہ اور ان کے والد ''حضرت رکانہ بن عبدالمطلب'' دونوں صحابی ہیں اور عبدالمطلب بن عبدمناف کی اولاد امجاد میں سے ہیں۔

1329 - اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ يَعْقُوْبَ الزَّمْعِيُّ حَدَّثَنِي شُرَحْبِيْلُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَضَرْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ صَلّٰى بِنَا عَلٰى جَنَازَةٍ بِالْاَبْوَاءِ وَكَبَّرَ ثُمَّ قَرَاَ بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ رَافِعاً صَوْتَهُ بِهَا ثُمَّ صَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ عَبْدُكَ وَبْنُ عَبْدِكَ وَبْنُ اَمَتِكَ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَيَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ اَصْبَحَ فَقِيْرًا اِلٰى رَحْمَتِكَ وَاَصْبَحْتَ غَنِيًّا عَنْ عَذَابِهِ يَخْلٰى مِنَ الدُّنْيَا وَاَهْلِهَا اِنْ كَانَ زَاكِيًا فَزَكِّهِ وَاِنْ كَانَ مُخْطِئًا فَاغْفِرْ لَهُ اللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ ثُمَّ كَبَّرَ ثَلَاثَ تَكْبِيْرَاتٍ ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي لَمْ اَقْرَاْ عَلَنًا اِلَّا لِتَعْلَمُوْا اَنَّهَا السُّنَّةُ لَمْ يَحْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِشَرَحْبِيْلَ بْنِ سَعْدٍ وَهُوَ مِنْ تَابِعِي اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَاِنَّمَا اَخْرَجْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ شَاهِدًا لِلْاَحَادِيْثِ الَّتِي قَدَّمْنَا فَاِنَّهَا مُخْتَصَرَةٌ مُجْمَلَةٌ وَهٰذَا حَدِيْثٌ مُفَسَّرٌ

✧✧ حضرت شرحبیل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے ابواء میں ہمیں نمازِ جنازہ پڑھائی۔ انہوں نے تکبیر کہی پھر بلند آواز سے ''سورۂ فاتحہ'' پڑھی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا پھر یوں دعا مانگی "قَالَ اللّٰهُمَّ عَبْدُكَ وَبْنُ عَبْدِكَ وَبْنُ اَمَتِكَ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَيَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ اَصْبَحَ فَقِيْرًا اِلٰى رَحْمَتِكَ وَاَصْبَحْتَ غَنِيًّا عَنْ عَذَابِهِ يَخْلٰى مِنَ الدُّنْيَا وَاَهْلِهَا اِنْ كَانَ زَاكِيًا فَزَكِّهِ وَاِنْ كَانَ مُخْطِئًا فَاغْفِرْ لَهُ اللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ" ۔

''اے اللہ یہ تیرا بندہ ہے اور تیرے بندے کا بیٹا ہے اور تیری بندی کا بیٹا ہے، یہ گواہی دیتا ہے کہ تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو تنہا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں اور یہ گواہی دیتا ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے اور رسول ہیں، یہ تیری رحمت کا محتاج ہے۔ تو اس کی مغفرت فرما۔ اے اللہ! تو ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ رکھ اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کر'' پھر انہوں نے تین

تکبیریں کہیں، پھر نماز سے فارغ ہوکر فرمایا: اے لوگو! میں نے بلند آواز سے اس لئے پڑھا ہے تاکہ تم جان لو کہ یہ سنت ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شرحبیل بن سعد کی روایات نقل نہیں کیں اور یہ مدنی تابعین میں سے ہیں اور میں نے اس حدیث کو سابقہ احادیث کے شاہد کے طور پر نقل کیا ہے کیونکہ گزشتہ احادیث مختصر تھیں اور یہ تفصیلی ہے۔

1330۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْدَهْ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى، قَالَ: تُوُفِّيَتْ بِنْتٌ لَّهُ فَتَبِعَهَا عَلٰى بَغْلَةٍ يَّمْشِي خَلْفَ الْجَنَازَةِ، وَنِسَاءٌ يَرْثِيْنَهَا، فَقَالَ: يَرْثِيْنَ، اَوْ لَا يَرْثِيْنَ، فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمَرَاثِي، وَلْتُفِضْ اِحْدَاكُنَّ مِنْ عَبْرَتِهَا مَا شَائَتْ، ثُمَّ صَلّٰى عَلَيْهَا فَكَبَّرَ عَلَيْهَا اَرْبَعًا، ثُمَّ قَامَ بَعْدَ الرَّابِعَةِ قَدْرَ مَا بَيْنَ التَّكْبِيْرَتَيْنِ يَسْتَغْفِرُ لَهَا وَيَدْعُوْ، وَقَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ هٰكَذَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ الْهَجَرِيُّ لَمْ يُنْقَمْ عَلَيْهِ بِحُجَّةٍ

حضرت عبداللہ ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ان کی بیٹی کا انتقال ہوگیا، وہ ایک خچر پر سوار جنازے کے پیچھے آ رہے تھے اور عورتیں مرثیے پڑھ رہی تھیں، انہوں نے کہا: یہ عورتیں مرثیے پڑھیں یا نہ پڑھیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرثیے پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ البتہ آنسو جتنے چاہیں بہاسکتی ہیں۔ پھر اس کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور اس میں چار تکبیریں پڑھیں۔ پھر آپ چوتھی تکبیر کے بعد اتنی دیر تک کھڑے میت کے لئے دعا و استغفار کرتے رہے جتنی دیر دو تکبیروں کے درمیان کا دورانیہ تھا اور انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے ہی کیا کرتے تھے۔

یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری اور امام مسلم نے اس کو نقل نہیں کیا۔ اور ابراہیم بن مسلم ہجری پر کوئی مدلل جرح ثابت نہیں ہے۔

1331۔ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَحْمَدَ التَّاجِرُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، وَكَانَ مِنْ كُبَرَاءِ الْاَنْصَارِ وَعُلَمَائِهِمْ، وَاَبْنَاءِ الَّذِيْنَ شَهِدُوْا بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَهُ رِجَالٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْجَنَازَةِ، اَنْ يُّكَبِّرَ الْاِمَامُ، ثُمَّ يُصَلِّيَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيُخْلِصَ الصَّلٰوةَ فِي التَّكْبِيْرَاتِ الثَّلَاثِ، ثُمَّ يُسَلِّمُ تَسْلِيْمًا خَفِيًّا حِيْنَ يَنْصَرِفُ، وَالسُّنَّةُ اَنْ يَّفْعَلَ مِنْ وَّرَائِهِ مِثْلَ مَا فَعَلَ اَمَامُهُ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: حَدَّثَنِيْ بِذٰلِكَ اَبُوْ اُمَامَةَ، وَابْنُ الْمُسَيِّبِ يَسْمَعُ فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَذَكَرْتُ الَّذِيْ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ اُمَامَةَ مِنَ السُّنَّةِ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْمَيِّتِ لِمُحَمَّدِ بْنِ سُوَيْدٍ، قَالَ: وَاَنَا سَمِعْتُ الضَّحَّاكَ بْنَ قَيْسٍ يُحَدِّثُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ مَسْلَمَةَ فِيْ صَلٰوةٍ صَلَاهَا عَلٰى

الْمَيِّتِ مِثْلَ الَّذِي حَدَّثَنَا أَبُو أُمَامَةَ أُمَامَةَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَيْسَ فِي التَّسْلِيمَةِ الْوَاحِدَةِ عَلَى الْجَنَازَةِ أَصَحُّ مِنْهُ، وَشَاهِدُهُ حَدِيثُ أَبِي الْعَنْبَسِ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرٍ

✧✧ حضرت ابوعامر بن سھل بن حنیف رضی اللہ عنہ انصار کے علماء اور معزز لوگوں میں شمار ہوتے ہیں اور یہ ان لوگوں میں سے ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوۂ بدر میں شریک ہوئے۔ ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے بعض نے نمازِ جنازہ کے متعلق بتایا کہ امام تکبیر کہے گا، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے گا اور تین تکبیرات پر نماز پوری کرے گا اور آخر میں مختصر سلام پھیرے گا اور نماز کے بعد سنت وہ ہے جو ابوامامہ نے عمل کیا۔

❖ زہری کہتے ہیں: یہ حدیث مجھے ابوامامہ نے بتائی اور ابن مسیب نے اس کو سنا لیکن اس پر انکار نہیں کیا۔ ابن شہاب کہتے ہیں: ابوامامہ نے نمازِ جنازہ کا جو طریقہ مجھے بتایا تھا، میں نے وہ محمد بن سوید کے سامنے ذکر کیا تو انہوں نے کہا: میں نے ضحاک بن قیس کو حبیب بن مسلمہ کے حوالے سے ایک نمازِ جنازہ کے دوران ابوامامہ جیسی حدیث بیان کرتے سنا ہے۔

یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور نمازِ جنازہ میں ایک سلام کے متعلق اس سے زیادہ صحیح حدیث کوئی نہیں ہے۔ ابوعنبس سعید بن کثیر کی سند کے ہمراہ مذکورہ حدیث کی شاہد حدیث موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

1332- حَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي دَارِمٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ غَنَّامِ بْنِ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي الْعَنْبَسِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ فَكَبَّرَ عَلَيْهَا أَرْبَعًا، وَسَلَّمَ تَسْلِيمَةً التَّسْلِيمَةَ الْوَاحِدَةَ عَلَى الْجَنَازَةِ. قَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَةُ فِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى، وَأَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُمْ كَانُوا يُسَلِّمُونَ عَلَى الْجَنَازَةِ تَسْلِيمَةً وَاحِدَةً

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نمازِ جنازہ پڑھائی، اس میں چار تکبیریں کہیں اور ایک سلام۔

❖ نمازِ جنازہ میں ایک سلام کے متعلق حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، جابر بن عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ صحیح روایت منقول ہے کہ یہ لوگ نمازِ جنازہ میں ایک سلام پھیرا کرتے تھے۔

1333- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَأَخْبَرَنَا أَبُو زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ، قَالُوا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ

رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُؤْمِنُ يَمُوْتُ بِعَرَقِ الْجَبِيْنِ هٰذَا حَدِيْثٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: موت کے وقت مومن کی پیشانی پر پسینہ ہوتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1334- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَلَامٍ، حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَبَّلَ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ وَّهُوَ مَيِّتٌ وَّهُوَ يَبْكِيْ، قَالَ: وَعَيْنَاهُ تُهْرِقَانِ هٰذَا حَدِيْثٌ مُّتَدَاوَلٌ بَيْنَ الْاَئِمَّةِ اِلَّا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يَحْتَجَّا بِعَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَشَاهِدُهُ الصَّحِيْحُ الْمَعْرُوْفُ حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَائِشَةَ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ: قَبَّلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَيِّتٌ

✧✧ ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان بن مظعون کی میت کو روتے ہوئے بوسہ دیا۔ راوی کہتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔

❖ یہ حدیث آئمہ حدیث کے درمیان معروف ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو عاصم بن عبیداللہ کی وجہ سے نقل نہیں کیا۔ اور اسکی شاہد عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، جابر بن عبداللہ اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہ صحیح معروف حدیث ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال کے بعد آپ علیہ السلام کے چہرے کا بوسہ لیا۔

1335- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ

حدیث 1333

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 982 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1452 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 23097 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 1955 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 1507

حدیث 1335:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3158 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 991 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 1905 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 11329 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 2032 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2160

الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا حَمْشَاذُ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو الْحَوْضِيُّ، وَمُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ خُلَيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَطْيَبُ الطِّيبِ الْمِسْكُ تَابَعَهُ الْمُسْتَمِرُّ بْنُ الرَّيَّانِ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (میت کے لئے) بہترین خوشبو مشک ہے۔

❖❖ ابونضرہ سے روایت کرنے میں مستمر بن ریان نے خلید بن جعفر کی متابعت کی ہے (مستمر کی روایت درج ذیل ہے)

1336- اَخْبَرَنَاهُ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ الْبَزَّازُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ سَهْلٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنِ الْمُسْتَمِرِّ بْنِ الرَّيَّانِ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْمِسْكِ فَقَالَ: هُوَ اَطْيَبُ طِيبِكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، فَاِنَّ خُلَيْدَ بْنَ جَعْفَرٍ، وَالْمُسْتَمِرَّ بْنَ رَيَّانَ عِدَادُهُمَا فِي الثِّقَاتِ، وَلَمْ يُخَرِّجَا عَنْهُمَا، وَلَهُ شَاهِدٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَاِلَيْهِ ذَهَبَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشک کے بارے میں پوچھا گیا: تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ بہترین خوشبو ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ کیونکہ خلید بن جعفر اور مستمر بن ریان کا شمار ثقہ راویوں میں ہوتا ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے انکی روایات نقل نہیں کیں۔ اور حضرت ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے اس کی ایک شاہد حدیث بھی مروی ہے اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ نے بھی یہی موقف اختیار کیا ہے۔

1337- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ أَنْبَأَ مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرَّوَاسِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ هَارُوْنَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ كَانَ عِنْدَ عَلِيٍّ مِسْكٌ فَأَوْصٰى أَنْ يُّحَنَّطَ بِهِ قَالَ وَقَالَ عَلِيٌّ وَهُوَ فَضْلُ حُنُوْطِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس مشک تھی، انہوں نے وصیت کی تھی کہ وفات کے بعد ان کو یہی خوشبو لگائی جائے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے تھے یہ وہ خوشبو ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بعد از انتقال لگانے سے بچی تھی۔

1338- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا

اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا اَخَذُوْا فِىْ غَسْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَادَاهُمْ مُنَادٍ مِّنَ الدَّاخِلِ لَا تَنْزِعُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيصَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاَبُوْ بُرْدَةَ هٰذَا بُرَيْدُ بْنُ اَبِىْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِىْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ مُحْتَجٌّ بِهٖ فِى الصَّحِيْحَيْنِ

✧✧ حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دینے لگے تو ہاتفِ غیبی سے آواز آئی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص مت اتارنا۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور یہ ابو بردہ، ابو بردہ بن ابوموسیٰ اشعری کے بیٹے برید ہیں، ان کی روایات کو صحیحین میں نقل کیا جاتا ہے۔

1339 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ: غَسَّلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ فَذَهَبْتُ اَنْظُرُ مَا يَكُوْنُ مِنَ الْمَيِّتِ فَلَمْ اَرَ شَيْئًا، وَكَانَ طَيِّبًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيًّا وَمَيِّتًا، وَوَلِيَ دَفْنَهُ، وَاِجْنَانَهُ دُوْنَ النَّاسِ اَرْبَعَةٌ: عَلِيٌّ، وَالْعَبَّاسُ، وَالْفَضْلُ، وَصَالِحٌ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلُحِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْدًا، وَنُصِبَ عَلَيْهِ اللَّبِنُ نَصْبًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَا مِنْهُ غَيْرَ اللَّحْدِ

✧✧ حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دیا، مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم میں عام مردوں جیسی کوئی چیز نظر نہیں آئی۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم زندگی میں بھی طیب تھے اور بعد از انتقال بھی طیب ہی تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کفن دفن کے امور چار آدمیوں کے ذمہ لگائے تھے۔ علی، عباس، فضل، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام "صالح"۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر لحد والی بنائی گئی اور اس کے اوپر اینٹ گاڑھ دی گئی۔

1340 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْخُزَاعِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ مَيْسَرَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ اَيُّوْبَ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ شَرِيْكٍ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ اللَّخْمِيِّ، عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَكَتَمَ عَلَيْهِ غُفِرَ لَهُ اَرْبَعِيْنَ مَرَّةً، وَمَنْ كَفَّنَ مَيِّتًا كَسَاهُ اللّٰهُ مِنْ سُنْدُسٍ وَاِسْتَبْرَقِ الْجَنَّةِ، وَمَنْ حَفَرَ لِمَيِّتٍ قَبْرًا وَاَجَنَّهُ فِيْهِ اُجْرِىَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ كَاَجْرِ مَسْكَنٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص میت کو غسل دے اور اس کے عیوب کو چھپائے، اس کی چالیس مرتبہ مغفرت کر دی جاتی ہے۔ اور جو کسی میت کو کفن پہنائے، اللہ تعالیٰ اس کو جنت کا ریشمی لباس

پہنائے گا اور جو شخص کسی میت کے لئے قبر کھودے اور اس کو دفنائے تو اللہ تعالیٰ اس کو قیامت تک اس شخص کے برابر ثواب دے گا، جس نے مکان بنا کر کسی (ضرورت مند) کو اس میں ٹھہرایا ہو۔

✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1341- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ مَنْصُورٍ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رَجَاءٍ السِّنْدِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ هُبَيْرَةَ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، قَالَ: وَكَانَ اِذَا اُتِيَ بِجَنَازَةٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا، فَتَقَالَّ اَهْلَهَا جَزَّاَهُمْ صُفُوفًا ثَلَاثَةً فَصَلّٰى بِهِمْ عَلَيْهَا، وَيَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا صَفَّ صُفُوفٌ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى جَنَازَةٍ اِلَّا اَوْجَبْتُهُ هٰذَا اللَّفْظُ حَدِيْثُ ابْنِ عُلَيَّةَ فِيْ لَفْظِ الْمَحْبُوْبِيِّ، اِلَّا غُفِرَ لَهُ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت مالک بن ہبیرہ رضی اللہ عنہ صحابی رسول ہیں، ان کو جب نمازِ جنازہ پڑھانے کے لئے بلایا جاتا تو جنازہ پڑھنے والوں کو کہتے: تین صفیں بنالیں اور وہ لوگوں کو نماز جنازہ پڑھا دیتے اور پھر کہتے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس جنازے پر مسلمانوں کی تین صفیں بن جائیں، وہ جنتی ہے۔

✤ حدیث کے یہ مذکورہ الفاظ ابن علیہ کی روایت سے ہیں جبکہ محبوبی کی روایت میں (''الا اوجبتہ'' کے الفاظ کی بجائے) ''الا غفر لہ'' کے الفاظ ہیں۔

✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1342- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ

حدیث 1342:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3095 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 13399 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2960 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 7500 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6389 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 3350 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 7390 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه بيروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحديث: 524

الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسٰى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ غُلَامٌ يَهُودِيٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ فَعَادَهُ، وَقَالَ: قُلْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَنَظَرَ الْغُلَامُ اِلٰى اَبِيهِ، فَقَالَ: قُلْ: مَا يَقُوْلُ لَكَ مُحَمَّدٌ، قَالَ: فَلَمَّا مَاتَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوْا عَلٰى اَخِيكُمْ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک یہودی کا بچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا، ایک مرتبہ وہ بیمار ہوگیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے اور فرمایا: تم گواہی دو کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ (اور میرے متعلق کہو) کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ لڑکے نے اپنے والد کی طرف دیکھا تو اس نے کہا (بیٹا) محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو کچھ کہتے ہیں: تم وہ پڑھ لو (حضرت انس رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں: جب وہ لڑکا فوت ہوگیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا) اپنے بھائی کی نمازِ جنازہ پڑھو۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1343۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ بْنِ الْحَسَنِ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، حَدَّثَنِي عَمِّي زِيَادُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، حَدَّثَنِي اَبِي جُبَيْرُ بْنُ حَيَّةَ الثَّقَفِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: الرَّاكِبُ خَلْفَ الْجِنَازَةِ، وَالْمَاشِي قَرِيبًا مِّنْهَا، وَالطِّفْلُ يُصَلّٰى عَلَيْهِ رَوَاهُ يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ

✧✧ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سوار جنازے کے پیچھے چلے اور پیدل چلنے والا جنازے کے قریب رہے اور بچے کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی۔

✣✣ یہی حدیث یونس بن عبید نے زیاد بن جبیر کے حوالے سے نقل کی ہے۔

1344۔ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ يُونُسُ، وَحَدَّثَنِي بَعْضُ اَهْلِهِ، اَنَّهُ رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الرَّاكِبُ يَسِيرُ خَلْفَ الْجِنَازَةِ، وَالْمَاشِي عَنْ يَّمِينِهَا وَشِمَالِهَا قَرِيبًا، وَالسِّقْطُ يُصَلّٰى وَيُدْعٰى لِوَالِدَيْهِ بِالْعَافِيَةِ وَالرَّحْمَةِ، قَالَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ فِي عَقِبِ هٰذَا الْحَدِيثِ، قَالَ: يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَحَدَّثَنِي بَعْضُ اَهْلِهِ اَنَّهُ رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِوَايَةً لِّيُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ،

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، فَقَدِ احْتَجَّ فِي الصَّحِيحِ بِحَدِيثِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، الْحَدِيثُ الطَّوِيلُ، وَشَاهِدُهُ هٰذِهِ الْاَحَادِيثُ

حَدِيْثُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سوار جنازے کے پیچھے چلے، پیدل چلنے والے جنازے کے قریب، اس کے دائیں بائیں چلیں اور ناتمام بچے کی بھی نماز جنازہ پڑھی جائے اور اس کی نماز جنازہ میں اس کے ماں باپ کے لئے رحمت اور عافیت کی دعا مانگی جائے۔

مُحَمَّدًا، اَشْهَدُ اَنَّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ، وَاَنَّهٗ جَآءَ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ، فَيُقَالُ لَهٗ: عَلٰى ذٰلِكَ حَيِيْتَ، وَعَلٰى ذٰلِكَ مِتَّ، وَعَلٰى ذٰلِكَ تُبْعَثُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يُفْتَحُ لَهٗ بَابٌ مِّنْ قِبَلِ النَّارِ فَيُقَالُ لَهٗ: انْظُرْ اِلٰى مَنْزِلِكَ وَاِلٰى مَا اَعَدَّ اللّٰهُ لَكَ، لَوْ عَصَيْتَ فَيَزْدَادُ غِبْطَةً وَّسُرُوْرًا، ثُمَّ يُفْتَحُ لَهٗ بَابٌ مِّنْ قِبَلِ الْجَنَّةِ فَيُقَالُ لَهٗ: انْظُرْ اِلٰى مَنْزِلِكَ، وَاِلٰى مَا اَعَدَّ اللّٰهُ لَكَ فَيَزْدَادُ غِبْطَةً وَّسُرُوْرًا، وَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا، وَفِي الْاٰخِرَةِ، وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظَّالِمِيْنَ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاءُ، قَالَ: وَقَالَ اَبُو الْحَكَمِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، فَيُقَالُ لَهٗ: اَرْقِدْهُ رَقْدَةَ الْعَرُوْسِ الَّذِيْ لَا يُوْقِظُهٗ اِلَّا اَعَزُّ اَهْلِهٖ اِلَيْهِ، اَوْ اَحَبُّ اَهْلِهٖ اِلَيْهِ، ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى حَدِيْثِ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: وَاِنْ كَانَ كَافِرًا اُتِيَ مِنْ قِبَلِ رَاْسِهٖ فَلَا يُوْجَدُ شَيْءٌ، وَيُؤْتٰى عَنْ يَمِيْنِهٖ فَلَا يُوْجَدُ شَيْءٌ، ثُمَّ يُؤْتٰى عَنْ يَسَارِهٖ فَلَا يُوْجَدُ شَيْءٌ، ثُمَّ يُؤْتٰى مِنْ قِبَلِ رِجْلَيْهِ فَلَا يُوْجَدُ شَيْءٌ، فَيُقَالُ لَهٗ: اقْعُدْ فَيَقْعُدُ خَائِفًا مَرْعُوْبًا، فَيُقَالُ لَهٗ: مَا تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِيْ كَانَ فِيْكُمْ، وَمَاذَا تَشْهَدُ بِهٖ عَلَيْهِ؟ فَيَقُوْلُ: اَيُّ رَجُلٍ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: الرَّجُلُ الَّذِيْ كَانَ فِيْكُمْ، قَالَ: فَلَا يَهْتَدِيْ لَهٗ، قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: مُحَمَّدٌ، فَيَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّاسَ قَالُوْا فَقُلْتُ كَمَا قَالُوْا، فَيَقُوْلُوْنَ: عَلٰى ذٰلِكَ حَيِيْتَ، وَعَلٰى ذٰلِكَ مِتَّ، وَعَلٰى ذٰلِكَ تُبْعَثُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يُفْتَحُ لَهٗ بَابٌ مِّنْ قِبَلِ الْجَنَّةِ فَيُقَالُ لَهٗ: انْظُرْ اِلٰى مَنْزِلِكَ، وَاِلٰى مَا اَعَدَّ اللّٰهُ لَكَ لَوْ كُنْتَ اَطَعْتَهٗ فَيَزْدَادُ حَسْرَةً وَّثُبُوْرًا،

قَالَ: ثُمَّ يُضَيَّقُ عَلَيْهِ قَبْرُهُ حَتّٰى تَخْتَلِفَ اَضْلاعُهُ، قَالَ: وَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: فَاِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا، وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَعْمٰى

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب لوگ میت کو دفن کر کے واپس پلٹتے ہیں تو میت ان کے قدموں کی آہٹ سنتی ہے پھر اگر وہ مومن ہو تو نماز اس کے سر کی جانب اور روزہ دائیں جانب اور زکوۃ بائیں جانب اور دیگر نیک کام یعنی صدقہ، نوافل، صلہ رحمی اور دیگر نیکیاں اور حسن سلوک اس کے پاؤں کی جانب آ جاتی ہیں پھر اس کے سر کی طرف سے (قبر میں) کوئی (تکلیف دہ) چیز آنا چاہتی ہے تو نماز کہتی ہے: میری طرف سے کوئی راستہ نہیں ہے۔ پھر وہ دائیں طرف سے آتی ہے تو روزہ کہتا ہے: میری طرف سے کوئی راستہ نہیں ہے۔ پھر وہ بائیں جانب سے آتی ہے تو زکوٰۃ کہتی ہے: میری طرف سے کوئی راستہ نہیں ہے۔ پھر اس کو کہا جاتا ہے: اٹھ کر بیٹھو۔ تو وہ اٹھ جاتا ہے اور اس کو سورج یوں محسوس ہوتا ہے جیسا غروب ہونے کے قریب ہو، پھر اس کو کہا جاتا ہے: تو اس شخص کے بارے میں کیا کہتا تھا؟ جو تمہارے اندر موجود تھے اور تو ان کے بارے میں کیا گواہی دیتا ہے؟ وہ کہے گا: مجھے چھوڑ دو تاکہ میں نماز پڑھ لوں۔ وہ کہیں گے: تو یہ کام تھوڑی دیر بعد کر لینا، ہمیں ہمارے سوال کا جواب دو، وہ کہے گا: تم مجھ سے کیا سوال کر رہے ہو؟ وہ کہیں گے: ہم نے جو تم سے سوال کیا ہے اس کا جواب دو۔ وہ کہے گا: مجھے چھوڑو مجھے ابھی نماز پڑھنی ہے، وہ کہیں گے: نماز بعد میں پڑھ لینا پہلے ہمارے سوال کا جواب دو، وہ کہے گا: پوچھو کیا پوچھتے ہو، وہ کہیں گے: تو ہمیں بتا کہ اس شخص کے بارے میں تو کیا کہتا ہے جو تمہارے اندر تھے اور تو ان کے بارے میں کیا گواہی دیتا ہے جو تمہارے اندر تھے، وہ کہے گا: وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ اللہ کے بندے ہیں اور وہ اللہ کی طرف سے حق لے کر آئے، اس کو کہا جائے گا: تو اسی نظریئے پر زندہ رہا، اسی پر تجھے موت آئی اور ان شاء اللہ! اسی پر تو قیامت میں اٹھایا جائے گا، پھر اس کے لئے دوزخ کی طرف سے ایک دروازہ کھولا جائے گا اگر تو نافرمان ہوتا (تو یہ تیرا مقام ہوتا) تو اپنے اس مقام کو اور اس میں جو کچھ اللہ نے تیار کر رکھا ہے اس کو دیکھ لے، تو اس کی خوشی اور مسرت بڑھ جائے گی پھر جب وہ اس کو دیکھ لے گا تو اس کی خوشی میں اور اضافہ ہو جائے گا اور یہی مطلب ہے اللہ تعالیٰ کے قول ”: يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا، وَفِي الْاٰخِرَةِ، وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظَّالِمِيْنَ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاءُ “ اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو قول ثابت کے ساتھ دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں ثابت قدمی عطا فرمائے گا اور اللہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے اور اللہ وہی کرتا ہے جو چاہتا ہے (راوی کہتے ہیں کہ ابوالحکم کی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت میں یوں ہے) پھر اس کو کہا جائے گا: تو اس دلہن کی طرح سو جا جس کو صرف وہی شخص بیدار کرتا ہے جو اس کے تمام رشتہ داروں سے زیادہ عزیز ہے۔ (ان الفاظ کے بعد دوبارہ اسی حدیث کی طرف آئے جو ابوسلمہ رضی اللہ عنہ نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر وہ شخص کافر ہو گا تو کوئی چیز (یعنی کوئی تکلیف دہ چیز) اس کے سر کی جانب سے آئے گی تو اس جانب کوئی رکاوٹ نہیں ہو گی، دائیں جانب سے آئے گی تو وہاں بھی کوئی رکاوٹ نہیں ہو گی پھر بائیں سے آئے گی تو بھی کوئی رکاوٹ نہیں ہو گی پھر قدموں کی طرف سے آئے گی تو وہاں بھی کوئی رکاوٹ نہیں ہو گی۔ اس کو کہا جائے گا: اٹھ کر بیٹھو، وہ مرعوب اور خوفزدہ ہو کر بیٹھے گا۔ اس کو کہا جائے گا: تو اس شخص کے بارے میں بتا،

جوتمہارے اندر مبعوث ہوئے، اس کو کچھ سمجھ نہیں آئے گی، وہ کہیں گے: محمد ﷺ۔ وہ کہے گا: میں لوگوں کو کچھ کہتے ہوئے سنا کرتا تھا جو کچھ وہ کہتے تھے، میں بھی وہ ہی کہا کرتا تھا۔ وہ کہیں گے: تو اسی پر زندہ رہا اور اسی پر مرا ہے اور ان شاء اللہ اسی پر قیامت کے دن اٹھایا جائے گا۔ پھر اس کے لئے (قبر میں) جنت کی طرف سے ایک دروازہ کھولا جائے گا اور اس کو کہا جائے گا اگر تو اطاعت گزار ہوتا تو دیکھ یہ تیری منزل ہوتی اور یہ سب کچھ جو اللہ تعالیٰ نے تیار کر رکھا ہے، تیرے لئے ہوتا۔ اس کی حسرت ویاس بڑھ جائے گی۔ (رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:) پھر اس کی قبر اس قدر تنگ کر دی جائے گی کہ اس کی پسلیاں ٹوٹ کر ایک دوسرے میں پیوست ہو جائیں گی۔ اور یہی مطلب ہے اللہ تعالیٰ کے قول "فَاِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا، وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَعْمٰى" بے شک اس کے لئے زندگی تنگ ہے اور ہم قیامت کے دن اس کو اندھا کر کے اٹھائیں گے۔

1404۔ لِىُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِىُّ، حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهِ، اِنَّهُ لَيَسْمَعُ خَفْقَ نِعَالِهِمْ حِينَ يُوَلُّونَ عَنْهُ ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِهِ اِلَّا اَنَّ حَدِيثَ سَعِيدِ بْنِ عَامِرٍ اَتَمُّ،

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، جب لوگ میت کو دفن کر کے لوٹتے ہیں تو وہ ان کے قدموں کی آہٹ سنتی ہے پھر اس کے بعد (حماد بن سلمہ) نے سعد بن عامر جیسی حدیث بیان کی تاہم سعید بن عامر کی حدیث تفصیلی ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1405۔ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ سُلَيْمَانَ الْفَقِيهُ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِىُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِى سَلَمَةَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ فِى قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ مَعِيشَةً ضَنْكًا قَالَ عَذَابُ الْقَبْرِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کے قول "معيشة ضنكا" کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا: اس سے مراد "عذاب قبر" ہے۔

1406۔ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْفَقِيهُ الْاِسْمَاعِيلِىُّ، حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِىُّ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِىُّ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى جِنَازَةٍ

حدیث 1406:

اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دار المعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث:2598

وَّمَعَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَسَمِعَ نِسَاءً يَبْكِيْنَ، فَزَبَرَهُنَّ عُمَرُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عُمَرُ دَعْهُنَّ فَاِنَّ الْعَيْنَ دَامِعَةٌ، وَالنَّفْسَ مُصَابَةٌ، وَالْعَهْدَ قَرِيبٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازہ کے لئے نکلے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی تھے، انہوں نے عورتوں کے رونے کی آواز سنی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو ڈانٹا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا: اے عمر! ان کو چھوڑ دو، کیونکہ آنکھ آنسو بہاتی ہے اور دل مصیبت محسوس کرتا ہے اور عہد بہت قریب ہے۔

✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1407۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ السَّمَّاكُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اُحُدٍ سَمِعَ نِسَاءَ الْاَنْصَارِ يَبْكِيْنَ فَقَالَ: لٰكِنَّ حَمْزَةَ لَا بَوَاكِيَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ نِسَاءَ الْاَنْصَارِ فَبَكَيْنَ لِحَمْزَةَ، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُنَّ يَبْكِيْنَ فَقَالَ: يَا وَيْحَهُنَّ مَا زِلْنَ يَبْكِيْنَ مُنْذُ الْيَوْمِ، فَلْيَسْكُتْنَ وَلَا يَبْكِيْنَ عَلٰى هَالِكٍ بَعْدَ الْيَوْمِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُوَ اَشْهُرُ حَدِيْثٍ بِالْمَدِيْنَةِ، فَاِنَّ نِسَاءَ الْمَدِيْنَةِ لَا يَنْدُبْنَ مَوْتَاهُنَّ حَتّٰى يَنْدُبْنَ حَمْزَةَ، وَاِلٰى يَوْمِنَا هٰذَا، وَقَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، مُنَاظَرَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ فِي الْبُكَاءِ عَلَى الْمَيِّتِ، وَرُجُوْعِهِمَا فِيْهِ اِلٰى اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ وَقَوْلِهَا وَاللّٰهِ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ اَحَدٍ، وَلٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْكَافِرَ يَزِيْدُهُ عِنْدَ اللّٰهِ بُكَاءُ اَهْلِهِ عَذَابًا شَدِيْدًا، وَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى، وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ اُخْرٰى

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ احد سے لوٹے تو انصاری خواتین کو روتے ہوئے سنا: تو فرمایا: حمزہ کو رونے والا کوئی نہیں ہے؟ تو انصاری خواتین حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے لئے رونے لگیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے، پھر جب اٹھے تو وہ (ابھی تک) رو رہی تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کے لئے ہلاکت ہو یہ اس وقت سے اب تک مسلسل روئے جارہی ہیں ان کو خاموش ہو جانا چاہیے اور آج کے بعد کسی فوت ہونے والے پر رونے کی کسی کو اجازت نہیں ہے۔

حدیث 1407:

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1591 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 4984 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 6946 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 3576

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور مدینہ کی یہ بات بہت مشہور ہے کہ مدینے کی عورتیں اپنے مردوں پر رونے سے پہلے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ پر روتی ہیں اور آج تک اسی پر عمل ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ایوب سختیانی کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے عبداللہ ابن ابی ملیکہ کے حوالے سے عبداللہ بن عمرو اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے درمیان میت پر رونے کے موضوع پر ہونے والا مناظرہ اور ان دونوں کا اس سلسلہ میں اُمّ المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف رجوع اور اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا کا یہ فرمان نقل کیا ہے "خدا کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ میت کو کسی کے رونے کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے کہ کافر کے اہل خانہ جب روتے ہیں تو اس پر عذاب اور سخت کیا جاتا ہے۔ اور بے شک اللہ تعالیٰ ہی ہنساتا ہے اور وہ ہی رلاتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گی۔

1408۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَقِيهُ أَنْبَأَ إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْقَاضِي حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنِي حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَأَنْبَأَ عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ السَّجْزِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَمَّادُ بْنُ أُسَامَةَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَتْ فَاطِمَةُ يَا أَنَسُ أَطَابَتْ أَنْفُسُكُمْ أَنْ تَحْثُوا التُّرَابَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَقَالَتْ فَاطِمَةُ يَا أَبَتَاهُ أَجَابَ رَبًّا دَعَاهُ يَا أَبَتَاهُ مِنْ رَبِّهِ مَا أَدْنَاهُ يَا أَبَتَاهُ جَنَّةُ الْفِرْدَوْسِ مَأْوَاهُ يَا أَبَتَاهُ إِلَى جِبْرِيلَ أَنْعَاهُ زَادَ سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ فِي حَدِيثِهِ عَنْ أَبِي أُسَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ يَقُولُ رَأَيْتُ ثَابِتَ الْبُنَانِيَّ حِينَ حَدَّثَنَا بِهَذَا الْحَدِيثِ بَكَى حَتَّى رَأَيْتُ أَضْلَاعَهُ تَضْطَرِبُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے انس! کیا تمہارے دل یہ گوارہ کر لیں گے؟ کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مٹی ڈالو۔ اور فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے ابا جان! آپ نے اپنے رب کے بلاوے کو مان لیا ہے۔ اے ابا جان! آپ اپنے رب کے کتنا قریب ہو گئے۔ اے ابا جان! جنت الفردوس آپ کا ٹھکانہ ہو۔ اے ابا جان! جبرئیل امین علیہ السلام آپ کی خبر دینے والے ہوں۔

حدیث 1408:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام ' 1406ھ 1986ء' رقم الحديث: 1844 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1630 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 87 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 1971 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء' رقم الحديث: 6954 اخرجه ابوبكر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ' رقم الحديث: 6673

نوٹ: سعید بن منصور نے جو حدیث ابواسامہ سے روایت کی ہے، اس میں انہوں نے یہ اضافہ بھی کیا ہے کہ میں نے حماد بن زید کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے ثابت البنانی کو دیکھا ہے، جب وہ یہ حدیث بیان کرتے تو اس قدر روتے کہ ان کی پسلیاں ملنے لگ جاتیں۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1409 - أَخْبَرَنِي أَزْهَرُ بْنُ أَحْمَدَ الْمُنَادِي بِبَغْدَادَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّائِغُ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ وَأَبُو الْوَلِيدِ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الصَّيْدَلَانِيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ حَكِيمِ بْنِ قَيْسِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ أَوْصَاهُمْ عِنْدَ مَوْتِهِ فَقَالَ إِذَا أَنَا مِتُّ فَلَا تَنُوحُوا عَلَيَّ فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُنَحْ عَلَيْهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَيْسُ بْنُ عَاصِمٍ الْمُقْرِءُ سَيِّدُ بَنِي تَمِيمٍ وَلَيْسَ لَهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْنَدٌ غَيْرُ هٰذَا الْحَرْفِ فَإِنَّهُ أَمْلَا وَصِيَّتَهُ لَا تَنُوحُوا عَلَيَّ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنِ النَّوْحِ وَشَاهِدُ هٰذَا الْحَدِيثِ حَدِيثُ حَسَنِ الْبَصْرِيِّ عَنْ قَيْسِ بْنِ عَاصِمٍ فِي ذِكْرِ وَصِيَّتِهِ بِطُولِهَا وَلَهُ شَاهِدٌ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

✧✧ حکیم بن قیس بن عاصم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی موت کے وقت وصیت کرتے ہوئے کہا: جب میں مر جاؤں تو مجھ پر نوحہ مت کرنا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نوحہ نہیں کیا گیا تھا۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اور قیس بن عاصم المصری بنی تمیم کے سردار ہیں اور ان کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اس جملے کے علاوہ اور کوئی مسند نہیں ہے، انہوں نے یہ وصیت لکھوائی تھی کہ میرے اوپر نوحہ مت کرنا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نوحہ کرنے سے منع فرمایا ہے۔ اس حدیث کی شاہد حسن بصری کی اس وصیت کا تفصیلی ذکر کیا ہے اور اس کی ایک شاہد حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔

1410 - أَخْبَرَنَاهُ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ الْقَارِءُ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا مَاتَ إِبْرَاهِيمُ ابْنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ هٰذَا مِنِّي، وَلَيْسَ بِصَائِحٍ حَقٌّ الْقَلْبُ يَحْزَنُ، وَالْعَيْنُ تَدْمَعُ، وَلَا يُغْضَبُ الرَّبُّ "

حدیث 1409:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1851

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1978

اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1085

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو اسامہ بن زید چیخ چیخ کر رونے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ میرا طریقہ نہیں ہے۔ اور نہ ہی چیخنے والے کا کوئی حق ہے۔ دل غمگین ہوتا رہے، آنکھ آنسو بہاتی رہے لیکن اللہ تعالیٰ کے غضب کو دعوت نہ دی جائے۔

1411- حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْمُزَكِّي إِمْلاءً حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ سِنَانِ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُثْمَانَ الْغَطَفَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلْمَةَ قَالَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ إِذَا أَنَا مِتُّ فَلا تَنُوحُوا عَلَيَّ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُنَحْ عَلَيْهِ هٰذِهِ الزِّيَادَةُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ غَرِيبَةٌ جِدًّا إِلَّا أَنَّ عُثْمَانَ الْغَطَفَانِيَّ لَيْسَ مِنْ شَرْطِ كِتَابِنَا هٰذَا

✧✧ حضرت ابوسلمہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ وصیت کی تھی کہ میں جب مر جاؤں تو میرے اوپر نوحہ مت کرنا کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نوحہ نہیں کیا تھا۔

✣✣ یہ اضافہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بہت غریب ہے، مگر عثمان غطفانی، ہماری اس کتاب کے معیار کے راوی نہیں ہیں۔

1412- حَدَّثَنَا أَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْحَاكِمُ الْوَزِيرُ، إِمْلاءً، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ أَحْمَدَ الْقَاضِي، وَمُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَوَيْهِ السُّبَحِيُّ، قَالا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، وَعَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، قَالا: حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْهَجَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ الْمَرَاثِي إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُسْلِمٍ الْهَجَرِيِّ لَيْسَ بِالْمَتْرُوكِ، إِلَّا أَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يَحْتَجَّا بِهِ، وَهٰذَا الْحَدِيثُ شَاهِدٌ لِمَا تَقَدَّمَهُ وَهُوَ غَرِيبٌ صَحِيحٌ، فَإِنَّ مُسْلِمًا قَدِ احْتَجَّ بِشَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرثیہ خوانی سے منع کیا کرتے تھے۔

✣✣ ابراہیم علیہ السلام بن مسلم الہجری متروک نہیں ہیں مگر امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایت نقل نہیں کیں۔ اور یہ حدیث گذشتہ حدیث کی شاہد ہے اور یہ غریب صحیح ہے کیونکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شریک بن عبداللہ کی روایات نقل کی ہیں۔

1413- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانِ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا عَامِرٌ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلامٍ، عَنْ أَبِي سَلامٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو مَالِكٍ

حدیث 1413:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 22955 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث:2395 اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث:934 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث:1001

الْاَشْعَرِيُّ، اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ فِيْ اُمَّتِيْ اَرْبَعٌ مِّنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ لَيْسُوْا بِتَارِكِيْهِنَّ: الْفَخْرُ فِي الْاَحْسَابِ، وَالطَّعْنُ فِي الْاَنْسَابِ، وَالاسْتِسْقَاءُ بِالنُّجُوْمِ، وَالنِّيَاحَةُ عَلَى الْمَيِّتِ، فَاِنَّ النَّائِحَةَ اِذَا لَمْ تَتُبْ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ، فَاِنَّهَا تَقُوْمُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَيْهَا سَرَابِيْلُ مِنْ قَطِرَانٍ، ثُمَّ يَغْلِيْ عَلَيْهِنَّ دُرُوْعٌ مِّنْ لَهَبِ النَّارِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَقَدْ اَخْرَجَ مُسْلِمٌ حَدِيْثَ اَبَانَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ وَّهُوَ مُخْتَصَرٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِالزِّيَادَاتِ الَّتِيْ فِيْ حَدِيْثِ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ، وَهُوَ مِنْ شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت میں جاہلیت کے چار کام پائے جاتے ہیں: جن کو یہ لوگ نہیں چھوڑیں گے۔(۱) مال و دولت پر فخر کرنا (۲) نسب کی طعنہ زنی کرنا (۳) ستاروں سے بارش طلب کرنا (۴) اور میت پر نوحہ کرنا۔ نوحہ کرنیوالی اگر اٹھنے سے پہلے توبہ نہ کرے تو قیامت کے دن وہ اس حال میں اٹھے گی کہ اس کے اوپر ''قطران'' (ایک روغنی سیال مادہ ہے جو صنوبر جیسے درخت سے حاصل کیا جاتا ہے) کا لباس ہوگا پھر ان کے اوپر آگ کے شعلوں کی زرہیں پہنائی جائیں گی۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابان بن زید کی یحیٰی بن ابی کثیر سے جو حدیث روایت کی ہے، وہ مختصر ہے۔ اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے وہ اضافہ جات نقل نہیں کیے ہیں جو علی بن مبارک کی حدیث میں ہیں حالانکہ یہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہیں۔

1414۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُزَكِّيْ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: لَمَّا نَزَلَتْ: اِذَا جَآئَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ اِلٰى قَوْلِهٖ: وَلَا يَعْصِيْنَكَ كَانَتْ مِنْهُ النِّيَاحَةُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِلَّا اٰلَ فُلَانٍ، فَاِنَّهُمْ كَانُوْا اَسْعَدُوْنِيْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَلَا بُدَّ لِيْ مِنْ اَنْ اُسْعِدَهُمْ، فَقَالَ: اِلَّا اٰلَ فُلَانٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب ''اِذَا جَآئَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ . . . . . وَلَا يَعْصِيْنَكَ'' تک نازل ہوئی، تو اس میں نوحہ خوانی بھی شامل تھی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! سوائے فلاں کی آل کے۔ کہ وہ جاہلیت میں میری حوصلہ افزائی کیا کرتے تھے اس لیے میرا بھی فرض بنتا ہے کہ میں بھی ان کی حوصلہ کروں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (ٹھیک ہے) سوائے فلاں کی آل کے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1415۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُثْمَانَ التَّنُوْخِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، حَدَّثَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ كَرِيْمَةُ الْمُزَنِيَّةُ، قَالَتْ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، وَهُوَ فِيْ بَيْتِ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ مِّنَ الْكُفْرِ بِاللّٰهِ: شَقُّ الْجَيْبِ، وَالنِّيَاحَةُ،

وَالطَّعْنُ فِي النَّسَبِ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین چیزوں کا تعلق کفر سے ہے (۱) گریبان پھاڑنا (۲) نوحہ خوانی کرنا (۳) نسب میں طعن کرنا

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا۔

1416۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا خَلَادُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا بَشِيْرُ بْنُ مُهَاجِرٍ، وَحَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَدَّادِ الصُّوْفِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا بَشِيْرُ بْنُ الْمُهَاجِرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَهَّدُ الْاَنْصَارَ وَيَعُوْدُهُمْ، وَيَسْاَلُ عَنْهُمْ، فَبَلَغَهُ عَنِ امْرَاَةٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ مَاتَ ابْنُهَا وَلَيْسَ لَهَا غَيْرُهُ، وَاَنَّهَا جَزِعَتْ عَلَيْهِ جَزَعًا شَدِيْدًا، فَاَتَاهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهَا بِتَقْوَى اللّٰهِ وَبِالصَّبْرِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ امْرَاَةٌ رَقُوْبٌ لَّا اَلِدُ، وَلَمْ يَكُنْ لِّيْ غَيْرُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرَّقُوْبُ الَّذِيْ يَبْقٰى وَلَدُهَا، ثُمَّ قَالَ: مَا مِنِ امْرِءٍ، اَوِ امْرَاَةٍ مُسْلِمَةٍ يَّمُوْتُ لَهَا ثَلَاثَةُ اَوْلَادٍ اِلَّا اَدْخَلَهُمُ اللّٰهُ بِهِمُ الْجَنَّةَ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ وَاثْنَانِ، قَالَ: وَاثْنَانِ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِذِكْرِ الرَّقُوْبِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصار کا بہت خیال رکھتے تھے۔ ان کی عیادت کو جایا کرتے تھے۔ ان کی احوال پُرسی کیا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک انصاری خاتون کی خبر پہنچی کہ اس کا بیٹا فوت ہو گیا ہے اور (اس کا یہی بیٹا اس کی کل کائنات تھا۔ کیونکہ) اس بیٹے کے سوا اس کا اور کوئی وارث نہ تھا۔ اور اس سانحہ پر وہ شدید گھبراہٹ کا شکار تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے اور صبر اور تقویٰ اختیار کرنے کی تلقین فرمائی۔ اس نے جواباً کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (میں رقوب عورت ہوں یعنی میرے بچے زندہ نہیں رہتے) اور اب میرا صرف یہی ایک بیٹا تھا میرا اس کے سوا کوئی بھی نہیں تھا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رقوب وہ عورت ہوتی ہے جس کے بچے زندہ رہتے ہوں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کسی مسلمان مرد یا عورت کے تین بچے فوت ہو گئے ہوں، اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرتا ہے۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اور (جس کے صرف) دو (بچے فوت ہوئے ہوں) کیا وہ بھی جنتی ہیں؟ آپ نے فرمایا: اور (جی ہاں جس کے صرف) دو (بچے فوت ہوئے ہوں وہ بھی جنتی ہے)۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ''رقوب'' کا ذکر نہیں کیا۔

1417۔ حَدَّثَنَا اَبُو الصُّقْرِ اَحْمَدُ بْنُ الْفَضْلِ الْكَاتِبُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَاْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ ابْنٌ لَّهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتُحِبُّهُ ؟ فَقَالَ: اَحَبَّكَ اللّٰهُ كَمَا اُحِبُّهُ فَفَقَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا فَعَلَ فُلَانٌ ؟ قَالُوْا مَاتَ ابْنُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا يَسُرُّكَ اَنْ لَا تَاْتِيَ بَابًا مِّنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ اِلَّا وَجَدْتَهُ يَنْتَظِرُكَ ؟ فَقَالَ رَجُلٌ: اَلَهُ خَاصَّةً اَوْ لِكُلِّنَا، قَالَ: بَلْ لِكُلِّكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ لِمَا قَدَّمْتُ الذِّكْرَ مِنْ تَفَرُّدِ التَّابِعِيِّ الْوَاحِدِ بِالرِّوَايَةِ عَنِ الصَّحَابِيِّ

✧✧ حضرت معاویہ بن قرہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا کرتا تھا۔ اور اس کے ہمراہ اس کا بیٹا بھی ہوتا تھا (ایک مرتبہ) رسول اکرم ﷺ نے اس سے پوچھا: کیا تم اس سے محبت کرتے ہو؟ اس نے کہا: اللہ آپ سے محبت کرتے جیسا کہ آپ اس سے محبت کرتے ہیں۔

(پھر وہ ایک عرصہ تک حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر نہ ہوا) حضور ﷺ نے اس کی کمی محسوس کی، آپ علیہ السلام نے پوچھا: فلاں کا کیا ہوا؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: اس کا بیٹا مر گیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں اس بات سے خوشی نہیں ہے کہ تم جنت کے جس دروازے سے بھی داخل ہو، وہیں پر اسے اپنا منتظر پاؤ؟ ایک شخص نے پوچھا: کیا یہ (فضیلت) صرف اُسی کے لئے ہے یا ہم سب کے لیے ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا (یہ فضیلت صرف اس کے اکیلے کے لئے نہیں ہے) بلکہ تم سب کے لئے ہے۔

❖ یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے جیسا کہ پہلے بھی ذکر گزر را ہے کہ صحابی سے روایت کرنے والا تابعی متفرد ہے۔

1418- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَيَّاشٍ الرَّمْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْلَادُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ جَبَلٍ فِي الْجَنَّةِ يَكْفُلُهُمْ اِبْرَاهِيْمُ وَسَارَةُ حَتّٰى يَرُدَّهُمْ اِلٰى اٰبَائِهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مومنین کے بچے جنت میں ایک پہاڑ

حدیث 1417:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1870 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 15633 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1997 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 1075 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1075 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2947 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 54

میں (رکھے جاتے ہیں) جس کی دیکھ بھال حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ اور حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کرتے ہیں، اور قیامت کے دن انہیں ان کے والدین کے سپرد کر دیا جائے گا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1419 ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَاجِيَةَ، حَدَّثَنَا رَجَاءُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُذْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ رَزِيْنٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ عَمِّهِ، اَنَّ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ سَبَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَامَ اِلَيْهِ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، فَقَالَ: يَا مُغِيْرَةُ، اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنْ سَبِّ الْاَمْوَاتِ، فَلِمَ تَسُبُّ عَلِيًّا وَقَدْ مَاتَ ؟

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ، فَاِنَّهُمْ قَدْ اَفْضَوْا اِلٰى مَا قَدَّمُوا

✧✧ حضرت زیاد بن علاقہ رضی اللہ عنہ اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ مغیرہ بن شعبہ نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہا، تو حضرت زید بن ارقم کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: اے مغیرہ! کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فوت شدگان کو برا بھلا کہنے سے منع کیا ہے؟ تو "علی" کو برا بھلا کیوں کہہ رہے ہو؟ جبکہ وہ تو انتقال کر چکے ہیں۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے اس سند کے ہمراہ نقل نہیں کیا، جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اعمش کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے مجاہد کے واسطے سے اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے کہ مُردوں کو برا بھلا مت کہو، اس لیے کہ انہوں نے وہ کچھ پا لیا ہے جو انہوں نے آگے بھیجا تھا۔

1420 ـ اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ قُرْقُوْبَ التَّمَّارُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ، اَخْبَرَنِیْ شُعَيْبُ بْنُ اَبِیْ حَمْزَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ حُسَيْنٍ، حَدَّثَنِیْ نَوْفَلُ بْنُ مُسَاحِقٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُؤْذُوْا مُسْلِمًا بِشَتْمِ كَافِرٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کافر کو گالی دے کر مسلمان کو اذیت مت دو۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1421 ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُزَكِّی، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا

حدیث 1420:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث:6980

مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِیْ اَنَسٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْكُرُوْا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ، وَكُفُّوا عَنْ مَسَاوِيهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهٰذِهِ الْاَحَادِيْثُ وَجَدْتُهَا فِی الْبَابِ بَعْدَ نَقْلِ كِتَابِ الْجَنَائِزِ وَسَبِيْلُهَا اَنْ تَكُوْنَ مُخَرَّجَةً فِیْ مَوَاضِعِهَا قَبْلَ هٰذَا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فوت شدگان کی خوبیاں بیان کرو اور ان کی برائیاں بیان کرنے سے باز رہو۔

تبصرہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور یہ احادیث مجھے کتاب الجنائز نقل کر لینے کے بعد دستیاب ہوئی ہیں۔ جبکہ ہونا تو یہی چاہئے تھا کہ ان احادیث کو ان کے مقام پر ذکر کیا جاتا۔

1422- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عِصْمَةَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْمُسَيَّبُ بْنُ زُهَيْرٍ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ، وَعُثْمَانُ، ابنا أبی شيبة، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنَجِّسُوا مَوْتَاكُمْ، فَاِنَّ الْمُسْلِمَ لَا يَنْجُسُ حَيًّا اَوْ مَيِّتًا صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے مردوں کو ناپاک مت کرو، اس لیے کہ مسلمان نہ تو زندہ حالت میں ناپاک ہوتا ہے اور نہ ہی مردہ حالت میں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1423- اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا خُنَيْسُ بْنُ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ، حَدَّثَنَا الْفُرَاتُ بْنُ السَّائِبِ الْجَزَرِیُّ، عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اٰخِرُ مَا كَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْجَنَائِزِ اَرْبَعًا، وَكَبَّرَ عُمَرُ عَلٰى اَبِیْ بَكْرٍ

حدیث 1421:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4900 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 1019 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 3020 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6981 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامی دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 461 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 13599 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 3601

حدیث 1422:

ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1360

اَرْبَعًا، وَكَبَّرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَلٰى عُمَرَ اَرْبَعًا، وَكَبَّرَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلٰى عَلِيٍّ اَرْبَعًا، وَكَبَّرَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَى الْحَسَنِ اَرْبَعًا، وَكَبَّرَتِ الْمَلَائِكَةُ عَلٰى اٰدَمَ اَرْبَعًا لَّسْتُ مِمَّنْ يَّخْفٰى عَلَيْهِ اَنَّ الْفُرَاتَ بْنَ السَّائِبِ لَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ، وَاِنَّمَا اَخْرَجْتُهٗ شَاهِدًا

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام (کے جنازہ) پر چار تکبیریں کہی تھیں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کے جنازہ) پر چار تکبیریں کہیں تھیں۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (کے جنازہ) پر چار تکبیریں کہی تھیں۔ اور حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ (کے جنازہ) پر چار تکبیریں کہی تھیں۔ اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ (کے جنازہ) پر چار تکبیریں کہی تھیں۔ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ (کے جنازہ) پر چار تکبیریں کہی تھیں۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اور مبارک بن فضالہ اہلِ علم اور متقی شخص تھے، ایسے لوگوں پر جرح ثابت نہیں۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے سوئے حفظ کی وجہ سے ان کی روایات نقل نہیں کیں۔

مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

1424- أَخْبَرَنَاهُ أَبُو أَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ حَدَّثَنَا خُنَيْسُ بْنُ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ حَدَّثَنَا الْفُرَاتُ بْنُ السَّائِبِ الْجَزَرِيُّ عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اٰخِرُ مَا كَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْجَنَائِزِ أَرْبَعًا وَكَبَّرَ عُمَرُ عَلٰى أَبِي بَكْرٍ أَرْبَعًا وَكَبَّرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَلٰى عُمَرَ أَرْبَعًا وَكَبَّرَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلٰى عَلِيٍّ أَرْبَعًا وَكَبَّرَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَى الْحَسَنِ أَرْبَعًا وَكَبَّرَتِ الْمَلَائِكَةُ عَلٰى اٰدَمَ أَرْبَعًا لَسْتُ مِمَّنْ يُّخْفٰى عَلَيْهِ أَنَّ الْفُرَاتَ بْنَ السَّائِبِ لَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ وَإِنَّمَا أَخْرَجْتُهٗ شَاهِدًا

✧✧ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری عمر میں جو جنازے پڑھائے، ان میں آپ علیہ السلام چار تکبیریں پڑھا کرتے تھے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (کے جنازہ) پر چار تکبیریں کہی تھیں۔ اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ (کے جنازہ) پر چار تکبیریں کہی تھیں۔ اور حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ (کے جنازہ) پر چار تکبیریں کہی تھیں۔ اور فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام (کے جنازہ) پر چار تکبیریں کہی تھیں۔

❖❖ میری نظروں سے یہ بات اوجھل نہیں ہے کہ فرات بن سائب اس کتاب کے معیار کے راوی نہیں ہیں۔ میں نے ان کی روایات صرف ایک شاہد کے طور پر نقل کی ہے۔

1425- أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَاعِظُ بِبُخَارِىٰ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ الْوَاسِطِيُّ

حدیث 1424:

اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبوية مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 171

حَـدَّثَنَـا أَحْـمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰـهِ بْـنِ عَـوْفٍ قَالَ صَلَّى بْنُ عَبَّاسٍ عَلٰى جَنَازَةٍ فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَقُلْتُ لَهُ فَقَالَ إِنَّهُ مِنَ السُّنَّةِ أَوْ مِنْ تَمَامِ السُّنَّةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت طلحہ بن عبداللہ بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک جنازے میں سورۃ فاتحہ پڑھی، ان سے میں نے پوچھا: تو انہوں نے جواب دیا: کہ یہ سنت ہے۔ یا (شاید یہ کہا) کہ یہ کمالِ سنت ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1426- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شَيْبَةَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِىْ عَمْرٍو، عَنْ عِـكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ عَلَيْكُمْ فِىْ غَسْلِ مَيِّتِكُمْ غُسْلٌ اِذَا غَسَّلْتُمُوْهُ، فَاِنَّ مَيِّتَكُمْ لَيْسَ بِنَجَسٍ فَحَسْبُكُمْ اَنْ تَغْسِلُوْا اَيْدِيَكُمْ

هٰـذَا حَـدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِىِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَفِيْهِ رَفْضٌ لِّحَدِيْثٍ مُخْتَلَفٍ فِيْهِ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو بِاَسَانِيْدَ مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَلْيَغْتَسِلْ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میت کو غسل دینے کی وجہ سے تم پر غسل لازم نہیں ہے۔ کیونکہ تمہاری میت نجس نہیں ہوتی تمہارے لیے یہی کافی ہے کہ اپنے ہاتھ دھولیا کرو۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور اس میں اس حدیث کا ترک لازم آتا ہے جس کی سند میں محمد بن عمرو پر اسانید کا اختلاف ہے۔ (اور وہ حدیث یہ ہے) جو شخص میت کو غسل دے اس کو چاہیے کہ وہ فوراً غسل کرے۔

حدیث 1426:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث:1358